~~Veterinary Pharmacopea~~

Veterinary Pharmacopea

ویٹرنیری فارماکوپیا

یعنی

مختصر قرابادین حیوانات

مؤلفہ
منشی غلام رسول خاں پروفیسر پنجاب ویٹرنیری کالج
لاہور

حسب ایمائے
عالیجناب میجر اے سمتھ صاحب بہادر پرنسپل ویٹرنیری کالج لاہور
برائے استفادہ
طلبائے ویٹرنیری کالج لاہور و ویٹرنیری اسسٹنٹان و دیگر شائقینان

۱۹۱۰ء طبع اول
مطبع منشی نولکشور میں مینیجر کے اہتمام سے چھپی

دیباچہ

چونکہ میرے سابق جانشین لکچرار مضمون ہذا کی کتاب جو اس کالج کی درسی کتاب تھی ختم ہو چکی ہے اسلئے مجھے اس کتاب کے لکھنے کی ضرورت ہوئی لہذا حسب اجازت وایمائے جناب میجر سمتھ صاحب بہادر پرنسپل کالج ہذا برائے استفادہ مبتدی طلبا، ویٹری نیری کالج لاہور وعام شائقین جو علم الادویہ سے ناآشنا ہیں میں نے اس کتاب کو لکھنا شروع کیا۔ اسکے مطالعہ سے ناظرین کو اسکی خوبیاں معلوم ہونگی مجھے اسکی تعریف میں زیادہ کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ ناظرین سے اُمید ہے کہ وہ میری اس تالیف کی بھی ویسی ہی قدر کرینگے جیسی کہ میری پہلی تالیف یعنی ویٹری نیری میٹریا میڈیکا کی گئی ہے جو اپنے فن کی اُردو میں بہترین کتاب ہے

اگرچہ حتی المکان کوشش کی گئی ہے کہ یہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ لیکن اگر بمقتضائے بشریت ناظرین اس میں کوئی فرو گذاشت ملاحظہ کریں تو مؤلف کو بغرض اصلاح آگاہ فرمادیں تاکہ طبع ثانی میں اس کی اصلاح کی جاوے ؛

اِس کتاب کی تالیف میں ڈاکٹر سٹبنی رنگر۔ ڈاکٹر سٹیل۔ ڈاکٹر سمینڈ۔ میجر ہومز۔ پروفیسر فنلے ڈن۔ پروفیسر ونسلو۔ اور خصوصاً ڈاکٹر والس ہور صاحب کی قیمتی تصانیف سے استفادہ کیا گیا ہے۔ جس کے واسطے مؤلف صاحبان موصوف کا مشکور رہے ؛

مورخہ یکم ستمبر سنہ ۱۹۱۰ء

غلام رسول خاں

ویٹری نیری کالج لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ویٹیری نیری میٹریا میڈیکا یعنی قرابادین حیوانات میں اُن ادویات کا ذکر ہے جو پالتو جانوروں کی صحت کو قائم رکھتی ہیں یا ضرب وزخم کے اندمال اور ازالہ مرض کے واسطے کام آتی ہیں۔ ان ادویات کا اثر مختلف طور پر ہوتا ہے۔ مثلاً بعض قئے اور بعض دست لاتی ہیں۔ بعض قابض اثر کرتی ہیں۔ بعض ادویات کے مقامی استعمال سے درد کو آرام اور بعض سے سوزش ہو جاتی ہے۔ لہذا اِن ادویات کے مختلف اثرات کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

اڈہیزو۔ اِن دوائیوں کو کہتے ہیں جو زخم کے کناروں کو باہم ملائے رکھتی ہیں۔ مثلاً کلوڈیم۔ فلکسیبل کلوڈیم۔ پیچ پلاسٹر۔

آلٹرینٹو۔ خون کو صاف کرنے والی دوائیوں کو کہتے ہیں۔ بہت سی بیماریاں خون کے ناصاف ہونے سے ہُوا کرتی ہیں۔ مفصلہ ذیل دوائیوں سے خون صاف ہو کر مرض رُک جاتا ہے۔ مثلاً مرکبات سیماب۔ سیسہ۔ جست۔ سنکھیا۔ انٹی منی۔ سلور۔ کاپر۔ سلفر۔ آیوڈین۔ کھاری ونمکین ادویات۔ معدنی تیزاب۔ کاربالک ایسڈ۔

مذکورہ بالا ادویات آنتوں کی رطوبات میں حل ہو کر خون میں جذب ہو جاتی ہیں اور جسم کی سیال اور منجمد ساختوں کی کیمیاوی خاصیتوں کو بدل دیتی ہیں۔ تندرست ساختوں کو بگڑنے سے باز رکھتی ہیں۔ فاسد مادوں کی پیدائش کو روکتی ہیں۔ زہریلے اجزا کو خون سے خارج کر دیتی ہیں۔ ان دوائیوں کا اثر رفتہ رفتہ ہوتا ہے۔ بہت سی آلٹرینٹو دوائیاں ایسی بھی ہیں کہ اگر انکو بہت دن تک استعمال کیا جاوے تو بیمار کمزور ہو جاتا ہے۔ مثلاً پارہ کے استعمال سے یا لو منہ آجاتا ہے

یا خفیف بخار ہوجاتا ہے۔ آیوڈین کو زیادہ دن تک استعمال کرنے سے آیوڈزم یعنی زکام ہوجاتا ہے۔ اس ہے سے خصیئے اور پستان بھی چھوٹے ہوجاتے ہیں۔ سیسہ کے زیادہ استعمال سے پیٹ میں درد اور ٹانگوں کا فالج ہوجاتا ہے۔ مرکبات جست اور تانبے کے بہت دن تک استعمال کرنے سے مریض کمزور اور اسکا ہاضمہ بگڑ جاتا ہے سلور نائٹریٹ سے جلد سیاہ ہوجاتی ہے۔ آلٹریٹو ادویات کو اکثر مزمن امراض میں دیا کرتے ہیں۔ مثلاً پرانے بخار اور وجع المفاصل۔ مرگی۔ رعشہ اور جلدی بیماریاں پارہ کے مرکبات کمزور بیماروں کو نہیں دیتے کیونکہ ان سے مریض زیادہ کمزور ہوجاتا ہے۔

ارری ٹنٹ۔ ان کے استعمال سے جلد میں تحریک و خراش پیدا ہوتی ہے (دیکھو بیان روبی فشنٹ و ویسیکنٹ)۔

انس تھیٹک۔ اُن دوائیوں سے جسم بیحس ہوجاتا ہے۔ مثلاً کلورافارم ایتھر۔ کوکین۔ آیوڈوفارم۔

انس تھیشیا یعنی بیحسی جنرل اور لوکل دو قسم کی ہوتی ہے جانوروں کو بیہوش کرنے کے لئے اب ہمیشہ خالص کلورافارم دیا جاتا ہے۔ لیکن سابق میں اکثر معالج ایتھر۔ کلورافارم اور الکوہال کو ملا کر سنگھایا کرتے تھے۔ بیہوش کرنیوالی دوائیاں اُس وقت استعمال کیجاتی ہیں جبکہ جانور کے جسم پر کوئی عمل جراحی کرنا ہو یا جنین کی پیدائش کے وقت حاملہ کو درد سے بچانے۔ فم رحم اور اسافیگس کو کشادہ کرنے اور اکثر سوزشی امراض کا درد موقوف کرنے اور ٹیٹنس و کالک کی نوبت کو روکنے کے لئے اور گاہے کسی خاص حصہ کی حس زائل کرنیکے لئے انس تھیٹک دوائیاں استعمال کیجاتی ہیں۔ جیسے کوکین۔ ایسی دوائیوں کو لوکل انس تھیٹک کہتے ہیں۔

اینوڈاین۔ ان دوائیوں سے درد کم یا رفع ہوجاتا ہے وہ حسب ذیل ہیں ایتھر۔ افیم۔ ایکسٹریکٹ ایکونایٹ وہایوسایمس۔ مرکبات بیلاڈونہ۔ کمفر کلورل ہائیڈریٹ

کلوروفارم۔

ایمے ٹک۔ قئے آور دوائیوں کو کہتے ہیں۔ گھوڑوں کو قئے نہیں ہُوا کرتی
مویشی اگرچہ جگالی کرتے ہیں۔ لیکن ان پر بھی قئے آور دوا کا اثر نہیں ہوتا۔ کُتے
اور خوک پر مقئی ادویات کا اثر آسانی سے ہو جاتا ہے۔ یہ دوائیں دو قسم کی ہوتی ہیں
ایک وہ جن سے فوراً قئے آجاتی ہے۔ دوئم جو خون میں جذب ہو کر قئے لاتی ہیں
انکو ڈائیرکٹ اور انڈائیرکٹ ایمے ٹک کہتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں سلفیٹ آف
زنک ڈکاپر۔ رائی۔ کھانیکا نمک۔ ٹارٹر ایمے ٹک۔ اپیکا کیوانہ۔ مدار کی جڑھ کی
چھال۔ تمباکو وغیرہ۔ سلفیٹ آف کاپر اور زنک زود اثر۔ اور ٹارٹر ایمے ٹک اور
تمباکو دیر اثر ہیں۔ مقدم الذکر ہر دو ادویات سے میوکس رطوبت کا اخراج بکثرت
اور ثانی الذکر ہر دو ادویات سے ضعف لاحق ہوتا ہے۔ کتے اور خوک کو اِس
واسطے قئے کراتے ہیں کہ معدے میں سے غیر منہضم غذا یا زہر یا کوئی اور غیر
جنس شئے خارج ہو جاوے اور ہوا یا غذا کی نالی میں اگر کوئی چیز اٹک رہی ہو
تو نکل آوے نیز دَورانِ خون کی تیزی اور نظام عصبی کا جوش کم ہو جاوے۔
چونکہ ان سے ضعف لاحق ہوتا ہے۔ اس واسطے ڈسٹمپر اور بخار کے حملہ کو روکنے
کے لئے اور معدہ و آنتوں کی سوزش کے علاوہ ہر قسم کی اندرونی سوزش میں
قئے کراتے ہیں۔ کُتے کو اگر قئے کرانی ہو تو دو ڈرام کھانیکا نمک اور ایک ڈرام رائی
چار اونس پانی میں گھول کر پلاویں۔ جلدی قئے لانے کے واسطے ۱۵ گرین
سلفیٹ آف زنک پانی میں حل کر کے پلادیں۔ ضعف پیدا کرنا ہو تو دو
گرین ٹارٹر ایمیٹک چار اونس پانی میں ملا کر پلاویں۔

ایسڈ یعنی تیزاب۔ ترش چیزوں کو اصطلاح میں ایسڈ کہتے ہیں یہ پانی
کے ساتھ مل جاتے ہیں۔ نباتات کے نیلے رنگ کو سُرخ کر دیتے ہیں۔ اور
دھاتوں کے ساتھ ملکر مرکبات بنا دیتے ہیں۔ ایسڈ کھار کی ضد ہوتے ہیں
تیزاب کی معدنی و نباتی دو اقسام ہیں۔ معدنی تیزاب جیسے سلفیورک۔

نائیٹرک اور ہائیڈروکلورک ایسڈ وغیرہ۔ حیوانات کے علاج میں اکثر یہی تینوں تیزاب استعمال کئے جاتے ہیں۔ نباتی تیزاب حسب ذیل ہیں۔ سائیٹرک ایسڈ۔ ٹارٹرک ایسڈ کاربالک ایسڈ سیلی سلک ایسڈ ٹینک ایسڈ گیلک ایسڈ۔ ایسیٹک ایسڈ وغیرہ ان میں سے متقدم الذکر دو تیزاب حیوانات کے علاج میں نہیں برتے جاتے۔ خالص تیزاب کو صرف باہر کاسٹک اثر کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ معدنی تیزابوں کو معدہ یا پیشاب کی کھاریت کم کرنے کے لئے بہت سا پانی ملا کر دیتے ہیں۔ کھاری زہر میں معدنی تیزابوں سے زہروں کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ ایسڈ کے پلانے سے بھوک زیادہ ہوتی ہے۔ طاقت آجاتی ہے لیکن کسیقدر قبض بھی ہو جاتا ہے۔ جب معدہ کی رطوبتوں میں نقص ہونے سے ہضمیت میں خلل آجاتا ہے تو ایسڈ کے استعمال سے خون میں لاکٹک ایسڈ بن کر ہاضمہ کو مدد ملتی ہے۔ لہذا کھاری دستوں میں ان سے فائدہ ہوتا ہے۔

انٹاسڈ یا الکلی۔ یہ دوائیاں ترش چیزوں کی ضد ہیں۔ جب ترش اور کھاری دوائیاں آپس میں ملتی ہیں تو ایک تیسری چیز پیدا ہو جاتی ہے۔ جسکو سالٹ یا نیوٹرل کہتے ہیں۔ کھاری چیز میں ٹرمیرک پیپر یعنی ہلدی کا کاغذ ڈالا جاوے تو سرخ رنگ کا ہو جاتا ہے۔ کھاری دوا زیادہ دن تک استعمال کرنے سے کمزوری ہو جاتی ہے اور خون پتلا پڑ جاتا ہے۔ چنانچہ اسی لئے انکو نباتی تقویات کے ہمراہ استعمال کرتے ہیں۔ پیشاب کی ترشی رفع کرنیکو الکلی دوائیاں مثل پوٹاش کے دیتے ہیں۔ معدہ کی ترشی رفع کرنے کے لئے ایمونیا بہتر ہے۔ شکم کے نفخ میں کاربونیٹ کا استعمال نہ کرنا چاہیئے کیونکہ کاربانک ایسڈ گیس کے پیدا ہونے سے پیٹ زیادہ پھول جاتا ہے۔ پوٹاش کی نسبت سوڈا کے مرکبات ہلکے ہوتے ہیں۔ چونہ کے مرکبات قابض ہیں۔ اس لئے اسہال میں دیئے جاتے ہیں۔ میگنیشیا کے مرکبات ملین ہونیکے باعث قبض میں برتا کرتے ہیں۔ ایسڈوں کے زہر میں انٹی ڈوٹ فائدہ کے واسطے کھاری دوائیاں دی جاتی ہیں۔ ایمونیا۔

لائیم میگنیشیا۔ چاک سوڈا۔ پوٹاش کے مرکبات انٹا سڈ اثر کرتے ہیں ؛

ایمولی انٹ۔ جسمانی ساختوں کو نرم و چکنا کرنیوالی دوائیوں کو کہتے ہیں حقیقت میں ایمولی انٹ اور ڈیمل سنٹ دوائیاں ایک ہی ہیں مگر دونوں میں صرف اتنا فرق ہے کہ ایمولی انٹ دوائیاں باہر لگائی جاتی ہیں اور ڈیمل سنٹ دوائیاں اندرونی استعمال میں آتی ہیں۔ پلٹس اور فومن ٹیشن یعنی سینک بھی ایمولی انٹ اثر کرتی ہیں۔ انکی گرمی اور رطوبت کے باعث ماؤف جگہ ملائیم ہو کر ڈھیلی ہو جاتی ہے اور تناؤ رفع ہو کر اعصاب کو آرام ملتا ہے ایمولی انٹ دوائیاں قابضات کی ضد ہیں۔ سوزش کے شروع درجہ میں ان سے بیماری رُک جاتی ہے اخیر درجہ میں پیپ کی پیدائش ہونے لگتی ہے۔ غرضیکہ ہر درجہ میں انکے استعمال سے گرمی ورم اور درد کو افاقہ ہوتا ہے ؛

انٹی ایمیٹک۔ ان دوائیوں سے قے کم یا رُک جاتی ہے۔ مثلاً کاربالک ایسڈ۔ ہائیڈروسیانک ایسڈ۔ بسمتھ سب نائیٹراس۔ کیریوفائلم۔ کریازوٹ۔ میگنیشیا کاربوناس ؛

ایس پاسٹیکس یا ویسی کنٹ۔ ان کے استعمال سے جسم پر چھالے پیدا ہو جاتے ہیں اور بلسٹر ہو جاتا ہے مثلاً کنتھریڈس۔ گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ مرہم یا پلا بربس۔ کروٹن لینی منٹ ؛

انتھل منٹک اور ورم فیوج۔ ان ادویات سے آنتوں کے کرم ہلاک ہوتے ہیں یا خارج ہو جاتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں۔ ایلوز۔ اریکانٹ گیبوج۔ کسو۔ انیما آف ایلوز۔ کواشیا۔ سوڈیم کلورائیڈ۔ کمیلا۔ ٹرپن ٹائین آئیل۔ سنٹونین۔ سلفیٹ آف آئیرن و سلفیٹ آف کاپر وغیرہ ؛

اررائین۔ چھینکیں لانیوالی دوائی کو کہتے ہیں۔ مثلاً تمباکو۔ اپیکاک۔ یوفوربیم۔ حیوانات میں ان دوائیوں کو اس مطلب کے لئے استعمال نہیں کرتے ؛

انٹی ڈوٹ۔ ان دوائیوں سے زہروں کا اثر کم یا زائل ہو جاتا ہے اور

گاہے زہر کو کسی ناحل ہونیوالے مرکب میں تبدیل کر دیتی ہیں یہ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ میکینیکل اور کیمیکل۔ میکینیکل انٹی ڈوٹ جیسے کوئیلہ اور ڈیمل سنٹ اشیائ ایسی دوائیاں زہر کے اجزا سے چمٹ کر انکو جذب ہونے سے روکتی ہیں یا معدہ کی استری جھلی پر استر کر دیتی ہیں۔ جس سے وہ زہر جذب نہیں ہو سکتا دوئم کیمیکل انٹی ڈوٹ یعنی کیمیاوی فاد۔ مثلاً سنکھیا کے زہر میں ہائیڈریٹڈ پر اکسائیڈ آف آیرن اور کروسیو سبلی میٹ کے زہر میں البیومن دار اشیاء اور تیزابوں کے زہر میں کھار چیزیں دی جاتی ہیں۔ ایسی دوائیاں زہروں کے ساتھ مل کر ناحل ہونے والے مرکب بنا دیتی ہیں۔ بعض انٹی ڈوٹ ایسے بھی ہیں جن سے زہر کی علامتوں میں تخفیف ہو جاتی ہے مثلاً پروسک ایسڈ کے زہر میں ایمونیا کی ہوا سنگھانے سے زہر کا مضعف اثر نہیں ہوتا۔ تیز زہروں میں افیون کے کھلانے سے زہر کی تیزی کم ہو جاتی ہے۔ واضح ہو کہ نصاب کی کتابوں میں زہر خورانی کی ہر حالت میں سوائے اکال زہروں کے آلہ سٹمک پمپ داخل کرنیکی بابت لکھا ہوا ہے لیکن عملی طور پر حیوانات کے معالجہ میں اس سے کبھی کام نہیں لیا جاتا۔ خراش کرنے والے زہروں میں لعابدار اشیاء استعمال کریں۔ جو جانور قے کر سکتے ہوں انکو قے آور ادویات دیکر زہر کو نکال لیں۔ اگر زہر خون میں جذب ہو چکا ہو تو مسہلات اور مدرات استعمال کریں۔ اگر سٹمک پمپ استعمال کیا جاوے تو جبتک معدہ بخوبی صاف نہ ہو جائے ہرگز زیادہ پانی نہ پلاویں ورنہ زہر جذب ہو کر نقصان کا باعث ہوگا۔

ایکس پکٹورنٹ۔ اِن دوائیوں کے استعمال سے آلات تنفس سے بلغم کی پیدائش زیادہ ہوتی ہے۔ اِن میں سے بعض دوائیوں کا اثر براہ راست آلاتِ تنفس کی اِستری جھلی پر ہو کر بلغم کا اخراج ہوتا ہے۔ جیسے کلورین۔ آیوڈین۔ ایمونیا اور تمباکو کے بخارات۔ بعض ادویات اوّل خون میں جذب

ہوکر ضمنی طور پر آلات تنفس کی استری جھلی کے غدودوں پر اثر کرکے بلغم پیدا کرتی ہیں مثلاً اپیکے کیوانہ۔ مدار کی جڑھ کی چھال ٹارٹر ایمیٹک مذکورہ بالا ہر دو اقسام یا تو سیڈیٹو یا سٹی مولنٹ ہوتی ہیں۔

انٹی لتھک یا لتھانٹرپٹک - ان ادویات کے استعمال سے پتھری کی پیدائش یا بناوٹ رک جاتی ہے اور پیدا شدہ پتھری کو حل کر دیتی ہیں ڈائیلوٹ ہائڈروکلورک ایسڈ۔ ڈایلوٹ نائیٹرک ایسڈ۔ نائیٹرو ہائڈروکلورک ایسڈ۔

انٹی پیراسائیٹک - کرموں کو ہلاک کرنیوالی دوائیوں کو کہتے ہیں جو حسب ذیل ہیں۔ آرسنک ایسڈ۔ کاربالک ایسڈ۔ سلفیورس ایسڈ تمباکو کا جوشاندہ۔ سلوشن کلوری نیٹڈ لائم۔ آئیل آف اینسی۔ سلفر سلایمڈ آئینٹمنٹ آف آیوڈین۔

انٹی پیریاڈک - نوبتی امراض کو روکنے والی ادویات کو کہتے ہیں۔ مثلاً ارسینوز ایسڈ۔ سنکونا۔ سیاہ مرچ۔ کونین سلفاس سوڈا سلی سلاس۔

انٹی فلوجسٹک ان دوائیوں سے سوزشدار حصہ کی سوزش رک جاتی ہے (دیکھو بیان سیڈیٹو)۔

انٹی سپٹک - جو دوائیاں کسی شئے کو سڑنے سے باز رکھیں۔ انٹی سپٹک کہلاتی ہیں۔ اشیاء کے سڑنے کے لئے رطوبت۔ حرارت اور ہوا کا ہونا ضروری ہے لیکن جبتک باہر سے جاندار سڑاند پیدا کرنے والے مادے شامل نہ ہوں۔ کوئی چیز نہیں سڑ سکتی۔ ایسے مادے حیوانی اور نباتی دو قسم کے ہوتے ہیں۔ جو ہلکے ہونے کے سبب ہوا میں اڑتے رہتے ہیں اور جب کوئلہ یا خشک مٹی میں گر جاتے ہیں تو وہیں پھنس جاتے ہیں۔ لہذا یہ دونوں چیزیں بھی انٹی سپٹک ہوتی ہیں۔ ان سے یا تو سڑاند رک جاتی ہے یا پیدا نہیں ہوتی۔ علاوہ ازیں حسب ذیل کیمیاوی

مرکبات بھی انٹی سپٹک اثر کرتے ہیں۔ کاربالک ایسڈ۔ کریازوٹ۔ چونہ۔ پرمنگنیٹ آف پوٹاش۔ سوڈیم کلورائڈ۔ کلورین گیس۔ سلفیٹ آف کاپر۔ سلفیٹ آف آیرن۔ آرسنک۔ کروسوبلی میٹ۔ پرکلورائڈ آف زنک۔ الکوحال۔ سلفیورس ایسڈ ❖

انٹی سپازموڈک۔ ان ادویات کے استعمال سے عضلات کا بیقاعدہ سکڑنا کم ہوجاتا ہے یا رُک جاتا ہے جسکو سپزم یا اینٹھن کہتے ہیں مثلاً ایتھر۔ اسافیٹڈا۔ بیلاڈونا۔ کینبس انڈیکا۔ کلوروڈین۔ کلورافارم سلفیٹ آف کاپر۔ تمباکو۔ ٹرپن ٹائن۔ ہایوسائمس۔ اپی کیکوانہ۔ سپرٹ ایتھر سپرٹ امونیا ایرومیٹک ❖

اپی ری انٹ۔ ان دوائیوں کے استعمال سے فضلہ ملائم ہوجاتا ہے (دیکھو بیان لکسیٹو) ❖

ایرومیٹک۔ خوشبودار اور خوش ذائقہ دوائیوں کو کہتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں۔ سویا۔ زیرہ۔ کسکریلابارک۔ دھنیا۔ روغن پودینہ روغن لونگ۔ پائی منٹو۔ سیاہ مرچ۔ سپرٹ نائیٹرس ایتھر۔ سپرٹ کلورافارم۔ ٹنکچر جنجر ❖

ایفروڈی سی اک۔ ان دوائیوں سے قوت باہ زیادہ ہوجاتی ہے جیسے فاسفورس۔ تیلنی مکھی۔ کچلہ۔ گرم مصالحہ۔ حیوانات میں ان دوائیوں کی ضرورت بہت کم ہوتی ہے ❖

اسٹرنجنٹ۔ ان ادویات کے استعمال سے جسم کی ملائم ساختیں سکڑ جاتی ہیں۔ رطوبات منجمد ہوجاتی ہیں۔ اور اخراج رُکجاتا ہے ان دوائیوں کا اثر عضلات پر اس طرح ہوتا ہے کہ انکے استعمال سے عضلات کے ریشے سکڑ جاتے ہیں۔ یہی اثر جسم کی کُل رطوبتوں پر ہوتا ہے یعنی ان سے خون کا ایلبیومن منجمد ہوجاتا ہے اور رگوں کے عضلات کے ریشے بھی سکڑ جاتے

ہیں یہی اثر جسم کی کل رطوبتوں پر ہوتا ہے یعنی ان سے خون کا البیومن منجمد ہوجاتا ہے اور رگوں کے عضلات کے ریشے بھی سکڑ جاتے ہیں اور ان سے جو رطوبت نکلتی ہے وہ کم ہوجاتی ہے رگوں کا منفذ تنگ ہوجاتا ہے اسٹرنجنٹ دوائیاں حسب ذیل ہیں:۔

تمام معدنی تیزاب پانی ملے ہوئے۔ پھٹکری مرکبات فولاد۔ جست۔ تانبا سیسہ۔ نقرہ۔ گیلک و ٹینک ایسڈ۔ مازو۔ انار کی جڑ کی چھال۔ افیون۔ سیلگری کتھا۔ کائنو۔ سرکہ۔ کاربالک ایسڈ۔ کریازوٹ وغیرہ۔ تمام قابضات کا اثر زندہ و مردہ ساختوں پر اوّل کیمیاوی ترکیب سے ہوتا ہے۔ قابضات کے استعمال سے چونکہ رگوں کا منفذ تنگ اور رطوبت کی پیدائش رُکجاتی ہے اس لئے نبض چُست اور طاقتور ہوجاتی ہے جس سے ہضمیت تیز اور کل جسم میں طاقت آجاتی ہے اس طرح پر اسٹرنجنٹ ادویات ٹانک ادویات کے مشابہ ہوتی ہیں قابضات کا استعمال اندرونی طور پر میوکس رطوبت کی پیدائش کو کم کرنے اور آلات انہضام اگر کمزور ہوں تو انکو طاقت دینے اور خون روکنے کے لئے کیا کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں ان سے پیپ کی پیدائش رُکجاتی ہے زخموں کے انگور سخت اور انکا اندمال ہونے لگتا ہے۔ رحم اور کانچ نکلی ہوئی ہو تو ان پر لگانے سے وہ سکڑ کر اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں۔ کٹی ہوئی باریک رگوں پر لگانے سے خون کا جریان رُکجاتا ہے۔ اگر سوزش حادہ اور وسیع ہو یا بخار ہو تو انکو نہ کھلانا چاہیئے۔ گرم اور خشک مقام پر بھی انکو نہ لگانا چاہیئے ◆

اکبالک یا پار ٹیوری انٹ۔ کے استعمال سے رحم میں تشنج ہوکر جنین خارج ہوجاتا ہے۔ مثلاً ارگٹ۔ رد۔ ساون۔ کنتھرپڈس۔ گمبوج۔ حیوانات میں ان دوائیوں کو استعمال کرنیکی شاذ و نادر ضرورت ہوتی ہے ◆

کارمی نیٹو۔ ریح خارج کرنیوالی دوائیوں کو کہتے ہیں۔ مثلاً ہینگ۔

ہائیپو سلفائیٹ آف سوڈا۔ کلوری نیٹڈ لائیم۔ ادرک۔ الائچی۔ سونف۔ مرچ کاربونیٹ آف ایمونیا۔

کاسٹک۔ ان دوائیوں سے جسمانی ساختیں پانی کی طرح گل کر مُردہ ہوجاتی ہیں۔ یہ دو قسم کی ہیں۔ اول تیز۔ دوئم ہلکے کاسٹک۔ تیز کو۔ اسکے راٹک کہتے ہیں۔ اس قسم کی دوا جب جسم پر لگتی ہے تو وہ مقام صرف جل ہی نہیں جاتا۔ بلکہ گل بھی جاتا ہے۔ دوسری قسم کے کاسٹک لگانے سے جسمانی ساخت جل جاتی ہے اور مردار بھی ہو جاتی ہے۔ لیکن گل نہیں جاتی۔ کاسٹک دوائیوں کا اثر پہلے کیمیاوی ترکیب سے ہوتا ہے۔ مثلاً جس جگہ انکو لگایا جاتا ہے اول وہ اس جگہ کی رطوبت کو جذب کر لیتی ہیں اور پھر اس ساخت کے فائیبرین اور البیومن و دیگر اجزاء کے ساتھ مل جاتی ہیں۔ غرض اس کیمیاوی ترکیب سے وہ مقام مُردار ہو جاتا ہے اور اسکے اردگرد کے مقامات میں زیادہ تازگی پیدا ہو جاتی ہے۔ پھٹکری۔ جست۔ سیسہ۔ تانبا۔ سیماب۔ سنکھیا کے مرکبات اور سلور نائیٹریٹ۔ کاسٹک پوٹاش اور کل معدنی تیزاب بجز فاسفارک ایسڈ بطور کاسٹک کام میں آتے ہیں۔ سیال کاسٹک کا اثر بہت جلد اور نہایت تیز ہوتا ہے۔ انکے اثر کو کسی خاص مقام تک بمشکل محدود رکھا جا سکتا ہے۔ لوہے کو آگ میں گرم کر کے داغ دینے سے کاسٹک کی طرح اثر ہوتا ہے کاسٹک سے جلانے کو پوٹنشل کارٹری کہتے ہیں۔

کاسٹک دوائیاں حسب ذیل مطالب کیلئے استعمال کی جاتی ہیں۔ جب زخم کے انگور بڑھکر نرم اور اونچے ہو جاتے ہیں۔ یا جب مسّے اور رسولیاں جلد میں گہری واقع ہوں اور ان پر دستکاری نہ ہو سکے اور جلد یا زخموں کی حالت کو اچھا کرنے۔ ناسُور کی دیواروں کے اندمال۔ پاگل جانور اور سانپ کے کاٹے ہوئے زخم کو زہریلے اثر سے بچانے۔ دُنبلوں کے کھولنے یا مواد جاری رکھنے۔ گلے ہوئے چھیچھڑوں کو علیحدہ کرنیکے لئے

استعمال کرتے ہیں۔ زخموں سے خون بند کرنیکے لئے بھی انکو لگاتے ہیں۔ اس غرض کے لئے اگر کاسٹک دوائیاں لگائی جاویں تو اول زخم کو کسی اسفنج سے خوب پونچھ لیں اور آہستہ سے دبا کر کٹی ہوئی رگوں کو دیکھ کر ان پر کاسٹک دوائی لگا کر دبا دیں۔

ڈیمل سنٹ یعنی مزلقات۔ اس قسم کی ادویات کے استعمال سے جسمانی ساختیں تیز دوائیوں کی خراش سے محفوظ رہتی ہیں مقام ماؤف نرم اور اس پر ایک پردہ بن جاتا ہے۔ مثلاً موم۔ چربی۔ گھی۔ تیل۔ آرد گندم و دیگر لعابدار اشیاء۔

ڈائی لوانٹس۔ ان ادویات سے خون اور جسم کی دیگر رطوبات رقیق ہو جاتی ہیں۔ مثلاً السی کا جوشاندہ۔ آش جو۔ چوکر کا مہیلہ۔ ستّو وغیرہ۔ بخاروں میں پیشاب و پسینہ لانے کے لئے اور جب جسم میں فضلات یا زہریلے مادے جمع ہو گئے ہوں تو انکے خارج کرنے کے لئے ایسی دوائیوں کو پلاتے ہیں۔ نیز آلات پیشاب میں اگر خراش ہو تو پیشاب کو رقیق اور جلن رفع کرنیکے لئے انکو پلایا جاتا ہے۔ مُدرات و مُسہلات کا اثر تیز کرنیکے لئے بھی انکو دیا جاتا ہے۔ بخار میں انکو اکثر شیر گرم پلاتے ہیں۔ لیکن اگر سرد بھی پلائی جاویں تو مفید ہوتی ہیں۔ محنتی گھوڑوں کو ان سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ بار بار اور زیادہ مقدار میں دینے سے تشنگی رفع کرنے کے علاوہ ان سے دانہ اچھی طرح ہضم ہو جاتا ہے۔ جلد میں خراش نہیں ہوتی اور اکثر امراض سے جانور محفوظ رہتا ہے۔

ڈی البشٹر وانٹ۔ ان کے استعمال سے سُدے خارج ہوتے ہیں۔ مثلاً گمبوج۔ آیوڈین۔ میگنیشم سلفاس۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ۔

ڈی اوڈورائیزرس۔ بدبو کو چھپانے یا زائل کرنیوالی ادویات کو کہتے ہیں۔ اگرچہ ان ادویات کی بو ناگوار خاطر ہو تاہم مضر نہیں ہوتی۔

مثلاً لوبان۔ کافور اور گندھک کا جلانا خوشبویات اور عطریات کا چھڑکنا و لگانا۔
بدبودار گیس کیمیاوی طور پر بھی رفع ہو سکتی ہیں۔ مثلاً سلفیوریٹیڈ ہائیڈروجن
گیس۔ کلورین گیس سے اور ایمونیا کی بو ہائیڈروکلورک یا نائیٹرک ایسڈ سے
اور جاندار اجزاء کاربالک ایسڈ یا کریازوٹ سے ہلاک ہوتے ہیں ہوا اگر
بُودار ہو تو کوئیلے جلاویں یا خشک مٹی فرش پر چھڑک دیں۔ کیونکہ یہ چیزیں
بدبو کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہیں اور کلورین و سلفیورس ایسڈ گیس اس بدبو
کی خاصیت کو بدل دیتی یا منتشر کر دیتی ہے ♦

ڈیسی کنٹ۔ زخموں سے اخراج کو کم یا روکنے والی دوائیوں کو
کہتے ہیں۔ مثلاً کاربونیٹ آف کیلسیم۔ لائم۔ کیٹی کو۔ چاک۔ کاربونیٹ آف
میگنیشیا۔ شوگر آف لڈ۔ زنک کے مرکبات ♦

ڈایا فوریٹک یا سیوڈاریفک۔ پسینہ لانیوالی دوائیوں کو کہتے
ہیں۔ ڈایا فوریٹک دوائیوں سے پسینہ تھوڑا مگر سیوڈاریفک سے بہت
زیادہ آتا ہے۔ جلد کا کام پسینہ لانیکا ہے اور تندرستی میں اس کے مسامات
سے پسینہ رِستا رہتا ہے۔ جس میں کاربانک ایسڈ گیس اور دیگر فضلات معہ
نمک کے خارج ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن جب جانور کو سردی لگجاتی ہے
تو جلد کا فعل رُک جاتا ہے۔ جس سے کئی ایک عوارض لاحق ہو جاتے ہیں
معرقات کے استعمال سے دَورانِ خون کو تحریک ہوتی ہے جلد کی رگیں
پھیل جاتی ہیں۔ جس سے ان میں خون زیادہ آنے لگتا ہے اور غدودوں
میں تحریک ہو کر پسینہ آتا ہے۔ اس طرح پر اندرونی اعضاء کی سوزش
رفع ہو جاتی ہے ♦

معرقات کا اثر انسان کی نسبت حیوانات کی جلد پر کم ہوتا ہے کیونکہ
ان کی جلد بھدی اور اس پر بال بکثرت ہوتے ہیں۔ نیز معرق دوائیاں
جلد کی نسبت گردوں اور آنتوں کے راستہ سے خارج ہو جاتی ہیں۔ تاہم

ہویشی کی نسبت گھوڑوں کو زیادہ پسینہ آتا ہے اور ان پر معرقات کا اثر ہوتا بھی ہے۔ کتے و بلی کو پسینہ شائد نہیں آتا۔ کیونکہ جو رطوبت انسان و گھوڑے کی جلد سے خارج ہوتی ہے وہ کتوں میں بار بار پیشاب کے ذریعہ خارج ہوتی رہتی ہے۔ علاوہ بریں یہ جانور چونکہ اپنا منہ کھلا رکھتے ہیں۔ اس لئے زبان سے بھی رطوبت گرتی رہتی ہے۔ بھیڑی کو بھی بسبب بالوں کے پسینہ نہیں آتا۔ ان جانوروں کو پسینہ آور دوا اگر دیجا دے تو بجائے اس کے پیشاب زیادہ ہونے لگتا ہے۔ جانوروں کو پسینہ لانے کی بہتر ترکیب یہ ہے کہ انکے جسم کو زور زور سے مالش کر کے جھول یا کمبل ڈالکر پیروں پر پٹیاں لگادیں اور گرم مکان میں رکھیں۔ اور ادویات حسب ذیل میں سے جو مناسب ہوں تھوڑی تھوڑی مقدار میں چند بار پلادیں لائیکوار امونیا ایسی ٹیٹ۔ سپرٹ نائیٹرس ایتھر۔ سلفیورک ایتھر۔ اپی کیکوانہ مدار کی جڑھ کی چھال۔ لطیف روغن۔ ڈوورس پاؤڈر۔ مرکبات انٹی منی مرکبات افیون۔ کلورا فارم۔ یہ دوائیاں خون میں جذب ہوجاتی ہیں۔ لیکن چونکہ غیر جنس ہوتی ہیں اس لئے جسم میں عرصہ تک نہیں رہ سکتی ہیں اور دوران خون کے ذریعہ جلد میں آکر پسینہ کے ذریعہ خارج ہوجاتی ہیں۔ گرم پانی کے غسل یا بھوپارہ سے بھی پسینہ آجاتا ہے۔

معرقات دو قسم کے ہوتے ہیں یعنی سٹی مولنٹ اور سیڈیٹو۔

معرقات کے استعمالات۔ اوّل۔ جب جلد سے بخوبی پسینہ پیدا نہ ہو۔ اندرونی اعضاء میں اجتماع خون یا سوزش ہو۔ جسمانی حرارت زیادہ ہو۔

دوئم۔ گردے بیمار ہوں مرض ذیابیطس ہو یا اسہال زیادہ آتے ہوں۔

سوئم۔ خون میں مائیت یا فضلات زیادہ ہوں۔ یا کوئی ڈراپسی کی بیماری ہو۔

ڈس انفکٹنٹ۔ یہ دوائیاں اُن مُضر مادوں کو جو زندہ یا مردہ اشیا

سے پیدا ہوں جذب یا زایل کر دیتی ہیں یا اُنکی خاصیت کو بدل دیتی ہیں۔
انٹی سپٹک اور ڈس انفکٹنٹ میں صرف اس قدر فرق ہے کہ مقدم الذکر سے سڑاند رُک جاتی ہے یا پیدا نہیں ہوتی اور موخر الذکر ادویات ان مضر مادوں کو جو زندہ یا مردہ اجسام سے پیدا ہوں زائل کر دیتی ہیں۔ صاف ہوا اور صاف پانی نہایت عمدہ ڈس انفکٹنٹ اثر کرتے ہیں۔ بہت گرم پانی۔ اور سردی بھی یہی اثر رکھتی ہے۔ معلوم رہے کہ متعدی بیماریوں کی چھوت کو ہوا اُڑا لاتی ہے اور یہی ان مضر مادوں کو مرض کی جگہ سے اُڑا کر لیجاتی ہے پس جب مرض کی جگہ میں ہوا کی آمد و رفت آزادی سے ہو تو وہ ہوا اس وبائی مرض کے ساتھ ملکر اسکو اسقدر کمزور کر دیتی ہے کہ اس میں دم لینے سے جانوروں کو نقصان نہیں پہنچتا۔ اس طرح پر مضر مادے ہوا میں صرف پھیل ہی نہیں جاتے بلکہ وہ قدرتاً کیمیاوی طور پر ہوا کی اوکسیجن اور اوزون سے ہلاک بھی ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح جب پانی بھی زیادہ مقدار میں مضر مادوں کے ساتھ ملجاتا ہے تو اوکسیجن کے باعث پتلے ہونے سے ان کی مضر خاصیت بدل جاتی ہے۔ گندگی میں اگر پانی کی مقدار کم ملائی جاوے تو بجائے فایدہ کے وہ نقصان دہ ہوگا۔ لہذا جب کسی میلے یا چھوت والے مقام کو صاف کرنا ہو تو اس جگہ کوئی انٹی سپٹک دوائی ڈال کر اس گندگی کو بغیر پانی ملانے کے اُٹھوا دینا چاہیئے۔ طویلوں اور گھوڑوں کے توبڑوں و بالٹیوں کو جن میں چھوت کا مادہ ہو اور دیواروں۔ صحن اور لکڑی کے سامان کو بخوبی صاف کریں یا اُنکو کھرچوا دیں۔ دیواروں پر سفیدی کرا دیں۔ صحن یا زمین پر تازہ خشک مٹی ڈلوا دیں۔ اور بلدو گلس پوڈر چھڑکیں طویلوں میں گندھک کی دھونی دیں۔ کھانیکا نمک بھی سڑاند کو بخوبی روکتا ہے۔ تازہ چمڑے کو ڈس انفکٹ کرنیکے لئے اسی کا استعمال کرنا چاہیئے۔ کلورائیڈ آف لائیم کے سلوشن (۱۔ ۲۰) سے اس کی بو رفع ہو جاتی ہے۔ بالٹیوں کو کھرچ کر صفائی

یا میلے کاربالک ایسڈ کے لوشن (۲ڈواونس فی گیلن) سے دھونا چاہیئے۔ اسی طرح ہر ایک چیز کو دُھلوادیں۔ خشک اور پتلی گندگی میں مگڈوگلس پوڈر ڈالیں۔ پانی کو صاف کرنیکے لئے پھٹکری۔ کلورائیڈ آف زنک یا پر مینگنیٹ آف پٹاش بہتر ہیں۔ سخت گرمی و سردی سے بھی اکثر مضر مادے زائل ہو جاتے ہیں کوئیلہ اور خشک مٹی کے مسامات میں بھی مضر مادے اٹک جاتے ہیں۔ ہوا میں اگر مضر مادے ہوں تو اُسکو ہائیڈروکلورک ایسڈ۔ کلورین یا سلفیورس ایسڈ گیس سے صاف کر سکتے ہیں۔ گاؤخانوں یا گھوڑوں کے طویلوں میں جہاں کوئی وبائی مرض پھیلا ہو۔ ہفتہ میں دو تین مرتبہ تھوڑی تھوڑی گندھک کی دھونی دیا کریں۔ ۵۰ فٹ لمبے ۱۰ فٹ چوڑے اور ۱۰ فٹ بلند طویلہ میں ایک جگہ چار چھٹانک گندھک جلانا کافی ہوگا۔ دروازوں۔ دیواروں اور بلیّوں پر میلے کاربالک ایسڈ کا تیز عرق بُرش کے ذریعہ لگادیں۔ صحن اور گندگی کے ڈھیر پر مگڈوگلس پوڈر روزمرہ چھڑکیں۔ جب تک وبا کا استیصال نہ ہو جانوروں کے سینگ۔ پاؤں۔ دُم اور پُشت پر بھی کاربالک لوشن (۱ ـ ۱۰۰) کا بھوچارہ پھیر دیا کریں۔ ٹاٹ کے ٹکڑوں کو کاربالک لوشن (۱ ـ ۵۰) میں تر کرکے اصطبلوں کی چھتوں میں جابجا لٹکادیں۔ خدمتگاروں کے کپڑوں اور ہاتھ پیروں پر کاربالک لوشن (۱ ـ ۱۰۰) چند بار دن میں چھڑک دیا کریں۔ خالی مکانوں کے دروازے اور کھڑکیاں بندکرکے گندھک کی دھونی دیں۔ واضح ہو کہ ڈس انفکٹنٹ ادویات کو کھلایا اور سنگھایا بھی جاتا ہے اور جسم میں ان کی پچکاری بھی کرتے ہیں۔ حسب ذیل ادویات ڈس انفکٹنٹ ہیں۔ مگڈوگلس پاؤڈر۔ کانڈیز فلوائڈ۔ کلوریٹ آف پوٹاش۔ کلورین۔ آیوڈین۔ کوئیلہ۔ کلوری نیٹڈ لائم کلوری نیٹڈ سوڈا۔ برومین ۰

ڈایورٹیکس۔ پیشاب آور دوائیوں کو کہتے ہیں۔ انکے استعمال سے

گردوں میں تحریک ہو کر پیشاب زیادہ آتا ہے۔ مُدرات خون میں جذب ہو کر مثل دیگر غیر جنس ادویات کے گردوں سے اخراج پاتی ہیں۔ واضح ہو کہ جن ادویات سے پسینہ آتا ہے وہی دوائیاں پیشاب بھی لاتی ہیں۔ صرف ان کے استعمال میں فرق ہے۔ یعنی معرقات کے استعمال کے ساتھ بیمار کو گرم رکھا جاتا ہے اور مُدرات کے استعمال کے وقت گرمی کا خیال نہیں کیا جاتا۔ حیوانات کے علاج میں حسب ذیل مُدرات استعمال کرتے ہیں نائیٹرس ایتھر۔ نائیٹر۔ ٹرپن ٹائین۔ ڈیجی ٹیلس۔ لطیف روغن کنتھریڈس کھاری و نمکین ادویات۔ بکّو کے پتے۔ کالچیکم ؛

نمکیں ادویات کو تھوڑی مقدار میں دینا چاہیئے۔ ورنہ زیادہ مقدار میں دینے سے بعوض پیشاب کے پسینہ آنے لگتا ہے۔ کانجی یا پانی پلانے سے بھی پیشاب کی پیدائش زیادہ ہو جاتی ہے ؛

مُدرات کو حسب ذیل مطالب کے لئے استعمال کرتے ہیں ؛

اول جن بیماریوں میں پیشاب کی پیدائش بند یا کم ہو ؛

۲۔ ڈراپسی کا پانی جذب کرنے کے لئے ؛

۳۔ زہر کے خارج کرنے کے لئے ؛

۴۔ جب پیشاب گاڑھا اور منجمد اجزاء کے مثانہ میں جمع ہو جانیکا اندیشہ ہو ؛

۵۔ سوزشی امراض رفع کرنے کے لئے ؛

سٹوماکک ۔ مقوی معدہ دوائیوں کو کہتے ہیں۔ جیسے سونٹھ دھنیا۔ سونف۔ الائچی۔ زیرہ۔ پیاز۔ لہسن۔ ادرک۔ سرخ و سیاہ مرچ کولمبا۔ جنشن۔ چند لطیف روغن ؛

سپیورنٹ ۔ وہ دوائیاں ہیں۔ جن کے لگانے سے جلد پر پھنسیاں پیدا ہو کر پیپ بن جاتی ہے جیسے کروٹن آئیل۔ ٹارٹار ایمٹک۔ ریڈ آیوڈائڈ

آف مرکری کا مرہم۔ کنتھیریڈس اور رائی کا بار بار لگانا بھی یہی اثر کرتا ہے۔ مویشی کی جلد پر مذکورہ بالا دوائیوں کا اثر گھوڑے کی طرح تیز نہیں ہوتا۔

گھوڑوں کی جلد پر تارپین کا اثر خاصکر تیز ہوتا ہے۔ کتّوں پر بلسٹر کا اثر چونکہ تیز ہوتا ہے اس لئے بلسٹر لگانیکے بعد انکی خاص احتیاط کرنی چاہیئے۔

سیٹن۔ جسم کے کسی حصہ میں فیتہ کو جلد کے آر پار کر دینے کو کہتے ہیں۔ فیتہ پر کوئی آبلہ انگیز مرہم لگا دیجاتی ہے کہ مواد زیادہ خارج ہوتا رہے۔ یہ عمل بلسٹر اور فائیرنگ کے عوض بعض دفعہ اس غرض سے کیا جاتا ہے کہ اس سے جسم پر داغ نہیں رہتا۔ ناسور سے اخراج جاری رکھنے اس کے اندر کی جھلی کو ضایع کرنے و جوڑوں کی مزمن سوزش اور ہڈیوں کے بڑھاؤ میں سیٹن کا عمل کیا جاتا ہے۔

فبریفیوج۔ بخار کی شدت کم کرنیوالی دوائیوں کو کہتے ہیں مثلاً نائیٹریٹ آف پوٹاش۔ میگنیشیا سلفاس۔ امونیم کلورائڈ۔ ٹھنڈا و گرم پانی۔

فائیرنگ یا اکچوال کارٹری۔ گرم لوہے سے جسم پر داغ دینے کو کہتے ہیں۔ جوڑوں۔ لگیمنٹ اور ٹنڈن کی موچ میں اور گاہے خون بند کرنیکے لئے داغ دیتے ہیں۔

نارکاٹک یا سپوریفک۔ اُن دوائیوں کو کہتے ہیں جن سے ہوش و حواس میں فرق آجاتا ہے۔ نارکاٹک دوائیوں کو تھوڑی مقدار میں کھلانے سے اوّل تحریک ہوتی ہے اور جب مقدار ذرا بڑھا دیجا دے تو نیند آجاتی ہے جسکو اصطلاح میں ہپ ناٹک کہتے ہیں اس قسم کی دوا سے جب درد رفع ہوتا ہے تو اسکو انیوڈائین کہتے ہیں۔ نارکاٹک دوائیوں سے جسم کی رطوبت بھی خشک ہو جاتی ہے جس کے باعث قبض ہو جاتا ہے۔ اِن دوائیوں کو جب کھلایا جاتا ہے تو حسب قاعدہ خون میں جذب ہو کر دماغ۔ حرام مغز یا اعصاب کو تحریک دیکر انکو جلدی پست کر دیتی ہیں۔ جس سے ہوش و حواس میں فرق

آجاتا ہے۔ نارکاٹک دوائیاں حسب ذیل ہیں۔ افیون۔ گانجہ۔ بیلاڈونا۔ دھتورا
کافور۔ تماکو۔ ہایوسائیس وغیرہ ان ادویات کو مندرجہ ذیل امراض میں دیتے ہیں
کالک۔ کوریا۔ کرانک برانکائٹس۔ ٹےنےنس۔ ڈایریا۔ ڈیسنٹری۔ کتوں
کی قئے روکنے کے لئے اور رحم۔ وجع المفاصل۔ پلوریسی ودیگر حادہ سوزشی
امراض کے درد کو کم کرنیکے لئے دیجاتی ہیں۔ ان دوائیوں کو عرصہ تک استعمال
کرنے سے چونکہ طبیعت عادی ہوجاتی ہے اس لئے یہ اثر کم نمایاں ہوتا ہے۔
نیوٹری ایٹو۔ ان دوائیوں سے ٹشو کی پرورش بڑھ جاتی ہے۔ مثلاً
لنسیڈ آئیل۔ کاڈلور آئیل۔ آلیو آئیل۔
پرگیٹو۔ مسہلات کو کہتے ہیں انکے استعمال سے معدہ و آنتوں کی رطوبات
زیادہ پیدا ہوتی ہیں۔ جس سے فضلہ جلدی خارج ہوتا ہے۔ ان دوائیوں کا اثر
آنتوں کے غدودوں پر ہوتا ہے جن مسہلات سے فضلہ کسی قدر نرم ہوتا ہے
انکو لکسیٹو یعنی ملینات کہتے ہیں اور جن سے پتلے اور زیادہ دست آویں انکو
پرگیٹو اور اپیرنٹ کہا جاتا ہے۔ جن مسہلات سے پانی کی طرح پتلے اور بکثرت
دست آویں انکو ہائڈریگاگ پرگیٹو کہتے ہیں اور جب یہ صفراوی دست لاویں
تو کولےگاگ پرگیٹو اور نمکین مسہلات کو سیلائن پرگیٹو کہتے ہیں۔ ان سے بھی
پانی کی طرح پتلے دست آتے ہیں لیکن ہائڈریگاگ پرگیٹو سے انکا عمل کمزور
ہوتا ہے۔ جب مسہلات سے پیچش ہو کر بکثرت دست آویں تو انکو ڈراسٹک پرگیٹو
کہتے ہیں۔ دست آور دوائیاں معدہ و آنتوں کی مخاطی جھلیوں سے جذب
ہو کر خون میں شامل ہوتی ہیں لیکن چونکہ یہ جسمانی ساخت میں بدل نہیں سکتیں
اس لئے آنتوں کی استری جھلی میں واپس آکر انکے غدودوں کو تحریک کرکے
رطوبت پیدا کرتی ہیں اور خود بھی معہ اس پیدا شدہ رطوبت کے آنتوں کی نالی
میں مل کر فضلہ کو پتلا کرکے خارج ہوجاتی ہیں۔ واضح رہے کہ مسہلات آلات انہضام
کی نالی میں جذب ہونے اور دوبارہ خارج ہونے کے وقت خراش پیدا کرتے

ہیں جس نے آنتوں کی حرکت گرمی اور رطوبت زیادہ ہو کر بار بار دست آتے ہیں اگر یہ خراش زیادہ ہو تو پیچش یا آنتوں میں سوزش ہو جاتی ہے جیسا کہ اکثر تیز جلابوں سے ہوا کرتا ہے ؛

بلا وجہ جلاب دینے سے بد ہضمی اور زیادہ مقداریں دینے سے کمزوری اور گاہے ٹانگوں کا فالج ہو جاتا ہے اگر دست بکثرت آویں تو جانور کی ہلاکت ظہور میں آتی ہے۔ گھوڑوں کو جلاب دینے میں بہت احتیاط رکھنی چاہیئے۔ جلاب دینے سے ایک دن پیشتر سبز گھاس اور چوکر کھانے کو دیں۔ اور جلاب دینے سے بارہ گھنٹے پیشتر فاقہ رکھیں۔ اگر جلاب کا اثر بارہ گھنٹوں تک ظاہر نہ ہو تو جانور کو ٹہلادیں۔ نیز گرم پانی و تیل کا حقنہ کریں۔ گھوڑوں کے واسطے ایلوز کا جلاب بہتر ہے۔ اگرچہ روغن السی بھی دیا جاتا ہے۔ لیکن اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ جمالگوٹہ کا جلاب انکے لئے بہت تیز ہے اس سے حتی الامکان پرہیز کریں۔ کسٹرائل گراں ہونیکے باعث گھوڑے و مویشی کو نہیں دیتے۔ اسکے بجائے سادہ تیل دیا جاتا ہے ؛

گھوڑوں میں جلاب کا اثر عموماً ۱۲ یا ۱۸ گھنٹے بعد ہوا کرتا ہے۔ لیکن اگر چوبیس گھنٹوں تک دست نہ آویں تو دیگر تدابیر اختیار کریں مثلاً گھوڑوں کو ٹہلادیں۔ حقنہ کریں۔ یا تیل پلادیں۔ لیکن ایلوز کا جلاب دوبارہ ہرگز نہ دیں کیونکہ سوپر پرگیشن ہو کر موت ہو جانیکا اندیشہ رہتا ہے۔ اگر جانور کمزور ہو۔ یا نبض ضعیف ہو۔ یا آلات تنفس و انہضام میں سخت سوزش ہو تو ہرگز جلاب نہ دیں ؛

مویشی و بھیڑ پر جلابوں کا اثر کم ہوتا ہے۔ کیونکہ انکے معدے بڑے غذا سے پُر اور چار حصوں میں تقسیم ہوتے ہیں اور ان میں حس بھی نسبتاً کم ہوتی ہے۔ ان جانوروں پر اور جلابوں کی نسبت نمکین جلاب کا اثر اچھا ہوتا ہے۔ اس کا عمل تیز کرنیکے لئے مویشی کو زیادہ پانی پلانا چاہیئے۔ لیکن

جب قبض سخت ہو یا آنتیں کمزور ہوں تو عصارہ ریوند۔ جمالگوٹہ اور کیلومل کو بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ مویشی کو عموماً ۱۲ یا ۱۶ گھنٹہ میں دست آجاتے ہیں۔ بھیڑی کو کھانیکا نمک۔ اپسم سالٹ۔ یا کسٹر آیل دیا جاتا ہے۔ ان جانوروں پر کیلومل اور جمالگوٹہ کا اثر بشدت ہوتا ہے۔

چونکہ کتے کا معدہ چھوٹا ہوتا ہے اور یہ جانور غذا بھی تھوڑی کھاتے ہیں اس لئے ان پر جلاب کا اثر خوب ہوتا ہے اور ۵ سے ۸ گھنٹوں کے اندر دست آنے لگ جاتے ہیں۔ انکو کسٹر آئیل۔ آلیو آئیل۔ جلپ۔ کیلومل۔ سیرپ آف بکھتارن کا جلاب موافق آتا ہے۔ نمکین جلاب سے انکو یا تو قئے ہو جاتی ہے اور یا بشدت دست آتے ہیں۔

جلاب کے اغراض۔ اوّل۔ غیر منہضم غذا یا سُدے یا کرم یا سمیات کو شکم سے خارج کرنا۔ دست آور دوائیوں کو جب کرم خارج کرنیکے لئے دیتے ہیں تو انکو انتھل منٹک کہتے ہیں۔ جو دوائیاں کرموں کو آنتوں میں سے خارج کردیں انکو ورمے فیوج اور کرم کش کو ورمے سائڈ کہتے ہیں۔ مسہلات کے استعمال سے چونکہ آنتوں میں حرکت کرمی اور رطوبات کی پیدائش کثرت ہوتی ہے اس لئے کرم فضلہ کے ساتھ خارج ہوجاتے ہیں۔ کرم کش ادویات کو خالی معدہ کھلانا چاہیئے۔ گھوڑوں کے شکمی کرم ہلاک کرنے کے لئے ذیل کا نسخہ مفید ہے۔ ڈوڈو ڈرام ایلوز وہینگ کو گرم پانی میں حل کرکے سرد ہونے پر اس میں ایک اونس تارپین کا تیل اور ایک اونس ایتھر ملا کر کانجی یا السی کے جوشاندہ کے ہمراہ چند روز تک متواتر صبح کے وقت پلایا کریں۔ کتوں کے ٹیپ ورم کی ہلاکت کے لئے جانوروں کے قد کے مطابق چھالیہ پیس کر کھلادیں۔ جب کرم خارج ہوجاویں تو چند روز تک نمکین ادویات یا مقویات کا استعمال جاری رکھیں۔

دوئم۔ خون کی مائیت کم کرنیکو جلاب دیتے ہیں۔ اس طرح سے اندرونی

اعضاء کے اجتماع خون اور سوزش میں بھی تخفیف ہو جاتی ہے اور بخار رفع ہو جاتا ہے بعض اوقات شدید سوزش میں جب بخار تیز ہوتا ہے تو جلاب میں کوئی مضعف دوائی ملا دینے سے اس کا عمل اچھا ہوتا ہے علاوہ ازیں مسہل سے ڈراپسی کا پانی بھی جذب ہو جاتا ہے۔

سوئم۔ مسلات سے آنتوں کی صفائی کے علاوہ خون بھی صاف ہو جاتا ہے۔

پرگیٹو ادویات حسب ذیل ہیں:۔

ایلوز۔ سلفیٹ آف میگنیشیا۔ کالوسنتھ۔ کیلومل۔ پوڈافلین ریزن سلفیٹ آف سوڈا۔ کروٹن آئیل۔ گمبوج۔ جلپ۔ کسٹر آئیل۔ آلیو آئیل۔ لنسیڈ آئیل۔ روبرب۔ سلفر۔

پسچیولنٹ۔ ان دوائیوں کے استعمال سے جلد پر آبلے ہو کر ان میں پیپ پیدا ہو جاتی ہے۔ مثلاً ٹارٹر ایمےٹک۔ سلور نائٹریٹ۔ کروٹن آئیل۔

ریفری جیرنٹ۔ دوائیوں کے استعمال سے جسم کے گرم حصّوں کی حرارت کم ہو جاتی ہے اور وہ حصّے ٹھنڈے ہو جاتے ہیں جہاں یہ دوائیاں لگائی جاتی ہیں وہاں کی رگیں سُکڑ جاتی ہیں جس سے اس حصّہ میں خون کم پہنچتا ہے اس لئے وہ ساختیں خراب نہیں ہوتیں۔ سرد ہوا اور پانی عمدہ ریفری جیرنٹ ہیں۔ قلمی شورہ۔ کھانیکا نمک اور نوشادر کو پانی میں حل کر کے لگانے سے بہت اچھا ریفری جیرنٹ اثر ہوتا ہے۔ ایتھر بھی نہایت عمدہ دوائی ہے۔ نمکین ادویات کے پلانے سے بخار اور سوزش میں پیاس رفع اور حرارت کم ہو جاتی ہے۔

ریزالونٹ۔ انکے استعمال سے رِسا ہوا مادہ دوبارہ جذب ہو جاتا ہے جیسے آیوڈین کے مرکبات وغیرہ۔

روبی فی شنٹ۔ ان دوائیوں کے استعمال سے خفیف سوزش ہوکر جلد سُرخ ہوجاتی ہے مثلاً الکوحال۔ لینی منٹ آف امونیا۔ روغن تارپین۔ ایسٹیم کنتھریڈس۔ رائی۔ زور سے رگڑنا۔ گرمی پہنچانا۔ واضح ہو کہ حیوانات کی جلد پر چونکہ بال ہوتے ہیں۔ اس لئے سُرخی نمایاں نہیں ہوتی۔

سیڈیٹو دوائیوں سے عصبی طاقت پست ہوجاتی ہے۔ سیڈیٹو ادویات سٹی مولنٹ دوائیوں کے برخلاف عمل کرتی ہیں ان سے نظام عصبی کا جوش کم ہوکر دل کی حرکت پست اور دورانِ خون پست ہوجاتا ہے لیکن نیند نہیں آتی۔ پس ان میں اور نارکاٹک دوائیوں میں یہی فرق ہے۔ ورنہ نارکاٹک دوائی سے بھی دورانِ خون سُست ہوجاتا ہے بمندرجہ ذیل ادویات سیڈیٹو اثر کرتی ہیں۔ ٹارٹر ایمےٹک۔ ایکونائیٹ۔ پروسک ایسڈ۔ کلورل ہائیڈریٹ۔ ڈیجی ٹیلس۔ تمباکو۔ ہملاک اور فصد لینا مذکورہ بالا ادویات میوکس ممبرین سے جذب ہوکر خون میں شامل ہوکر عصبی مرکزوں تک پہنچتی ہیں اور انکے افعال کو پست کردیتی ہیں جس سے نبض سُست۔ تنفس کی تعداد کم اور ضعف لاحق ہوتا ہے۔ ان دوائیوں کو اگر زیادہ مقدار میں استعمال کیا جاوے تو غشی طاری ہوتی ہے اور دل کی حرکت بند ہوجاتی ہے۔ یا تنفس رُکنے سے موت واقع ہوتی ہے مضعف دوائیاں خاصکر بخار۔ تشنج اور امعاء و دیگر اعضائے رئیسہ کی سوزش میں مفید ہوتی ہیں۔ کیونکہ ان سے دل کی تیز حرکت پست ہوجاتی ہے۔ مختلف سیڈیٹو ادویات کے اثر میں بھی اختلاف ہے۔ چنانچہ ایکونائیٹ کے استعمال سے تمام جسم جلد کمزور ہوجاتا ہے۔ پروسک ایسڈ بھی اچھا مضعف اثر کرتا ہے۔ لیکن زیادہ مقدار میں دینے سے تشنج ہوکر مریض تلف ہوجاتا ہے۔ طبیّ خوراک سے اسکا اثر ویگس نرو پر ہونے سے کھانسی رفع اور معدہ کی خراش کو افاقہ ہوتا ہے۔ مرکبات انٹی منی۔ اپی کیکوانہ

اور ڈیجی ٹیلس سے ویگس نرو کا فعل یا تو بگڑ جاتا ہے یا زائل ہو جاتا ہے انکو دوا کی مقدار میں دینے سے جی متلاتا ہے اور دل کی حرکت پست ہو جاتی ہے اور جس عضو سے خارج ہوتی ہیں اسکو تحریک دیتی ہیں مثلاً انٹی منی اور اپی کیکوانہ سے پسینہ اور ڈیجی ٹیلس سے پیشاب آتا ہے۔ سردی سے بھی سیڈیٹو اثر ہوتا ہے۔ فصد لینے سے نہایت جلد ضعف پیدا ہوتا ہے سخت سوزش کے ابتدائی درجہ میں فصد مفید ہوتی ہے۔ مثلاً پلورا۔ پیری ٹونیم۔ دماغ اور پاؤں کی سوزش اور اپاپلکسی میں اس سے عمدہ نتائج نکلتے ہیں۔ یعنی فصد لینے سے خونی رگیں چونکہ ڈھیلی ہو جاتی ہیں اور خون کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔ اس لئے دورانِ خون سست اور وریدوں کا اجتماع خون رفع ہو جاتا ہے اور سخت سوزش کا دور رک جاتا ہے نیز قوت جاذبہ کو تحریک ہوتی ہے۔ گھوڑے و مویشی کا خون ۴ یا ۵ کوارٹ تک نکال سکتے ہیں۔ لیکن خون لینے کی ٹھیک مقدار مریض کی حالت پر منحصر ہے۔ فصد اکثر جگلر وین سے لیا کرتے ہیں کیونکہ اس رگ سے خون نکالنا نسبتاً آسان ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ دبلے اور کمزور مریضوں میں فصد لینے سے بجائے فائدہ کے نقصان ہوتا ہے۔ اس لئے بہت سوچ سمجھکر فصد لینی چاہیئے۔

سایلے گاگس۔ ان کے استعمال سے تھوک کی پیدائش زیادہ ہو جاتی ہے۔ یہ دوائیاں بھی دو طرح کی ہوتی ہیں۔

۱۔ وہ جنکو منہ میں رکھنے یا چبانے سے تھوک کی پیدائش زیادہ ہوتی ہے۔ جیسے سرخ و سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ کتھا۔ تماکو۔

۲۔ وہ دوائیاں جو اول خون میں جذب ہو کر تھوک پیدا کرنیوالے غدودوں کو تحریک دیکر لعاب دہن پیدا کرتی ہیں مثلاً مرکبات سیماب۔ آیوڈین و انٹی منی۔ حیوانات کے علاج میں ایسی دوائیاں شاذونادر استعمال کی جاتی ہیں۔

سٹی مولنٹ۔ ان دوائیوں سے عصبی طاقت کچھ عرصہ کے واسطے زیادہ ہوجاتی ہے ان سے دل کی حرکت تیز نبض سریع اور تمام جسم میں تفریح پیدا ہوتی ہے انکا اثر بہت جلد پیدا ہو کر جلدی رفع ہو جاتا ہے لہذا اس اثر کو قائم رکھنے کے لئے انکو بار بار دیا جاتا ہے جو دوائی پلانے کے بعد فوراً اپنا اثر کرتی ہے۔ اسکو ڈیفیوزیبل سٹی مولنٹ کہتے ہیں۔ بعض ان میں سے ایسی ہیں جو عمدہ خوشبودار مفرح ہوتی ہیں انکو ایرومیٹک سٹی مولنٹ کہتے ہیں اور جب ہاضمہ تیز کرنیکے لئے انکو دیتے ہیں تو سٹوماکک کہتے ہیں۔ اور جب ان سے ریح خارج ہو تو کارمی نیٹو اور اگر دل کو طاقت دیں تو کارڈیک سٹی مولنٹ کہلاتی ہیں۔

سٹی مولنٹ دوائیاں حسب ذیل ہیں۔ شراب۔ ایتھر۔ لطیف روغن۔ تارپین۔ بعض گوندیں۔ ایمونیا۔ فاسفورس۔ بالسم۔ کلورافارم۔ ہینگ۔ کافور۔ تار بجلی کا لگانا۔

یہ دوائیاں خون میں جذب ہو کر جس عضو سے خارج ہوتی ہیں اسکو تحریک دیتی ہیں۔ لہذا بعض دفعہ ان سے پیشاب و پسینہ بھی آجاتا ہے اگرچہ ان سے اعصاب کو تحریک ہوتی ہے مگر زیادہ تر یہ اثر دورانِ خون پر نمایاں ہوتا ہے۔ جسکے باعث نبض پُر و سریع ہو جاتی ہے۔ اگرچہ انکے استعمال سے مرض رفع نہیں ہوتا۔ لیکن جسم کے کل قواء کو سہارا ہو جاتا ہے جب دفعتہً کسی صدمہ کے باعث یا خون نکلجانے سے یا سیڈیٹو اور نار کاٹک چیزوں کے زہر ہونے سے جانور نڈھال ہو جاتا ہے تو ان سے دل کی حرکت تیز ہو جاتی ہے۔ دورانِ خون و جسمانی حرارت اعتدال پر رہتی ہے۔ عروق شعریہ میں خون جمع نہیں ہوتا۔ کمزور کرنیوالی بیماریوں میں ان سے ازحد فائدہ ہوتا ہے یعنی اشتہا تیز اور ہاضمہ کو مدد ملتی ہے۔ ریح خارج اور تشنج رفع ہوتا ہے۔ اعصاب کو تقویت ہوتی ہے۔ لیکن حادہ سوزش میں سٹی مولنٹ ادویات

کو استعمال نہ کرنا چاہیئے ۔

سٹپٹک ۔ جریان خون کو روکنے والی دوائیوں کو کہتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں :۔

ڈایلوٹ ایسی ٹک ایسڈ ۔ کاربالک ایسڈ ۔ گیلک ایسڈ ۔ ٹے نک ایسڈ ۔ ایلم ۔ کیٹی کو ۔ کلوڈیم ہماسٹے ٹک ۔ سلفیٹ آف کاپر ۔ ارگٹ ۔ سلفیٹ آف آیرن سلوشن آف لائیم ۔ ٹنکچر سٹیل ۔ سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ۔ مرہ ۔ زنک ۔ ٹھنڈا پانی وغیرہ ۔

ٹانکس ۔ یعنی مقویات ان کے استعمال سے جسم میں رفتہ رفتہ طاقت آتی ہے ہاضمہ درست ہوتا ہے ۔ نوبتی بیماری کی نوبت رک جاتی ہے ۔ ٹانک دوائیوں کا اثر دیر سے ہوتا ہے اور دیر تک رہتا ہے ۔ یہ دوائیاں خون میں جذب ہو کر جس چیز کی کمی ہوتی ہے اسکو پورا کر دیتی ہیں ۔ ان سے بھوک زیادہ نبض پُر اور تیز ہو جاتی ہے جسم کے کُل قواء مضبوط اور طاقتور ہو جاتے ہیں ۔ لیکن تندرست جانوروں کو جب یہ دوائیاں کھلائی جاتی ہیں تو بجائے طاقت دینے کے ان سے ہاضمہ بگڑ جاتا ہے اور گاہے بخار ہو جاتا ہے ۔ اگرچہ ٹانک اور سٹی مولنٹ دوائیوں میں بہت مشابہت ہے تاہم ان میں فرق بھی ہے چنانچہ ٹانک دوائیوں کا اثر آہستہ آہستہ اور دیر سے ہوتا ہے اور دیر تک رہتا ہے اور اس اثر کے رفع ہونے پر ضعف نہیں پیدا ہوتا ۔ لیکن اسکے برعکس سٹی مولنٹ ادویات کا اثر جلدی پیدا ہو کر جلدی گذر جاتا ہے اور اسکے بعد ضعف لاحق ہوتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ٹانک ادویات سے جسم میں طاقت پیدا ہوتی ہے اور سٹی مولنٹ سے عصبی طاقت تھوڑے عرصہ کے لئے زیادہ ہو جاتی ہے ۔ ٹانک ادویات اسٹرنجنٹ دوائیوں سے بھی مشابہت رکھتی ہیں لیکن انکا اثر بتدریج اور کیمیاوی ترکیب سے نہیں پیدا ہوتا ۔

ٹانک دوائیوں کو مندرجہ ذیل حالتوں میں دیا جاتا ہے ۔ مثلاً جب

کمزوری کے باعث اشتہاء کم یا غذا کا بدل ما یتحلل بخوبی نہیں ہو سکتا۔ مزمن امراض میں جب بخار نہ ہو اور سکرافیولا میں اور اکثر دیگر امراض کے رفع ہو نیکے بعد جب مریض کمزور ہو تو ٹانک دوائیاں دیتے ہیں۔ سخت سوزش۔ بخار اور قبض میں انکو نہ دینا چاہیئے۔

ٹانک ادویات تین قسم کی ہوتی ہیں۔

۱۔ منرل یعنی معدنی مثلاً سلفیورک ایسڈ۔ نائیٹرک ایسڈ۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ آرسنک۔ مرکبات چاندی۔ فولاد۔ جست۔ تانبا۔

۲۔ ویجی ٹیبل یعنی نباتی ٹانک مثلاً چرائیتہ۔ جنشن۔ گلو۔ نیم۔ کواشیا۔ روبرب سنکونا۔

۳۔ انیمل یعنی حیوانی ٹانک مثلاً کاڈلور آئیل۔ کنتھریڈس۔

واضح رہے کہ کڑوے نباتی مقویات کو بٹر ٹانک کہتے ہیں۔ چونکہ معدنی مقویات نباتی کی نسبت زود اثر ہیں اس لئے حیوانات کے علاج میں انہی کو اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔

ٹرامیٹک۔ جو دوائیاں زخموں پر استعمال کی جاتی ہیں مثلاً کلوڈیم۔ مرہ۔ ریزن۔ کمپونڈ ٹنکچر آف ایلوز۔ زنک آکسائیڈ۔

دوا کے اثر میں فرق آنیکا باعث۔ دوا کی مقدار سے۔ اسکے اچھے یا خراب ہونے سے۔ دوا کے پلانے اور کھلانے کی ترکیب سے۔ مریض کی قسم اور عمر کے باعث۔ دوا جب مختلف مقدار میں دیجاتی ہے تو اُسکا اثر بھی مختلف ہوتا ہے۔ مثلاً ایلوز تھوڑی مقدار میں ٹانک اور زیادہ مقدار میں دینے سے پرگیٹو اثر کرتا ہے۔ علیٰ ہذالقیاس دیگر ادویات کا بھی ایسا ہی اثر ہوتا ہے۔ دوا اگر خالص نہ ہو یا پورانی ہو یا باحتیاط نہ رکھی جاوے تو بھی اس کے اثر میں فرق آجاتا ہے۔ جب دوا کو بخوبی پیس کر یا حل کر کے پلاتے ہیں تو وہ آسانی سے خون میں جذب ہو کر بخوبی عمل کرتی ہے کیمیاوی تغیر و تبدل سے دوا کے اثر میں

فرق پڑجاتا ہے مثلاً ایک ہی نسخہ میں جب الکلی اور ایسڈ دوائیاں ملادی جاتی ہیں تو کیمیاوی تغیر سے دونوں کا اثر زائل ہوجاتا ہے۔ نسخہ لکھتے وقت اس امر کا خیال رہے کہ بہت سی دوائیاں ایک نسخہ میں نہ لکھی جاویں ۔

مریض کی قسمیں۔ اکثر دوائیوں کا اثر مختلف حیوانوں پر مختلف ہوتا ہے۔ مثلاً ٹارٹر ایمےٹک کی تھوڑی سی مقدار سے کتے کو قے نہیں ہوتی۔ معدنی جلابوں کی نسبت نباتی جلابوں کا اثر گھوڑوں پر بخوبی ہوتا ہے۔ معرقات کا اثر انسان کی نسبت گھوڑوں پر بہت کم ہوتا ہے علیٰ ہذالقیاس افیون و دیگر نارکاٹک دوائیوں کا بھی یہی حال ہے ۔

جانور کی عمر اور قد۔ چھوٹی عمر کے جانوروں پر دوا کا اثر اچھا ہوتا ہے اور جس قدر بڑا جانور ہوگا اُسی قدر دوا بھی زیادہ مقدار میں دینے کی ضرورت ہوگی ۔

دوا دینے کے وسائل۔ جب دوا کو میوکس یا سیرس ممبرین یا ایریولرٹشو یا زخم پر لگایا جاوے تو آسانی سے جذب ہوجاتی ہے وریدوں میں پچکاری کرنے سے دوائی بہت جلد خون میں مل جاتی ہے لیکن اس طرح پر دوا داخل کرنے میں بہت خطرہ ہوتا ہے۔ اگر دوا کھلائی جاوے تو بھی معدہ کی مخاطی جھلی سے آسانی سے جذب ہوجاتی ہے ۔ خالی معدہ دوا کھلانے سے اثر جلدی ہوتا ہے۔ لیکن بعض ٹانک یا آلٹریٹو دوائیں غذا کے ہمراہ یا غذا کے بعد کھلانے سے اچھا اثر کرتی ہیں۔ مقعد میں بھی دوا کی پچکاری کرتے ہیں لیکن اسکا اثر دیر سے ہوتا ہے۔ جو دوائیں آسانی سے حل ہوجاتی ہیں۔ مثلاً نمکین دوائیاں اور سٹرکنائین افیون وغیرہ۔ وہ ریکٹم میں بھی آسانی سے جذب ہوجاتی ہیں۔ آلاتِ تنفس کی استری جھلی سے بھی دوا بآسانی اور جلدی جذب ہوکر اثر کرتی ہے۔ جلد سے بھی بہت سی دوائیاں جذب ہوتی ہیں۔ گاہے جلد میں پچکاری کے ذریعہ بھی دوا داخل کیجاتی ہے۔ جس عمل کو ہائپوڈرمک انجکشن

کہتے ہیں اس عمل سے دوا کا اثر بہت جلدی پیدا ہوتا ہے۔ لیکن اس طریق پر دوا کی مقدار مُنہ کے ذریعہ کھلانے کی نسبت بہت کم ہوا کرتی ہے ۔

عادت۔ عرصہ دراز کے استعمال سے جب کسی دوا کی عادت ہوجاتی ہے تو اسکے اثر میں فرق آجاتا ہے۔ مثلاً سنکھیا اور افیون کو اگر کچھ عرصہ تک استعمال کیا جاوے تو اسکی معمولی خوراک سے اسی جانور پر چنداں اثر نہیں ہوتا ۔

حالات خارجی۔ مریضوں کو اگر میلے گندے اور تنگ مکانوں میں رکھکر علاج کیا جاوے تو بھی دوا کا اثر خاطر خواہ نہیں ہوتا۔ اس لئے علاج کرنیکے وقت ڈاکٹر کو لازم ہے کہ حفظ صحت کا بھی خیال رکھے ۔

مختلف قسم کے وزن

دوائیں دو قسم کی ہوتی ہیں ایک خشک دوسری سیال۔ خشک دواؤں کے تولنے کے لئے سرکاری وزن مقرر ہیں۔ جنکو برٹش فارما کوپیا کا وزن۔ یا اوایرڈوپائی ویٹ کہتے ہیں ۔

اوایرڈوپائی ویٹ۔ وزن

۱ ــــ گرین ــــــ ایک گرین کے ــــــ

۱ ــــ اونس ــــــ ۵،۴۳۷ گرین ــــــ

۱ ــــ پاؤنڈ ــــــ ۱۶ اونس یا ۷۰۰۰ گرین کے ــــ

نقشہ مذکورہ بالا سے معلوم ہوتا ہے کہ برٹش فارما کوپیا۔ سکروپل اور ڈرام کے استعمال کی اجازت نہیں دیتا۔ کسی دوا کو ایک اونس سے کم تولنا ہو تو گرین کے حساب سے تولینگے اس وزن میں ۷ باٹ ہوتے ہیں ۔

۱ پاؤنڈ ====== ۱۶ اونس یا ۷۰۰۰ گرین

٨ اونس ـــــــــ ٣٥٠٠ گرین

٤ اونس ـــــــــ ١٧٥٠ گرین

٢ اونس ـــــــــ ٨٧٥ گرین

١ اونس ـــــــــ ٤٣٧٫٥ گرین

½ اونس ـــــــــ ٢١٨٫٧٥ گرین

¼ اونس ـــــــــ ١٠٩٫٣٧٥ گرین

اکثر ڈاکٹر فارماکوپیا کے وزنوں کے ساتھ عطاروں کے وزن بھی استعمال کرتے ہیں۔ جنکو اپاتھے کیریز ویٹ کہتے ہیں ۔

اپاتھے کیریز ویٹ

گرین gr.	سکروپل ℈	ڈرام ʒ	اونس ℥	پاؤنڈ lb
٥٧٦٠	١٨٨	٩٦	١٢	١
٤٨٠	٢٤	٨	١	
٦٠	٣	١		
٢٠	١			

مذکورہ بالا وزنوں میں سے اگر نصف گرین لکھنا ہو تو ss یا SS لکھتے ہیں۔ اس وزن میں ١٣ باٹ ہوتے ہیں یعنی ٧ باٹ گرین کے۔ نصف گرین سے ٦ گرین تک۔ ٣ باٹ سکروپل کے یعنی نصف سکروپل سے ٢ سکروپل تک اور تین باٹ ڈرام کے یعنی نصف ڈرام سے ٢ ڈرام تک۔ ان ١٣ باٹ میں ١٠٣½ گرین ہوتے ہیں ۔

اکثر طبیبوں کا قاعدہ ہے کہ نسخہ لکھنے کے وقت اسکے اجزا کی مقدار کو رومی ہندسوں میں لکھا کرتے ہیں۔ لہٰذا ذیل میں تمثیلاً رومی ہندسے لکھے

جاتے ہیں ۔

فہرست رومی ہندسوں کی

I (۱) - II (۲) - III (۳) - IV (۴) - V (۵) - VI (۶) - VII (۷) - VIII (۸) - IX (۹) - X (۱۰) - XI (۱۱) - XII (۱۲) - XIII (۱۳) - XIV (۱۴)

XV (۱۵) - XVI (۱۶) - XVII (۱۷) - XVIII (۱۸) - XIX (۱۹) - XX (۲۰) - XXX (۳۰) - XL (۴۰) - L (۵۰) - LX (۶۰) - LXX (۷۰)

LXXX (۸۰) - XC (۹۰) - C (۱۰۰) - CI (۱۰۱) - CX (۱۱۰) - CC (۲۰۰) - CCC (۳۰۰) - CCCC (۴۰۰) - D (۵۰۰) - DC (۶۰۰) - DCC (۷۰۰)

M (۱۰۰۰) - MDCCCCXVII (۱۹۱۷)

ہندوستانی اور انگریزی وزنوں کی مطابقت

گرین	ایپاتھے کیریز ویٹ			اوایرڈوپائی ویٹ		رتی	ماشہ	تولہ	چھٹانک	سیر
	ڈرام	اونس	پونڈ	اونس	پونڈ					
۱۴۴۰۰	۲۴۰	۳۰	۲ ۱/۲	۳۲ اونس ۴۰۰ گرین	۲ پونڈ ۴۰۰ گرین	۷۶۸	۹۶۰	۸۰	۱۶	۱
۹۰۰	۱۵	۰	۰	۲ اونس ۲۵ گرین	۰	۴۸۰	۶۰	۵	۱	
۱۸۰ = ایک روپیہ	۳	۰	۰	۰	۰	۹۶	۱۲	۱		
۱۵	۱/۴	۰	۰	۰	۰	۸				
۱٫۸۷۵	۰	۰	۰	۰	۰	۱				

اٹھنی ۹۰ گرین کے اور چوّنی ۴۵ گرین کے برابر ہوتی ہے ۔

سیّال ادویات ناپنے کے پیمانے

مینم m	فلوئیڈ ڈرام ƒʒ	فلوئیڈ اونس ƒ℥	پائینٹ O	گیلن C
۷۶۸۰۰	۱۲۸۰	۱۶۰	۸	۱
۹۶۰۰	۱۶۰	۲۰	۱	
۴۸۰	۸	۱		
۶۰	۱			

خانگی پیمانے

ایک کوارٹ = ۴۰ فلوئیڈ اونس   ٹی کپ = ۵ فلوئیڈ اونس   ڈیزرٹ سپون = ۴ ڈرام

بازاری یا دیسی بوتل = ۲۴ ″ ″   واین گلاس = ۱½-۲ اونس   ٹی سپون = ۲ ڈرام

ٹمبلر = ۱۰-۱۲ ″ ″   ٹےبل سپون = ۱ اونس   ایگ سپون = ۱ ڈرام

حاضری کا پیالہ = ۸ — ۱۰ ″ ″

سیّال چیزوں کے ناپنے کے لئے کئی قسم کے گلاس ہوتے ہیں۔ جنکو اصطلاح میں میشر گلاس کہتے ہیں۔ قطرے ناپنے کے گلاس کو مینم میشر کہتے ہیں۔ اگرچہ مینم قطرہ کو کہتے ہیں۔ لیکن مینم اور قطرہ برابر نہیں ہوتا۔ کسی سیال کا قطرہ مینم سے چھوٹا اور کسی کا بڑا ہوتا ہے۔ چونکہ بعض سیال رقیق اور بعض گاڑھے ہوتے ہیں۔ اس لئے قطرہ کی مقدار بھی مختلف ہوتی ہے۔ جلد جلد قطرے گرانے سے بڑے قطرے گرا کرتے ہیں۔ مینم میشر اکثر ایک ڈرام یعنی ۶۰ قطروں کا اور گاہے دو ڈرام یعنی ۱۲۰ قطروں کا ہوا کرتا ہے۔ مینم میشر سے بڑے گلاس ایک سے ۸ اونس تک کے ہوتے ہیں انکو ڈرام میشر کہتے ہیں۔ اور اس سے بڑا گلاس پائینٹ میشر کہلاتا ہے جس میں ۲۰ اونس تک دوا ناپی جاتی ہے بعض

دفعہ کتوں کو دوا دینے کے لئے معالج حیوانات دوا کو چمچوں کے پیمانہ سے دینا بتلاتے ہیں وہ یہ ہیں:-

۱- ٹی سپون یعنی چائے کا چمچہ- یہ ایک ڈرام کے برابر ہوتا ہے۔

۲- ڈیزرٹ سپون یعنی کھانے کا چمچہ- یہ دو ڈرام کے برابر ہوتا ہے۔

۳- ٹیبل سپون یعنی سالن کا چمچہ یہ ۴ ڈرام کے برابر ہوتا ہے مذکورہ بالا فہرست دوا سازوں کی بنائی ہوئی ہے انگریزوں کے گھروں میں جو چمچے برتے جاتے ہیں وہ متذکرۃ الصدر مقدار سے دگنے ہوتے ہیں چنانچہ انکو اوپر درج کیا گیا ہے۔ لہذا نسخہ لکھتے وقت اس بات کا ضرور خیال رکھنا چاہیئے۔

لیٹر کیوبک سنٹی میٹر کا گیلن- پائنٹ- اونس- ڈرام اور مینم سے مقابلہ

۱۰ مینم = ۵۹۲، سی سی کے

۱۶،۹۳ مینم = ایک سی سی یا ایک گرام بحساب وزن

۱ ڈرام = ۳،۵۵ سی سی کے

۲ ڈرام = ۷،۱ سی سی کے

ایک اونس = ۲۸،۴۱۷ سی سی کے

۳½ اونس = ۱۰۰ سی سی کے

ایک پاؤنڈ یا ۱۶ اونس = ۴۵۳،۶ سی سی کے

ایک پائنٹ = ۵۶۸،۳۲۶ سی سی کے

۱- پائنٹ ۱ ڈرام ۴۳ مینم = ایک لیٹر کے

ایک گیلن = ۴۵۴۶ سی سی کے

میٹرک سسٹم کے وزن اور پیمانے

ایک ملی گرام = $\frac{1}{1000}$ گرام کے

ایک سنٹی گرام = $\frac{1}{100}$ گرام کے

ایک ڈیسی گرام = $\frac{1}{10}$ گرام کے

ایک گرام = ایک کیوبک سنٹی میٹر کے

ایک ڈیکے گرام = ۱۰ گرام کے

ایک ہکٹو گرام = ۱۰۰ گرام کے

ایک کیلو گرام = ۱۰۰۰ گرام کے

سیال پیمانے

ایک ملی لیٹر = ایک کیوبک سنٹی لیٹر کے ۔ ایک ڈیسی لیٹر = ۱۰۰ کیوبک سنٹی لیٹر کے

ایک سنٹی لیٹر = ۱۰ کیوبک سنٹی لیٹر کے ۔ ایک لیٹر = ۱۰۰۰ " "

میٹرک پیمانوں کا مقابلہ برٹش فارماکوپیا کے پیمانوں سے

ایک ملی میٹر = ۰٫۰۳۹۳۷ انچ کے

ایک سنٹی میٹر = ۰٫۳۹۳۷۱ انچ کے

ایک ڈیسی میٹر = ۳٫۹۳۷۰۸ " "

ایک میٹر = ۳۹٫۳۷۰۷۹ " " یا ۱ گز ۳٫۷۰۷ انچ کے

ایک کیوبک سنٹی میٹر = ۱۵٫۴۳۲ گرین کے

ایک لیٹر = ایک پائینٹ ۱۵ اونس ۲ ڈرام ۱۱ منم کے

الکلائیڈ - دوا کے جوہر کو کہتے ہیں یہ عموماً الکلیز (مثلاً پوٹاش - لایم اور امونیا) کے شامل کرنے سے حاصل کئے جاتے ہیں اور اکثر زہریلی خاصیت رکھتے ہیں۔

ایملشن - رالدار یا روغنی دوائیوں کو لعابدار سیال یا انڈے کی سفیدی میں ملانے کو کہتے ہیں۔

انفیوژن یعنی خیساندہ - نباتی دوا کو کھولتے ہوئے پانی میں ۲ سے ۲۴ گھنٹہ تک بھگو رکھنے کو کہتے ہیں۔

آئینٹمنٹ یعنی مرہم - کسی دوا کو موم - چربی - گھی - مکھن - ویزلین یا لینولین میں ملا کر خارجی طور پر استعمال کرتے ہیں۔

ایکسٹریکٹ یعنی رُب - درخت کے رس - جوشاندہ خیساندہ یا ٹنکچر کو آگ کے ذریعہ اُڑا کر گاڑھا کر لینے کو کہتے ہیں۔

بال یا بولس - انسان کی طرح کُتوں کے لئے چھوٹی چھوٹی گولیاں بنائی

جاتی ہیں لیکن گھوڑوں کو بال یعنی گولا دیا جاتا ہے یہ ۲ سے ۲½ انچ لمبا اور ¾ سے ½ انچ تک موٹا اور وزن میں ایک سے دو اونس لیکن عموماً ایک اونس ہونا چاہیئے اس کی شکل رول یا بیلن کی سی ہوتی ہے دوا کے علاوہ اس میں بدرقہ کے طور پر السی کا آٹا - چربی - صابن - شیرہ گلسرین وغیرہ ملایا جاتا ہے - عرصہ تک اگر بال کو ملائم رکھنا ہو تو اس میں پوٹاسی ایسی ٹاس ملا لیا کرتے ہیں - اگر بال میں رال کی طرح دوائی ہو تو تھوڑا سا الکوحال یا تارپین ڈالتے ہیں - صفائی اور ملائم رکھنے کے لئے بال پر باریک کاغذ لپیٹ دیا کرتے ہیں ؁

بلسٹر - ایک قسم کا مرہم ہے - جسکو آبلے پیدا کرنے کے لئے جسم پر مالش کیا جاتا ہے ؁

فارمیسی یادواسازی کی ترکیبیں

پاؤڈر یعنی سفوف کرنا - ہاون دستے میں دوا کے کوٹنے کو پل وے رائیزیشن کہتے ہیں - کھرل - لوہے - پیتل - پتھر - شیشے اور چینی کے ہوتے ہیں - دوا کو کوٹ کر چھلنی میں چھان لیتے ہیں - چھلنیاں تاروں - بالوں اور باریک کپڑوں کی ہوتی ہیں دوا کے چھلنے کو سفٹنگ کہتے ہیں ؁

پلاسٹر - میں موم اور رال پڑتی ہے اسکو کسی کاغذ یا چمڑے پر لگا کر استعمال کرتے ہیں ؁

پلٹس - پلٹس چوکر السی یا گیہوں کے آٹے سے تیار کرتے ہیں - گاہے اس کام کیلئے گاجر - شلغم بھی استعمال کر لیتے ہیں یہ بھی گرم و سرد دو قسم کی ہوتی ہے - گرم پلٹس کے بعد حصہ کو سرد ہوا سے محفوظ رکھنا چاہیئے - پلٹس کو بار بار بدلتے رہیں - تاکہ اسکا اثر قائم رہے - اس سے مقام ماؤف نرم ہو کر ڈھیلا ہو جاتا ہے سرد پلٹس بھی اسی قسم کی چیزوں کی بنائی جاتی ہے اور ترکیب استعمال بھی یکساں ہے سرد پلٹس عموماً جوڑوں اور پیروں کی سوزش میں لگائی جاتی ہے اسی مطلب کے لیئے

گاہے سرد پانی کا نطول بھی کرتے ہیں۔ جسے ڈوش کرنا کہتے ہیں۔
ٹنکچر۔ جب کسی دوا کا جوہر شراب میں حل کیا ہوا ہوتا ہے تو ٹنکچر کہتے ہیں۔
اسکے تیار کرنیکی دو ترکیبیں ہیں۔ ایک میسیریشن اور فلٹریشن۔ دوئم میسیریشن۔ اور
پرکولیشن۔ فارماکوپیا کے تمام ٹنکچر یا تو رکٹی فائیڈ سپرٹ یا پروف سپرٹ سے
بنتے ہیں۔ جب ہلکی شراب میں کسی دوا کے جوہر کو کھینچتے ہیں تو اسکو وائنم کہتے ہیں۔
ڈرافٹ یا ڈرینچ۔ دوا کو عرق کے طور پر پلانیکو کہتے ہیں۔ اس طرح دوا دینے
سے اسکا اثر جلدی ہوتا ہے۔ ڈرافٹ تیار کرنیکے وقت اس امر کی احتیاط رہے کہ
دوا کے اجزاء کی آپس میں ضد نہ ہو۔ اور دوا کی مقدار اس قدر نہ ہو کہ پلانے
میں دقت ہو۔ گھوڑوں کے ڈرافٹ میں پانی کی مقدار ایک پائنٹ۔ کتوں کے
لئے قد کے مطابق ایک سے چار اونس تک ہونی چاہیئے۔ مویشی کے لئے
پانی کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔
ڈیکاکشن یعنی جوشاندہ۔ نباتی دوا کو پانی میں جوش دیکر چھان لینے
کو کہتے ہیں۔ اگر جوشاندہ کو کچھ عرصہ تک رکھنا ہو تو اس میں تھوڑی سی سپرٹ ملا دیں۔
سلوشن یا لوشن۔ کسی منجمد شئے کو پانی میں حل کر لینے کو کہتے ہیں یعنے
وہ شئے پانی میں اس طور پر گھل جاوے کہ اس کے ذرات دکھائی نہ دیں۔
انکو عموماً خارجی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جو لوشن آنکھ میں ٹپکائے جاتے
ہیں انکو کولیریم کہتے ہیں۔
فرق لوشن اور سلوشن۔ لوشن ایسے سیال کو کہتے ہیں جس میں سیال
خواہ دھندلا ہو یا شفاف اور اس میں کیمیاوی اتصال نہ ہو۔ سلوشن میں
سیال شفاف اور اس میں کیمیاوی اتصال ہوتا ہے۔
سیچوریٹڈ سلوشن۔ گاڑھے سیال کو کہتے ہیں جس میں منجمد مادہ
اور نہ حل کیا جا سکے۔
سپازیٹوری یا شیافہ۔ چند دوائیوں کو صابن۔ موم۔ گلسرین وغیرہ میں

آمیز کرکے گاؤدم بال بناکر مقعد یا اندام نہانی میں رکھتے ہیں۔

سیرپ۔ سیال دوا میں شکر ملاکر گاڑھا کر لینے کو کہتے ہیں۔

مکسچر۔ چند دواؤں کو عرق کے طور پر ملا لینے کو کہتے ہیں۔

فومن ٹیشن یعنی تکمید۔ سینک کرنیکو کہتے ہیں۔ تکمید گرم و سرد دو قسم کی ہوتی ہے۔ سینہ و پیٹ پر عموماً اور گاہے پیروں کے امراض میں گرم سینک کرتے ہیں۔ سینک کرنیکے بعد حصہ کو خوب خشک کرکے کوئی شی مولنٹ لینی منٹ لگانا بہتر ہے۔

کلسٹر۔ انجکشن یا انیما۔ حقنہ کرنیکو کہتے ہیں گاہے اندام نہانی میں بھی پچکاری کیجاتی ہے۔ قبض رفع کرنیکے لئے پچکاری کرنا ہو تو پانی میں تیل یا صابن ملالیں پانی کی مقدار ۲ سے ۱۰ پائینٹ ہونی چاہیئے۔ جب دوا کو جذب کرنا منظور ہو تو سیال کی مقدار ۲ یا ۳ پائینٹ سے زیادہ نہ ہونی چاہیئے گاہے زیر جلد بھی پچکاری کیجاتی ہے جسکو ہائپوڈرمک انجکشن کہتے ہیں جن امراض میں مریض نگل نہیں سکتا ان میں دوا یا غذا بذریعہ حقنہ دیجاتی ہے چھینٹے مارنے کے لئے بھی پچکاری کرتے ہیں۔ حقنہ کرنے کے لئے خاص قسم کا آلہ دوا فروشوں کی دوکان سے مل سکتا ہے۔

گارگل۔ غرارہ کرنے کے عرق کو کہتے ہیں۔

لینی منٹ و ایمبروکیشن میں روغن ڈالتے ہیں جسم پر انکی مالش کیجاتی ہے فرق صرف اتنا ہے کہ لینی منٹ کا گاہے ضماد بھی کیا جاتا ہے اور ایمبروکیشن کی ہمیشہ مالش کرتے ہیں۔

تھرمامیٹر

حرارت غریزی معلوم کرنے کے واسطے جو آلہ استعمال کیا جاتا ہے اسکو تھرمامیٹر کہتے ہیں یہ مختلف قد کی شیشے کی کھوکھلی نالی ہے جس پر درجے لگے

ہوتے ہیں اسکے اندر پارہ ہوتا ہے جو حرارت سے اوپر چڑھتا اور سردی سے نیچے بیٹھتا ہے اسکا زیرین حصہ جس میں پارہ ہوتا ہے جانور کی مقعد میں نصف سے دو منٹ تک رکھتے ہیں پارہ جانور کی جسمانی حرارت کے مطابق اوپر چڑھتا ہے ۔

یہ تین قسم کے ہوتے ہیں جنکو سنٹی گریڈ فیرنہائیٹ اور ریامور کہتے ہیں۔ سنٹی گریڈ کے تھرمامیٹر میں سو درجے ہوتے ہیں اسکے پارہ کا مقام انجماد صفر درجہ پر ہوتا ہے ۔

فیرنہایٹ کے تھرمامیٹر میں دو سو بارہ درجے ہوتے ہیں اسکے پارہ کا مقام انجماد ۳۲ درجہ پر ہوتا ہے ۔

ریامور کے تھرمامیٹر میں اسی درجے ہوتے ہیں اور اسکا مقام انجماد صفر درجہ پر ہوتا ہے ۔

ایک قسم کے تھرمامیٹر کے درجوں کو دوسری قسم کے تھرمامیٹر کے درجوں میں تبدیل کرنا

اگر سنٹی گریڈ کے درجوں کو فیرنہایٹ میں تبدیل کرنا ہو تو ۹ میں ضرب دیکر پانچ میں تقسیم کرتے ہیں اور اس میں ۳۲ جمع کرتے ہیں سنٹی گریڈ کے درجوں کو ریامور میں تبدیل کرنے کے لئے چار میں ضرب دیکر پانچ میں تقسیم کرتے ہیں ۔

فیرنہایٹ کو سنٹی گریڈ میں تبدیل کرنیکے لئے ۳۲ منہا کرو اور ۵ میں ضرب دیکر ۹ پر تقسیم کرو ۔

فیرنہائیٹ کو ریامور میں تبدیل کرنیکے لئے ۳۲ منہا کرو اور ۹ پر تقسیم کرکے ۴ میں ضرب دو ۔

ریامور کو سنٹی گریڈ میں تبدیل کرنیکے لئے ۵ میں ضرب دیکر ۴ پر تقسیم کرو ۔

ریامور کو فیرنہایٹ میں تبدیل کرنیکے لئے ۹ میں ضرب دیکر ۴ پر تقسیم کرو اور ۳۲ اس میں جمع کرو ۔

مختلف قسم کے جانوروں کی دوا کی مقدار کا مقابلہ

بیل	ایک حصہ	گدھا	½ حصہ
گھوڑا	⅘ حصہ	بھیڑ و بکری	⅕ حصہ
خچر	½ حصہ	کتا	١/١٢ حصہ

ادویات کا بیان

طبابت میں تین اقسام کی دوائیاں کام میں آتی ہیں معدنی۔ نباتی۔ حیوانی۔ معدنی ادویات پہاڑوں اور کانوں سے نکلتی ہیں۔ نباتی ادویات درختوں کے پتوں پھول۔ پھل۔ چھال۔ لکڑی جڑھ۔ روغن۔ گوند وغیرہ سے حاصل کیجاتی ہیں حیوانی ادویات جسم حیوانات سے نکالی جاتی ہیں۔ ان ہر سہ قسم کی ادویات کو مختلف ترکیبوں سے تیار کر کے حیوانات کے علاج معالجہ میں استعمال کرتے ہیں۔

گم ارابک۔ گم ایکیشیا۔ ببول کا گوند

اسکے درخت کو ایکیشیا کہتے ہیں درخت کو پاچھنے سے جو رس نکلتا ہے وہ خشک ہو کر گوند بنجاتا ہے اسکو ڈیمل سنٹ فایدہ کیلئے انہی امراض میں استعمال کرتے ہیں جن میں ڈیمل سنٹ دوائیاں دیجاتی ہیں۔ گوند پانی میں حل ہوجاتا ہے۔ اسکا ذایقہ لیسدار ہوتا ہے۔

انٹی فائبرین۔ ایسی ٹے نی لیڈم

ترکیب۔ انیلین پر گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ کا عمل کر کے بعد میں صاف کر لیتے ہیں۔

خواص۔ بیرنگ۔ بے بو سفوف ہے۔ ذایقہ چرپرا پانی میں بہت کم حل ہوتی ہے لیکن الکوحال و ایتھر میں بخوبی حل ہوجاتی ہے ایسڈ و الکلی کا اسپر کچھ اثر نہیں ہوتا اسکا اثر انٹی پائیرین کی طرح ہوتا

اثر و استعمال۔ قوی انٹی پائیریٹک۔ ڈایوریٹک۔ فیبر فیوج۔ انٹس پازماڈک۔ اینوڈین ہلکا انٹی سپٹک ہے۔ اسکو بخار۔ اعصابی درد اور وجع المفاصل میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ½ سے ایک ڈرام کتا ایک سے ۱۰ گرین۔ ایتھر میں حل کر کے چار چار گھنٹوں کے بعد حسب ضرورت دیتے ہیں۔

ایسیٹم۔ وینیگر۔ سرکہ

ترکیب شراب بنانیوالے عرقوں سے ہی سرکہ تیار ہوتا ہے ان عرقوں کی

شکل اول شراب میں تبدیل ہو کر بعد میں سرکہ بن جاتا ہے یا لکڑی کو جلا کر ٹپکانے سے بھی سرکہ تیار کرتے ہیں۔ آسان ترکیب یہ ہے کہ الکحال کو ہوا میں اکسائیڈ کریں تو سرکہ بن جاتا ہے۔

خواص۔ بھورے رنگ کا ترش ذائقہ کا عرق ہے۔ اس میں اگر کسی قدر ایمونیا ملایا جاوے تو تھوڑا سا گدلا اور رنگ بھی تھوڑا سا سرخ ہو جاتا ہے۔

فائدہ و استعمال۔ داخلی طور پر ریفری جیرنٹ۔ اینٹیسپٹک۔ اسٹرنجنٹ ڈایوریٹک۔ لیتھولیٹک۔ اور الکلی زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ اسکو داخلی طور پر کم استعمال کرتے ہیں۔ چھلے ہوئے یا موچ کھائے ہوئے مقام پر سرکہ میں پانی ملا کر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ جسم کی حرارت اگر تیز ہو تو سرکہ میں اسفنج کو تر کر کے بدن کو پونچھنے سے اندرونی حرارت کم ہو جاتی ہے۔ کھاری ادویات کے ساتھ اسکو نہیں دیتے اسکے زہر کے انٹی ڈوٹ پوٹاسیم۔ سوڈیم کیلسیم میگنیشیم کے کاربونیٹ ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱ سے ۲ فلوئیڈ اونس۔ بھیڑ و خوک ۱ سے ۲ ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۲۰ بوند۔

ایسیٹک ایسڈ۔ تیزاب سرکہ

ترکیب۔ لکڑیوں کو جلا کر مقطر کرنے سے یا قلمدار سوڈیم ایسی ٹیٹ پر سلفیورک ایسڈ ڈالنے سے بنتا ہے۔ سوڈیم سلفیٹ نیچے رہ جاتا ہے۔

خواص و شناخت۔ بیرنگ ترش سیال ہے ذائقہ نہایت ترش اور بو سرکہ کی طرح ہوتی ہے گرم کرنے سے اڑ جاتا ہے۔

فائدہ و استعمال۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ اینٹیسپٹک ریفری جیرنٹ۔ کریسیو۔ کاسٹک۔ اری ٹنٹ۔ ویسی کنٹ ہے۔ وارٹس۔ رنگ ورم سکیب۔ مینج میں لگاتے ہیں۔ پلانا ہو تو بہت ہلکا کر کے انہی امراض میں دیتے ہیں جنمیں سرکہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے ایسٹیم کنتھرائڈیز اور ڈائلوٹ ایسیٹک ایسڈ

تیار کرتے ہیں۔ ڈائلوٹ کرنیکے لئے اس ہیں، جسے پانی ملاتے ہیں۔ الکلیز دوائیوں کے زہروں میں اور فارمیسی میں دوائیوں کو حل کرنیکے لئے اسے ملاتے ہیں۔

گلیشل ایسی ٹک ایسڈ

ترکیب۔ سوڈیم ایسی ٹیٹ پر گندھک کا تیزاب ڈالنے سے تیار ہوتا ہے۔ نیچے سوڈیم سلفیٹ رہ جاتا ہے جسکو اڑانے سے قلمیں حاصل ہوتی ہیں۔ ایسڈ دوسرے برتن میں چلا جاتا ہے۔

خواص و شناخت۔ بیرنگ عرق ہے ذائقہ تیز چرپرا اور ترش۔

اثر و استعمال۔ داخلی استعمال میں اری ٹنٹ پائزن ہے خارجی طور ایسکیرا ٹک۔ روبی فی شنٹ۔ ویسی کنٹ۔ کاسٹک ہے۔ وارٹس کو اس سے جلاتے ہیں۔ اس کے استعمال میں نہایت احتیاط رکھنی چاہئیے ورنہ سخت زخم پیدا کر دیتا ہے۔ اس کے زہر میں پوٹاسیم۔ سوڈیم۔ کیلسیم۔ میگنیشیم کے کاربونیٹ دیتے ہیں۔

آرسینیوز ایسڈ۔ سفید سنکھیا

ترکیب۔ خام یا معدنی سنکھیا کو جلا کر تصعید کرنے سے تیار ہوتا ہے بازار میں تین قسم کا سنکھیا ملتا ہے۔ زرد۔ سرخ۔ سفید۔ زرد کو ہرتال سرخ کو منسل اور سفید کو سم الفار کہتے ہیں۔ انگریزی میں صرف وایٹ آرسنک دوا میں استعمال کیا جاتا ہے۔

خواص و شناخت۔ وزنی سفید چمکدار ڈلیاں ہوتی ہیں ۱۰۰ حصے سرد پانی اور ۲۰ حصے کھولتے ہوئے پانی میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں نروائین ٹانک۔ آلٹریٹو۔ انٹی پیریاڈک۔ انٹی سپٹک۔ خارجی استعمال

مین سٹی مولنٹ کا سٹک۔ ایسکیر اٹک پراسٹی سائیڈ ہے۔ اسکو خاصکر انیمیا اور جنرل ڈبلٹی میں فولاد کے مرکبات کے ہمراہ اور کرانک روماٹیزم۔ پیرالیسس۔ نیورلجیا۔ بروکن ونڈ۔ استھما اور کتوں کی مرگی وکوریا میں دیتے ہیں۔ اکثر جلدی امراض میں اسکے کھلانے اور لگانے سے فائیدہ ہوتا ہے۔ پرانی کھانسی میں یا ڈسٹمپر کے بعد جب کتوں کو بعض وقعہ دمہ ہوجاتا ہے یا ہاضمہ خراب ہوجاتا ہے تو سنکھیا سے فائیدہ ہوتا ہے۔ خالی معدہ بخار اور قبض میں اسکو نہ دینا چاہئیے بھیڑوں کے سکے بیز کے واسطے حسب ذیل طریق سے ایک غیپ ڈپ تیار کرتے ہیں۔ آرسینوز ایسڈ ۲ دو پاؤنڈ۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ۲ پاؤنڈ۔ سلایمڈ سلفر ۲ پاؤنڈ سافٹ سوپ ۴ پاؤنڈ۔ ۱۰ گیلن کھولتے ہوئے پانی میں حل کریں اس میں اسقدر اور پانی ملادیں کہ مجموعہ ۱۰۰ گیلن ہوجاوے یہ تقریباً ۱۰۰ بھیڑوں کو غوطہ دینے کیلئے کافی ہوگا غوطہ دینے کے وقت بھیڑ کو ایک منٹ تک اس پانی میں ڈبو رکھیں لیکن اسکا سر پانی سے باہر رہے اسکے بعد جانور کو ایک کٹھرے پر کھڑا رکھیں جسکے نیچے پانی جمع رکھنے کیلئے کوئی کھلا برتن ہو۔ جب سب پانی بالوں میں سے نکلجاوے تو انکو خشک کرکے چرنیکے لئے جانے دیں۔ جن ٹیومروں پر عمل جراحی نہیں کیا جاسکتا اُن پر حسب ذیل مرکب لگانے سے فائیدہ ہوتا ہے۔ سفید سنکھیا ایکڈرام۔ ٹنکچر کنتھریڈس ایکڈرام وینس ٹرپن ٹائین۔ آلیو آئیل۔ زرد موم ہر ایک ۶ ڈرام۔ اسکے زہر کا علاج اسطرح کرنا چاہئیے کہ جو زہر معدہ میں موجود ہو۔ اسکو قے آور دوا کے ذریعہ نکال لیں یا سٹمک پمپ لگا کر زہر کو خارج کریں۔ بعدازاں مالیسٹ پر اکسائیڈ آف آیرن ½ سے ایک اونس اسوقت تک بار بار پلاتے رہیں۔ جبتک کہ مرکب فولاد کی مقدار زہر سے دس یا ۱۲ گنا زیادہ نہ ہوجاوے تیل اور دودھ بھی مفید ہے۔ حیوانی کوئیلہ بھی دیتے ہیں۔ شکم میں درد زیادہ ہو تو افیون کا استعمال کریں یا لائکوار مارفیا کی پچکاری کریں۔ چونکہ سنکھیا کا اخراج گردوں سے ہوتا ہے اسلئے ڈایوریٹک دوائیاں بھی مفید ہیں مریض اگر بہت کمزور

ہوتو سٹی مولنٹ دیں۔سنکھیا کو سفوف کرکے دانہ پر چھڑک کر کھلاتے ہیں گاہے اسکا سلوشن بھی پلاتے ہیں۔پرپاڈک افتھلمیا کے علاج میں آرسنک سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔لیکن ایسی حالت میں اسے دیر تک استعمال کرنا چاہیئے۔

ایسیڈم بوریکم۔بورک ایسڈ

ترکیب۔قدرتی طور پر آتش فشاں علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ سہاگہ پر سلفیورک ایسڈ ڈال کر گرم کرنے سے اس کی قلمیں بن جاتی ہیں۔

خواص و شناخت۔اسکی قلمیں بیرنگ بے بو شش پہلو موتی کی طرح چمکدار اور کسی قدر ترش ذائقہ کی ہوتی ہیں ۳ حصے کھولتے ہوئے اور ۲۵ حصے ٹھنڈے پانی میں یا ۵ حصے گلسرین اور ۱۶ حصے ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں حل ہوجاتا ہے۔

فائدہ و استعمال۔غیر خراشدار انٹی سپٹک کے طور پر سے زخموں پر استعمال کرتے ہیں اسکے مرہم میں ایک حصہ بورک ایسڈ ۴ حصے سافٹ پیرافائن اور ۲ حصے ہارڈ پیرافائن پڑتا ہے ایک حصہ بورک ایسڈ میں ۲۰ سے ۴۰ حصے پانی ملاکر اس سے زخم دھوتے ہیں۔آنکھ میں ۴ گرین فی اونس کا لوشن ڈالا جاتا ہے ۶۲ حصے بورک ایسڈ اور ۹۲ حصے گلسرین ملاکر اس میں ہموزن گلسرین ایزاد کریں تو بورو گلسرائڈ تیار ہوتا ہے۔زبان پر اگر چھالے ہوں تو اسکو لگاتے ہیں اسکے تیز عرق سے جلد کے کرم ہلاک ہوتے ہیں لیکن اس مطلب کےلئے دیگر کرم کش ادویات اس سے بہتر ہیں۔پھیپھڑوں کے خمیر دار ڈائریا میں اسکو کھلاتے ہیں۔

کاربالک ایسڈ

ترکیب۔کول ٹار آئل کو مقطر کرنے سے تیار ہوتا ہے

چنانچہ کول ٹار آئل میں کاسٹک سوڈا اور چونہ کا پانی ملا کر ہلاتے ہیں۔ اوپر کا پانی نتھار کر جو باقی رہ جاتا ہے اس میں کوئی معدنی تیزاب ڈالنے سے کاربالک ایسڈ علیحدہ ہوجاتا ہے۔

خواص وشناخت۔ تازہ ہو تو بیرنگ لیکن رکھنے سے بھورا ہوجاتا ہے سردی میں قلمدار اور گرم موسم میں سیّال ہوتا ہے۔ ذائقہ دبو مثل کریازوٹ کے ہوتی ہے۔ الکوحال۔ ایتھر۔ کلورافارم۔ گلسرین اور انکلی دواؤں کے عرقوں میں بخوبی اور ۲۵ حصّے گرم پانی میں حل ہوتا ہے۔

فائدہ واستعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ نارکاٹک زہر ہے طبّی خوراکوں میں انتھل منٹک۔ انٹی ایمی ٹک۔ انٹی سپٹک۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ لوکل انس تھیٹک۔ ایبوڈاین۔ اسٹرنجنٹ۔ روبی فی شنٹ۔ انٹی سپٹک ڈیوڈورنٹ۔ ڈس انفکٹنٹ۔ کاسٹک ہے۔ سیڈلا اور سپائنل کارڈ پر شروع میں اس سے سٹی مولنٹ اثر ہوتا ہے اور بعد میں وہ مفلوج ہوجاتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس سے تھوک اور پسینہ پیدا کرنیوالے غدودوں میں تحریک ہوکران سے رطوبتیں پیدا ہوتی ہیں اس طرح پر یہ سایلے گاگ اور ڈایافوریٹک بھی ہے کُتّوں میں کاربالک ایسڈ کا اثر زیادہ ہوتا ہے اسلئے ان میں اسکا استعمال ممنوع ہے۔

داخلی استعمال۔ بہت سے متعدی امراض میں اسکے استعمال سے جسمانی حرارت بڑھنے نہیں پاتی۔ میلگننٹ سٹرانگلس۔ سورتھروٹ پر پیورا ہیموزا جو چکا اور مویشی کے متعدی پلورونیومونیا۔ بلیک کوارٹر۔ فٹ اینڈ موتھ ڈزیز۔ پائیمیا سپٹی سیمیا میں اس سے فائدہ ہوتا ہے اس سے متعدی امراض کے زہر کا مادہ نہیں پھیل سکتا۔ بدہضمی اور نفخ شکم میں بھی یہ مفید پایا گیا ہے ڈائریا اور ڈیسنٹری میں اگر تھوڑا سا کاربالک ایسڈ بھی نسخہ میں ملا دیا جاوے تو دستوں کے رُکنے کے علاوہ بدبو بھی رفع ہوجاتی ہے۔ انفلوانزا۔ سٹرنگلس۔ پرپیورا۔ اڈیمیٹس لیرنجائیٹس اور اکیوٹ وکرانک برانکائیٹس میں اسکا بخار سنگھانے

سے فائیدہ ہوتا ہے۔ ایک کوارٹ پانی میں ۲ ڈرام کاربالک ایسڈ کافی ہوتا ہے۔
ٹریکیا اور برنکیل ٹیوبز میں جب کرم پیدا ہوجاتے ہیں تو ۱۰ قطرے کاربالک ایسڈ
۲ ڈرام آئیل آف ٹرپن ٹائین ۲۰ گرین کاربونیٹ آف پوٹاش۔ آلیو آئیل اور پانی
ہر ایک ایک ڈرام ملاکر پچکاری کرتے ہیں ؞

خارجی استعمال۔ انٹی سپٹک فائیدہ کیلئے اسکے لوشن (۱-۴۰) سے
زخموں کو صاف کرتے ہیں لیکن گندے سڑے ہوئے زخموں کو اس سے تیز سلوشن
(۱-۲۰) سے صاف کرنا چاہیئے۔ میٹرائیٹس۔ لیوکوریا میں اسکے لوشن (۱-۶۰)
کی پچکاری کرتے ہیں۔ دیوانہ جانوروں کے کاٹے ہوئے زخموں کو اس سے
جلاتے ہیں۔ مکانوں اور اصطبلوں کو اسکے عرق سے ڈس انفکٹ کیا جاتا ہے
وبائی امراض میں جانوروں کے جسم کو اسکے عرق سے پونچھتے ہیں۔ برساتی میں آیوڈین
کے ہمراہ اسکو لگانے سے فائیدہ ہوتا ہے۔ جلدی امراض میں بھی اسکو لگاتے
ہیں لیکن خالص، اندر نہیں دیتے ؞

زہر کا علاج۔ انڈونکی سفیدی پلا کر السی کا تیل اور کسٹرائیل دیں تھوڑی
مقدار میں ایمونیا اور کافور کھلادیں صابن بھی دیتے ہیں۔ بعد میں مدرات و
معرقات کا استعمال کریں۔ سلفیٹ آف میگنیشیا بھی مفید ہے۔ کتوں کو
اول قئے کراویں۔ ایٹروپین کی زیر جلد پچکاری بھی کرتے ہیں ؞

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲۰-۸۰ قطرے بھیڑ و خوک ۵-۱۵ قطرے۔
کتا ایک سے ۲ قطرے اسکو تیل یا گلسرین میں اور گاہے پانی میں ملاکر دیتے ہیں۔
اس سے لنیمنٹ۔ لوشن۔ آئینٹمنٹ گلسرین آف کاربالک ایسڈ سلفو کاربولیٹ آف سوڈا
تیار کرتے ہیں۔ اس کی گولی بھی دیتے ہیں ؞

ایسیڈم گیلیکم۔ گیلک ایسڈ۔ مازو کا تیزاب

ترکیب۔ ٹے نک ایسڈ کو جب ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ یا ہائیڈروکلورک ایسڈ

میں ملا کر جوش دیا جاتا ہے یا جب اسے چھ ہفتہ تک مرطوب ہوا میں کھلا رکھا جاتا ہے تو گیلک ایسڈ بن جاتا ہے۔

ترکیب دیگر۔ سفوف مازو ایک پونڈ۔ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت (تقریباً ۳ پائینٹ)۔

خواص و شناخت۔ اسکی قریباً سفید سوزنی قلمیں ہوتی ہیں سرد پانی میں بہت کم لیکن کھولتے ہوئے پانی ریکٹی فائڈ سپرٹ اور ایتھر میں بخوبی حل ہوجاتا ہے

اثر و استعمال۔ اسٹرنجنٹ وسپٹک ہے الکلائڈ کا عارضی انٹی ڈوٹ بھی ہے۔ گیلک اور ٹینک ایسڈ کل نباتی ادویات میں سے زیادہ قابض ہیں۔ منہ اور نتھنوں سے جب بدبودار رطوبت بہتی ہے تو اسکے لگانے سے فائدہ ہوتا ہے ہر قسم کے جریان خون میں مفید ہے۔ جریان خون کو روکنے کیلئے اسکے ہمراہ ارگٹ ملا لینا چاہیئے۔ ٹارٹرایمے ٹک۔ سرکنیا اور مارفیا کے زہر میں بھی مفید ہے چونکہ اس سے رطوبتیں خشک ہوتی ہیں اسلئے ڈائریا و ڈیسنٹری میں دیتے ہیں۔ بواسیر کے مسوں پر افیون کے ہمراہ لگانے سے سوزش رفع ہوتی ہے لیرنجائیٹس میں گلسرین کے ہمراہ اسکو لگاتے ہیں جلدی امراض میں بھی اسکا سلوشن لگاتے ہیں۔ کثرت پیشاب ایلبومی نوریا۔ لیوکوریا اور بکثرت پسینہ آنے میں اس سے فائدہ ہوتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ ڈرام۔ بھیڑ و خوک ½ سے ۱ ڈرام کتا ۲-۵ گرین۔ اسکو معدنی تیزاب۔ الکلی اور لڈ سلور۔ گولڈ کے مرکبات اور جیلاٹین و ایملشن کے ہمراہ دینا منع ہے۔

ایسڈم ہائڈروکلوریکم۔ ہائڈروکلورک ایسڈ یا نمک کا تیزاب

ترکیب۔ کھانیکا نمک۔ گندھک کا تیزاب اور پانی ملا کر تبخیر کرنے سے ہائڈروکلورک ایسڈ بنکر دوسری طرف برتن میں چلا جاتا ہے اور سوڈیم سلفیٹ بیٹارٹ میں رہ جاتا ہے۔

خواص و شناخت ۔ بیرنگ ترش عرق ہے کھلا رکھنے سے بخار نکلتے ہیں نائیٹریٹ آف سلور ڈالنے سے دہی کی طرح تلچھٹ پیدا ہوتا ہے جو امونیا سے حل ہو جاتا ہے

اثر و استعمال ۔ خالص تیزاب اریٹنٹ پائیزن ہے بعض دفعہ وارٹس اور زخموں پر کاسٹک فائدہ کیلئے اسکو لگاتے ہیں خالص تیزاب شاذ و نادر طبی اغراض کے کام آتا ہے ڈائیلوٹ کرکے (۸۰۔ ۱۸۲) سا یلے گاگ ٹانک ۔ اسٹرنجنٹ اور انٹی سپٹک فائدہ کیلئے جانوروں کو دیتے ہیں ۔ الکلی چیزوں کے زہر میں انٹی ڈوٹ اور ارتھی سلفیٹ اور کاربونیٹ پر لتھو لیٹک اور گردوں سے خارج ہونے پر ڈایوریٹک اثر کرتا ہے اس سے پیشاب کی کھاریت کم ہو جاتی ہے ۔ آنتوں میں کرم ہوں تو اسکو کسی نباتی کڑوے انفیوژن کے ہمراہ دینے سے کرم خارج ہو جاتے ہیں ۔ کرانک ڈسپپشیا میں نکس وامیکا کے ہمراہ دینے سے ہضمیت تیز ہو جاتی ہے ۔ خارجی طور پر اسکا اثر کاسٹک اسٹرنجنٹ اور انٹی سپٹک ہے ۔ اسکے زہر کا انٹی ڈوٹ کھاری اور ڈیمل سنٹ اشیاء ہیں ۔

خوراک ۔ گھوڑا و مویشی ۱ ۔ ۲ ڈرام بھیڑ و خوک ۱۰ ۔ ۲۰ قطرے کتا ۲ ۔ ۱۰ قطرے ڈائیلوٹ تیزاب میں ۔۔ اگنا پانی ملا کر جانور کو پلانا چاہیئے ۔ کاربونیٹ ۔ سلفیٹ اور چاندی کے نمکوں کے ہمراہ اسکو نہیں دیتے ۔

ایسیڈم ہائیڈروسیانیکم ڈائیلوٹم ۔ ڈائیلوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ پروسک ایسڈ

ترکیب ۔ فیروسائنائیڈ آف پوٹاش ۲ ½ اونس ۔ سلفیورک ایسڈ ایک اونس ۔ ڈسٹلڈ واٹر ۳۰ اونس ملا کر کشید کرنے سے ہائیڈروسیانک ایسڈ دوسرے برتن میں آ جاتا ہے اور پوٹاسیم سلفیٹ ریٹارٹ میں رہ جاتا ہے

خواص و شناخت ۔ بیرنگ عرق ہے بو خاص ۔ نائیٹریٹ آف سلور

کے ملانے سے سفید تلچھٹ تہ نشین ہوتا ہے اس میں اگر کھولتا ہوا نائیٹرک ایسڈ ڈالیں تو حل ہو جاتا ہے۔ ڈائیلوٹ ایسڈ کے ۱۰۰ حصہ میں صرف ۲ حصے خالص ہائیڈروسیانک ایسڈ ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں نارکاٹک زہر ہے طبی خوراک کو میں سیڈیٹو۔ اینوڈائین اور انٹس پازموڈک ہے تو بتی کھانسی میں بیلاڈونا۔ کافور اور ملٹھی کے ہمراہ اسکی گولی بنا کر کھلاتے ہیں۔ کتو نکی قئے روکنے کیلئے دیتے ہیں۔ روماٹیزم۔ کوریا۔ ایپی لیپسی اور ٹیٹنس میں اس سے فائدہ ہوتا ہے خارجی استعمال میں اس کے لگانے سے جلدی امراض کی خارش رفع ہوتی ہے چونکہ یہ نہایت سخت مضعف زہر ہے اسلئے اسکو بار بار اور زیادہ مقدار میں نہ دینا چاہیئے۔ پلانا ہو تو شیرہ اور بہت سا پانی ملا کر پلاویں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲۰ - ۶۰ قطرے بھیڑ ۱۰ - ۱۵ قطرے کتے ۲ - ۴ قطرے

انٹی ڈوٹ۔ تازہ ہوا سرد پانی سر پر ڈالیں۔ ایمونیا یا کلورین کے بخارات سنگھاویں مائیسٹ پر اکسایڈ آف آئرن معہ الکلاین کاربونیٹ کے پلاویں ایٹروپین کی زیر جلد پچکاری کریں۔

ایسڈم نائٹریکم۔ نائٹرک ایسڈ۔ شورہ کا تیزاب

ترکیب۔ قلمی شورہ پر گندھک کا تیزاب ڈالکر شیشہ کے ریٹارٹ میں مقطر کرنے سے تیار ہوتا ہے۔ پوٹاسیم ہائیڈروجن سلفیٹ ریٹارٹ میں رہ جاتا ہے۔

خواص و شناخت۔ بیرنگ نہایت ترش عرق ہے اس میں سے تیز جلانے والے بخارات نکلتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ خالص نائٹرک ایسڈ نہایت تیز کاشک ہے وارٹس اور کنسر کے بڑھاؤ کو اس سے جلاتے ہیں۔ سٹی مولنٹ اور ڈس انفکٹنٹ فائدہ کے لئے خراب زخموں پر برش کے ذریعہ لگاتے ہیں۔ اسکو داخلی طور پر استعمال نہیں کرتے۔

ایسیڈم نائیٹریکم ڈایلوٹم - ڈایلوٹ نائیٹرک ایسڈ

ترکیب - چھ اونس خالص نائیٹرک ایسڈ میں آہستہ آہستہ اسقدر پانی ملادیں کہ مجموعہ ۳۱ اونس ہوجاوے ◆

اثر و استعمال - ٹانک - اسٹرنجنٹ - آلٹریٹو - جن امراض میں ڈایلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ دیا جاتا ہے۔ سوائے بدہضمی کے انہی امراض میں اس تیزاب کو بھی دیتے ہیں - جن جلدی امراض میں سنکھیے سے فائیدہ نہیں ہوتا یا جانور کا جگر بڑھ جاتا ہے تو اسکو دیتے ہیں - واضح رہے کہ تیزابوں میں بہت سا پانی یا نباتی تلخ انفیوژن یا ڈیکاکشن ملاکر پلانا چاہیئے ◆

خوراک - گھوڑا و مویشی ۱-۲ ڈرام - بھیڑ و خوک ۱۵-۲۰ قطرے کتا ۲-۱۰ قطرے

انٹی ڈوٹ - بکثرت پانی پلانا - ڈیمل سنٹ اشیاء - ایلبومن - ڈودھ - الکلائین کاربونیٹ آف کیلسیم و میگنیشیا ◆

ایسیڈم نائیٹروہائیڈروکلوریکم ڈایلوٹم - ڈایلوٹ نائیٹروہائیڈروکلورک ایسڈ - ڈایلوٹ نائیٹرومیوریایٹک ایسڈ

ترکیب - نائیٹرک ایسڈ ۳ اونس - ہائیڈروکلورک ایسڈ ۴ اونس - ڈسٹلڈ واٹر ۲۵ اونس - دونوں کو ملاکر ۲۴ گھنٹہ تک بوتل میں بغیر اچھی طرح بند کئے رکھ دو - اس میں تھوڑا تھوڑا پانی ملاکر ہلاتے رہو - سب پانی ملانیکے بعد مضبوط ڈاٹ والی بوتل میں بند کر رکھو - ایکدم پانی ملانے سے حرارت پیدا ہوکر بوتل ٹوٹ جاتی ہے - اس لئے احتیاط رکھنی چاہیئے ◆

خواص - بیرنگ عرق ہے سونے کے ورق کو حل کر دیتا ہے ◆

اثر و استعمال - زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر ہے چھوٹی خوراکوں میں

ٹانک۔ اسٹرنجنٹ اور آلٹریٹو ہے بخاروں میں یہ تیزاب دیگر تیزابوں کی نسبت فوقیت رکھتا ہے۔ انفلوئنزا کے اخیر درجہ میں از حد مفید ہے اسکا خاص اثر جگر اور جلد پر ہوتا ہے۔ اس تیزاب کو بھی انہی امراض میں دیتے ہیں جن میں ڈائلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ دیا جاتا ہے اسکی خوراک ڈائلوٹ نائٹرک ایسڈ کے برابر ہے۔

ایسڈم فاسفوریکم ۔ فاسفورک ایسڈ

ترکیب۔ فاسفورس کو ڈائلوٹ نائٹرک ایسڈ میں ملا کر گرم کرتے ہیں جب نائٹرس ایسڈ کے بخارات کا نکلنا موقوف ہو تو اس میں پانی ملا لیتے ہیں۔

خواص وشناخت۔ ترش بیرنگ یا شربتی سیال ہے اسکا ہلکا سلوشن سلور نائٹریٹ کے ساتھ زرد تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔

اثر واستعمال۔ خارجی طور پر اری ٹنٹ اور کاسٹک ہے۔

ایسڈم فاسفوریکم ڈائلوٹم ۔ ڈائلوٹ فاسفورک ایسڈ

ترکیب۔ ۳ حصے تیزاب میں ۲ حصے پانی ملانے سے تیار ہوتا ہے۔

اثر واستعمال۔ جسمانی کمزوری اور ٹیوبرکیولوسس کے روکنے کے لئے برتا جاتا ہے۔ برانکیل کتار میں ٹانک فائدہ کے لئے دیتے ہیں۔

خوراک۔ تھوڑا ایک سے ۲ ڈرام تک ۵ سے ۱۰ قطرے۔ فاسفیٹ آف امونیا وسوڈا اور فاسفیٹ آف آئرن وکونین اور سٹرکنائین بنانیکے کام آتا ہے۔

ایسڈم سالی سلیکم ۔ سالی سلک ایسڈ

ترکیب جب کاربانک اور کاربالک ایسڈ کے اجزا آپس میں ملتے ہیں۔ تو سالی سلک ایسڈ بن جاتا ہے یا کاربانک انہائیڈرائیڈ کو سوڈیم فینول میں چند گھنٹوں تک [illegible] درجہ فیرنہایٹ کی حرارت دینے سے اور باقیماندہ کو

ڈایلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ کے ساتھ ملانے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص۔ بیرنگ باریک قلمدار سفوف ہے ذائقہ اول شیریں بعد میں تلخ و ترش ۵۰۰ حصے سرد پانی میں اور گرم پانی۔ الکوحال وایتھر میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے سائٹریٹ اور ایسی ٹیٹ آف امونیا۔ بورکس اور فاسفیٹ آف سوڈا میں بھی حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ انٹی سپٹک۔ انٹی پائیریٹک۔ ڈس انفکٹنٹ ہے بعض طبیب اسکو کاربالک ایسڈ سے بہتر خیال کرتے ہیں یہ بیخراش انٹی سپٹک ہے۔ سالی سلک ایسڈ کی نسبت سوڈیم سلی سلیٹ ایکوٹ روماٹیزم میں خاص دوائی ہے۔ بخاروں میں اس سے جسمانی حرارت کم ہو جاتی ہے۔ اسکا اخراج جلد۔ گردوں اور تھوک پیدا کرنیوالے غدودوں سے ہوتا ہے۔ لہذا یہ ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک اور سایلے گاگ ہے۔

خارجی استعمال۔ اسکو کاربالک ایسڈ کے عوض اکثر استعمال کرتے ہیں۔ گندے زخموں کی بو رفع کرنیکے لئے نہایت مفید ہے اسکے لگانے سے درد میں تخفیف اور زخم جلدی خشک ہو جاتے ہیں۔ مویشی کے منہ کھر کی بیماری میں اسکے غرغرہ کراتے ہیں۔ سلی سلک ایسڈ ایک حصہ۔ وسیلین ۲۰ یا ۲۵ حصے یا ۱۸ حصے نرم پیرافاین اور ۷ حصے ہارڈ پیرافائن ملانے سے اسکا مرہم بنتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱-۳ ڈرام۔ بچھڑا ۴۰ گرین۔ بھیڑ و کتا ۱۰-۱۵ گرین۔

ایسڈم سلفیوریکم۔ سلفیورک ایسڈ۔ گندہک کا تیزاب

ترکیب۔ سلفیورس ایسڈ اور نائٹرک ایسڈ کے بخار۔ بھاپ اور ہوا ایک کمرے میں داخل کرتے ہیں انکے ایکدوسرے پر عمل کرنے سے یہ تیزاب پیدا ہوتا ہے۔ یا گندہک کے جلانے سے جو ہوا پیدا ہوا اس میں نائٹرس ایسڈ اور پانی کا بخار ملانے سے بنتا ہے۔

خواص و شناخت۔ بیرنگ بے بو وزنی گاڑھا سیال ہے ذائقہ نہایت تیز ترش۔ پانی ملانے سے اس میں حرارت پیدا ہوتی ہے اسلئے ڈائلوٹ کرتے وقت اس میں آہستہ آہستہ پانی ملانا چاہیئے ورنہ زیادہ حرارت پیدا ہونے سے برتن ٹوٹ جائیگا۔

اثر و استعمال۔ خالص تیزاب نہایت تیز زہر ہے اسلئے اسکو پلایا نہیں جاتا بلکہ کاسٹک فائیدہ کے واسطے باہر لگایا کرتے ہیں پانی ملاکر استعمال کیا جاوے تو ریفری جیرنٹ۔ انٹی سپٹک۔ ٹانک اور اسٹرنجنٹ اثر کرتا ہے۔ گاہے اسکو آبلہ انگیز مرہموں کا اثر تیز کرنیکے لئے ملاتے ہیں۔

ایسڈم سلفیوریکم ڈائلوٹم۔ ڈائلوٹ سلفیورک ایسڈ

ترکیب۔ ۲ اونس خالص سلفیورک ایسڈ میں تھوڑا تھوڑا پانی اس قدر ملادیں کہ مجموعہ ۳½ ۸ اونس ہوجاوے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں تیز زہر ہے طبی خوراکوں میں ریفریجیرنٹ انٹی سپٹک۔ ٹانک۔ اسٹرنجنٹ۔ جب جانور کسی شدید مرض سے روبصحت ہووے یا کمزور ہو یا کھاری دست آتے ہوں تو اسکو دینے سے فائیدہ ہوتا ہے اسہال و پیچش میں ڈائلوٹ سلفیورک ایسڈ ایک ڈرام۔ ٹنکچر اوپیم و جنجر ایک ایک اونس کانجی میں ملاکر دیا کرتے ہیں۔ سیور تھروٹ و انفلوانزا میں بھی اس سے فائیدہ ہوتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ۱-۲ ڈرام مویشی ۲-۴ ڈرام۔ بھیڑ ½ سے ایک ڈرام کتا ۵-۱۵ قطرے۔ بہت سا پانی ملاکر یا کسی تلخ نباتی انفیوژن کے ہمراہ پلانا چاہیئے۔

انٹی ڈوٹ۔ نائیٹرک ایسڈ کی طرح ہے۔

ایسیڈم سلفیوروزم ۔ سلفیورس ایسڈ

ترکیب ۔ سلفیورک ایسڈ ۴ اونس لکڑی کے کوئیلہ کا سفوف ایک اونس آب مقطر ۲۰ اونس صاف پانی دو اونس ۔ سلفیورک ایسڈ و کوئیلہ کو ملاکر گرم کرنے سے سلفیورس ایسڈ کی ہوا پیدا ہوتی ہے اسکو پانی میں جذب کرنے سے سلفیورس ایسڈ کا عرق بنتا ہے ۔

خواص ۔ بیرنگ عرق ہے اس میں سے سلفیورس ایسڈ کی بو آتی ہے ۔

اثر و استعمال ۔ خالص ہوا یا عرق تیز زہر ہے لیکن جب احتیاط سے استعمال کئے جاویں تو سٹی مولنٹ ۔ آلٹریٹو ۔ انٹی سپٹک ۔ ڈس انفکٹنٹ اثر کرتے ہیں ۔ سلفیورس ایسڈ سے جاندار مادے ہلاک ہوتے ہیں ۔ متعدی امراض میں اسکو کلوریٹ آف پوٹاش اور دیگر سٹی مولنٹ اور ٹانک ادویات کے ہمراہ استعمال کرتے ہیں سور تھروٹ میں اسکے غرارہ کرانے سے فائدہ ہوتا ہے بدبودار زخموں پر پانی ملاکر لگاتے ہیں تو انکا اندمال ہونے لگتا ہے رنگ ورم میں اس کو گلسرین کے ساتھ لگانے سے مرض جاتا رہتا ہے ۔

ترکیب استعمال ۔ ایک حصہ تیزاب میں ۳ حصے پانی یا ۳ حصے گلسرین ملاکر اسفنج سے جلد پر لگاتے ہیں ۔ اگر مکان کو ڈس انفکٹ کرنا ہو تو گندھک اور جلتے ہوئے کوئیلے ایک رکابی میں ڈالکر مکان کو تھوڑے عرصہ کے واسطے بند کردیں ۔

ایسیڈم ٹینکم ۔ ٹے نک ایسڈ

ترکیب ۔ مازو کے سفوف کو دو دن تک کسی مرطوب جگہ میں رکھ چھوڑتے ہیں ۔ بعدازاں اس میں ایتھر ملاکر کپڑے کے شکنجہ میں دباتے ہیں جو عرق حاصل ہوتا ہے اسکو ہلکی آگ پر اڑانے سے ٹے نک ایسڈ تیار ہوتا ہے ۔

خواص۔ زرد مائل باریک سوزنی قلمیں ہوتی ہیں ذائقہ تلخ اور کسی قدر ترش۔ پانی وریکٹی فائیڈ سپرٹ میں حل ہو جاتا ہے۔ اسٹرنجنٹ ، سٹپٹک۔ ورمیسائیڈ وانٹی ڈوٹ فوائد کے واسطے اسے استعمال کرتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ ٹینک ایسڈ تمام نباتی دوائیوں میں سے زیادہ قابض ہے جسم کے کسی مقام سے کوئی رطوبت بہتی ہو تو اسکے استعمال سے اُسکا بہنا رُکجاتا ہے۔ ڈایریا و ڈیسنٹری میں اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اسکا مرہم یا لوشن کرم کش اثر رکھتا ہے ٹارٹرایمٹک۔ سٹرکنائن اور مارفیہ کے زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ کُتوں کے بواسیر کے مسّوں پر ٹینک ایسڈ وافیون کے لگانے سے درد کو آرام ملتا ہے اور سوزش رفع ہو جاتی ہے اسکی گولی سفوف۔ لوشن۔ آئینٹمنٹ اور گلسرائیڈ بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ خوراک گیلک ایسڈ کے برابر ہے۔

واضح ہو کہ ٹینک و گیلک ایسڈ ہر دو کے اثرات و استعمالات یکساں ہیں۔ البتہ اسقدر فرق ہے کہ ٹینک ایسڈ جب کھلایا جاتا ہے تو خون میں جاکر گیلک ایسڈ بن جاتا ہے اور خارجی استعمال میں قابض اثر کرتا ہے لیکن گیلک ایسڈ کھلانے سے قابض ہوتا ہے۔ ہندوستان میں گالز یعنی مازو کے بجائے بڑی اور چھوٹی مائیں اسٹرنجنٹ فائدہ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

ایکونائیٹ لیوز

ایکونائیٹم نے پلس کے تازہ پتے اور پھولدار چوٹیاں اُسوقت جمع کیجاتی ہیں جب پھولوں کی کلیاں کھلی ہوں۔

خواص و شناخت۔ اسکے پتے چکنے ہوتے ہیں چبانے سے زبان میں جلن پیدا ہوتی ہے۔

اثر و استعمال۔ داخلی طور پر زیادہ مقدار میں بیرہبر وسپائنل پابرنچ

طبی خوراکوں میں ناسی انٹ سایے ٹک۔ سیڈیٹو۔ اینوڈاین۔ انٹی پایریٹک۔ ڈایافوریٹک۔ ڈایوریٹک۔ اندرونی طور پر اسکو لیبے نائیٹس۔ اری سپلس۔ کرانک کف اور پیریکارڈائیٹس کے شروع درجہ میں دیتے ہیں یعنی نائیٹس اور تیز بخاروں میں ٹنکچر ایکونایٹ کو اول پوری خوراک میں دیتے ہیں اور ہر دوسرے گھنٹے اس کی نصف خوراک ایسی ٹیٹ آف امونیم اور دیگر سیلاین کے ساتھ جبتک کہ علامات رفع نہ ہوجاویں دیتے رہتے ہیں۔

خارجی طور پر گاہے نیورلجیا اور روماٹیزم کے درد کو موقوف کرنیکے لئے اسکا لینی منٹ استعمال کرتے ہیں اس سے ایکسٹریکٹ ٹنکچر اور لینی منٹ ایکونایٹ تیار کرتے ہیں۔

زہر کا علاج۔ کتوں کو قے کیلئے اپومارفائین کی زیر جلد پچکاری کریں۔ اسکے بعد سٹی مولنٹ مثلاً الکوحال یا امونیا دیں۔ لیکن چونکہ ایسی حالت میں جانور نگل نہیں سکتا اس لئے ایتھر کی زیر جلد پچکاری بہتر ہے۔ ایٹروپین بھی دیتے ہیں۔ علاوہ ازیں ڈیجی ٹیلن کی زیر جلد پچکاری کرتے ہیں اور ایمایل نائٹرائیٹ سنگھاتے ہیں مریض کو گرم رکھتے ہیں اور مصنوعی تنفس قائم کرتے ہیں۔

ایکونائیٹ روٹ

ایکونائیٹ کی جڑھ بازاروں میں فروخت ہوتی ہے۔ جاڑوں میں اسکو جمع کرتے ہیں۔

خواص۔ اسکی جڑھ ایک سے تین انچہ طویل اور پون انچہ کے قریب موٹی ہوتی ہے۔ گاؤدم۔ شکندار۔ رنگ بھورا سیاہی مائل اندر کا رنگ سفیدی مائل۔ چبانے سے زبان شل ہوجاتی ہے۔

استعمال۔ اس سے ٹنکچر اور لینی منٹ ایکونائیٹ تیار کرتے ہیں۔

ایکونے ٹین

ایک الکلائیڈ جوہر ہے جو مختلف قسم کے ایکونائیٹ کے پتوں اور جڑھوں سے حاصل ہوتا ہے اسکو طبابت حیوانات میں شاذ ونادر استعمال کرتے ہیں خوراک۔ گھوڑا ۱-۱/۲ اگرین زیر جلد پچکاری کرتے ہیں +

ایگزانج۔ لارڈ۔ خوک کی چربی

ترکیب۔ خوک کی چربی کو پانی میں ملاکر صاف کرکے استعمال کرتے ہیں +

خواص۔ نرم۔ سفید۔ قدرے شیریں +

اثر واستعمال۔ خارجی استعمال میں زخموں کو اس سے ملائم رکھتے ہیں۔ پلاسٹر لگانیکے بعد ہی ماؤف حصہ کو نرم کرنیکے لئے لگاتے ہیں ہندوستان میں اس کے بجائے بھیڑ کی چربی استعمال کرتے ہیں +

ایتھر

حیوانات کے علاج میں دو قسم کا ایتھر استعمال کرتے ہیں ایک سلفیورک ایتھر اور دوسرا نائیٹرس ایتھر +

ایتھر سلفیورک

ترکیب۔ ۹ یا ۵ حصے الکوحال کو ایک حصہ سلفیورک ایسڈ میں گرم کرنے سے جو عرق حاصل ہوتا ہے اس میں تازہ چونہ اور کلورائیڈ آف کیلسیم ملاکر ہلاتے ہیں بعدازاں دوبارہ مقطر کرکے صاف کرلیتے ہیں +

خواص وشناخت۔ یہ ایک شفاف عرق ہے۔ بو خاص ذائقہ گرم وتیز کھلا رکھنے سے جلدی اڑ جاتا ہے جلانے سے جل اٹھتا ہے +

اثر و استعمال۔ ڈیفیوزیبل۔ سٹی مولنٹ۔ سالیے گاگ۔ انٹس پازمادک ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک۔ خارجی طور پر اینوڈاین۔ ریفریجیرنٹ۔ لوکل انستھیٹک ایتھر کو جب جلد پر لگایا جاتا ہے تو وہ فوراً اڑ جاتا ہے اور وہاں کی جلد اسقدر سرد ہو جاتی ہے کہ اس کی حس جاتی رہتی ہے اسکے پلانے سے تھوک کی پیدائش ہونے لگتی ہے معدہ کی حرکت تیز اور ریح خارج ہونے لگتی ہے گیسٹرک جوس زیادہ پیدا ہونے لگتا ہے اور تشنج کم ہو کر درد کو آرام آتا ہے خون میں شامل ہو کر دوران خون و اعصاب کو تحریک کرتا ہے کتوں پر عمل جراحی کرنیکے لئے ایتھر بہ نسبت کلوروفارم کے بہتر ہے کیونکہ اس سے دل جلدی مفلوج نہیں ہوتا۔ کالک۔ ٹمپے نائیٹس۔ آستما۔ انٹرائیٹس اور تمام قسم کے تشنجی درد اور کمزوری میں اسکو دینے سے فائیدہ ہوتا ہے مقامی انس تھیشیا پیدا کرنا ہو تو سپرے کے ذریعہ اسکو لگا دیں ؛

خوراک۔ گھوڑا ۱-۲ اونس۔ مویشی ۲-۳ اونس۔ بھیڑ و خوک ۲-۴ ڈرام۔ کتا ½ سے ۲ ڈرام۔ سنگھانا ہو تو گھوڑے کو ۳-۶ اونس۔ کتے کو ۲-۴ ڈرام ؛

سپرٹ نائیٹرس ایتھر۔ سویٹ سپرٹ آف ایتھر

ترکیب۔ ریکٹی فائڈ سپرٹ کو سلفیورک ایسڈ۔ نائیٹرک ایسڈ اور تانبے کے ٹکڑوں کے ہمراہ گرم کرنے سے تیار کرتے ہیں اس میں ۳ حصے ریکٹی فائیڈ سپرٹ ملانے سے سویٹ سپرٹ آف نائیٹر بنتا ہے ؛

خواص۔ شفاف عرق ہے۔ بوسیب کی مانند۔ ذائقہ کسی قدر شیریں اور تیز۔ آگ لگانے سے جل اٹھتا ہے ؛

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں نارکاٹک اور بیڈ یوطبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔ ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک۔ انٹی سپٹک۔ کارمی نیٹو ہے

اسکو کالک - انڈیجسچن - ٹمپے نائیٹس فیور اور گردے و مثانہ کی بیماری اور کمزور کرنیوالے امراض میں دیتے ہیں ؛

خوراک - گھوڑا ایک سے دو اونس - مویشی ۲ - ۴ اونس - بھیڑ ۲ - ۴ ڈرام - کُتا نصف سے ا ڈرام - پانی میں ملاکر بار بار دیتے ہیں ؛

البیومن - انڈے کی سفیدی

یہ قدرتی طور پر انڈوں سے نکلتی ہے - اس میں کاربن - ہائیڈروجن - آکسیجن نائیٹروجن - سلفر اور فاسفورس ہوتی ہے - خوراک جس قدر چاہیں دے سکتے ہیں ؛

اثر و استعمال - کروسیو زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے ؛

ایلوز - مُصبّر

بازار میں اکثر تین قسم کا ایلوز فروخت ہوتا ہے اول باربیڈوز ایلوز جو جزیرہ باربیڈوز سے آتا ہے - دوئم - سوکوٹراین ایلوز جزیرہ سقوطرہ میں پیدا ہوتا ہے - تیسرا کیپ ایلوز جو عرب سے آتا ہے - ایلوز تین طریقوں سے تیار کرتے ہیں - اوّل ایلو ویرا کے پتوں میں پچھنے لگانے سے جو رس نکلتا ہے اسکو جمع کر لیتے ہیں - یہی بہتر ہوتا ہے - دوسری ترکیب یہ ہے کہ اسکے پتوں کو شکنجہ میں دباکر رس نکالتے ہیں - یہ دوسرے درجہ کا ہوتا ہے - تیسری ترکیب یہ ہے کہ رس نچوڑے ہوئے پتوں کا قیمہ کرکے پانی میں جوش دیکر جوشاندہ کو گاڑھا کر لیتے ہیں - یہ قسم سب سے ادنیٰ درجہ پر ہے - ایلوز میں ایک جوہر ہوتا ہے جسکو ایلوان کہتے ہیں - علاوہ ازیں اس میں ایک تلخ شئے اور رال بھی ہوتی ہے ؛

خواص و شناخت - باربیڈوز ایلوز چونکہ تینوں اقسام میں سے بہتر ہوتا ہے اسلئے اسی کو طبابت میں استعمال کرتے ہیں یہ پروف سپرٹ میں بالکل حل ہوجاتا ہے رنگ بھورا سرخی یا سیاہی مائل - بوتیز - ذائقہ تلخ متلی آور - اسکے ٹوٹے سخت گاہے اندر سے ملائم ہوتے

ہیں اور رال کی طرح ٹوٹ جاتے ہیں ۔

اثر و استعمال ۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے ۔ طبی خوراکوں میں سٹی منٹ ٹانک ۔ لکسیٹو ۔ کتھارٹک ۔ ڈایوریٹک ۔ آلٹریٹو ۔ ورمی فیوج ۔ ناسی انٹ ۔

اسکا اثر معدہ و بڑی آنتوں پر ۔ اور جگر و گردوں اور تھوک پیدا کرنیوالے غدودوں پر ہوتا ہے گھوڑے کی نسبت دیگر جانوروں پر اسکا اثر بخوبی نہیں ہوتا اسلئے صرف گھوڑوں کو اسکا جلاب دیتے ہیں ۔ مویشی کو نمکین جلاب اور کتوں کو کسٹر آئل جلپ اور کیلومل دیتے ہیں ۔

گھوڑوں کو کالک ۔ قبض ۔ بدہضمی ۔ اور اکیوٹ انفلامیشن کے شروع درجہ میں ایلوز دیتے ہیں جگر کے کنجیشن میں کیلومل کے ہمراہ اسکی پوری خوراک دینی چاہئیے ۔ لیمے نائیٹس ۔ لمفنجائیٹس ۔ لیرنجائیٹس ۔ نیومونیا ۔ پلوریسی ۔ انفلوانزا اور کرم مارنیکے لئے بھی اسکو دیتے ہیں ۔ گھوڑوں کے مختلف قسم کے لنگ اور بخار میں اس سے فائدہ ہوتا ہے ۔ چونکہ ایلوز سے کسی قدر شکم میں درد پیدا ہوتا ہے اسلئے اسکے ہمراہ تھوڑی سی سونٹھ اور بیلاڈونا ملا لینا چاہئیے ۔ ٹرومیٹک کے طور پر اسکو زخموں پر بھی چھڑکتے ہیں ۔ کالک میں سلوشن ایلوز دیکر ایک گھنٹہ کے بعد نکس وامیکا اور ایمونیم کارب کی گولی دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے ۔

خوراک پرگیٹو ۔ گھوڑا ۲ سے ۶ ڈرام ۔ مویشی ۱ ۔ ۲ اونس ۔ بھیڑ ½ سے ایک اونس کتا ۔ ۲ سے ۴۰ گرین ۔ ایلوز کو اکثر گولی کی شکل میں کھلایا کرتے ہیں ۔ لیکن جب اثر جلدی پیدا کرنا ہو تو اسکا سلوشن دیتے ہیں ۔

ایلوان

ایک بھورا جوہر ہے جو ایلوز سے نکلتا ہے اور اس میں قریباً ۸ فیصدی ہوتا ہے پانی میں حل ہو جاتا ہے لیکن الکوحال میں مشکل سے ہوتا ہے ۔ ذائقہ تلخ ۔

خوراک ۔ گھوڑا ½ ۱ سے ۲ ڈرام ۔ کتا ۲ ۔ ۱۰ گرین ۔

ایلم پوٹاسیم ایلومینم سلفیٹ

ترکیب۔ پھٹکری ایک قسم کی مٹی میں فولاد اور گندھک کے ہمراہ ملی ہوئی ہوتی ہے اس مٹی کو ایلیومینس کلے یا شیل یا شسٹ کہتے ہیں۔ ہوا لگنے سے اس میں آکسیجن جذب ہو جاتی ہے۔ فولاد کے ساتھ مل کر اسکو اکسایڈ آف آیرن بنا دیتی ہے اور گندھک کے ساتھ ملکر اسکو سلفیورک ایسڈ میں بدلدیتی ہے اس میں پانی ملانے سے فولاد اور سلفیٹ حل ہو کر علیحدہ ہو جاتے ہیں جو عرق باقی رہ جاتا ہے اسکو آنچ دیکر گاڑھا کر کے اس میں کلورایڈ آف پوٹاسیم ملانے سے پھٹکری کے ٹکڑے قلموں کی شکل میں جم جاتے ہیں۔

خواص۔ بیرنگ صاف وشفاف ٹکڑے ہوتے ہیں ذائقہ اسٹرنجنٹ اور کسیلا ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر ہے طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ اسٹپٹک۔ ہیماسٹیٹک بڑی خوراکوں میں پرگیٹو۔ سیڈیٹو اور لیڈ کے مرکبات کا انٹی ڈوٹ ہے کرانک ڈائریا۔ ڈیسنٹری اور ڈایابیٹیز میں اسکو دیتے ہیں۔ اونٹوں کو جلاب کیلئے اکثر ایلم دیتے ہیں۔ جوڑوں کے کھل جانے اور کنجنکٹیوائیٹس میں اسکو خارجی طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اسکو پانی میں حل کر کے یا گولی بنا کر تنہا یا افیون یا کارمے نیٹو ادویات کے ساتھ دیتے ہیں۔ زخموں پر اسکا سفوف سٹارچ کے ہمراہ چھڑکتے ہیں۔ سور تھروٹ میں اسکے سلوشن کے غرارہ کراتے ہیں۔ بیڑل گلیٹ میں اس کی پچکاری کرتے ہیں۔ اسکو ٹنک ایسڈ نباتی قابضات۔ الکلاین کاربونیٹ اور ایسی ٹیٹ آف لڈ کے ہمراہ نہ دینا چاہیئے اس سے لائیکوار ایلومینم اور کمپونڈ ایلم آئینٹمنٹ بناتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲ سے ۴ ڈرام بھیڑ ½ ۱ ڈرام۔ کتا ۱۰۔ ۲۰ گرین۔

ڈرایڈ ایلم

ترکیب۔ پھٹکری کی قلموں کو کھلی ہوا میں اسوقت تک حرارت دیتے ہیں جبتک بخار نکلنے بند نہ ہوجاویں بعدازاں اسکو پیس کر بند بوتل میں رکھ لیتے ہیں۔
اثر و استعمال۔ کاسٹک۔ اسٹرنجنٹ ہے اس سے کمپونڈ ایلم پوڈر بناتے ہیں ۔

اموئی ایکم

اس کے درخت کو ڈمری ما ایمونایکم کہتے ہیں جو پنجاب و ایران میں پیدا ہوتا ہے یہ گوند درخت سے خود بخود ٹپکتا ہے ۔
خواص۔ اسکے گول گول موتی کی طرح دانے یا ٹکڑے ہوتے ہیں رنگت ہلکی بھوری دارچینی کی طرح۔ بوکم۔ ذائقہ تیز تلخ جس سے جی متلاتا ہے۔ پانی میں گھولنے سے دودھ کی طرح گاڑھا عرق بن جاتا ہے ۔
اثر و استعمال۔ داخلی طور پر سٹی مولنٹ۔ ایکس پکٹورنٹ۔ انٹس پازموڈک کھانسی و اعصابی تشنجی امراض میں استعمال ہوتا ہے۔ کوریا۔ اپی لپسی میں بھی اس سے فائیدہ ہوتا ہے۔ ورمے فیوج فائدہ کے لئے بھی اسکو دیتے ہیں ۔
خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲۔۴ ڈرام۔ بھیڑ ½ سے ۱½ ڈرام۔ کتا ۱۰۔۲۰ گرین گولی یا ایملشن بنا کر دیتے ہیں۔ ورمے فیوج فائدہ کے لئے پانی میں حل کرکے مقعد میں اسکا حقنہ کرتے ہیں ۔

ایمونیم کارب۔ کاربونیٹ آف ایمونیا

ترکیب۔ ایک حصہ ایمونیم کلورایڈ اور دو حصے کیلسیم کاربونیٹ کو ملا کر مٹی یا لوہے کے برتن میں گرم کرنے سے یہ مرکب تصعید کیا جاتا ہے ۔

خواص۔ اسکے ڈلے سخت شفاف دھاریدار ہوتے ہیں۔ بو نہایت تیز امونیا کی۔ ذائقہ کھاری چرپرا۔ ہوا میں رکھنے سے امونیا اور کاربانک ڈائی اکسائیڈ کی بو خارج ہونے سے بھربھرا ہوجاتا ہے تقریباً پانچ حصے پانی میں حل ہوتا ہے ❖

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ نارکاٹک پائیزن ہے طبی خوراکوں میں ڈیفیوزیبل سٹی مولنٹ۔ انٹاسڈ۔ ایکس پکٹورنٹ۔ ریزالونٹ سٹومالک کارمی نیٹو۔ ڈایا فوریٹک۔ ڈایوریٹک۔ انٹس پازموڈک ہے۔ کتوں کو زیادہ مقدار میں دینے سے ایمے ٹک اثر کرتا ہے۔ سیڈیٹو زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے اسکو تمام کمزوری پیدا کرنیوالی امراض مثلاً انفلوانزا۔ سٹرانگلس۔ سکارلٹ فیور۔ پرپیورا۔ نیومونیا۔ پلوریسی۔ کرانک برانکائیٹس۔ بدہضمی۔ کالک۔ پیورپرل اپاپلکسی میں نباتی یا معدنی مقویات کے ہمراہ گولی یا عرق کی صورت میں دیا کرتے ہیں۔ کالک میں اسے نکس وامیکا کے ہمراہ گولی بنا کر دینا بہتر ہے ❖

خوراک۔ گھوڑا ۲۔۴ ڈرام۔ مویشی ½ سے ۱ اونس۔ بھیڑ ۱۵۔۳۰ گرین کتا ۳۔۸ گرین۔ اسکو ایسڈ الکلی۔ لائیم واٹر اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے اسکا انٹی ڈوٹ۔ ڈیمل سنٹ اشیاء اور ڈائلوٹ ایسڈ ہیں اس سے سلوشن ایسی ٹیٹ آف امونیا اور سپرٹ امونیا ایرومیٹک تیار کرتے ہیں ❖

امونیم کلورائڈ۔ سال امونیک

ترکیب۔ عرق امونیا پر ہائیڈروکلورک ایسڈ ڈالنے سے تیار ہوتا ہے ❖

خواص۔ بیرنگ۔ بے بو چھوٹی چھوٹی قلمیں یا طبق دار سخت ٹکڑے ہوتے ہیں جو شکل سے سفوف ہوتے ہیں۔ ذائقہ ٹھنڈا اور نمکین۔ پانی و ریکٹی فائڈ سپرٹ میں حل ہوتا ہے ❖

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ ایکس پکٹورنٹ۔ ریزالونٹ۔ ہلکا ڈایوریٹک۔ ڈایا فوریٹک آلٹریٹو

کو لے گاگ ۔خارجی طور پر ریفریجیرنٹ لوشن بنانیکے لئے نائیٹر اور امونیم کلورائیڈ چار چار اونس دو کوارٹ پانی میں حل کر لیتے ہیں۔ امونیم کلورائیڈ کو برانکائیٹس کے دوسرے درجہ اور جگر کے کنجیسچن۔نیمونیا اور بخاروں میں دیگر ادویات کے ہمراہ دیا کرتے ہیں۔

خوراک ۔ گھوڑا و مویشی ½ سے ایک اونس بھیڑ ½ سے ۲ ڈرام کتا ۵ سے ۲۰ گرین۔

گولی بنا کر مگر اکثر پینے کے پانی میں دیا کرتے ہیں۔ سلفیورک ایسڈ۔ پوٹاش۔ سوڈا۔ لائیم اور انکے کاربونیٹ اور بہت سے دہاتی نمکوں کے ساتھ اسکو استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

ایمایلم ۔ سٹارچ

نشاستہ کو اکثر گندم۔ آلو اور چانول سے تیار کرتے ہیں۔ سرد پانی میں حل نہیں ہوتا گرم پانی میں ملانے سے فالودہ کی طرح جم جاتا ہے آیوڈین کے ساتھ مل کر گہرا نیلا رنگ پیدا کرتا ہے۔ جسکو آیوڈائیڈ آف سٹارچ کہتے ہیں۔

اثر و استعمال ۔ ڈیمل سنٹ۔ ایمولی انٹ۔ اسٹرنجنٹ اور سریع الہضم غذا ہے اکثر امراض میں اسکو بطور خوراک کے دیتے ہیں۔ اری ٹنٹ زہروں میں دینے سے خراش رفع کرتا ہے۔ ڈائریا۔ ڈیسنٹری میں دیگر قابضات کے ہمراہ دینے سے فائدہ ہوتا ہے زخموں کا اخراج روکنے کے لئے اسکا سفوف لگاتے ہیں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈیوں پر باندھنے کے لئے اس سے سٹارچ بنڈیج تیار کرتے ہیں۔

ایمائل نائٹریٹ

ترکیب ۔ نائٹرس ایسڈ کو ایمائلک الکوحل میں گذارنے سے تیار ہوتا ہے اسکو مضبوط شیشے کی ڈاٹ والی بوتل میں بند کر کے اندھیرے میں رکھنا چاہیئے۔

خواص۔ لطیف سیال ہے رنگ زرد یا سیال خوشبودار۔ پانی میں حل نہیں ہوتا لیکن ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں بخوبی حل ہوجاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ سیڈیٹو۔ انٹی تھیٹک۔ انٹس پازموڈک۔ ٹے ٹنس اور آستھا میں اسکو دیتے ہیں۔ سٹرکنیا کے زہر کا انٹی ڈوٹ ہے۔ اسکو یا تو سنگھاتے ہیں یا پلاتے ہیں۔ ٹے ٹنس میں اس کی پچکاری کیجاتی ہے۔

خوراک۔ سنگھانے کے لئے۔ تھوڑا نصف سے ایک ڈرام۔ کتا ۲ سے ۵ قطرے پلانا ہو تو تھوڑی تھوڑی مقدار میں الکوحال کے ہمراہ دیں۔

انس سیڈ۔ سونف

سونف کو ہندوستان میں بھی دیگر ممالک کی طرح کاشت کرتے ہیں اس میں خاص قسم کی خوشبو ہوتی ہے۔ ذائقہ گرم و شیریں۔ اس سے اینسی آئل نکالتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ سٹوماگ۔ کارمی نیٹو۔ ایرو ماٹک ہے اسکو بدہضمی۔ نفخ شکم میں اور بدذائقہ دوائیوں کے ناگوار ذائقہ کو چھپانے کے لئے اور جلاب کے ساتھ اینٹھن کو کم کرنے کے لئے دیا کرتے ہیں۔ اس سے متلی نہیں ہوتی۔

انٹی منی اکسائیڈ۔ اکسائیڈ آف انٹی منی

ترکیب۔ سلوشن کلورائیڈ آف انٹی منی ۱۶ اونس۔ کاربونیٹ آف سوڈا ۶ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت صاف پانی ۲ گیلن۔

خواص۔ خاکی سفید بے بو سفوف ہے پانی میں حل نہیں ہوتا لیکن ہائیڈروکلورک۔ ٹارٹرک اور ایسی ٹک ایسڈ میں حل ہوجاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ ڈایا فوریٹک اور فبریفیوج فائدہ کے لئے کتوں کو دیتے ہیں اس سے ٹارٹریٹڈ انٹی منی اور پلوس انٹی منی تیار کرتے ہیں۔

خوراک۔ گتنا ۱/۲ سے ۱ گرین ؛

انٹی منی نایگرم۔ بلیک انٹی منی

ترکیب۔ خام دھات انٹی منی سلفائیڈ کو گرم کرکے اس میں سے آرسنک کو علیحدہ کرکے تیار کرتے ہیں ؛

خواص۔ خاکی سیاہ قلمدار ڈلے ہوتے ہیں جن میں دھاتی چمک ہوتی ہے۔ بو و ذائقہ ندارد۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ میں حل ہوتا ہے۔ اور سلفیوریٹیڈ ہائیڈروجن گیس اس وقت خارج ہوتی ہے ؛

اثر و استعمال۔ آلٹریٹو۔ انتھل منٹک۔ ایمے ٹک۔ حیوانات میں اسکا اثر قابل اعتبار نہیں اس لئے اسکو استعمال نہیں کرتے اس سے لائیکوار انٹی منی کلورائیڈ تیار کرتے ہیں ؛

انٹی منی ٹارٹریٹم۔ ٹارٹر ایمے ٹک

ترکیب۔ اکسایڈ آف انٹی منی ۵ اونس۔ سفوف ایسڈ ٹارٹریٹ آف پوٹاش ۶ اونس۔ آب مقطر ۲ پائنٹ ؛

خواص۔ یا تو اسکی شفاف بیرنگ قلمیں ہوتی ہیں اور یا دانہ دار سفوف ہوتا ہے۔ ذائقہ اول شیریں بعد میں دھاتی ۲۰ حصے پانی میں حل ہوتا ہے ؛

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے اس سے معدہ و آنتوں میں سخت سوزش ہو جاتی ہے۔ باہر لگانے سے خراش ہوکر اسی مقام پر سوزش ہوکر پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ دوا کی مقدار میں کھلانے سے آلٹریٹو۔ انٹی فلوجسٹک ناسی انٹ۔ ایمے ٹک۔ سیڈیٹو۔ ورمے فیوج اثر کرتا ہے۔ خارجی طور پر ویسی کنٹ اور کاونٹر اری ٹنٹ ہے۔ اس مطلب کے لئے اسکو نہ لگانا بہتر ہے۔ کیونکہ اس سے سلفنگ ہونیکا خطرہ رہتا ہے گاہے بلسٹر کے

مرہم میں چار حصے چربی اور ایک حصہ ٹارٹر ایمے ٹک ملالیا کرتے ہیں۔ گھوڑوں میں اسکا اثر کم ہوا کرتا ہے اسلئے اِن جانوروں کو اسے نہیں دیتے۔ سوزشی امراض کے شدید ہ مثلاً نیومونیا۔ برنکائیٹس۔ لیبے نائیٹس میں اگر مریض طاقتور ہو تو دیگر ادویات کے ہمراہ اسے دیا کرتے ہیں گاہے سنٹونین کے ہمراہ کرم مارنے کے لئے بھی دیتے ہیں۔ قئے کرنیوالے جانوروں کو شُشش کی سوزش کے شروع درجہ میں بلغم خارج کرنے کے لئے اس سے قئے بھی کراتے ہیں۔ یہ دوا ڈایا فوریٹک اور ایکس پکٹورنٹ بھی ہے چونکہ یہ زود اثر قئے آور نہیں ہے اسلئے زہر کو خارج کرنے کے لئے اس سے قئے نہ کرانی چاہیئے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی۔ آلٹریٹو ½ سے ۱ ڈرام۔ گھوڑا۔ ناسی انٹ۔ انٹی فلوجسٹک سیڈیٹو۔ اسے ۲ ڈرام۔ مویشی ۲ سے ۶ ڈرام۔ کتا ½ سے ۲ گرین۔ کتا ابے ٹک ۱-۴ گرین۔ گھوڑا ورمے فیوج ۱-۲ ڈرام گولی بناکر یا لعابدار اشیاء میں ملا کر دیتے ہیں۔

مانع استعمال۔ اسکو گیلک ایسڈ۔ ٹینک ایسڈ۔ الکلی اور لڈ کے نمکوں کے ساتھ نہ دینا چاہیئے۔

انٹی ڈوٹ۔ ٹینک ایسڈ۔ کیٹی کو۔ گالز۔

اس سے لائکوار انٹی منی۔ انٹی مونیل پوڈر اور آئینٹمنٹ آف انٹی منی ٹارٹریٹ تیار کرتے ہیں۔

انٹی پائرن

اسکو فینائیل ہائیڈریزاین یا انیلین سے تیار کرتے ہیں۔

خواص۔ اسکی قلمیں بے بو۔ بیرنگ۔ تلخ ذائقہ کی ہوتی ہیں۔ ہموزن پانی اور کلوروفارم و الکوحال میں حل ہوتا ہے لیکن ایتھر میں کم۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ انٹی پائیریٹک۔ انٹس پازموڈک

اینوڈاین فیبریفیوج۔ ڈایافوریٹک۔ کسی قدر ڈایوریٹک اور سیڈیٹو ہے۔ اِسے اکیوٹ نیومونیا میں حرارت کو کم کرنے اور روماٹیزم کے درد کو رفع کرنے کے لئے دیتے ہیں۔ گاہے کنولشن کوریا اور تشنج میں بھی اسکو دیا کرتے ہیں لیکن یہ کلورل۔ اوپیم اور دیگر تشنج رفع کرنیوالی ادویات سے کم درجہ پر ہے کتوں کی کھانسی میں کوڈین کے ہمراہ اسکو دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ۱۵ سے ۳۰ گرین۔

ایکوا ڈسٹی لیٹا۔ ڈسٹلڈ واٹر

ترکیب۔ دس گیلن معمولی پانی ایک ایسے تانبے کے برتن میں ڈالیں جسکے ساتھ خالص قلعی دار نالی لگی ہو اور وہ نالی ایک دوسرے برتن سے پیوستہ ہو۔ اس پانی کو جوش دینے سے پانی بخارات بنکر نالی کے راستہ سے دوسرے برتن میں چلا جاتا ہے۔ تقریباً دو گیلن پانی جو اوّل بخارات بنکر دوسرے برتن میں داخل ہوتا ہے اسکو گرا کر بعد کا پانی رکھ لیتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ اکثر مرکبات کے تیار کرنیکے کام میں آتا ہے اس کے بجائے بارش کا پانی جوش دیکر استعمال کر سکتے ہیں۔

ایکوا منتھی پپریٹا۔ پیپرمنٹ واٹر

ترکیب۔ پیپرمنٹ آئل ۱½ ڈرام پانی ½ ۱ گیلن۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ کارمی نیٹو ہے۔ بدہضمی و نفخ شکم میں یا دیگر ادویات کے ہمراہ بدرقہ کے طور پر دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۸ سے ۱۰ اونس۔ مویشی ۸ سے ۱۲ اونس کتا ۱-۲ اونس۔

اری کانٹ

چھالیہ کا درخت ہندوستان میں ساحل مالابار اور کارومنڈل پر پیدا ہوتا ہے چھالیہ درخت کا بیج ہے اس میں ٹینک اور گیلک ایسڈ ہوتا ہے رنگت بھوری سُرخی مائل ذائقہ اسٹرنجنٹ ۔

اثر و استعمال ۔ اسٹرنجنٹ اور انتھل منٹک ہے ۔ ٹیپ ورم اور راونڈ درم کی ہلاکت کیلئے کتّوں کو دیتے ہیں اسکو دینے سے پیشتر کوئی ہلکا مسہل دیکر آنتوں کو خالی کر لینا چاہیئے ۔ کتّوں کو اسکا سفوف دودھ میں ملا کر دیتے ہیں اگر چھالیہ دینے کے بعد دست نہ آویں تو کسٹرائیل کی ایک خوراک دینی مناسب ہے ۔ چھالیہ کی تھوڑی مقدار سے قبض اور زیادہ مقدار سے ملین اثر ہوتا ہے ۔ اریکولین اسکا جوہر ہے ۔ پتلی کے انقباض کے لئے گھوڑوں کی آنکھ میں اسکا ایک فیصدی کا سلوشن ڈالتے ہیں ۔ یہ سائیلے گاگ اثر کرتا ہے ۔

خوراک ۔ گھوڑا ۴ ۔ ۶ ڈرام مویشی ۴ ۔ ۸ ڈرام ۔ کتّا ½ سے ۱ ڈرام دودھ یا تیل کے ہمراہ دینا چاہیئے ۔ کتّے کو ۲ گرین فی پونڈ وزن کے حساب سے دیتے ہیں ۔ ٹے نے لین اور ٹے نے جین دو مرکب ہیں ۔ جن میں چھالیہ کے کرم کش جوہر ہوتے ہیں جو کتّوں کے لئے مفید اور مؤثر ہوتے ہیں ۔

ارجنٹائی نائیٹراس سلور نائیٹریٹ ۔ لونر کاسٹک

ترکیب ۔ چاندی کے باریک تار ۳ اونس نائیٹرک ایسڈ ½ ۲ اونس آب مقطر ۳ فلوئیڈ اونس ملا کر آگ پر اُڑانے سے اس کی قلمیں بن جاتی ہیں انکو آگ پر گلا کر سانچوں میں ڈال کر بتیاں بنا لیتے ہیں ۔

خواص ۔ بیرنگ شفاف چوگوشہ قلمیں ہیں ۔ ہوا میں رکھنے سے خاکی یا سیاہ خاکی ہو جاتی ہیں اس میں بو نہیں ہوتی ۔ ذائقہ تلخ کاسٹک اور دھاتی ۔ پانی میں حل ہو جاتا ہے

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں کروسو زہر ہے دوائی مقدار میں ہٹی مولنٹ ٹانک اسٹرنجنٹ۔ مقامی آلٹریٹو ہے لیکن ان اغراض کے لئے اسکو نہیں کھلاتے۔ خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ مقامی آلٹریٹو اور کاسٹک ہے۔ کٹارل اور پر یولنٹ کنجنکیٹو ائیٹس۔ لیرنجائیٹس میں اسکا لوشن لگایا کرتے ہیں تیز لوشن سے پھنسیاں بیٹھ جاتی ہیں۔ بڑھے ہوئے انگوریا ناسور اور پاگل جانور کے کاٹے ہوئے زخم کو اس سے جلایا کرتے ہیں۔ لونر کاسٹک کا اثر گہرا نہیں ہوتا۔ اسلئے مقامی استعمال کیلئے بہتر ہے کتوں کے کوریا ایپی لیپسی اور دیگر اعصابی امراض میں اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ ڈینسٹری میں اسکے لوشن کا انیما بھی کرتے ہیں اس کے زہر کو آرجیرزم کہتے ہیں جسکا علاج نمک کا پانی پلانے سے کیا جاتا ہے۔

خوراک گھوڑا مویشی ۵۔۱۰ گرین۔ بھیڑ ۲۔۴ گرین۔ کتا ۱/۸ سے ۱/۲ گرین گولی یا بولس بنا کر کھلاتے ہیں۔ خارجی طور پر اسکا لوشن استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال۔ اسکو سلفیورک۔ ہائیڈروکلورک۔ ہائیڈرو سیانک ایسڈ۔ سوڈیم کلورائیڈ اور حل ہونے والے کلورائیڈ کے ساتھ نہیں دیتے۔

انٹی ڈوٹ۔ کھانیکا نمک پانی یا کسی ڈیل سنٹ چیز کے ہمراہ پلاتے ہیں۔

ارنیکا ریڈکس یا روٹ

جنوبی اور وسطی یوروپ کے پہاڑوں میں اسکا درخت خودرو ہوتا ہے۔

خواص۔ اسکی گانٹھیں موٹی کھردری اور تنہ روئیں دار ہوتا ہے۔ بو ناگوار اور مرچ کی طرح ہوتی ہے۔ اسکا ٹنکچر تیار کرتے ہیں۔

اسافیٹڈا

فیرولا نارتھکس کی تازہ جڑھ کو پاچھنے سے جو رس نکلتا ہے اسکو ہینگ کہتے ہیں۔

خواص۔ اسکے تازہ ڈلے کسی قدر سفید رنگ کے ہوتے ہیں۔ ہوا لگنے سے سرخی مائل یا بھورے ہوجاتے ہیں۔ ذائقہ تیز۔ تلخ۔ بو تیز۔ پانی ملانے سے سفید رنگ کا عرق بن جاتا ہے ہینگ۔ گرم پانی و رکٹی فائڈ سپرٹ میں حل ہوجاتی ہے
اجزا۔ لطیف روغن۔ ریزن اور گوند۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔ اکسپکٹورنٹ۔ ورمی فیوج ہے۔ اسکو کالک۔ کرانک برنکائیٹس۔ نفخ شکم۔ اور کتوں کے کوریا میں دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲-۴ ڈرام۔ بھیڑ ۱/۲ سے ۱½ ڈرام کتا ۱۰-۲۰ گرین
اس سے اینما اور ٹنکچر اسافیٹڈا تیار کرتے ہیں۔

اٹروپین

بیلاڈونا کا جوہر ہے جو جڑ کے تیز ٹنکچر سے نکالا جاتا ہے سلفیٹ آف اٹروپین ایک حصہ۔ کمفر واٹر ۹۹ حصے ملانے سے جو سلوشن بنتا ہے اس میں اٹروپین ۴ گرین فی اونس ہوتا ہے۔

خواص۔ اسکی یا تو سفید سوزنی قلمیں ہوتی ہیں یا سفوف ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ جلندار۔ ہوا لگنے سے رفتہ رفتہ زرد رنگ کا ہوجاتا ہے۔ پانی۔ الکوحال۔ ایتھر کلوروفارم میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اینوڈاین و انٹس پازموڈک ہے۔

خوراک پچکاری۔ گھوڑا ۱/۲ سے ۱ گرین۔ مویشی ۱-۲ گرین۔ بھیڑ ۱/۴ سے ۱/۲ گرین۔ کتا ۱/۴۰ سے ۱/۲۰ گرین۔

خوراک۔ لائکوار اٹروپین کی۔ گھوڑا ۱-۳ ڈرام۔ کتا ۱-۳ قطرے۔

اجوائن

اجواین کا پھل بازار میں عام طور پر فروخت ہوتا ہے اسکا فائدہ سٹی مولنٹ انٹس پازموڈک

سٹوماگک۔ کارمی نیٹو ہے۔ بدہضمی میں سیاہ نمک۔ سونٹھ اور چرائیتہ کے ساتھ اسکی گولی دیتے ہیں۔ کالک۔ ڈائریا اور ڈیسنٹری میں بھی اسکو دیتے ہیں ؛

خوراک۔ گھوڑا ۲۔ ۴ ڈرام۔ مویشی ۴۔ ۸ ڈرام۔ بھیڑا ۱۔ ۲ ڈرام۔ کتا ۱۰۔ ۲۰ گرین ؛

بالسم آف پیرو

مایراگزیلن پریرا درخت کی چھال کو چھیل دینے سے یہ روغن درخت کے تنہ سے ٹپکنے لگتا ہے ؛

خواص۔ بھورا سُرخی مائل گاڑھا سیال ہے۔ بُو خوش۔ ذائقہ دیرپا تلخ۔ پانی میں حل نہیں ہوتا۔ کلوروفارم اور ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں حل ہو جاتا ہے ؛

اثر و استعمال۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ انٹی سپٹک اور پراسٹی سائیڈ ہے۔ کتوں کے کرانک ایگزیما میں اور مویشی کے سارکوپٹک مینج و رنگ ورم کے کرم ہلاک کرنیکے لئے اسکا مرہم (۱۔۸) لگاتے ہیں۔ زخموں پر بھی گاہے اسکو لگاتے ہیں۔ داخلی طور پر سٹوماٹک۔ کارمی نیٹو۔ ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک انٹس پازموڈک ہے۔ بالسم کا ایملشن۔ ایتھر۔ گلسرین۔ انڈے کی سفیدی اور پانی کے ساتھ بناتے ہیں۔ اس سے ٹنکچر بنزوان بنتا ہے ؛

بیلاڈونا لیوز۔ بیلاڈونا فولیا

اسکے درخت کو ایٹروپا بیلاڈونا کہتے ہیں۔ اسکے پتے بیضوی شکل کے جنکی بالائی سطح بھوری سبز اور زیرین خاکی سبز اور بو خفیف۔ ذائقہ تلخ ناگوار ہوتا ہے۔ پتوں کو خشک کر کے سفوف کر لیتے ہیں۔ اسکے دو جوہر ہوتے ہیں ؛

۱۔ ایٹروپین۔

۲۔ ہائیوسایمین پتوں میں ۴۶، فیصدی ایٹروپین ہوتا ہے ؛

اثرو استعمال۔ زیادہ مقدار میں بیلاڈونا نارکاٹک زہر ہے طبی خوراکوں میں انیوڈاین۔ انٹس پازموڈک کسی قدر ڈایوریٹک۔ اور سیڈیٹو ہے۔ اس سے پتلی پھیل جاتی ہے۔ اسکو کالک اکیوٹ و کرانک روماٹیزم۔ انفلوانزا۔ کتار۔ برنکائیٹس نیومونیا۔ پرپیورا۔ سور تھروٹ۔ اینٹرائیٹس۔ نیورلجیا۔ ٹیٹنس۔ نفرائیٹس بسٹائیٹس۔ ڈایریا۔ ڈیسنٹری میں دیتے ہیں۔ میمائیٹس میں اسکو گلسرین میں حل کرکے لگانے سے دودھ کی پیدائش کم ہوکر سوزش رفع ہوجاتی ہے روماٹیزم اور اعصابی دردوں پر اسکو ایکونائیٹ کے ساتھ ملاکر لگاتے ہیں۔ ذرا زیادہ مقدار میں کھلانے سے پتلیاں پھیل جاتی ہیں منہ۔ زبان۔ اور حلق خشک ہوجاتا ہے +

خوراک پتوں کی۔ گھوڑا مویشی ½ سے ایک اونس کتا ۱۔ ۵ گرین۔ اس سے ایکسٹریکٹ۔ بیلاڈوناماس۔ اپلاسٹر بیلاڈونا ٹنکچر بیلاڈونا۔ گلسرین آف بیلاڈونا آئنٹمنٹ آف بیلاڈونا۔ لینی منٹ آف بیلاڈونا تیار کرتے ہیں +

زہر کا علاج۔ سٹمک پمپ لگادیں۔ مقئی ادویات مثلاً سلفیٹ آف کاپر اور پرگیٹو یں قے اور جلاب کے بعد افیون یا کارڈیک سٹی مولنٹ دوائیاں دیں پیلوکارپین کی زیر جلد پچکاری کریں۔ خارجی حرارت پہنچادیں۔ تار بجلی لگائیں اور مصنوعی تنفس قائم کریں +

بیلاڈونا روٹ

اثر ویا بیلاڈونا کی جڑ کے ٹکڑے بیلن نما کسی قدر چپٹے ہوتے ہیں۔ رنگت بھوری خاکی اندرونی حصہ سفید یا مائل۔ تقریباً بے بو۔ ذائقہ شیریں بعد میں تلخ اور جلند ارہوتا ہے اسکا انفیوژن پتلی کو پھیلادیتا ہے۔ اس سے ایکسٹریکٹ لینی منٹ اور ٹنکچر تیار کرتے ہیں +

بنزوائین

یہ ایک رالدار روغن ہے جو سٹا یرکس بنزوان کی چھال کو پاچھنے سے نکلتا ہے۔ اسکا درخت سیام۔ سماٹرا۔ بورنیو اور جاوا میں ہوتا ہے۔

خواص۔ اسکے ڈلے زرد یا ئل بھورے رنگ کے اندر سے دُودھ کی طرح سفید ہوتے ہیں۔ گرم کرنے سے بنزواک ایسڈ کے بخار نکلتے ہیں بُو خوشگوار بلسان کی طرح ذائقہ ہلکا خوشگوار ہوتا ہے۔

اس میں سے بنزواک ایسڈ۔ چند رالیں اور ایک لطیف روغن نکلتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اندرونی طور پر سٹی مولنٹ۔ انٹی سپٹک۔ انٹس پازموڈک ہے لیکن اسے اندر نہیں دیتے۔ خارجی استعمال میں انٹی سپٹک۔ سٹی مولنٹ۔ ڈیوڈورائیزرس۔ ڈس انفکٹنٹ ہے۔ کمپونڈ ٹنکچر آف بنزوائن کو جسے فرایئرز بالسم بھی کہتے ہیں زخم اور چوٹ پر گاہے تھرش۔ کنکر۔ اور برذرسول میں لگایا کرتے ہیں۔

بوریکس

ہندوستان اور دیگر ممالک میں جھیلوں کے کناروں پر خام سہاگہ قدرتاً پایا جاتا ہے۔ اسکو صاف کر لیتے ہیں۔

خواص۔ اس کی قلمیں بیرنگ۔ شفاف ہوتی ہیں۔ ذائقہ کھاری اور کسی قدر شیریں۔ ہوا لگنے سے تھوڑا سا بھربھرا ہو جاتا ہے۔ پانی اور گلسرین میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ خارجی استعمال میں انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ انٹاسڈ اسٹرنجنٹ۔ ڈیٹرجنٹ ہے۔ اس سے چونکہ خراش نہیں ہوتی اس لئے عموماً آنکھ۔ مُنہ۔ ناک۔ اندام نہانی۔ یورتھرا۔ اور مثانہ کی خراش میں اسکا لوشن استعمال کرتے ہیں گاہے جلد کے کرم مارنے اور خراش رفع کرنے کے لئے اور زخموں پر ۱ء۵ یا ۶ حصے گلسرین کے ہمراہ لگاتے ہیں۔ آیوڈوفارم کے ساتھ ملاکر زخموں پر اسکا سفوف

چھڑکا جاتا ہے +

بچو لیوز

یہ بیراس ما بیوتیولا ینا کے پتے ہیں۔ اسکا پودا راس امید اور جنوبی افریقہ میں ہوتا ہے +

خواص۔ بچو کے پتے گولائی نماء بیضوی ہلکے زرد یمائل۔ بو تیز۔ ذائقہ کسی قدر پودینہ کی طرح ہوتا ہے اس میں لطیف روغن۔ گودا اور ایک قلمدار شئے پودینہ کی طرح خوشبودار ہوتی ہے +

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایا فوریٹک۔ ٹیٹرانک۔ وس الفکنٹ ہے اسکو سسٹائٹس۔ یورتھرائٹس۔ کرانک نیفرائٹس اور کا ہے کھانسی میں دیتے ہیں +

خوراک۔ گھوڑا ایک سے دو اونس۔ مویشی ۲-۴ اونس۔ کتا ۱۰-۳۰ گرین +

گھوڑونکو اسکا انفیوژن تنہا یا بیلاڈونا۔ اوپیم۔ ہایوسائمس یا پوٹاسیم برومائیڈ کے ساتھ ایک سے چار پائنٹ دیتے ہیں +

کلورائیڈ آف کیلسیم

ترکیب۔ سنگ مرمر پر ہائیڈروکلورک ایسڈ ڈال کر اس میں تھوڑا سا سلوشن کیلسیم ہائپوکلورائیڈ اور کیلسیم ہائیڈریٹ ملا کر قلمیں بنا لیتے ہیں یا جب کیلسیم کاربونیٹ کو ہائیڈروکلورک ایسڈ میں حل کیا جاتا ہے تو اس سے کیلسیم کلورائیڈ۔ پانی اور کاربانک انہائیڈرائیڈ پیدا ہوتے ہیں۔ یا کھریا مٹی پر ہائیڈروکلورک ایسڈ ڈالنے سے تیار کرتے ہیں +

خواص۔ اسکی ڈلیاں سفید خشک اور جلدی سے پانی جذب کر لیتی ہیں پانی و الکوحال میں حل ہو جاتا ہے اس سے ایتھر اور دیگر عرق صاف کئے جاتے ہیں۔ انٹی سپٹک و آلٹر یٹو ہے گاہے جلدی امراض میں گھوڑوں کو ایک ڈرام کی خوراک میں دیا جاتا ہے

انسانی طبابت میں مقامی جریان خون بند کرنیکو اسکا سلوشن ۲۰ گرین فی اونس کے حساب سے استعمال کرتے ہیں +

سلیکڈ لائم - بجھا ہوا چونہ

تازہ چونہ جلا ہوا ۲ پونڈ لیکر ایک پائینٹ آب مقطر میں ڈالکر ہلاتے ہیں سرد ہونے پر لوہے کی چھلنی میں چھان کر سفوف کو بوتل میں رکھ لیتے ہیں۔ اسکو ہوا سے بچانا چاہیئے ورنہ کاربانک ایسڈ گیس اس میں جذب ہوجاتی ہے +

خواص - سفید سفوف ہے پانی میں بہت تھوڑا حل ہوتا ہے +

اثر و استعمال - داخلی طور پر اریٹنٹ - کروسیو - کاسٹک - انٹاسڈ ہے - آرسنک واری ٹنٹ زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ انٹاسڈ فائدہ کے لئے لائم واٹر بناکر انڈیجسچن - ڈایریا اور ٹمپی نائیٹس میں دیتے ہیں +

خوراک - گھوڑا و مویشی ۱ - ۳ ڈرام - بھیڑ ۲۰ گرین سے ایک ڈرام - کتاہ سے ۲۰ گرین +

گولی یا بولس بناکر یا دودھ اور لعابدار عرقیات کے ساتھ دیتے ہیں اسکو حدنی اور نباتی تیزاب - امونیا کے مرکبات اور انٹی منی ٹارٹ کے ہمراہ نہیں دیتے۔ اس سے کیرن آئیل - لائم واٹر - یلو واش اور بلیک واش تیار کرتے ہیں +

کواشیا

پکرینا ایکسل سا کے تنے اور شاخوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے دوا فروش فروخت کرتے ہیں اسکے جوہر کو کواسین کہتے ہیں۔ اسکا انفیوژن اور ٹنکچر استعمال کرتے ہیں +

ترکیب انفیوژن - کواشیا ایک اونس - واٹر ۵ پائینٹ +

ترکیب ٹنکچر - کواشیا ایک اونس - الکوحال ۱۰ اونس +

اثر و استعمال - اسکا اثر جنشن اور کلمبا کی مانند ہے چونکہ اس میں ٹےنک ایسڈ

نہیں ہوتا اسلئے اسکو فولاد کے مرکبات کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں اسکا بٹر ٹانک اثر جنشن اور کلمبا کی طرح ہوتا ہے رینگثم کے کرم مارنیکے لئے اسکے انفیوژن کا حقنہ کرتے ہیں اگر اسکے انفیوژن میں گلسرین ملاکر جانوروں کے جسم پر اسکی مالش کرکے چرنے کو چھوڑا جائے تو مکھیوں سے محفوظ رہتے ہیں کیونکہ مکھیوں پر اسکا نارکاٹک اثر ہوتا ہے۔

خوراک انفیوژن۔ گھوڑا ۲-۴ اونس۔ کتا ½ سے ۱ ڈرام۔
خوراک ٹنکچر۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ اونس۔ بھیڑ ۱-۲ ڈرام۔ کتا ½ سے ایک ڈرام۔

کلمباروٹ

اسکے درخت کو کاکیولس پالیمیٹس کہتے ہیں جو افریقہ میں پیدا ہوتا ہے اسکی جڑھ دوا میں استعمال کرتے ہیں۔

خواص۔ جڑھ کے قرص تقریباً گول۔ بیرونی حصہ شکندار۔ سبزیمائل بھورا اندرونی زرد یمائل یا خاکی بھورا اور درمیانی حصہ دبا ہوا ہوتا ہے۔ بو خفیف۔ ذائقہ لعابدار۔ کسی قدر خوشبودار اور تلخ اس میں کلمبین۔ بربرین۔ کلمبک ایسڈ اور سٹارچ ہوتا ہے چونکہ اس میں گیلک اور ٹے نک ایسڈ نہیں ہوتا۔ اس لئے اسکو فولاد کے مرکبات کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں چونکہ اس میں سٹارچ ہوتا ہے اس لئے آیوڈین کے ہمراہ دینے سے یہ مرکب سیاہ ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ بٹر ٹانک اور سٹوماکک ہے۔ بدہضمی۔ کمزوری اور مزمن ڈایریا و ڈیسنٹری میں دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۲ سے ۴ ڈرام۔ مویشی ۲ سے ۶ ڈرام۔ بھیڑ ۱ سے ۲ ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۳۰ گرین۔ اسکا سفوف یا انفیوژن بناکر دیا کرتے ہیں۔

کنوسل

یہ ایک پوٹاسیم سالٹ ہے جو آکسی کنولین اور سلفیورک ایسڈ کا مرکب ہے۔

خواص۔ زرد رنگ کا نہایت باریک قلمدار سفوف ہے پانی میں بہت جلدی حل ہوجاتا ہے اس پر ایلبومن کا کچھ اثر نہیں ہوتا لیکن انکلی دوائیوں سے تہ نشین ہوجاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ قوی انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ ڈیوڈورنٹ ہے۔ اسکے ایک فیصدی کے سلوشن سے انتھراکس کے سپور اور ۵ فیصدی کے سلوشن سے سٹافی لوکاکائی ہلاک ہوجاتے ہیں اسکا ۵ اگرین فی پائینٹ کا سلوشن ۲½ فیصدی فینول سلوشن کے برابر ہوتا ہے سفوف کی نسبت اسکا سلوشن زیادہ مؤثر ہے۔ جراحی کے مطالب کیلئے ½ سے ایک گرین فی اونس کا سلوشن مفید ہوتا ہے۔ اسکو جراحی حیوانات میں انٹی سپٹک فائیدہ کے لئے اکثر استعمال کرتے ہیں بعض معالج اسکو دیگر انٹی سپٹک ادویات پر ترجیح دیتے ہیں اگر اسکا سفوف استعمال کرنا ہو تو اس میں بورک ایسڈ و زنک اکسائیڈ ملا لینا چاہیئے۔ معمولی احتیاط سے کُتّوں پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ملک فیور کے علاج میں ۸ - ۱۵ گرین فی پائینٹ کے سلوشن کی پچکاری اگر گائے کے تھنوں میں کیجاوے تو کہتے ہیں۔ کہ پوٹاسیم آیوڈائیڈ کے سلوشن سے بہتر اثر کرتا ہے۔ ہر ایک تھن میں نصف پائینٹ سلوشن پچکاری کرکے بعد میں ہوا داخل کرتے ہیں۔

کلوروڈین کمپونڈ ٹنکچر آف کلوروفارم اینڈ مارفائین

برٹش فارماکوپیا کے کلوروڈین میں مندرجہ ذیل دوائیاں شامل ہیں:۔

مارفائین ہائیڈروکلورائیڈ۔ ڈایلوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ۔ کلوروفارم۔ ٹنکچر کینبس انڈیکا ٹنکچر کیپ سیکم۔ پیپرمنٹ آئیل۔ گلسرین۔ الکوحال۔

کلوروڈین کے ۱۰ قطروں میں مارفائین ہائیڈروکلورائیڈ $\frac{1}{4}$ گرین۔ کلورافارم $\frac{3}{4}$ قطرہ ڈائیلوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ $\frac{1}{4}$ قطرہ ٹنکچر کینے بس انڈیکا ایک قطرہ۔ ٹنکچر کیپسیکم $\frac{1}{4}$ قطرہ ہوتا ہے۔

اثرواستعمال۔ اسٹرنجنٹ۔ انوڈاین۔ انٹس پازموڈک۔ سیڈیٹو۔ ہپ ناٹک۔ نارکاٹک ہے۔ کتوں کے ڈایریا و ڈیسنٹری میں اسکو اکثر استعمال کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ اونس۔ کتا ۵-۱۵ قطرے۔

کریولین

زمانہ حال کے معالج اسکو سیلین کہتے ہیں یہ گہرے رنگ کا سیال ہے جو کول ٹار سے تیار کیا جاتا ہے اس میں ۵۰ فیصدی اکسیڈ ایزڈ ہائیڈروکاربان ہوتے ہیں۔ لیکن فینول نہیں ہوتا۔ پانی کے ساتھ مل کر اسکا سفید ایملشن بن جاتا ہے۔

اثرواستعمال۔ جرمے سائیڈ۔ انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورنٹ۔ پراسٹی سائیڈ ہے اسکو اندرونی طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ یہ کاربالک ایسڈ سے زیادہ قوی جرمے سائیڈ ہے لیکن کاسٹک نہیں ہے اور کم خطرناک ہے۔

انٹی سپٹک اور ڈس انفکٹننٹ فائدہ کیلئے اسکو کاربالک ایسڈ سے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ گھوڑوں و مویشی کی گیسٹرک ٹمپنی میں اسکو دیگر ادویات کے ہمراہ ملا کر دیا کرتے ہیں اس سے نفخ جاتا رہتا ہے تمام سپٹک امراض میں انٹی سپٹک فائیدہ کیلئے اسکو اندر دیتے ہیں۔ خارجی طور پر زخموں کو صاف کرنیکے لئے اسکا ایک یا دو فیصدی کا سلوشن استعمال کیا جاتا ہے اگر زخم گندے اور خراب ہوں تو مذکورہ بالا سلوشن سے زیادہ تیز سلوشن استعمال کرنا چاہئیے۔ اسکے سلوشن میں اوزاروں کو بھی پاک و صاف کیا جاتا ہے۔ لیکن ہلکے سلوشن میں اوزار ڈالنے چاہئیں ورنہ وہ دکھائی نہ دینگے۔ جلدی امراض میں بھی اسکے سلوشن کو دیگر ادویات کے ہمراہ استعمال کرتے ہیں لیکن اس بات کا خیال رہے کہ سلوشن زیادہ تیز نہ ہو۔

خوراک گھوڑا و مویشی ۲-۴ ڈرام کتا ۱-۱۰ قطرے بہت سا پانی ملا کر پلاتے ہیں

کمپونڈ ٹنکچر آف بنزوائین فرایرز بالسم

ترکیب۔ بنزوائین کا سفوف دو اونس۔ پریپرڈ سٹورکس[1] ۱½ اونس۔ بالسم آف ٹولو ½ اونس۔ سکوٹراین ایلوزہ ۲۰ گرین۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ ایک پائینٹ ۔

اثر و استعمال۔ اندرونی استعمال میں ایکس پکٹورنٹ۔ انٹی سپٹک ہے خارجی طور پر زخموں پر لگانے سے سٹپٹک اور سٹی مولنٹ اثر کرتا ہے۔ اسکو گاہے کرانک برنکائیٹس میں دیا کرتے ہیں لیکن لیرنکس اور برانکائی کے امراض میں اکثر اسکا بھوپارہ سنگھاتے ہیں۔ خارجی طور پر اسکو نا تندرست زخموں پر سٹی مولنٹ فائدہ کے لئے لگاتے ہیں ۔

لائم کیلسیم اکسائیڈ۔ چونہ

سنگ مرمر کو جلانے یا قدرتی کاربونیٹ آف کیلسیم کی صاف قسم کو جلا کر کاربن ڈائی اکسائیڈ کو خارج کرنے سے تیار ہوتا ہے ۔

خواص۔ اسکے ڈلے سخت سفید یا خاکی سفید ہوتے ہیں۔ ہوا میں رکھنے سے نمی کو جذب کر کے سفوف بنجاتا ہے۔ بے بو۔ ذائقہ تیز اکال۔ پانی میں تھوڑا سا حل ہو جاتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ کاسٹک۔ ڈیسی کنٹ۔ کروسیو۔ انٹاسڈ۔ اسکو زخموں پر چھڑکتے ہیں اور لائم واٹر بنانے کے کام آتا ہے ۔

کلوری نیٹڈ لائم۔ کلورائیڈ آف لائم

بجھے ہوئے چونہ میں کلورین گیس کو جذب کرنے سے تیار کرتے ہیں ۔

---

[1] ایک قسم کا بالسم ہے جو بالسم آف پیرو اور ٹولو سے ملتا ہے ۔

خواص۔ سفید سفوف ہے اس میں سے کلورین کی بو آتی ہے کسی قدر پانی میں حل ہو جاتا ہے ◆

اثر و استعمال۔ اندرونی طور پر سٹی مولنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ آلٹریٹو۔ انٹی سپٹک خارجی استعمال میں انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ ڈیوڈورایزرس اور سٹی مولنٹ ہے سلفیوریٹڈ ہائیڈروجن گیس کے زہر میں مفید ہے۔ ٹیپے نائیٹس میں اس سے فائیدہ ہوتا ہے۔ تھرش کنکر۔ اور دیگر خراب قسم کے السروں پر اور مینج و جلدی امراض میں اسکا مرہم یا لوشن لگاتے ہیں ◆

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲-۴ ڈرام۔ بھیڑ ۱-۲ ڈرام ◆

کمبوجیا۔ گمبوج۔ عصارہ ریوند

گارسی نیا موریلا۔ یا گارسی نیا ہن بورائی کے درخت سے ایک گوندار رال ٹپکتی ہے اسکو گمبوج کہتے ہیں اسکا درخت سیام۔ انام اور کمبوجا میں پیدا ہوتا ہے ◆

خواص۔ اسکے ٹکڑے بیلن نما زرد ہوتے ہیں توڑنے پر موم کی طرح چمکدار نارنجی سُرخ رنگ کے دکھائی دیتے ہیں اسکا سفوف زرد۔ چمکدار۔ بے بو۔ ناگوار ذائقہ رکھتا ہے سونگھنے سے چھینکیں آتی ہیں پانی میں حل ہو کر زرد عرق بن جاتا ہے اِس میں گمبوجک ایسڈ اور ایک رال ہوتی ہے ◆

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے طبی خوراک میں سخت ہائیڈریگاگ پرگیٹو اور خفیف ڈایوریٹک ہے چونکہ اسکا اثر قابل اعتبار نہیں۔ اور اینٹھن پیدا کرتا ہے اسلئے صرف مویشی و بھیڑ کو اسکا جلاب دیتے ہیں۔ کتوں کو زیادہ مقدار سے قئے ہو جاتی ہے۔ مویشی کی بدہضمی۔ سخت قبض۔ فارڈل بونڈ۔ سٹمک ورٹیگو میں دیگر نمکوں کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں اسکے زہر میں ڈیمل سنٹ اشیاء اور اوپیم تھوڑی مقدار میں بار بار دینی چاہئیے ◆

خوراک۔ مویشی ۴-۸ ڈرام۔ بھیڑ ۱۵-۳۰ گرین ◆

کمفر۔ کافور

صروری

اسکے درخت کو کمفورا افیسی نیرم کہتے ہیں۔ جو چین۔ جاپان۔ کوچن چائینا اور جزائر سنڈا میں پیدا ہوتا ہے کافور ایک منجمد روغن ہے جو درخت مذکور کی شاخوں پتوں اور جڑوں کو جوش دینے سے حاصل ہوتا ہے جوش دادہ عرق کے سرد ہونے پر کافور کا طبق عرق کے اوپر جم جاتا ہے۔ اس منجمد طبق کو دوبارہ چونہ کے ساتھ صاف کر لیتے ہیں۔

خواص:۔ اسکے ٹکڑے سفید شفاف۔ قلمدار ہوتے ہیں تھوڑے سے الکوحال ایتھر۔ کلورافارم میں جلدی سے اسکا سفوف ہوجاتا ہے۔ بو خاص قسم کی اور ذائقہ چرپرا خوشبودار۔ پانی میں بہت تھوڑا حل ہوتا ہے الکوحال۔ ایتھر۔ کلورافارم۔ بنزین۔ دودھ۔ لطیف و کثیف روغنوں میں جلدی حل ہوجاتا ہے ہوا میں رکھنے سے اور تھوڑی حرارت سے اُڑ جاتا ہے۔ پانی میں جلاکر رکھدیں تو تیرتا اور جلتا رہتا ہے۔

اثر و استعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ نارکاٹک زہر ہے۔ طبی خوراک میں سٹی مولنٹ۔ انیوڈاین۔ انٹس پازموڈک۔ ایکسپکٹورنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک تھوڑی مقدار میں ایفروڈسی اک اور زیادہ مقدار میں این ایفروڈی سی اک اور ہلکا انٹی پایریٹک ہے خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ خفیف انٹی سپٹک۔ جرم سائیڈ ڈیوڈورایزرس ہلکا اری ٹنٹ۔ روبی فی شنٹ اور کسی قدر انستھیٹک ہے کالک۔ لکانٹس فیرنجائٹس۔ بخار بگڑ کر ہوائے شدید امراض مثلاً انفلوانزا۔ اسہال۔ گندرگاہ آلات تولید و پیشاب کی خراش۔ کُتوں کے ڈسٹمپر سکوریا اور دل کے عصبی اختلاج میں استعمال کرتے ہیں۔ الکوحال۔ اوپیم۔ بیلاڈونا کے زہروں سے جب غشی ہوجاتی ہے اور دل کا فعل رُکجاتا ہے تو کافور سے اعصاب اور دَوران پر اچھا سٹی مولنٹ اثر پیدا ہوتا ہے سُست زخموں پر کافور کا سفوف چھڑکتے ہیں۔ ارٹی کیریا میں کافور کو کھریا مٹی یا زنک اکسائڈ کے ہمراہ استعمال کرتے ہیں۔ موچ اور کچلے ہوئے حصّوں پر۔ نیز روماٹیزم و عضلات کے درد میں روبی فی شنٹ اور مقامی انیوڈاین

غرض کے لئے اسکا لینی منٹ بنا کر مالش کرتے ہیں کھانسی و آلات تنفس کے امراض میں اسکو بیلاڈونا کے ساتھ بشکل ایلکچوری دیا کرتے ہیں یا سپرٹ نائیٹرس ایتھر اور امونیا کے مرکبات کے ساتھ بشکل عرق پلاتے ہیں اس سے کمفر واٹر۔ کمفر لینی منٹ۔ ٹرپن ٹائین لینی منٹ ایکونائیٹ لینی منٹ۔ آیوڈین لینی منٹ کمپونڈ اوپیم لینی منٹ۔ سوپ لینی منٹ ٹنکچر کمفر سپرٹ آف کمفر۔ تیار کرتے ہیں ●

خوراک۔ گھوڑا۔ ایک سے ۲ ڈرام مویشی ۲۔ ۴ ڈرام۔ بھیڑ ۱۵ گرین سے ۱ ڈرام۔ کتا ۲۔ ۱۰ گرین۔ گولی یا ایلکچوری بنا کر یا ڈرافٹ کی شکل میں دیتے ہیں ●

کنتھریڈیس تیلنی مکھی

تیلنی مکھی دو قسم کی ہوتی ہے ایک یوروپ۔ جرمنی اور روس میں پیدا ہوتی ہے اسکو کنتھیرس ویسیکے ٹوریا یا پے نش فلائی کہتے ہیں۔ دوسری ہندوستان میں پیدا ہوتی ہے اسکو مایلابرس سیکوریائی کہتے ہیں۔ انگریزی مکھی کے عوض ہندوستانی مکھی استعمال کرسکتے ہیں یہ مکھیاں درختوں پر بیٹھتی ہیں۔ شب کو درخت کے نیچے سفید کپڑے بچھا کر درخت کو ہلانے سے تمام مکھیاں کپڑے پر گر جاتی ہیں انکو جمع کر کے کسی چھلنی میں ڈالکر تارپین یا سرکہ یا پانی کی بھانپ وغیرہ مار ڈالتے ہیں اور بوتلوں میں بند کر کے رکھ لیتے ہیں۔ اسکا سفوف اگر کھلا رہے تو کچھ عرصہ کے بعد خراب ہو جاتا ہے۔ ان مکھیوں کی لمبائی ½ سے ایک انچ تک مختلف ہوتی ہے انکا بالائی حصہ سیاہ اور شفاف۔ ہر دو پروں میں سبز رنگ کے چمکدار ذرات دکھائی دیتے ہیں۔ بو تیز اور ناگوار۔ ذائقہ ہلکا بعد میں تلخ اس میں کئی ایک جوہر ہوتے ہیں مگر کنتھریڈین زیادہ کار آمد ہے ●

اثر و استعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ۔ نروائین ٹانک۔ اور ڈایوریٹک۔ خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ روبی فی شنٹ۔ ویسی کنٹ۔ کاونٹر اری ٹنٹ ہے۔ گھوڑوں پر اسکا اثر زیادہ۔ بھیڑ و

کُتے پر کم اور مویشی پر سب سے کم ہوتا ہے کاونٹر اریٹنٹ فائیدہ کیلئے اسکا مرہم اکثر اندرونی سوزشی امراض مثلاً نیومونیا۔ پلوریسی۔ برنکائیٹس۔ فلی بائیٹس۔ روماٹیزم میں لگایا کرتے ہیں۔ نا تندرست زخم اور ناسور اسکے لگانے سے اچھے ہو جاتے ہیں مزمن فالج اور جوڑ۔ ہڈی و نسوں کی مزمن سوزش میں اسکے بلسٹر سے نہایت فائیدہ ہوتا ہے گاہے ڈایوریٹک فائیدہ کے لئے اسکا ٹنکچر یا گولی دیتے ہیں لیکن اسکو زیادہ استعمال کرنے سے گذرگاہ پیشاب میں سوزش ہوجانیکا احتمال ہوتا ہے اگر اسکا بلسٹر یا لینی منٹ وسیع حصہ پر یا گردوں کے نزدیک لگایا جاوے تو اس سے بھی گردوں میں سوزش ہو جاتی ہے۔ فیوس۔ رنگ ورم۔ اور دیگر جلدی امراض میں بھی اس سے فائیدہ ہوتا ہے اس سے ایسیٹم کنتھریڈس۔ آئینٹمنٹ۔ لینی منٹ ٹنکچر۔ سلوشن اور اولیم کنتھریڈس تیار کرتے ہیں بلسٹر کا اثر ۳-۱۲ گھنٹے کے اندر ہونے لگتا ہے ؂

خوراک۔ گھوڑا ۵-۱۰ گرین۔ مویشی ۱۰-۲۰ گرین۔ بھیڑ ۲-۸ گرین۔ کُتا ½ سے ۱ گرین ؂

زہر کا علاج۔ اگر بلسٹر لگانے سے زہر کی علامات پیدا ہوں تو بلسٹر شدہ حصہ کو گرم پانی اور بائی کاربونیٹ آف سوڈا سے دھو کر کاربونیٹ آف پوٹاش۔ آلیو آئل اور پانی کا ایملشن بنا کر لگانا چاہیئے۔ صرف تیل یا چربی لگانے سے کنتھریڈین جلدی اور آسانی سے جذب ہو جاتا ہے۔ لہذا اسکو نہ لگانا چاہیئے۔ اندرونی طور پر لعابدار ڈیمل سنٹ اشیاء پلادیں اگر درد بھی ہو تو اوپیم اور کاربونیٹ آف سوڈا دیں ؂

امراض گردہ و آلات پیشاب کی خراش اور کمزوری میں نیز خراشندہ حصوں کی خراش جبتک کم نہ ہو بلسٹر نہ لگانا چاہیئے۔ بلسٹر لگانیکے بعد گھوڑے کے سر کو مضبوط باندھ دیا کرتے ہیں تاکہ بلسٹر کو چاٹ نہ لے۔ بلسٹر کا اثر ۱۲-۲۰ گھنٹوں کے اندر رفع ہو جاتا ہے ایک وقت میں دو ٹانگوں سے زیادہ پر بلسٹر نہ لگانا چاہیئے۔ بلسٹر لگانے سے تین ہفتہ کے بعد دوسرے مقام پر بلسٹر لگانا مناسب ہے اگر بلسٹر کا اثر ۳۰ گھنٹوں کے اندر پیدا نہ ہو تو تھوڑا سا مرہم اور لگادیں لیکن احتیاط رہے کہ بلسٹر زیادہ تیز نہ ہو جاوے

گھٹنے اور ایڑی کے پیچھے اور ہاک کے پیش پر بلسٹر نہ لگانا چاہیئے گرم موسم میں تیز اور وسیع حصہ پر بلسٹر لگانے سے نقصان ہوتا ہے اگر بلسٹر دم کے قریب لگانا ہو تو دم کا باندھنا ضروری ہوتا ہے کتوں پر بلسٹر لگانے میں نہایت احتیاط درکار ہے۔

چارکول ۔ کوئیلہ

تین قسم کا کوئیلہ ہوتا ہے۔ لکڑی کو بند جگہ میں جلانے سے لکڑی کا کوئیلہ بنتا ہے۔ ہڈیوں کو اُبال کر انکی چربی نکال دیتے ہیں پھر انکو بند برتن میں جلانے سے ہڈی کا کوئیلہ بنتا ہے۔ تیسری قسم پتھر کا کوئیلہ ہے یہ کانوں میں سے نکلتا ہے۔

اثر و استعمال ۔ خارجی استعمال میں انٹی سپٹک ۔ ڈس انفکٹنٹ ۔ ڈیوڈورایزرس ۔ ہڈی کا کوئیلہ ۔ سنکھیا ۔ افیون ۔ ایکونائیٹ اور سٹرکینیا کے زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ لکڑی کے کوئیلہ کا سفوف زخموں پر چھڑکنے سے وہ خشک ہو جاتے ہیں گاہے اسکو پلٹس میں ملا کر زخم پر لگاتے ہیں۔ نفخ شکم گیسٹرک انڈ یجسچن میں دینے سے فایدہ ہوتا ہے مکان میں جابجا کوئیلہ کو بچھانے اور لٹکانے سے بدبو رفع ہوتی ہے۔

خوراک ۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس ۔ مویشی ۱ ۔ ۲ اونس ۔ بھیڑا ۔ ۳ ڈرام ۔ کتا ۲۰ ۔ ۶۰ گرین۔

کارڈیم ۔ الائچی

اسکے درخت کو ایلے ٹیریا کارڈیموم یا ایلٹیریس ری پنز کہتے ہیں جو ساحل مالا بار پر پیدا ہوتا ہے۔

خواص ۔ اسکے بیج بیضوی ہوتے ہیں جنکے اوپر ایک پتلا بے ذائقہ چھلکا ہوتا ہے۔ رنگت سرخی مائل بھوری ۔ ذائقہ خوشگوار چرپرا اور خوشبودار ۔ دوائیوں کو خوشرنگ بنانے کے کام آتا ہے۔

اثر و استعمال و خوراک ۔ سونف کی طرح ہے۔

واضح ہو کہ لونگ۔ سوئے۔ زیرہ۔ دھنیا اور سُرخ مرچ کا فائدہ و استعمال سونف کی طرح ہے۔

کسکریلا بارک

یہ کروٹن ایلوٹیریا کی چھال ہے اسکی کاشت جزائر بہاما میں ہوتی ہے۔ چھال کو دوا میں استعمال کرتے ہیں۔

خواص۔ چھال کے ٹکڑے خم کھا کر پر کی قلم کی شکل کے ہو جاتے ہیں انکے اوپر ایک خاکی رنگ کی کائی سی لگی ہوتی ہے جلانے سے مُشک کی طرح تیز بو آتی ہے ذائقہ گرم اور سخت تلخ ہوتا ہے اس کے جوہر کو کسکریلین کہتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ ایرو ماٹک۔ سٹوماکک ٹبر ٹانک اور قدرے اسٹرنجنٹ ہے کمزوری۔ بدہضمی۔ ڈایریا اور بخاروں میں اسکا سفوف ٹنکچر یا انفیوژن دیا کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۲-۴ ڈرام۔ مویشی نصف سے ایک اونس۔ بھیڑا ۱-۲ ڈرام کُتّا ۱۰-۳۰ گرین۔

مسٹرڈ پلٹس۔ رائی کی پُلٹس

رائی کا سفوف ۲½ اونس۔ السی کا آٹا ۲½ اونس۔ گرم پانی ۱۰ اونس۔

اثر و استعمال۔ سیرس و میوکس ممبرین کی سوزش کو رفع کرنیکے لئے روبی فی شنٹ فائیدہ کیلئے لگاتے ہیں اس سے نیورلجیا۔ سپزم اور دیگر غدود یا اعضاء کے کنجیشن کو آرام ملتا ہے۔ تیز گرم پانی ملانے سے اسکا جوہر اُڑ جاتا ہے۔ سفوف رائی اور سلوشن امیونیا کو مساوی مقدار میں ملانے سے جو پُلٹس بنتی ہے اس کا فائیدہ و استعمال مثل مسٹرڈ پلٹس کے ہے۔ بعض اوقات اس میں تارپین کا تیل ملاتے ہیں لیکن امراض گردہ میں اسکو نہ لگانا چاہیئے۔

کیٹی کو۔ کتھا

یہ ایکیشیا کیٹی کو یا انکیریا گمبیر کے درخت کا گاڑھا رس ہے۔ اسکا درخت ہندوستان اور افریقہ میں پیدا ہوتا ہے اسکی زرد اور سیاہ دو قسمیں ہوتی ہیں جنکو پیل اور بلیک کیٹی کو کہتے ہیں اسکے درخت کے پتوں۔ کونپلوں۔ بیجوں اور لکڑی کو کچل کر پانی میں جوش دیتے ہیں جو ڈیکاکشن حاصل ہوتا ہے اسکو گاڑھا کر کے سانچوں میں ڈھال لیتے ہیں اور پھر اسکے چوگوشہ ٹکڑے کاٹ لیتے ہیں۔

خواص۔ اسکے ڈلے بیقاعدہ یا چورس ہوتے ہیں۔ رنگت گہری بھوری توڑنے سے کسی قدر شور انحدار۔ بے بو۔ ذائقہ قابض اور تلخ۔ پانی میں حل ہوجاتا ہے۔ اس میں کیٹے کین ایک جوہر ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اسٹرنجنٹ ہے۔ ڈائریا و ڈیسنٹری میں دیگر قابض ادویات کے ہمراہ اسکو کھلایا کرتے ہیں اگر شکم میں نفخ ہو تو اسکے ہمراہ سونف یا الائچی دیتے ہیں۔ اسہال میں اسکے ساتھ افیون دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے رحم و دیگر اعضا کے جریان خون میں بھی اسکو دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں اسکو زخموں پر چھڑکنے سے اخراج رک جاتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ۲-۴ ڈرام۔ مویشی ۴-۸ ڈرام۔ بھیڑ ½ سے ۱ ڈرام۔ کتا ۵ سے ۱۰ گرین اسکا سفوف۔ گولی یا ٹنکچر استعمال کرتے ہیں۔ الکلی۔ دہاتی نمک اور جیلاٹین کے ہمراہ اسکو استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

سیرا فلیوا۔ ویکس۔ موم

موم دو قسم کا ہوتا ہے ایک کو سیرا فلیوا یا زرد موم اور دوسرے کو سیرا ایلبا۔ یا سفید موم کہتے ہیں یہ کسی قدر ملائم منجمد مادہ ہے جو مکھی کے چھتہ سے حاصل ہوتا ہے رنگت زرد یمائل اور سفید۔ بو خوشگوار شہد کی طرح اور ذائقہ خفیف بلسان کی مانند سرد

ہو تو سخت اور گرم کرنے سے پگھل جاتا ہے۔ ایتھر، کلوروفارم اور لطیف و غلیظ روغنوں میں بالکل حل ہو جاتا ہے زرد موم روشنی اور ہوا میں صاف کرنے سے سفید ہو جاتا ہے چونکہ موم جسمانی حرارت سے پگھلتا نہیں ہے اس لئے اس سے مرہم اور پلاسٹر بناتے ہیں اس کا اثر ایمولی انٹ ہے۔

کلورل ہائیڈریٹ۔ ہائیڈریٹ آف کلورل

ترکیب۔ خشک کلورین گیس کو چند روز تک ابسولوٹ الکوحال میں گذاریں۔ اس طرح سے جو کلورل حاصل ہو۔ اسکو سلفیورک ایسڈ کے ہمراہ متقطر کرکے پانی ملا کر اڑانے سے کلورل ہائیڈریٹ کے ٹکڑے حاصل ہوتے ہیں۔

خواص۔ اس کی قلمیں شفاف خوشبودار مثل خربوزہ۔ تلخ اور کسیلی ہوتی ہیں۔ پانی۔ الکوحال اور ایتھر میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں نارکاٹک زہر ہے طبّی خوراک میں سٹی مولنٹ انیوڈاین۔ انٹس پازموڈک۔ ہپ ناٹک۔ نارکاٹک۔ سیڈیٹو۔ انس تھیٹک بمقامی انٹی سپٹک۔ خارجی استعمال میں انٹی سپٹک اور اری ٹنٹ ہے اندرونی طور پر اسکو تشنج اور درد موقوف کرنے اور نیند لانیکے لئے دیا کرتے ہیں مفصلۂ ذیل امراض۔ کالک۔ کنولشن۔ کوریا۔ اپی لیپسی۔ استھما۔ تشنجی کھانسی۔ ٹے ٹنس۔ اور سٹرکنیا کے زہر میں اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ کالک میں یہ افیون سے بہتر ہے کیونکہ اس سے قبض نہیں ہوتا۔ آس یوٹرائی کے تشنج رفع کرنے کے لئے بھی اسکو دیتے ہیں۔ خارجی طور پر خارش رفع کرنیکے لئے اسکو ہموزن کافور اور ۸ حصے مرہم کے ساتھ لگاتے ہیں زخموں پر اسکا سلوشن (۱-۴۰) سٹی مولنٹ۔ انٹی سپٹک اور خفیف مقامی انس تھیٹک اثر کرتا ہے۔

زہر کا علاج۔ ایمونیا یا شراب پلاویں۔ سٹرکنین یا ایٹروپین کی اصلی خوراک سے پانچ گنا زیادہ زیر جلد پچکاری کریں۔ جانور کو ڈرانے۔ مارنے اور بیرونی حرارت پہنچانے

سے بھی فائدہ ہوتا ہے مقعد میں تیز گرم کافی اور الکوحال کا حقنہ کریں اور ایمایل نائیٹرائیٹ سنگھائیں ۔

خوراک ۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس ۔ مویشی ۱ ۔ ۲ اونس ۔ بھیڑ ۱ ۔ ۲ ڈرام ۔ کتا ۱۰ ۔ ۲۰ گرین ۔ بہت سا پانی ملا کر پلاتے ہیں ۔ گاہے اسکی گولی بھی کھلاتے ہیں ۔ لیکن اس سے معدہ میں خراش پیدا ہوتی ہے ۔ نشاستہ کے ہمراہ مقعد میں اسکا حقنہ بھی کرتے ہیں ۔

کمپونڈ ٹنکچر کلورافارم ود مارفائن

ترکیب ۔ مارفاین سلفیٹ ۴ گرین ۔ پیپر منٹ آئیل ۸ قطرے ۔ ایتھر ۱ ڈرام الکوحال ۱ ڈرام ۔ ڈایلوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ ۵ ڈرام ۔ کلورافارم ۲ اونس ۔

اثر و استعمال ۔ سٹی مولنٹ ۔ انیوڈاین ۔ انٹس پازموڈک گیسٹرو انٹس ٹائنل اور برانکیل خراش کے کم کرنیکو دیتے ہیں ۔

خوراک ۔ گھوڑا ۲ ۔ ۴ ڈرام ۔ کتا ۲۰ سے ۴۰ قطرے ۔

کلورا فارم

ترکیب ۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ اور کلوری نیٹڈ لائیم کو پانی میں ملا کر مقطر کرتے ہیں اس طرح پر جو میلا کلورا فارم حاصل ہوتا ہے اسکو دھو کر صاف کر لیتے ہیں ۔

دوسری ترکیب ۔ ایتھایل الکوحال اور کلوری نیٹڈ لائیم کو بجھے ہوئے چونے اور پانی میں ملا کر مقطر کرنے یا کلورل ہائیڈریٹ کو کسی الکلی دوا کے ذریعہ پھاڑنے سے تیار کرتے ہیں ۔

خواص ۔ وزنی ۔ صاف ۔ بیرنگ ۔ ناپائیدار اور پھیل جانیوالا سیال ہے ۔ بو خاص ایتھر کی طرح اور ذائقہ شیریں جلانیوالا ہوتا ہے ۔ سرد پانی ۔ ایتھر ۔ الکوحال ۔ بنزین لطیف و قائم روغنوں میں ملجاتا ہے ۔ اس میں چربی ۔ رالیں ۔ موم ۔ گٹا پرچہ اور بہت سے

الکلائیڈ حل ہوجاتے ہیں ۔

اثر و استعمال ۔ زیادہ مقدار میں پلانے اور سنگھانے سے نارکاٹک زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ۔ انیوڈائین۔ انٹس پازموڈک۔ انس تھیٹک مقامی انٹی سپٹک۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ روبی فی شنٹ۔ ہلکا ریفریجیرنٹ لوکل انستھیٹک ہے اکثر عمل جراحی کے وقت جانور کو تکلیف سے بچانیکے لئے کلورافارم سنگھاتے ہیں۔ انٹس ٹائینل کالک۔ فلی چولنسی۔ ڈایریا اور کف میں سپرٹ یا پانی ملاکر پلاتے ہیں۔ ڈائریا اور آنتوں کے تشنج رفع کرنیکے لئے اسکو افیون کے ساتھ دینا چاہیئے اسکے زہر کے علاج میں سب سے پیشتر اسکا سنگھانا یا پلانا موقوف کریں کھلی ہوا۔ اور سر پر سرد پانی کے چھینٹے دیں۔ سٹرانگ سلوشن آف امونیا۔ کاربونیٹ آف امونیا یا ایمایل نائٹرایٹ سنگھاویں مصنوعی تنفس قائم کریں۔ سٹرکنین یا ڈیجی ٹیلین کی زیر جلد پچکاری کریں ۔

خوراک ۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ ڈرام ۔ بھیڑ ۲۰-۳۰ قطرے کتا ۲-۲۰ قطرے اگر گھوڑے کو سنگھانا ہو تو ۴ ڈرام سے شروع کریں اور بیہوش ہونے تک وقفہ سے ۲-۲ ڈرام توبرہ میں ڈالتے جاویں اس سے سپرٹ کلورافارم کمپونڈ ٹنکچر آف کلورافارم اور لینی منٹ آف کلورافارم تیار کرتے ہیں ۔

سنکونا بارک

مختلف قسم کے سنکونا کی چھال دوا میں استعمال کرتے ہیں۔ یہ چھال تین قسم کی ہوتی ہے اول ریڈ یعنی سرخ دویم یلو یعنی خاکی سوئم پیل یعنی زرد۔ ریڈ سنکونا بارک۔ جو سکسے روبرا درخت کی چھال ہے زیادہ تر دوا میں کارآمد ہے اسکا درخت ہندوستان مشرقی انڈیز۔ جمیکا اور جنوبی یوروپ میں بویا جاتا ہے ۔

خواص ۔ اسکے ٹکڑے مڑے ہوئے مختلف طوالت کے ہوتے ہیں۔ چھال کی بیرونی سطح پر خاکی یا بھورے خاکی رنگ کا غلاف ہوتا ہے۔ بو خفیف اور کسی قدر خوشبودار۔ ذائقہ تلخ اور کسی قدر قابض ۔

اجزا۔ علاوہ چوبی اجزا و ترش مادہ کے اس میں ۴ جوہر ہوتے ہیں۔ کونین کونیڈین۔ سنکونین۔ سنکونیڈین اور انکے سلفیٹس طبابت میں کام آتے ہیں ٭

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ۔ دوا کی مقدار میں انٹی سپٹک بٹر ٹانک۔ انٹی پیریاڈک۔ اسٹرنجنٹ کسی قدر انٹی پاریٹک اور انٹی فلوجسٹک ہے خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ و انٹی سپٹک ہے اسکو ایڈونک ڈسپپسیا کمزوری پرپیورا۔ انفلوانزا۔ نیومونیا۔ برنکائیٹس۔ کٹار۔ پیورپرل فیور۔ اری سپلس۔ پائیمیا۔ سب اکیوٹ اور کرانک رومائیزم۔ اور ملیریل فیور میں دیتے ہیں ٭

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲-۴ ڈرام۔ بھیڑ ا۔ ۲ ڈرام۔ کتا ½ سے ا ڈرام۔ اسکی گولی۔ سفوف۔ ٹنکچر۔ ایکسٹریکٹ اور انفیوژن بناکر استعمال کرتے ہیں ٭

سنی من۔ سنی مم۔ دارچینی

سنے مومم زی لائکم درخت کی چھوٹی شاخوں کی اندرونی چھال کو دارچینی کہتے ہیں اسکا درخت سیلون میں پیدا ہوتا ہے ٭

خواص۔ اس کی چھال خمدار پردوں کی مانند ہوتی ہے رنگت ہلکی بھوری زرد یمایل۔ بُو خوشگوار۔ ذائقہ گرم خوشبودار اور شیریں ٭

اجزاء۔ لطیف روغن جسکو سنے مم آئل کہتے ہیں اور ٹے نک ایسڈ ٭

اثر و استعمال۔ سٹوماٹک۔ کارمے نیٹو۔ اسٹرنجنٹ۔ دیگر ادویات کے ہمراہ ڈایریا۔ نفخ شکم۔ اور بدہضمی میں دیا کرتے ہیں ٭

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ½ سے ایک اونس بھیڑ ½ سے ا ڈرام۔ کتا ۱۰-۲۰ گرین ٭

کوکین ہائڈرو کلوراس

یہ ایک الکلائڈ جوہر ہے جو کوکا کے پتوں سے حاصل ہوتا ہے اسکی کاشت ملک پیرو اور بولیویا میں ہوتی ہے۔ کولر صاحب نے ۱۸۸۴ء میں اسکو داخل طبابت کیا تھا ٭

ترکیب۔ کوکا کے پتوں کے ترش الکوحال والے سلوشن کو ایتھر کے ساتھ ملا کر ہلانے سے تیار ہوتا ہے۔ ایتھر والے سیال کو سوڈیم کاربونیٹ سے کھاری کر کے اُڑا لیتے ہیں تہ نشین جز کو صاف بیرنگ کرتے ہیں۔ آخر کار ہائیڈرو کلورک ایسڈ سے نیوٹرل کر کے قلمیں بنا لیتے ہیں۔

خواص۔ اس کی قلمیں بیرنگ۔ بے بو شفاف ہوتی ہیں۔ ذائقہ کھاری اور خفیف تلخ۔ زبان پر رکھنے سے چرپراہٹ پیدا ہو کر چند منٹ کے بعد زبان بحس ہو جاتی ہے۔ پانی۔ الکوحال۔ ایتھر اور کلورافارم میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں نارکاٹک زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں کارڈیک سٹی مولنٹ۔ ٹانک۔ لوکل انستھیٹک۔ اینوڈائین۔ کتوں میں انٹی لیپٹک خارجی استعمال میں لوکل انس تھیٹک و اینوڈائین ہے۔ عمل جراحی کرنے کے لئے جانوروں کے کسی خاص مقام کو بحس کرنا ہو تو اسکے ۵۔ ۱۰ فیصدی سلوشن کے ایک یا ۲ ڈرام سلوشن کی زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔ کنجنکٹیوائیٹس اور کارنیہ کے السر میں ۴ فیصدی کا لوشن آنکھ میں ٹپکاتے ہیں گلے کی خراش اور کھانسی رفع کرنیکو اسکی ایلکچوری دیتے ہیں متوسط خوراک میں دینے سے کارڈیک سٹی مولنٹ اثر کرتا ہے۔ کتوں میں اسکا لوشن انس تھیشیا پیدا کرنیکے لئے ۴ فیصدی سے زیادہ طاقت کا اور ایک ڈرام سے زیادہ انجکٹ نہ کرنا چاہیئے۔ تین سے پانچ منٹ کے اندر یہ اثر پیدا ہو جاتا ہے۔ اور بیس منٹ تک رہتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ۵ سے ۱۰ گرین۔ کتا ½ سے ۱½ گرین۔

۴۷ کالچی سائی کارمس۔ سرنجان تلخ

اسکے درخت کو کالچیکم آٹم نیلی کہتے ہیں۔ اسکی پیدائش انگلستان اور یوروپ کے میدانوں میں ہوتی ہے۔ اسکی جڑھ کی گانٹھیں اور بیج دوائیں کام آتے ہیں۔

خواص۔ اسکی گانٹھیں بیضوی چپٹی۔ بیرونی حصہ بھورا اور شکندار۔ اندرونی

سفید و سخت ہوتا ہے ان میں بُو نہیں ہوتی۔ ذائقہ شیریں تلخ اور کسی قدر ناگوار۔ بیج سرسوں کے برابر نہایت سخت۔ بے بو تلخ ذائقہ کے ہوتے ہیں اسکے دو جوہر کالچے سین اور کالچے سائین ہیں۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ دوائی مقدار میں کتھارٹک کولے گاگ۔ سیڈیٹو۔ ایمے ٹک ہے بعض مصنف اسکو آلٹر یٹو اور ڈایوریٹک بھی کہتے ہیں۔ انسانی طبابت میں مرض نقرس یعنی گوٹ کیلئے یہ اکیلی دوا ہے لیکن حیوانات کے علاج میں یہ زیادہ مفید نہیں ہے بعض اوقات اسے گھوڑوں کے سب اکیوٹ اور کرانک روماٹیزم میں اور جب انفلوانزا کے ساتھ روماٹیزم ہو دیا کرتے ہیں اسکے ساتھ پوٹاسیم آیوڈائیڈ بھی ملا دیتے ہیں۔ جو پیریکارڈائیٹس اور پلوریسی روماٹیزم سے پیدا ہو اس میں بھی یہ مفید ہے۔ روماٹیزم میں کالچی سائین کی زیر جلد پچکاری کرنیکی اکثر مصنف تائید کرتے ہیں سفوف کی نسبت اگر اسکا ٹنکچر دیا جائے تو مفید ہوتا ہے۔

ترکیب ٹنکچر تیار کرنیکی۔ ۱/۲ ۲ اونس کالچیکم کے بیج کوفتہ لیکر ایک پائینٹ پروف سپرٹ میں سات روز تک بھگو کر پرکولیشن کی ترکیب سے تیار کرتے ہیں۔

خوراک گانٹھوں یا سفوف کی۔ گھوڑا ۱/۲ سے ایک ڈرام۔ مویشی ۱۔۲ ڈرام۔ بھیڑ ۱/۲ سے ۵/۲ گرین۔ کتا ۲ سے ۵ گرین بشکل سفوف یا گولی دیتے ہیں۔

خوراک ٹنکچر۔ گھوڑا و مویشی ۲ ڈرام سے ایک اونس۔ کتا ۱۰۔۳۰ قطرے۔

مانع استعمال۔ ٹنکچر آیوڈین۔ گوالم اور تمام اسٹرنجنٹ دواؤں کے ساتھ اسے نہ دینا چاہیئے۔

انٹی ڈوٹ۔ سٹمک پمپ سے زہر کو خارج کرکے ایمے ٹک اور پرگیٹو دوا دیں۔ ٹے نک ایسڈ اسکا بہتر کیمیاوی انٹی ڈوٹ ہے۔ ڈیمل سنٹ اور افیون سے مقامی خراش رفع ہوتی ہے۔ ایٹروپین۔ سٹرکنائن۔ الکوحال۔ اور خارجی حرارت سے کولاپس رفع ہوتا ہے۔

کلوڈین

ترکیب۔ پایراکسی لن یا گن کاٹن ایک اونس۔ ایتھر ۳۶ اونس ریکٹی فائڈ سپرٹ ۱۲ اونس ملاکر چند روز تک عرق کو ہلاتے ہیں اور صاف حصہ کو نتار کر رکھ لیتے ہیں +

کلوڈین بلسٹرنگ۔ بلسٹرنگ کلوڈین

ترکیب:۔ ا چھٹے کنتھریڈس کو کلورافارم میں بھگو کر سیال کو مقطر کر کے اڑا لیتے ہیں +

کلوڈین فلکسیبل۔ فلکسیبل کلوڈین

ترکیب۔ کلوڈیم ۶ اونس۔ کینیڈا ٹرپن ٹائین ۲۰ اگرین۔ کسٹرائل ایک ڈرام ملاکر مضبوط بوتل میں رکھ لیتے ہیں۔ طریق استعمال مثل کلوڈین کے ہے لیکن یہ اس سے کسی قدر تیز ہوتا ہے +

کلوڈین سپٹک۔ سپٹک کلوڈین

ترکیب۔ کلوڈین ۱۱ اونس۔ کاربالک ایسڈ ایک اونس۔ ٹینک ایسڈ ½ اونس +

خواص۔ کلوڈین بیرنگ عرق ہے آگ دینے سے فوراً جل اٹھتا ہے۔ بُو ایتھر کی سی۔ ہوا لگنے سے جلد خشک ہو کر ایک شفاف پتلا سا طبق بن جاتا ہے جو پانی یا ریکٹی فائڈ سپرٹ میں حل نہیں ہوتا۔ یہ طبق جلد کو محفوظ اور ایپٹک رکھتا ہے چھلے ہوئے تھنوں پر لگانے سے آرام ہوتا ہے ۱

کالوسنتھ۔ حنظل

اسکو بٹر کو کمبر بھی کہتے ہیں۔ یہ سائٹرولس کالوسنتھس کا پھل ہے۔ اسکے

اوپر کا چھلکا اُتار کر گودے کو استعمال کرتے ہیں۔ ہندوستان و دیگر ممالک میں اس کی بیل خودرو ہوتی ہے ۔

خواص۔ اسکا پھل گول سیب کے برابر زرد یا ئل سفید اور سفنج کی طرح ہلکا ہوتا ہے آسانی سے ٹوٹ جاتا ہے اسکے اندر چپٹے بھورے رنگ کے بیضوی بیج ہوتے ہیں ان میں بو نہیں ہوتی ذائقہ سخت تلخ ہوتا ہے اسکا صرف گودا کام میں آتا ہے۔ علاوہ دیگر اجزاء کے اس میں کالوسنتھین ایک جوہر ہوتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ ہائیڈریگاگ پرگیٹو ہے۔ کتوں کو اسکا ایکسٹریکٹ دیا جاتا ہے اس سے معدہ میں اینٹھن ہوتی ہے اِس لئے دیگر ایروماٹک ادویات یا ہایوسائمس اور بیلاڈونا کے ہمراہ دیتے ہیں ۔

خوراک ایکسٹریکٹ۔ کتّا ۲ گرین ۔

کریازوٹ

ترکیب۔ وڈٹار کو کشید کرنے سے کریازوٹ تیار ہوتا ہے اِس میں سے ۲۰ سے ۲۵ فیصدی تک کریازوٹ نکلتا ہے اسکو بار بار تقطیر کرنا پڑتا ہے۔ تاکہ ہلکے پیرافائین روغن جُدا ہو جاویں ۔

خواص۔ تقریباً بیرنگ زردی یا گلابی مائل روغنی سیال ہے بو تیز دھویں دار۔ ذائقہ جلانیوالا کاسٹک۔ روشنی لگنے سے عموماً گہرے رنگ کا ہو جاتا ہے بہت سے گرم پانی الکوحال۔ ایتھر۔ کلوروفارم۔ ایسی ٹک ایسڈ لطیف و قائم روغنوں میں حل ہو جاتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے طبی خوراکوں میں اینوڈاین۔ انٹی سپٹک۔ انٹی ایمے ٹک سیڈیٹو۔ اسٹرنجنٹ۔ خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ۔ انٹی سپٹک۔ جرمے سائیڈ۔ اسٹپٹک۔ کاسٹک ہے۔ کتوں کی قئے روکنے آنتوں کی خراش رفع کرنے اور ہوا کی نالی کے کرم مارنے کیلئے اسکو

کھلاتے اور بھوپارہ سنگھاتے ہیں۔ گاہے ٹریکیا میں اس کی پچکاری بھی کرتے ہیں
اکثر جلدی امراض میں اور زخموں پر اسکا لوشن (۱-۴۰) کی طاقت کا استعمال
کرتے ہیں۔ غرضیکہ اسکا استعمال کاربالک ایسڈ کی طرح ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ۱۵ سے ۳۰ قطرے۔ مویشی ½ سے ۱ ڈرام۔ بھیڑ ۵ سے ۱۵ قطرے
کتا ایک سے ۲ قطرے۔ اس سے لینی منٹ۔ آئینٹمنٹ اور کریازوٹ مکسچر
تیار کرتے ہیں۔

کریٹا پری پیریٹا۔ پری پیرڈ چاک۔ صاف کھریا مٹی

کاربونیٹ آف کیلسیم یعنی بازاری کھریا مٹی میں سے لیویگیشن کی ترکیب
سے ناقصات کو علیحدہ کرکے چاک تیار کرتے ہیں۔

خواص۔ سفید بیڈول سفوف ہے جو ڈلوں کی شکل میں ڈھلا ہوا ہوتا
ہے۔ بے بو۔ بے ذائقہ۔ پانی و الکوحال میں حل نہیں ہوتا۔

اثر و استعمال۔ داخلی طور پر انٹاسڈ۔ مقامی اسٹرنجنٹ ہے۔
ایگزالک ایسڈ و دیگر ایسڈوں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ خارجی استعمال میں ڈیسی کنٹ و
اسٹرنجنٹ۔ ڈائریا کے ساتھ جب آنتوں میں گیس بھی ہو تو اس سے نہایت فائدہ
ہوتا ہے۔ اگزیما اور خفیف چھلے ہوئے زخموں پر اس میں سٹارچ ۴ حصے اور
زنک ایک حصہ ملا کر چھڑکتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۱-۲ اونس۔ مویشی ۲-۴ اونس۔ بھیڑ ۲-۴ ڈرام۔ کتا
۱۰-۶۰ گرین۔ ایسڈ چیزوں کے ساتھ اسکو نہ دینا چاہیئے اس سے مرکری ود چاک
اور کمپونڈ مکسچر آف چاک تیار کرتے ہیں۔

کروٹن سیڈ۔ جمالگوٹہ کے بیج

کروٹن ٹگلیم کے بیج کافی کے دانہ کے برابر ہوتے ہیں انکے اوپر ایک

بھورا چھلکا ہوتا ہے جسکے اندر سفید یا ئل گودا ہوتا ہے ٭

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں کیتھارٹک ہے۔ آنتوں میں سُدے ہوں تو اسکے بیج دیا کرتے ہیں۔ سوائے مویشی کے جمالگوٹہ کے بیج یا تیل گھوڑوں اور کتّوں کو شاذونادر دیتے ہیں ٭

خوراک۔ گھوڑا ۲۰ سے ۲۶۰ گرین۔ مویشی ۳۰ سے ۶۰ گرین۔ بھیڑ ۵ سے ۱۵ گرین۔ کتّا ۲ سے ۱۰ گرین۔ بیجوں کو کوٹ کر گولی بناکر یا خوراک میں ڈال کر کھلاتے ہیں اس سے کروٹن آئیل نکالتے ہیں۔ ایک بیج کا وزن تقریباً ۳ گرین ہوتا ہے ٭

کیوپری ایمونیو سلفاس۔ امونیم سلفیٹ آف کاپر

ترکیب۔ سفوف سلفیٹ آف کاپر دو اونس۔ سفوف کاربونیٹ آف امونیا ۳ اونس ملاکر کھرل کرکے مرکب کو جاذب کاغذ پر ڈال کر مسامدار اینٹوں پر رکھدیں خشک ہونے پر بوتل میں بند کرکے رکھیں ٭

خواص۔ نیلے رنگ کا سفوف ہے جس میں سے امونیا کی بُو آتی ہے ذائقہ اسٹرنجنٹ اور دھاتی ہوتا ہے ٭

اثر و استعمال۔ ٹانک۔ سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔ اسٹرنجنٹ ہے انفلوانزا۔ پلورونیومونیا اور تھائیسس اور کتّوں کے کوریہ اور دیگر اعصابی امراض میں دیتے ہیں ٭

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱۔۲ ڈرام۔ بھیڑ ۵۔۲۰ گرین۔ کتّا ۱۔۴ گرین ٭

بولس یا گولی بناکر یا ٹھنڈے گرویل یا لعابدار اشیاء میں ملاکر دیتے ہیں۔ ایسڈ اور چند الکلی دواؤں کے ساتھ اسے نہ دینا چاہیئے۔ اسکے زہر میں ایلبومن۔ مٹر کا آٹا پانی میں ملاکر پلاویں ٭

آیوڈائیڈ آف کاپر و دآیوڈین

ترکیب۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۲ اونس۔ کاپر سلفیٹ ۴ اونس۔ کھولتا ہوا صاف پانی ۱½ پائینٹ ملا کر آگ پر اڑا لیتے ہیں۔

خواص۔ ہلکے رنگ کا بھورا سفوف ہے۔ ذائقہ دھاتی۔ ہوا میں رکھنے سے رنگ بدل جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ داخلی استعمال میں ٹانک۔ آلٹریٹو۔ سٹی مولنٹ ہے۔ ڈایابے ٹیز انسی پیڈس۔ اور نیزل گلیٹ میں دیتے ہیں۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ اسٹرنجنٹ ہے۔ ٹانگوں کے مزمن اورام۔ خراب قسم کے زخم۔ اور کریکڈ ہیلز میں تنہا یا مرہم (۱-۴) بنا کر لگاتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑے کو ۱-۲ ڈرام کی مقدار میں گولی بنا کر کھلاتے ہیں۔ اسکوایسڈ۔ الکلیز اور انکے کاربونیٹ۔ لائم واٹر اور نباتی قابضات کے ہمراہ استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

کیوپری سب ایسی ٹیٹس۔ سب ایسی ٹیٹ آف کاپر زنگار

اسکوورڈ گرس اور یوروگو بھی کہتے ہیں۔ سرکہ کے تیزاب میں تانبے کو حل کرنے سے زنگار بنتا ہے۔

خواص۔ موٹی موٹی ڈلیاں یا نیلے سبز رنگ کا سفوف ہوتا ہے پانی میں کسی قدر اور ہائیڈروکلورک ایسڈ میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں تانبے کے مرکبات کی طرح یہ بھی اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراک میں ایمے ٹک۔ ٹانک۔ اسٹرنجنٹ۔ انٹی سپٹک

آلٹریٹو اور انتھل منٹک ہے مویشی کی کمزوری اور پیچش میں ٹانک اور اسٹرنجنٹ فائیدہ کیلئے دیتے ہیں۔ڈائریا اور ڈیسنٹری میں افیون کے ہمراہ اسکو کھلاتے ہیں۔ کتے و بلی کو اس سے قئے بھی کراتے ہیں سلفیٹ آف زنک کی نسبت یہ سریع الاثر ہے۔ کوریا کی بیماری میں گاہے اسکو آلٹریٹو کے طور پر دیتے ہیں۔ گھوڑوں کی آنتوں کے کرم ہلاک کرنے کیلئے اسکو دیکر ایلوز کا جلاب دیتے ہیں۔ خارجی طور پر زخموں پر سٹی مولنٹ اور اسٹرنجنٹ فائیدہ کے لئے اسکا سفوف یا مرہم (۱-۴) لگاتے ہیں۔ کاسٹک فائیدہ کے لئے بڑھے ہوئے انگوروں اور ناسوروں کو اس سے جلاتے ہیں ۔

خوراک اسٹرنجنٹ و ٹانک۔ گھوڑا ½ سے ۱ ڈرام۔ مویشی ۱-۲ ڈرام بھیڑ ۵-۱۵ گرین۔ کتا ½ سے ۲ گرین ۔

خوراک ایمے ٹک۔ کتا ۵-۸ گرین ۔

بولس بناکر یا کسی لعابدار عرق میں حل کر کے پلاتے ہیں۔ اسکو الکلی الکلاین کاربونیٹ اور نباتی قابضات کے ساتھ دینا منع ہے ۔

انٹی ڈوٹ۔ البومن۔ دودھ۔ لعابدار اشیاء اور مٹر کا آٹا۔ اس سے لینی منٹ اور آینٹمنٹ سب ایسی ٹیٹ آف کاپر تیار کرتے ہیں ۔

کیوپری سلفاس۔ سلفیٹ آف کاپر۔ طوطیا

اسکو بلیو سٹون بھی کہتے ہیں۔ تانبے کے برادہ کو گندھک کے تیزاب میں حل کر کے آگ پر اڑانے سے سلفیٹ آف کاپر بنتا ہے ۔

خواص۔ اسکی ڈلیاں نیلے رنگ کی اور پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔ اس کے عرق سے نیلا لٹمس سرخ ہو جاتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں اسٹرنجنٹ ٹانک۔ ایمے ٹک۔ آلٹریٹو۔ خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ کاسٹک و انٹی سپٹک ہے۔ مقامی اثر کے باعث کاپر سلفیٹ کو ڈائریا میں افیون کے

ہمراہ دیتے ہیں۔ ایسے ٹنک فائدہ کیلئے اسکو فاسفورس کے زہر کے سوائے دیگر زہروں میں نہ دینا چاہئیے کیونکہ اس سے معدہ و آنتوں میں سخت سوزش ہو جاتی ہے۔ کمزوری اور عصبی امراض مثلاً پرہورا۔ کتوں کے کوریا اور اپی لیپسی میں دیتے ہیں ڈیسنٹری میں بھی یہ مفید ہے۔ گرینولر کنجنکٹیوائٹس میں اسکی قلموں کو پپوٹوں کے مریض حصّوں پر رگڑتے ہیں۔ سادہ انتھلمیا میں ½ سے ۲ گرین فی اونس کا سلوشن آنکھ میں ڈالتے ہیں۔ بڑھے ہوئے انگور سُست زخموں اور ناسور کی دیوار کو اچھا کرنے کے لئے اسکا سفوف لگاتے ہیں یا لوشن استعمال کرتے ہیں۔ اسکی خوراک انٹی ڈوٹ و مانع استعمال۔ سب ایسی ٹیٹ آف کاپر کی طرح ہیں۔ اس سے لینی منٹ لائکوار۔ کمپونڈ سلفیٹ آف کاپر اور ماس آف سلفیٹ آف کاپر بناتے ہیں ٭

کسو

برایرا انتھل منٹیکا کے پھولوں کو کسو کہتے ہیں انکی بو شل چار کے اور ذائقہ کڑوا اور تیز ہوتا ہے ٭

اثر و استعمال۔ انتھل منٹک ہے۔ کتوں کے ٹی نیا یعنی کدو دانہ مارنے کے لئے اسکا انفیوژن دیا کرتے ہیں ٭

خوراک۔ کتا ½ سے ۴ ڈرام ٭

ڈونوون سلوشن۔ لائکوار آرسینائی ایٹ ہائڈرارجیرائی آیوڈائی

اس میں آرسنک اور مرکری کا آلٹریٹو اثر ہوتا ہے اور ایک فیصدی آیوڈائیڈ آف آرسنک اور ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری ہوتا ہے اسکو مزمن چھلکے دار جلدی امراض میں دیتے ہیں ٭

خوراک۔ گھوڑا ۱۔۲ ڈرام۔ کتا ۵۔۲۰ قطرے ٭

ڈیکاکشن آف ٹوبیکو

ترکیب۔ ایک اونس تمباکو کو ایک پائینٹ پانی میں دس منٹ تک جوش دیکر چھان لیں۔ اس میں اس قدر پانی ملا دیں کہ سب مل کر ۲ پائینٹ ہو جاوے۔ تمباکو میں تقریباً ۶ فیصدی نیکوٹین ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں نار کاٹک زہر ہے طبّی خوراک میں سیڈیٹو۔ اینوڈاین۔ انٹس پازموڈک۔ نکس وامیکا کے زہر کا انٹی ڈوٹ ہے کتوں کے لئے ایمے ٹک خارجی طور پر لوکل سیڈیٹو اور پراسٹی سائیڈ ہے۔ آستھما۔ ٹیٹنس اور کالک میں اسکے دینے سے تشنج کم ہو جاتا ہے۔ خارجی طور پر جلدی امراض میں کرم مارنے کے لئے اسکو لگاتے ہیں اسکے استعمال میں احتیاط رکھنی چاہیئے کہ زہر نہ ہو جائے اسکے زہر میں ڈیفیوزیبل سٹی مولنٹ دوائیاں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱۔۳ پائینٹ۔ بھیڑ ۵۔۱۵ اونس۔ کتا ۲۔۵ اونس۔

ڈیجی ٹیلیس فولیا

ڈیجی ٹیلیس پرپیورا کے دوسالہ پتے جمع کئے جاتے ہیں اسکا درخت یورپ میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص۔ پتے بیضوی۔ کنارے خفیف دندانہ دار۔ ہلکے سبز اوپر کی طرف جھرّیدار نیچے زرد جالدار۔ جڑھ کے نزدیک چوڑے۔ بو خفیف۔ کسی قدر چاء کی طرح ذائقہ تلخ۔ متلی آور ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ سیڈیٹو زہر ہے طبّی خوراکوں میں کارڈیک سٹی مولنٹ۔ ڈائیوریٹک۔ سیڈیٹو۔ بعض مصنف اسکو ہماسٹے ٹک اور انٹی پائریٹک بھی کہتے ہیں اسکو تمام کمزور کرنیوالے امراض مثلاً انفلوائنزا۔ نیومونیا۔ پلوریسی۔ برانکائیٹس۔ روماٹیزم۔ جنرل ڈراپسی۔ ہیمی ٹیشن اور پیریکارڈائیٹس میں دیتے ہیں اور جن امراض کے

بعد سنکوپی ہوجاتی ہے (مثلاً شاک۔ صدمہ۔ چوٹ) نیو ایکونایٹ کے زہر میں الکوحالک سٹی مولنٹس کے ہمراہ دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے بعض لوگ رحم کے جریان خون روکنے اور بخار کی حرارت کم کرنیکو بھی دیتے ہیں لیکن ایسے حالات میں اسکا دینا خالی از خطرہ نہیں سمجھا جاتا۔ چونکہ ڈیجی ٹیلس جسم میں جمع ہوتا رہتا ہے اور اسکا اخراج دیر سے ہوتا ہے اسلئے استعمال کے وقت نہایت ہوشیار رہنا چاہیئے۔ اگر زہر کی علامات پیدا ہوں تو سٹمک پمپ استعمال کرنیکے بعد اسکا کیمیاوی انٹی ڈوٹ یعنی ٹے نک ایسڈ دیں۔ الکوحال۔ افیون۔ اور ایکونائیٹ اسکی فزیالوجیکل ضد ہیں ان سے دل کا فعل سست اور خون کا دباؤ کم ہوجاتا ہے مریض کو گرم اور آرام سے رکھیں ؛

خوراک۔ گھوڑا ۱۰ گرین سے ایک ڈرام۔ مویشی ½ سے ۱½ ڈرام۔ بھیڑ ۲۔۱۰ گرین۔ کتا ½ سے ۳ گرین۔ اسکے چار جوہر ہیں لیکن ڈیجی ٹیلن کو طبابت میں کثرت سے استعمال کرتے ہیں۔ ڈیجی ٹیلس کے سفوف کی گولی کھلایا کرتے ہیں۔ اس سے ٹنکچر۔ ایکسٹریکٹ اور انفیوژن آف ڈیجی ٹیلس تیار کرتے ہیں ؛

امپلاسٹرم پسس۔ پچ پلاسٹر

ترکیب۔ برگنڈی پچ ۲۰ اونس۔ ریزن ½ ۲ اونس۔ زرد موم ½ ۲ اونس روغن زیتون ½ ۱ اونس۔ پانی ایک اونس۔ سب کو گرم کر کے چمڑا یا کپڑے پر بچھا کر زخموں پر لگاتے ہیں ؛

انیما آف ایلوز

ترکیب۔ ایلوز ۴ ڈرام۔ کاربونیٹ آف پوٹاشیم ۲ گرین۔ گرم میوسلج آف سٹارچ یا گرویل ایک پائنٹ ؛

انیما آف اسافیٹڈا

ترکیب ۔ ہینگ ۲½ ڈرام ۔ گرم پانی ایک پائینٹ ؁

انیما آف سلفیٹ آف میگنیشیا

ترکیب ۔ سلفیٹ آف میگنیشیا ڈو اونس ۔ السی یا ارنڈی کا تیل ڈو اونس میوسلج آف سٹارچ ایک پائنٹ ۔ میگنیشیا سلفاس کو نشاستہ کے گرویل میں حل کر کے تیل ڈال لیں ؁

انیما آف اوپیم

ترکیب ۔ ٹنکچر اوپیم ۵ فلوئیڈ اونس ۔ گرویل ایک پائینٹ ؁

انیما آف ٹوبیکو

ترکیب ۔ تمباکو کے پتے ایک ڈرام ۔ کھولتا ہوا پانی ۲۰ اونس ۔ ایک گھنٹہ تک بند برتن میں بھگو کر چھان لیں ؁

انیما آف ٹرپن ٹائن

ترکیب ۔ روغن تارپین ۲ فلوئیڈ اونس ۔ میوسلج آف سٹارچ یا گرویل ایک پائینٹ ؁

ارگٹ آف رائی

اسکے درخت کو سکیلا سریلی کہتے ہیں ۔ رائی کے دانوں پر ایک قسم کی کائی پیدا ہونے سے بیمار ہو جاتے ہیں ۔ انہی بیمار دانوں کو ارگٹ کہتے ہیں ۔ ارگٹ ہسپانیہ اور روس سے آتا ہے ؁

خواص۔ اسکے دانے کسی قدر بیلن نما ایک یا ڈیڑھ انچ تک لمبے۔ دونو سرے کند اور ارغوانی سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔ اندرونی حصہ سفید یا مائل وزندا بُو خاص قسم کی۔ ذائقہ روغنی اور ناگوار ہوتا ہے۔

جوہر۔ ارگوٹین۔ ارگوٹینین۔ اکبالین۔ انکے علاوہ اس میں اور بھی کئی جوہر ہوتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں ہمارے ٹنک اکبالک ہے۔ ارگٹ کو دو ہی طبی فوائد کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

۱۔ رحم کو سکیڑنا۔

۲۔ عام عروق میں انقباض پیدا کرنا۔

جب جنین غیر طبعی حالت میں نہ ہو یا گذرگاہ جنین میں کوئی آلاتی روک نہ ہو تو جنین کے اخراج کیلئے ارگٹ دیتے ہیں۔ مویشی کے بچہ جننے کے بعد اس کے دینے سے جریان خون رُک جاتا ہے اور مثانہ کے فالج میں دینے سے اسکے عضلاتی طبق میں انقباض ہوکر فائدہ ہوتا ہے۔ ہر قسم کے اندرونی جریان خون (مثلاً ناک۔ مُنہ۔ معدہ۔ آنت۔ شُش۔ رحم۔ گُردہ) میں ارگٹ مفید ہے۔ علاوہ ازیں دماغ و حرام مغز کے اجتماع خون۔ سکتہ بعد وضع حمل اور عضلات کی سوزش میں اسکے دینے سے چونکہ عروق سُکڑ جاتے ہیں اسلئے فائدہ ہوتا ہے۔

مذکورہ بالا دلیل کے باعث اسکو مزمن اسہال پیچش اور خونی بواسیر میں بھی دیتے ہیں۔ پرپیورا ہیمورا جیکا میں دیگر ادویات کے ہمراہ ارگٹ کو دینے سے جریان خون رُک جاتا ہے۔ حیوانات میں ارگٹ کے استعمال سے شاذو نادر مزمن زہر کی علامات پیدا ہوتی ہیں جسکو ارگوٹزم کہتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ½ سے ایک اونس۔ بھیڑ ۱ - ۲ ڈرام۔ کتّا ½ سے ۱ ڈرام۔

اس سے لیکوئڈ ایکسٹریکٹ آف ارگٹ۔ انفیوژن ارگٹ اور ٹنکچر ارگٹ

تیار کرتے ہیں۔

اسپغول

پلانٹے گو پے گولا پودے کے بیجوں کو اسپغول کہتے ہیں انکی رنگت سُرمئی
پانی میں بھگونے سے لعاب نکلتا ہے۔

اثر و استعمال۔ ڈیمل سنٹ اور خفیف اسٹرنجنٹ۔ خاصکر ڈائریا۔
ڈیسنٹری اور بخار۔ زکام۔ اور گردے کی بیماریوں میں اسکا لعاب دیا کرتے
ہیں۔ گاہے پلٹس بھی بناتے ہیں۔

خوراک بیج۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ کُتا ۲-۳ ڈرام۔

انار

اسکے درخت کو پیونیکا گرانیٹم کہتے ہیں۔ اسکے پھل کا چھلکا اور جڑھ کی
چھال دوا میں کام آتی ہے۔ ذائقہ کسیلا اور تلخ۔

اثر و استعمال۔ جڑھ کی چھال انتھل منٹک اور پھل کا چھلکا اسٹرنجنٹ
ہوتا ہے۔ چھال کو کدو دانہ مارنے کے لئے دیتے ہیں۔ اسکے بعد ایک جلاب
دینا چاہیئے تاکہ مُردہ کرم خارج ہو جاویں۔ ڈایریا و ڈیسنٹری میں پھل کے
چھلکے کا جوشاندہ بنا کر دیتے ہیں۔

• **ترکیب جوشاندہ۔** تازہ جڑھ کی چھال کے ٹکڑے کوفتہ دو اونس
لیکر ۲ پائینٹ پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پائینٹ پانی رہ جاوے تو ٹھنڈا
کر کے چھان لیں اس میں سے گھوڑوں کو کرم مارنے کے لئے ۴ سے ۶ اونس اور
کتوں کو ایک سے ½۱ اونس شربت سونٹھ کے ہمراہ پلانا چاہیئے۔ مذکورہ بالا
مقدار کو ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے تین دفعہ پلا کر ایک جلاب دیدیں۔

• **چھلکے کا جوشاندہ تیار کرنیکی ترکیب۔** انار کا چھلکا کوفتہ ۲ اونس

پانی ۱ پائنٹ ۵ منٹ تک جوش دیکر چھان لیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۴۔۸ اونس۔ کتا ایک سے ۱½ اونس۔ گاہے مقعد میں اسکی پچکاری بھی کرتے ہیں۔

ازاڈرکٹا انڈیکا۔ نیم

نیم کے درخت کو ازاڈرکٹا انڈیکا کہتے ہیں۔ اس کے پتے اور چھال دوا میں استعمال کرتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ چھال اسٹرنجنٹ۔ ٹانک۔ انٹی پریاڈک ہے۔ پتے سٹی مولنٹ و ٹانک ہیں۔ نوبتی بخار اور کمزوری میں مفید ہے۔ پتوں کا پلٹس استعمال کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے دو اونس۔ مویشی ۲۔۳ اونس۔ بھیڑ ۲۔۴ ڈرام جوشاندہ بنا کر دیا کرتے ہیں۔

اکورس۔ ورچ

اس کے درخت کو اکورس کیلیمس کہتے ہیں۔ جڑھ کی گانٹھیں طبابت میں کام آتی ہیں۔ بوخوش۔ ذائقہ سخت۔

اثر و استعمال۔ سٹوماگک۔ ٹانک۔ انتھل منٹک ہے۔ نوبتی بخار۔ وجع المفاصل۔ کمزوری اور نفخ شکم میں دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۴۔۸ ڈرام۔ مویشی ۱۔۲ اونس۔ بھیڑ ۳۰۔۸۰ گرین

ایپومیا۔ فاربائیٹس نل۔ کالادانہ یا عشق پیچہ حب النیل

اس کے دانے سیاہ چھوٹے مٹر کے برابر اور جلپ کے بجائے اکثر استعمال کئے جاتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ اری ٹنٹ کتھارٹک اور خفیف انتھل منٹک ہے۔ گھوڑے و مویشی پر اسکا اثر بہت کم لیکن کتوں پر ملئین اثر کرتا ہے۔ اسکو کیلومل کے ساتھ دینا چاہیئے۔ چنانچہ ایک ڈرام سفوف کالادانہ اور ۲ گرین کیلو مل کی گولی بنا کر دینے سے کتے کو دست آجاتے ہیں +

آرمورا شیا۔ سوہانجنا

اسکے درخت کو کاک لیریا آرمورا شیا اور انگریزی مین ہارس ریڈش کہتے ہیں۔ اس کی جڑھ طبابت میں کام آتی ہے +

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک ہے۔ ڈراپسی اور کرانک روماٹیزم میں مفید ہے۔ تازہ جڑھ کو کھرچ کر ایک سے دو اونس کی مقدار میں جو کے آٹے میں ملا کر کھلاتے ہیں +

اینی تھم۔ سوا

اسکا پھل زیرہ کی طرح بہت چھوٹا ہوتا ہے سٹوماکک۔ کارمی نیٹو۔ اور ایرو ماٹک فائیدہ کے واسطے بدہضمی نفخ شکم اور قولنج میں استعمال کرتے ہیں +

خوراک۔ گھوڑا ۲۔۴ ڈرام۔ مویشی ۱۔۲ اونس۔ بھیڑ ۱۔۲ ڈرام کتا ۱۰۔۳۰ گرین +

اتیس۔ ایکونائیم ہٹرو فائیلم

اسکا درخت کوہ ہمالہ پر پیدا ہوتا ہے۔ اسکی جڑھ دوا میں استعمال کرتے ہیں۔ جو گاؤدم اور نیچے کی جانب نوکیلی ایک یا ڈیڑھ انچ لمبی ہوتی ہے۔ ذائقہ تلخ اس میں ایکونیٹیا نہیں ہوتا۔ اس لئے خطرناک نہیں ہے +

اثر و استعمال۔ کمزوری اور نوبتی بخاروں میں ٹانک اور انٹی پیریاڈک

فائدہ کے لئے دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ½ سے ایک اونس کتا ۲۰۔۳۰ گرین۔

یوکلپٹس آئیل

یوکلپٹس گلابیولس کے تازہ پتوں کو کشید کرنے سے یہ روغن نکلتا ہے۔

خواص۔ بیرنگ خفیف زردی مائل سیال ہے جس میں ایک خاص قسم کی خوشبو۔ چرپرے مصالحہ کیطرح اور ٹھنڈی ہوتی ہے الکوحال گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ میں حل ہوتا ہے۔ اسکے جوہر کو یوکلپٹول کہتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ۔ ایکس پکٹورنٹ سٹوماٹک۔ کارمی نیٹو۔ انٹی سپٹک اور انیوڈائین کسی قدر ڈایا فوریٹک۔ ڈایوریٹک۔ خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ نہایت قوی انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ ہے کاربالک ایسڈ سے تگنا قوی الاثر ہے لیکن زہر نہیں ہوتا۔ لگانے سے تھوڑا سا مقامی انس تھیشیا پیدا کرتا ہے مزمن کھانسی۔ انفلوانزا سپٹی سیمیا۔ اور کتوں کے ڈسٹمپر میں اس سے کامیابی ہوتی ہے۔ بدہضمی کے امراض میں جب فضلہ میں بو ہو تو سٹوماٹک اور کارمی نیٹو فائدہ کیلئے دیتے ہیں۔ خارجی علاج میں زخموں پر ویسی لین (۱۔۸) میں ملا کر لگاتے ہیں۔ آیوڈوفارم کے ہمراہ اسکا مرہم بنانے سے آیوڈوفارم کی بو دب جاتی ہے۔ گذرگاہ تنفس کے کٹارل امراض جنمیں بدبو دار اخراج ہو اور پلمونیری گنگرین میں اسکے بھوپارہ دینے سے سٹی مولنٹ انٹی سپٹک اور ڈیوڈورنٹ اثر ہوتا ہے ایک حصہ یوکلپٹول اور ۵ حصے سادہ تیل ملانے سے سٹی مولنٹ اور انیوڈائین لینی منٹ تیار کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ۲ سے ۱۰ قطرے۔

اندر دینا ہو تو گوند میں اسکا ایملشن بنا کر یا الکوحال میں حل کر کے دیں۔ خارجی طور پر مرہم بناتے ہیں یا بھوپارہ سنگھاتے ہیں۔

یوفوربیم

یہ فوربیم ریزینی فیرا کا خشک شدہ رس ہے جو درخت کے تنہ اور شاخوں کو پاچھنے سے نکلتا ہے اسکا درخت مراکو اور کوہ اٹلس کے مقامات میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص۔ اسکے ٹکڑے مٹر کے برابر بے بو۔ تلخ ذائقہ کے اور سفوف خاکی رنگ کا ہوتا ہے پانی میں حل نہیں ہوتا لیکن الکوحال۔ ایتھر اور روغن تارپین میں حل ہو جاتا ہے اسکا سفوف اگر سونگھا جاوے تو چھینکیں آتی ہیں۔

اثر و استعمال۔ اسکے خارجی واندرونی استعمال سے سخت خراش پیدا ہوتی ہے۔ طبابت حیوانات میں لعبض اوقات آبلہ انگیز ادویات کا اثر تیز کرنیکے لئے اسے ملا دیا کرتے ہیں لیکن اگر تنہا استعمال کریں تو سخت خراش پیدا کر کے سلفنگ پیدا کرتا ہے۔ گھوڑوں کے کہنہ امراض میں آبلہ پیدا کرنے کے لئے اسکا ٹنکچر (۱-۱۶) یا کنتھریڈس کے ہمراہ اسکا مرہم بلا خطر لگا سکتے ہیں۔

ایکسٹریکٹ آف ایکونائیٹ

ترکیب۔ ۱۱۲ پونڈ ایکونائیٹ کے تازہ پھول اور پتوں کا رس نکال کر ۱۳۰ درجے فیرن ہائیٹ کی حرارت دیکر گرم کرتے ہیں بعد ازاں کپڑے کی چھلنی میں چھان کر سبز رنگ کے جزو کو علیحدہ کر دیتے ہیں۔ چھلنے ہوئے عرق کو ۲۰۰ درجہ کی حرارت دینے سے البیومن منجمد ہو جاتا ہے پھر اسکو چھان لیتے ہیں۔ اب اس چھنے ہوئے عرق کو واٹر باتھ پر اڑا کر گاڑھا کر کے سبز رنگ کے جزو کو ملا دیتے ہیں بعد ازاں ۱۴۰ درجہ کی گرمی اس وقت تک دیتے ہیں جبتک کہ حسب ضرورت گاڑھا نہ ہو جاوے۔

خوراک فارماکوپیا کے ایکسٹریکٹ کی۔ گھوڑا ۱۰ - ۵ گرین۔ مویشی

۱۵-۳۰ گرین۔ بھیڑ ۲-۵ گرین۔ کتا ½ سے ۲ گرین۔
خوراک فلیمنگ صاحب کے ایکسٹریکٹ کی۔ گھوڑا ۱-۳ گرین۔
کتا ¼ سے ½ گرین۔ گولی بناکر یا سرد پانی میں عرق کے طور پر دیتے ہیں۔
(اثر و استعمال ایکونائیٹ کے بیان میں دیکھو)۔

ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا

ترکیب۔ ایکسٹریکٹ آف ایکونائیٹ کی طرح ہے۔ اس میں ایکونائیٹ کے بجائے بیلاڈونا کے پتے اور کونپلیں لیتے ہیں۔
خوراک۔ گھوڑا مویشی ۱-۲ ڈرام۔ بھیڑ ۳-۱۰ گرین۔ کتا ¼ سے ۳ گرین گولی بناکر یا پانی میں حل کرکے دیتے ہیں (اثر و استعمال کے لئے بیلاڈونا کو دیکھو)۔

فلوائیڈ ایکسٹریکٹ آف کینے بس انڈیکا

اس کے پودہ کو کینے بس سٹائیوا کہتے ہیں۔
ترکیب۔ ایک پاؤنڈ انڈین ہمپ یعنی بھنگ کے تازہ پتوں اور پھول کو ۷ دن تک شراب میں بھگوکر ٹنکچر بنالیں۔ اسکو مقطر کرکے اسقدر گاڑھا کرلیں کہ قوام بن جائے اگر اسکو زیادہ دیر تک آنچ پر رہنے دیں تو دانہ دار ایکسٹریکٹ بن جاتا ہے۔
خواص۔ نرم سبز مائل یا دانہ دار سیاہ لگدی ہوتی ہے جس سے نارکاٹک بو آتی ہے
اثر و استعمال۔ سیڈیٹو۔ اینوڈاین۔ انٹس پازموڈک۔ ہپناٹک۔ میڈیٹو انس تھیٹک ہے۔ درد۔ تشنج اور عصبی خراش رفع کرنے کے لئے کالک۔ انیفرائیٹس پیریٹوناٹیس۔ کرانک برانکائیٹس۔ ٹے ٹے نس اور کتوں کے کوریا میں دیتے ہیں۔ اس میں یہ خوبی ہے کہ اس سے قبض یا بدہضمی نہیں ہوتی اور اشتہا غالب رہتی ہے۔

خوراک فلوایڈ ایکسٹریکٹ۔ گھوڑا ۲-۴ ڈرام۔ کتا ۲-۵ قطرے ٭

خوراک گرنیولر ایکسٹریکٹ۔ گھوڑا ۱-۲ ڈرام۔ کتا ½ سے ۱ گرین ٭

بشکل گولی۔ الیکچوری۔ یا سپازیٹوری استعمال کرتے ہیں ٭

ایکسٹریکٹ آف ڈیجی ٹیلس

ترکیب۔ ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا کی طرح ہے لیکن بجائے بیلاڈونا کے پتوں کے ڈیجی ٹیلس کے پتے لیتے ہیں ٭

خوراک۔ گھوڑا ۵-۱۰ گرین مویشی ۱۰-۲۰ گرین۔ بھیڑ ۱-۵ گرین۔ کتا ½ سے ۱ گرین گولی بنا کر دیتے ہیں ٭

اثر و استعمال۔ ڈیجی ٹیلس کے بیان میں دیکھو ٭

لیکوایڈ ایکسٹریکٹ آف ارگٹ

ترکیب۔ سفوف ارگٹ ایک پونڈ۔ ایتھر ایک پائینٹ۔ ڈسٹلڈ واٹر ½۳ پائینٹ۔ ریکٹی فایڈ سپرٹ ۸ فلوئیڈ اونس۔ ایتھر کو نصف پائینٹ پانی میں ملا کر تھوڑی دیر کے بعد ایتھر کو اوپر سے نتھار لیتے ہیں۔ ارگٹ کو پرکولیٹر میں ڈال کر آہستہ آہستہ ایتھر ڈالتے ہیں تاکہ تیل دور ہو جاوے۔ اس طرح صاف شدہ ارگٹ کو ۳ پائینٹ پانی میں ملا کر ۱۲ گھنٹے تک ۶۰ درجہ فیرنہائیٹ کی حرارت پر گرم کرتے ہیں اسکے بعد شکنجہ میں ڈال کر دبلتے ہیں۔ عرق کو واٹر باتھ پر اسقدر اڑاتے ہیں کہ ۹ اونس رہ جاوے۔ سرد ہونے پر اس قدر سپرٹ ملا کر نصف گھنٹہ تک رکھکر چھان لیتے ہیں کہ مجموعہ ۱۶ فلوئیڈ اونس ہو جاوے ٭

اثر و استعمال۔ (دیکھو بیان ارگٹ) ٭

خوراک۔ گھوڑا ۱-۴ فلوایڈ ڈرام۔ مویشی ۲-۴ فلوایڈ ڈرام۔ بھیڑ ۱-۴ قطرے۔ کتا ۱۰-۳۰ قطرے۔ پانی کے ہمراہ پلاتے ہیں ٭

لیکوایڈ ایکسٹریکٹ آف میل فرن

ترکیب۔ سفوف فیرن روٹ ۲ پونڈ۔ ایتھر ۴ پائینٹ یا حسب ضرورت۔ فیرن روٹ کو ۲ پائینٹ ایتھر میں ملا کر پرکولیٹر میں ڈالدیں اور تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد بقایا ایتھر بھی ڈالتے رہیں تا کہ چھلنی میں سے ایتھر بیرنگ خارج ہوتا رہے۔ بعدازاں واٹر باتھ پر رکھکر گاڑھا کرلیں ✚

خوراک۔ گھوڑا ۳۔ ۶ ڈرام۔ کتا ½ سے ۱ ڈرام۔ ٹی نیا۔ یا کدو دانہ مارنے کے لئے دیتے ہیں۔ اسکے استعمال سے ۲۴ گھنٹے بیشتر جانور کو بھوکا رکھنا چاہیئے اگر کرم خارج نہ ہوں تو جلاب دیں ✚

ایکسٹریکٹ آف ہایوسائمس

ترکیب۔ ۲ ۱۱۱ پونڈ ہایوسائمس کی پتیاں لیکر ایکسٹریکٹ آف ایکونائیٹ کی ترکیب سے تیار کرلیں ✚

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲۰ گرین سے ایک ڈرام۔ بھیڑ ۱۰۔ ۲۰ گرین کتا ½ سے ۲ گرین ✚

اثر و استعمال۔ مثل ہایوسائمس کے ہے۔ گولی بنا کر۔ یا پانی میں حل کر کے دیتے ہیں ✚

× سکیریٹڈ کاربونیٹ آف آئرن

ترکیب۔ سلفیٹ آف آیرن ۲ اونس۔ کاربونیٹ آف امونیا ½ ۱ اونس کھولتا ہوا مقطر پانی ۲ گیلن۔ صاف شدہ چینی ایک اونس سلفیٹ آف آیرن اور کاربونیٹ آف امونیا کو علیحدہ علیحدہ ½ گیلن پانی میں حل کرتے ہیں۔ بعدازاں دونوں عرقوں کو مٹی کے گھرے برتن میں ڈال کر جلدی سے برتن کو بند کر کے ۲۴

گھنٹوں تک رکھ چھوڑتے ہیں تاکہ کاربونیٹ آف آئرن کا تلچھٹ تہ نشین ہو جاوے اسکے بعد باقی کا پانی بھی ملا دیتے ہیں۔ پیدا شدہ کاربونیٹ کو جمع کر کے لوہے کی چھلنی پر معہ چینی کے ڈال کر خوب ملتے ہیں۔ آخر کار مرکب کو چھان کر ۲۱۲ درجہ کی حرارت میں خشک کر لیتے ہیں۔

خواص۔ چھوٹی چھوٹی خاکی رنگ کی ڈلیاں ہوتی ہیں۔ ذائقہ کسی قدر شیریں اور لوہے کی مانند۔ گرم ہائیڈروکلورک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال و خوراک۔ مثل سلفیٹ آف آئرن کے ہے۔ گولی بنا کر یا لعابدار اشیاء کے ساتھ ملا کر پلاتے ہیں۔ ایسڈ و ترش نمک۔ اور نباتی قابض ادویات کے ساتھ اسکو نہیں دینا چاہیئے۔

آیوڈائیڈ آف آئرن

ترکیب۔ لوہے کے باریک تار ۱½ اونس۔ آیوڈین ۳ اونس۔ آب مقطر ۱۵ فلوئیڈ اونس۔ جوش دینے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص۔ قلمدار سبز رنگ کا بھورا سفوف ہے۔ پانی میں تقریباً حل ہو کر ہلکا سا سبز عرق فیرک اکسائیڈ کا بن جاتا ہے جو بعد میں سرخ ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ ٹانک۔ ہیماٹانک۔ آلٹریٹو۔ اسٹرنجنٹ ہے ڈایابیٹیز السنی پیڈس اور نیزل گلیٹ میں دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ ڈرام۔ بھیڑ ۱۵-۳۰ گرین۔ کتا ۱-۸ گرین گولی بنا کر یا پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔ ایسڈ۔ ترش نمک۔ الکلی۔ الکلائین کاربونیٹ لائیم واٹر اور نباتی قابضات کے ہمراہ استعمال نہیں کرتے۔

مائیسٹ پراکسائیڈ آف آئرن

ترکیب۔ سلوشن پر سلفیٹ آف آئرن ۴ فلوئیڈ اونس۔ سلوشن آف سوڈا

۳۳ فلوائیڈ اونس۔ آب مقطر حسب ضرورت ہر دو سلوشنوں کو علیحدہ علیحدہ تیار کرکے رکھ چھوڑتے ہیں۔ ضرورت کے وقت دونوں کو ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

خواص۔ سُرخی مائل بھورے نرم لئی کی طرح کے ڈلے ہوتے ہیں۔

اثر واستعمال۔ یہ مرکب سنکھیا کا کیمیاوی فادہ ہے۔ اس سے آرسنک کا ڈلا اکٹھا ہوکر ناحل ہونیوالا آرسینائیٹ بن جاتا ہے۔ زہر کا اثر رفع ہونے تک اسکو بار بار دیتے رہنا چاہیئے۔ عموماً پانی یا لعابدار شربت کے ہمراہ زہر کی مقدار سے ۱۰ یا ۱۲ گنا زیادہ دیتے ہیں۔

سلفیٹ آف آئرن ہیراکسیس

ترکیب۔ لوہے کے تار ۴ اونس۔ گندھک کا تیزاب ۴ فلوائیڈ اونس۔ آب مقطر ۱½ پائینٹ ملا کر جوش دینے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص۔ بے بو۔ بڑی بڑی زرد ارغوانی رنگ کی سہ گوشہ قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ نمکین۔ قابض۔ خشک۔ ہوا میں رکھنے سے بھُربھُرا۔ زرد سفید مائل سفوف ہوجاتا ہے۔ پانی میں حل ہوجاتا ہے لیکن الکوحال میں حل نہیں ہوتا۔

اثر واستعمال۔ داخلی زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں اسٹرنجنٹ۔ ٹانک۔ لوکل سٹی مولنٹ۔ انتھل منٹک۔ اسٹپٹک۔ خارجی استعمال میں اریٹنٹ۔ سٹی مولنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ اسٹپٹک۔ انٹی سپٹک ہے۔ انیمیا۔ ڈسنٹری ڈایریا۔ سکرافیولا۔ ڈایابیٹیز۔ کوریا۔ مرگی اور شکم کے کرم مارنے کے لئے دیتے ہیں پرپیورا میں جب ہاضمہ بگڑ جاتا ہے یا جگر اور طحال بڑھ جاتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ جریان خون اور مویشی کے ریڈ واٹر میں بھی اسکو دیتے ہیں۔ چونکہ یہ مرکب قابض ہے اس لئے اس کے استعمال کے بعد ایلوز کا جلاب دینا چاہیئے۔ اسی لئے ۸ یا ۹ روز سے زیادہ اسکو استعمال نہیں کرتے اگر جسم میں خون زیادہ ہو یا کوئی انفلامیشن کی بیماری ہو یا ہاضمہ خراب اور بخار ہو

تو اسکو استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ ڈرام۔ مویشی ۲۔۳ ڈرام۔ بھیڑ ۱۰۔۵ اگرین کُتا ۵۔۱۰ اگرین۔ اسکا سفوف دانہ پر ڈال کر یا گولی بنا کر یا عرق کی صورت میں دن میں دو مرتبہ پلایا کرتے ہیں۔ نباتی قابضات۔ الکلی۔ الکلاین کاربونیٹ اور لائم واٹر کے ساتھ اسکو نہ دینا چاہیئے۔ اس سے ماس آف سلفیٹ آف آئرن بنا کر بھیڑ کو ۲۰۔۴۰ گرین تک دیتے ہیں۔

فیرم۔ آئرن۔ لوہا

دہاتی لوہا باریک چمکدار بے لچک تار کی شکل کا ہوتا ہے۔ اسپر زنگ نہ ہونا چاہیئے۔ اس سے حسب ذیل مرکبات تیار ہوتے ہیں۔

۱۔ سکیریٹڈ کاربونیٹ آف آئرن۔

۲۔ آیوڈائیڈ آف آئرن۔

۳۔ سلفیٹ آف آئرن۔

۴۔ سلوشن پرکلورائیڈ آف آئرن۔

۵۔ سلوشن پرسلفیٹ آف آئرن۔

۶۔ سیرپ آیوڈائیڈ آف آئرن۔

۷۔ آئرن اینڈ پوٹاسیم ٹارٹریٹ۔

۸۔ آئرن اینڈ سائٹریٹ آف امونیا۔

۹۔ آئرن اینڈ کونین سائٹریٹ۔

۱۰۔ مائیسٹ پر اکسائیڈ آف آئرن۔

میل فرن۔ ایس پیڈیم

ڈرائی اپ ٹیرس فلکس ماس اور ڈرائی اپ ٹیرس مارجی نیلس کی گانٹھیں

یوروپ اور ممالک متحدہ میں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ گانٹھیں موٹی۔ گول گہرے بھورے رنگ کی ہوتی ہیں۔ ان پر بھورے رنگ کے چمکدار شفاف۔ ملائم چھلکے ہوتے ہیں۔ بو خفیف ناگوار۔ ذائقہ شیریں چرپرا اور کسی قدر تلخ۔ قابض اور متلی آور ہوتا ہے۔

اجزاء۔ رال کثیف و لطیف روغن۔ فلی سین۔ فلی سک ایسڈ۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ اور طبی خوراک میں انتھل منٹک ہے کتوں کے ٹی نیا مارنیکے لئے ۲۴ گھنٹے تک انکو بھوکا رکھکر اسکو دینا چاہیئے۔ اگر کرم خارج نہ ہوں تو کسٹر آئل کی ایک خوراک دیں۔

خوراک سفوف۔ گھوڑا و مویشی ۵۔۶ اونس۔ بھیڑ ۲۔۴ اونس۔ کتا ½ سے ایک اونس۔ سفوف کی نسبت لیکویڈ ایکسٹریکٹ آف میل فرن بہتر ہے۔

گالز۔ مازو

کویرکس لوسی ٹے نیکا۔ ایک قسم کے جھاڑدار شاہ بلوط کے درخت پر چوبی مادہ کی فالتو گولیاں پیدا ہو جاتی ہیں جس میں سائی پنس گالا ٹنگ ٹوریا مکھی سوراخ کر کے انڈے دیتی ہے مکھی کے سوراخ کرنے سے پیشتر ان ابھاروں یا مازو کو جمع کر لینا چاہیئے۔ اسکی پیدائش جزیرہ لیوانٹ میں ہوتی ہے۔

خواص۔ گولیوں پر کم و بیش چھوٹے چھوٹے ابھار ہوتے ہیں۔ ان میں اکثر ایک سوراخ پایا جاتا ہے۔ رنگت نیلاہی مائل زیتونی سبز یا سیاہی خاکی ہوتی ہے مرکزی خانہ میں یا تو کسی قدر بڑھا ہوا کرم یا کچھ سفوف پایا جاتا ہے۔ تقریباً بے بو اور ذائقہ نہایت قابض ہوتا ہے۔ ہلکا۔ سفید مازو بیکار رہتا ہے اس میں گیلک ایسڈ و ٹے نک ایسڈ دو جوہر ہوتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ داخلی و خارجی طور پر اسٹرنجنٹ اور شپٹک ہے۔ کسی مقام کے اخراج یا جریان کو موقوف کرنیکے لئے اور ڈائریا و ڈیسنٹری میں اسکو دیتے ہیں۔ دہاتی نمکوں اور ٹارٹرایمے ٹک کے زہر کا انٹی ڈوٹ ہے۔ خارجی طور پر مرطوب ایگزیما

اور دیگر زخموں میں اسکو لگانے سے آرام ہوتا ہے۔ سٹوماٹائٹس یا منہ کے زخموں میں اسکو لگاتے اور غرغرہ کراتے ہیں ♦

خوراک۔ گھوڑا ۱۔۲ ڈرام مویشی ۲۔۴ ڈرام۔ بھیڑ ۱۰۔۲۰ گرین۔ کتا ۲۔۱۰ گرین۔ داخلی طور پر بولس یا ٹنکچر گالس کی صورت میں اور خارجی طور پر ٹنکچر و آئینٹمنٹ گال و دوا ہیم بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ اسکے ہمراہ تیزاب فولاد۔ سیسہ کے نمک۔ کاپر سلفیٹ۔ سلور نائیٹریٹ۔ ٹارٹر ایمیٹک۔ لائم واٹر۔ الکلائین کاربونیٹ اور بائی کاربونیٹ اور اکثر نباتی ادویات استعمال نہ کرنی چاہئیں ♦

گارلک۔ لہسن

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔ ڈایوریٹک۔ سٹوماکک بدہضمی اور پرانی کھانسی میں گولی بنا کر یا دودھ میں پکا کر کھلاتے ہیں ♦

جنشن روٹ۔ جنطیانا کی جڑھ

جنٹیانا لوٹیا کی جڑھ کے قتلے بازار میں فروخت ہوتے ہیں اسکی پیدائش کوہ ایلپس اور جنوبی و وسطی یوروپ میں ہوتی ہے ♦

خواص و شناخت۔ جڑھیں نصف سے ایک انچہ موٹی اور کئی انچہ لمبی بلدار ہوتی ہیں۔ بیرونی سطح شکن دار۔ بھوری۔ اندرونی زرد۔ ذائقہ اول شیریں بعد میں دیرپا تلخ ♦

اثر و استعمال داخلی طور پر۔ سٹوماکک۔ بٹر ٹانک۔ انتھل منٹک۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ خفیف انٹی سپٹک ہے۔ اسکا استعمال حسب ذیل امراض میں کرتے ہیں کمزوری۔ بدہضمی۔ آنتوں میں کرم ہوں یا جب انفلوانزا اور نیومونیا کے شدید حملہ سے جانور بچ نکلے۔ کرم مارنیکے لئے اسکے ہمراہ سلفیٹ آف آئرن دینا چاہیئے اسکے بجائے چرائیتہ بھی استعمال کرتے ہیں ♦

خوراک۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ مویشی ۱-۲ اونس۔ بھیڑا-۲ ڈرام کُتا ۵-۳۰ گرین۔ اسکی گولی ٹنکچر یا انفیوژن یا سفوف استعمال کرتے ہیں۔ سلور نائٹریٹ اور لڈ سالٹس اس کی ضد ہیں۔

گلسرین

صابن بن جانیکے بعد گلسرین فالتو شئے کے طور پر رہ جاتا ہے۔ لیکن اسکو عموماً روغن نارجیل پر تیز بھانپ کے عمل کرنے سے جسکی حرارت تقریباً ۶۰۰ درجہ فرنہایٹ ہو تیار کرتے ہیں۔

خواص۔ صاف۔ بے بو بیرنگ۔ گاڑھا شربت کی طرح کا چپچپا سیال ہے چھونے سے روغنی معلوم ہوتا ہے۔ ذائقہ شیریں اور کسی قدر گرم۔ پانی اور الکوحال میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ ڈیمل سنٹ۔ ایمولی انٹ کسی قدر انٹی سپٹک زیادہ مقدار میں دینے سے اری ٹیشن پیدا کرتا ہے۔ اکثر دوائیوں میں اور گولی بنانے میں بطور بدرقہ اسکو ملا دیا کرتے ہیں۔ سٹوماٹائٹس اور تھرش میں بورک ایسڈ اور گلسرین ملا کر لگاتے ہیں کریکڈ ہیلز اور اری تھیما میں ذیل کا مکسچر لگانے سے فائیدہ ہوتا ہے:-

ٹنکچر اوپیم ایک اونس۔ سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ۴ اونس۔ گلسرین دو اونس۔ پانی ۸ اونس۔ مینج اور بدبودار زخموں پر گلسرین کو کاربالک ایسڈ کے ساتھ ملا کر لگاتے ہیں کُتوں کے کینکر میں آیوڈین اور گلسرین لگاتے ہیں اندرونی طور پر اسکو بہت کم استعمال کرتے ہیں۔ ناگوار اور خراشدار ادویات کے ساتھ اور گاہے نفخ کی پیدائش روکنے کیلئے اسکو پلاتے ہیں گلے کی خراش رفع کرنیکو کف مکسچر میں اسکو ملا دیتے ہیں۔ گاہے قبض رفع کرنیکے لئے کتوں کی مقعد میں اسکی پچکاری کرتے ہیں۔

گلسرین آف بورکس

ترکیب۔ گلسرین ۴ حصے۔ بورکس ایک حصہ۔ ڈسٹلڈ واٹر ۲ حصے۔

گلسرین آف ٹینک ایسڈ

ترکیب۔ ٹینک ایسڈ ۱ حصہ۔ گلسرین ۴ حصے ۰

گلسرایٹ آف سٹارچ

ترکیب۔ سٹارچ ۱۰ حصے۔ واٹر ۱۰ حصے۔ گلسرین ۸۰ حصے ۰

گلسرین آف کاربالک ایسڈ

ترکیب۔ گلسرین ۴ حصے۔ کاربالک ایسڈ ایک حصہ کھرل میں ڈالکر حل کر لیتے ہیں ۰

اثر و استعمال۔ اسٹرنجنٹ وسٹی مولنٹ ہے انڈولنٹ السر۔ زخم۔ کریکڈ ہیلز سور بیک اور جلے ہوئے مقامات پر لگاتے ہیں ۰

کاٹن وول۔ گوسی پیم۔ روئی

زخموں اور بلسٹر لگائے ہوئے حصوں کو روئی سے ڈھانک دیا کرتے ہیں تاکہ ہوا کے خراشندہ اثرات سے محفوظ رہیں۔ اس سے کلوڈیم اور فلکیسبل کلوڈیم تیار کرتے ہیں ۰

ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری۔ بن آیوڈائیڈ آف مرکری

ترکیب۔ پرکلورائیڈ آف مرکری ۴ اونس۔ آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم ۵ اونس کھولتا ہوا پانی ۴ پائینٹ۔ پرکلورائیڈ آف مرکری کو ۳ پائینٹ اور پوٹاسیم آیوڈائیڈ کو ایک پائینٹ پانی میں حل کر کے ہر دو عرق کو ملا لیتے ہیں۔ ٹھنڈا ہونے پر بالائی عرق کو نتھار کر تلچھٹ کو جمع کر کے بعد میں اسکو ڈگنے پانی میں دھوکر ۲۱۲ درجے

سے کم حرارت پر خشک کر لیتے ہیں۔

خواص۔ بے ذائقہ۔ گلناری رنگ کا بیڈول سفوف ہے۔ ہوا میں قائم رہتا ہے۔ حرارت دینے سے زرد رنگ کا ہو جاتا ہے پانی میں تقریباً حل نہیں ہوتا۔ ۱۳۰ حصے الکوحال میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ طبی خوراکوں میں آلٹریٹو۔ انٹی سپٹک زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ تیز کاونٹر اری ٹنٹ۔ ایسار بنٹ ڈیسی کنٹ۔ سپیورنٹ ہے۔

لغنجائیٹس میں ایکوٹ درجہ گذرنے کے بعد بمقدار ۵ گرین تین مرتبہ یومیہ دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ سکرس کارڈ میں بھی اس سے نہایت کامیابی ہوتی ہے یہ پوٹاسیم آیوڈائیڈ سے ارزاں اور فائدہ میں برابر ہے اسکو حسب ذیل ترکیب سے تیار کر کے دیا کرتے ہیں۔ بن آیوڈائیڈ آف مرکری ایک ڈرام۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ۔ ایک ڈرام۔ واٹر ۱۲ اونس۔ اس میں سے ایک اونس تین دفعہ روزمرہ خوراک کے ہمراہ دیتے ہیں۔ مویشی کے ایکٹی نومائی کوسس میں۔ اگرین بن آیوڈائیڈ آف مرکری ہموزن پوٹاسیم آیوڈائیڈ کے ساتھ تین دفعہ یومیہ دیتے ہیں۔ اس مرکب کو مرکیورک پوٹاسیم آیوڈائیڈ کہتے ہیں۔ خارجی طور پر انٹی سپٹک فائدہ کے لئے اس کا سلوشن (۱ سے ۱۰۰۰) بھی استعمال کرتے ہیں۔

اسکا مرہم ناتندرست یا کمزور زخم۔ نسوں کی موچ اور ہڈی کے بڑھاؤ پر لگاتے ہیں۔ سرد موسم میں اسکا مرہم (۱-۸) کی طاقت کا اور گرم موسم میں (۱-۱۲) کی نسبت کا بنا کر لگانا چاہیئے۔ مرہم لگانے سے پیشتر جائے ماؤف کے بال کاٹ کر گرم پانی سے خوب دھو کر مرہم کو دس منٹ تک مالش کرتے ہیں۔ اس سے اچھا کاونٹر اری ٹنٹ اثر پیدا ہوتا ہے۔ اگر ۲۴ گھنٹے کے اندر آبلے پیدا نہ ہوں تو دوبارہ لگانا چاہیئے۔

ریڈ اکسائیڈ آف مرکری۔ ریڈ پریسی پی ٹیٹ

ترکیب اول۔ مرکری بحساب وزن ۸ اونس۔ نائیٹرک ایسڈ ۴½ اونس۔ واٹر دو اونس۔ نائیٹرک ایسڈ میں پانی ملا کر نصف مرکری کو حل کریں۔ بعد ازاں عرق کو اُڑا کر خشک کریں۔ اب باقی مرکری کے ساتھ اسکو حل کریں اور مرکب کو چینی کے کھُلے برتن میں ڈال کر رکھ چھوڑیں تاکہ تُرش بخارات نکلنے موقوف ہو جاویں۔ سرد ہونے پر بوتل میں رکھ لیں +

ترکیب دوئم۔ نائیٹریٹ آف مرکری کو پارہ کے ہمراہ گرم کرنے سے تیار کرتے ہیں +

خواص۔ نارنجی رنگ کا سُرخ وزنی سفوف ہے۔ پانی میں تقریباً حل نہیں ہوتا +

اثر و استعمال۔ کاسٹک فائیدہ کیلئے بڑھے ہوئے انگور اور سُست زخموں پر لگاتے ہیں۔ اسکا مرہم سٹی مولنٹ اور ڈیٹرجنٹ اثر کیلئے بڑھے ہوئے غدودوں پر استعمال کرتے ہیں۔ اس سے حسب ذیل مرکبات تیار کرتے ہیں :۔

ریڈ اکسائیڈ آف مرکری آئینٹمنٹ۔ اولیٹ آف مرکری +

ترکیب اولیٹ آف مرکری۔ ۱۰ حصے اولیک ایسڈ میں ۲۰ حصے مرکیورک اکسائیڈ ملانے سے تیار ہوتا ہے۔ جوڑوں کی سوزش۔ غدود اور ہڈی کے بڑھاؤ اور حیوانہ کی سختی میں مرہم بنا کر مالش کرتے ہیں یہ انٹی پیرا سائیٹک بھی ہے +

پرکلورائیڈ آف مرکری۔ کروسیو سبلی میٹ۔ دارچکنا

اسکو مرکیورک کلورائیڈ یا بائی کلورائیڈ آف مرکری بھی کہتے ہیں :۔

ترکیب۔ خشک سلفیٹ آف مرکری ۲۰ اونس خشک سوڈیم کلورائیڈ ۱۶ اونس

بلیک اکسائیڈ آف منگنیز ایک اونس۔ سلی میشن کی ترکیب سے تیار کرتے ہیں ◆

خواص۔ بیرنگ۔ بے بو۔ وزنی قلمدار ڈلیاں ہوتی ہیں۔ ذائقہ تیز دہاتی بالکوحال۔ ایتھر اور پانی میں حل ہوجاتا ہے ◆

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ کروسیوز ہر ہے۔ داخلی طور پر شاذونادر استعمال کیا جاتا ہے۔ خارجی استعمال میں انٹی سپٹک ڈس انفکٹنٹ پیراسٹی سائیڈ۔ کاسٹک۔ اندرونی طور پر ہپاٹک سٹی مولنٹ۔ انٹی فلوجسٹک اور انٹی سپٹک اثر کرتا ہے۔ بار بار کھلانے سے مرکیوری ازم ہو جاتا ہے۔ کہتے ہیں بہت چھوٹی خوراکوں میں دینے سے بلڈ ٹانک اثر کرتا ہے۔ اگرچہ سیرس ممبرین کے سوزشدار امراض مثلاً پلورائیٹس مینجائیٹس اور ارتھرائیٹس میں ایکسوڈیشن کو کم کرنیکے لئے اسکی سفارش کیگئی ہے لیکن اس مطلب کیلئے پوٹاشیم آیوڈائیڈ سے ادنےٰ درجہ پر ہے۔ ڈیسنٹری اور بدبودار میوکس آمیز ڈائریا میں انٹی سپٹک اور ہپاٹک سٹی مولنٹ فائدہ کیلئے اسکے سلوشن (۱/۵۰۰) کی پچکاری متعدمیں کرتے ہیں۔ اسکی گولی بھی کھلاتے ہیں۔ خارجی طور پر اسکے سلوشن (۱/۱۰۰۰) سے ۱/۵۰۰ سے گندے زخموں کو صاف کرتے ہیں۔ گاہے اس عرق سے جلد کے کرم بھی ہلاک کئے جاتے ہیں۔ برساتی کے زخموں پر اسکا سفوف سنکھیا اور پھٹکری کے ہمراہ چھڑکتے ہیں۔ ناسور کی دیواروں کو بھی گاہے اس سے جلاتے ہیں۔ تیز زہر ہونیکے باعث اسکے استعمال میں نہایت احتیاط رکھنی چاہیئے۔ اسکے زہر میں البیومن آرد گندم یا ڈیمل سنٹ ادویات دیگر نباتی قابضات دینے چاہئیں اس سے سلوشن پرکلورائیڈ آف مرکری۔ کمپونڈ سپرٹ پرکلورائیڈ آف مرکری اور آئینٹمنٹ پرکلورائیڈ آف مرکری تیار کرتے ہیں ◆

خوراک لوشن کی۔ کتے کے واسطے ۱/۲ سے ایک ڈرام ◆

ہڈی کے بڑھاؤ اور نسوں کی موچ پر کلوروفارم میں اسکا سیچوریٹڈ سلوشن لگانے سے اچھا کاؤنٹر اریٹنٹ اثر ہوتا ہے ◆

سب کلورائیڈ آف مرکری کیلومل

ترکیب۔ سلفیٹ آف مرکری ۱۰ اونس ۷ مرکری ۷ اونس خشک کلورائیڈ آف سوڈیم ۵ اونس۔ کھولتا ہوا پانی حسب ضرورت سبلی میشن کی ترکیب سے تیار کرتے ہیں۔

خواص۔ سفید رنگ تقریباً بے ذائقہ سفوف ہے۔ پانی۔ ایتھر اور سپرٹ میں حل نہیں ہوتا۔

اثر و استعمال۔ عرصہ تک استعمال کرنے سے ٹائلزم پیدا کرتا ہے سیلیے گاگ ڈایا فوریٹک۔ انٹی فلوجسٹک ریزالونٹ آلٹریٹو۔ انتھل منٹک۔ سیڈیٹو۔ انٹی سپٹک خارجی طور پر ڈیسی کنٹ۔ سٹی مولنٹ۔ اسٹرنجنٹ ہے۔ کانسٹی پیشن۔ امراض جگر۔ ڈیسنٹر خوراشدار ڈائیریا۔ انٹس ٹائنل پریسائٹ۔ پلورائٹس۔ پیریٹونائٹس۔ اینٹرائٹس۔ پیریکارڈائٹس مینجائٹس۔ ڈراپسی اور ساٹی ٹیز میں اسکو دیتے ہیں۔

خارجی طور پر کرانک ایگزیما یا کرکیڈ ہیلز۔ تھرش۔ اور دیگر زخموں پر چھڑکتے ہیں اور پسٹی آنکھ کی کارنیہ میں بھی اسکے لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

خوراک کتھارٹک۔ گھوڑا و مویشی ۱۔۲ ڈرام۔ بھیڑ ۴۔۸ گرین۔ کتا ۲ سے ۵ گرین۔ عموماً دیگر ادویات کے ہمراہ گولی بنا کر یا لعابدار اشیاء میں ملا کر دیتے ہیں۔ کیلومل کو برومائیڈ۔ آیوڈائیڈ۔ نائیٹرو ہائیڈرو کلورک ایسڈ۔ ہائیڈرو سیانک ایسڈ۔ الکلی کے کلورائیڈ۔ لائیم واٹر اور آیوڈوفارم کے ہمراہ نہ دینا چاہیئے۔

اسکے زہر میں البیومن۔ انڈے کی سفیدی۔ یا مٹر کا آٹا دیکر بعد میں نباتی قابضات استعمال کریں۔

سلفیٹ آف مرکری۔ مرکیورک سلفیٹ

اسکو پر سلفیٹ آف مرکری بھی کہتے ہیں۔

ترکیب۔ مرکری بحساب وزن ۲۰ اونس۔ خالص سلفیورک ایسڈ ۲ اونس۔

دونوں کو ملا کر گرم کریں اور بار ہلاتے رہیں جبتک کہ سفید نمک باقی رہ جاوے۔

خواص۔ قلمدار وزنی سفوف ہے۔ پانی ڈالنے سے زرد ہو جاتا ہے اس سے کروسیو سبلی میٹ اور کیلومل تیار کرتے ہیں۔

ہائیڈرار جیرم۔ مرکری۔ پارہ

امریکہ۔ ہسپانیہ اور دیگر ممالک کی کانوں میں پارہ دیگر دھاتوں کے ساتھ ملا ہوا بشکل سلفائیڈ پایا جاتا ہے۔ اسکی حرکت اور اڑ جانیکے باعث اسکو مرکری یعنی پارہ کہتے ہیں۔ چونکہ شکل میں سیمی ہوتا ہے اس لئے لاطینی زبان میں اسکو ہائیڈرار جیرم یعنی آب سیم کہتے ہیں بیقراری اور معدنی چمک کے باعث اسکو چاندی کا پانی یا اکوا میٹالیکا اور کوئیک سلور کہتے ہیں۔ اسکی صورت معدنی گولیوں کی سی ہوتی ہے۔ خام دھات یعنی سلفائیڈ آف مرکری کو آگ پر لوہے یا چونہ میں ملا کر گرم کرنے سے سلفر جدا ہو جاتی ہے اور پارہ ٹپک کر دوسری طرف آجاتا ہے۔

خواص۔ بے بو۔ بے ذائقہ۔ چاندی کی طرح سیال دھات ہے۔ حرارت سے اڑ جاتا ہے۔ سردی سے منجمد ہو کر اسکے تار اور ٹکڑے بن سکتے ہیں۔ مفصلہ ذیل مرکبات کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

۱۔ ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری۔
۲۔ ریڈ اکسائیڈ آف مرکری۔
۳۔ پرکلورائیڈ آف مرکری۔
۴۔ سب کلورائیڈ آف مرکری۔
۵۔ سلفیٹ آف مرکری۔
۶۔ امونی ایٹڈ مرکری۔
۷۔ مرکری ود چاک۔
۸۔ یلو واش۔ ۹۔ بلیک واش۔
۱۰۔ سلوشن نائیٹریٹ آف مرکری۔
۱۱۔ سلوشن پرکلورائیڈ آف مرکری۔
۱۲۔ مرکری پل ود آئیرن۔
۱۳۔ مرکری آئینٹمنٹ۔
۱۴۔ امونی ایٹڈ مرکری آئینٹمنٹ۔
۱۵۔ کمپونڈ مرکری آئینٹمنٹ۔
۱۶۔ نائیٹریٹ آف مرکری۔
۱۷۔ آئینٹمنٹ آف ریڈ اکسائیڈ آف مرکری۔
۱۸۔ آئینٹمنٹ آف ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری۔

امونی ایٹڈ مرکری

ترکیب۔ پرکلورایڈ آف مرکری ۳ اونس سلوشن آف امونیا ۴ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ۲ پائینٹ۔ پریسی پی ٹیشن کی ترکیب سے تیار کرتے ہیں اسکو اندرونی طور پر استعمال نہیں کرتے۔

خواص۔ دھندلا سفید سفوف ہے۔ ذائقہ اول مٹی کا سا بعد میں تلخ اور دھاتی۔ ہوا میں قایم رہتا ہے۔ پانی و الکوحال میں تقریباً حل نہیں ہوتا۔

اثر و استعمال۔ داخلی اری ٹنٹ زہر۔ خارجی طور پر جوئیں اور لیکھیں مارنیکے لئے ایک حصہ امونی ایٹڈ مرکری اور ۸ حصے چربی ملاکر استعمال کرتے ہیں۔

مرکری وِد چاک۔ گرے پاؤڈر

ترکیب مرکری بحساب وزن ایک حصہ۔ پری پیرڈ چاک ۲ حصے۔ دونوں کو اسقدر ملادیں کہ مرکری کے ذرات نظر نہ آویں اور مرکب خاکی رنگ کا ہوجاوے۔

خواص۔ بھورے سفید رنگ کا سفوف ہے پانی میں حل نہیں ہوتا۔

اثر و استعمال۔ لکیٹو۔ انٹاسڈ۔ آلٹریٹو۔ بچوں اور بچوں کی صفراوی بدہضمی اور اسہال میں ۵-۱۵ گرین کی خوراک میں دو مرتبہ روزانہ دیتے ہیں۔ بے خراش اور ہلکا اثر کرنیکے باعث خاصکر بچوں کے جگری امراض اور جانڈس میں ½ سے ۴ گرین کی خوراکوں میں گولی بناکر دیتے ہیں اسکو ترش نمکوں کے ساتھ نہ دینا چاہیئے۔

ہایوسائمس لیوز

اسکے درخت کو ہایوسائیس نائیگرا کہتے ہیں۔ اسکے پتے۔ پھول۔ بیج اور جڑ دوا میں استعمال کرتے ہیں۔

خواص۔ پتے بیضوی شکل کے کھردرے۔ روئیندار چپچپے ہوتے ہیں۔

بونار کا ٹنک۔ ذائقہ تلخ۔ بیج چھوٹے۔ گول اور خاکی۔ ذائقہ والے بیتوں سے مشابہت رکھتی ہے۔ جڑھ سفید۔ شاخدار۔ اس میں ہایوسائیمین اور ہایوسائین دو جوہر ہوتے ہیں جو طبابت حیوانات میں استعمال نہیں کئے جاتے ۔

اثر و استعمال۔ ہایوسائیمس کا اثر بیلاڈونا کی طرح ہوتا ہے لیکن چند وجوہات کے باعث اس سے بہتر خیال کیا گیا ہے دماغ پر اسکا سکون اور معدہ و آنتوں پر کارمی نیٹو اور لکسیٹو اور مثانہ یا آلات پیشاب پر اینوڈاین و انٹس پاز موڈک اثر بیلاڈونا سے بہتر ہوتا ہے۔ مثانہ و آلات پیشاب کی خراش میں الکلیز اور ڈیل سنٹ ادویات مثلاً بائی کاربونیٹ آف سوڈیم یا پوٹاسیم اور لعابدار اشیاء کے ہمراہ دیتے ہیں کتوں کو جب پرگیٹو دوائی دیجاتی ہے تو اسکا اثر تیز کرنے اور اینٹھن کو رفع کرنیکے لئے ہایوسائیمس ملا دیا کرتے ہیں۔ گاہے گاہے دل کے دھڑکنے میں اور روماٹیزم و نیورلجیا کا درد موقوف کرنیکے لئے اسکو دیتے ہیں کتوں کے ٹے ٹے نس۔ کوریا۔ اپی لیپسی اور گھوڑوں کے کالک میں اسکو افیون۔ بیلاڈونا۔ کافور یا کلورل ہایڈریٹ کے ہمراہ دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ کاسٹک الکلیز و نباتی ایسڈ اس کی ضد ہیں ۔

خوراک پتونکی۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ کتا ۵ سے ۱۵ گرین ۔

اس سے ایکسٹریکٹ اور ٹنکچر ہایوسائیمس تیار کرتے ہیں ۔

خوراک ایکسٹریکٹ۔ گھوڑا و مویشی ۱۔۳ ڈرام۔ کتا ۲ ۔ ۸ قطرے ۔

خوراک ٹنکچر۔ گھوڑا و مویشی ۱۔۲ اونس۔ کتا ۱۰ ۔ ۴۰ قطرے ۔

انفیوژن آف کلمبا

ترکیب۔ مدرا سفوف کلمبا ایک اونس۔ سرد پانی ایک پائنٹ۔ ایک گھنٹہ تک بھگو کر چھان لیں ۔

خوراک۔ گھوڑا ۶ سے ۸ اونس۔ مویشی ۸ ۔ ۱۰ اونس۔ بھیڑ ۲۔۴ اونس۔ کتا ½ سے ایک اونس ۔

انفیوژن آف کیٹی کو

ترکیب۔ درد را سفوف کیٹی کو ½ ڈرام۔ سنی مم بارک ۱ ڈرام۔ کھولتا ہُوا پانی ایک پائنٹ۔ کسی بند برتن میں نصف گھنٹہ تک بھگو کر چھان لیں +

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۴-۶ اونس۔ بھیڑ ۱-۲ اونس۔ کتا ½ سے ۱ اونس +

انفیوژن آف یلوسنکونا بارک

ترکیب۔ درد را سفوف یلوسنکونا بارک ایک اونس۔ کھولتا ہُوا پانی ایک پائنٹ کسی بند برتن میں دو گھنٹے تک رکھکر چھان لیں +

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۴-۶ اونس۔ بھیڑ ایک سے ۲ اونس۔ کتا ½ سے ایک اونس +

انفیوژن آف کسو

ترکیب۔ درد را سفوف کسو ½ اونس۔ کھولتا ہُوا پانی ایک پائنٹ ۵ منٹ تک کسی بند برتن میں رکھکر بغیر چھانے استعمال کریں +

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲۰-۳۰ اونس۔ بھیڑ ۶-۱۰ اونس۔ کتا ایک سے تین اونس +

انفیوژن آف ارگٹ

ترکیب۔ درد را سفوف ارگٹ ½ اونس کھولتا ہُوا پانی ایک پائنٹ نصف گھنٹہ تک بند برتن میں رکھکر چھان لیں +

خوراک۔ گھوڑا ۶-۸ اونس۔ مویشی ۸-۱۰ اونس۔ بھیڑ ۴-۶ اونس کتا ½ سے ایک اونس +

کمپونڈ انفیوژن آف جنشن

ترکیب۔ جنشن کی جڑھ کے ٹکڑے ۴ ڈرام۔ پائی منٹو کے بیج کوفتہ دو ڈرام کھولتا ہُوا پانی ایک پائینٹ۔ چار گھنٹوں تک بند برتن میں بھگو کر چھان لیں۔
خوراک۔ گھوڑا ۲۔ ۸ اونس۔ مویشی ۸۔ ۱۰ اونس۔ بھیڑ ۲۔ ۴ اونس۔ کتا ½ سے ایک اونس۔

انفیوژن آف لنسیڈ

اسکو لنسیڈ ٹی بھی کہتے ہیں۔
ترکیب۔ السی کوفتہ ایک اونس۔ کھولتا ہُوا پانی ایک پائینٹ۔ چار گھنٹوں تک بند برتن میں بھگو کر چھان لیں۔ خوراک حسب ضرورت۔

انفیوژن آف ٹوبیکو

ترکیب۔ تمباکو کے پتے ۲ ڈرام۔ کھولتا ہُوا پانی ایک پائینٹ۔ ایک گھنٹہ تک بند برتن میں بھگو کر چھان لیں۔ خارجی طور پر پیراسٹی سائیڈ غرض کے لئے لگاتے ہیں۔ سٹرکنیا کے زہر میں اسکو پلاتے بھی ہیں۔

آیوڈوفارم

ترکیب۔ گرم الکوحال کے عرق میں آیوڈین اور پوٹاسیم کاربونیٹ ڈال کر تیار کرتے ہیں۔
خواص۔ زرد رنگ کے چمکدار چھلکے ہوتے ہیں۔ بو و ذائقہ ناگوار و دیرپا ٹھنڈے پانی میں مشکل سے تھوڑا حل ہوتا ہے۔ کلوروفارم۔ بنزین۔ لطیف و کثیف وغیرہ میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال - انٹی سپٹک - ڈیوڈورنٹ اور لوکل انف تھیٹک - بعض مُصنّف اسکو خفیف جرمے سایڈ بھی کہتے ہیں - طبابت حیوانات میں اسکو داخلی طور پر استعمال نہیں کرتے - زخموں پر بورک ایسڈ کے ساتھ ملا کر چھڑکتے ہیں گاہے اس میں زنک اکسایڈ بھی ملالیا کرتے ہیں - اس سے زخموں میں خراش نہیں ہوتی - اور انگور بڑھنے لگتے ہیں - کُتّوں کے کان کے کنکر اور گھوڑوں کے کریکڈ ہیلز میں مذکورہ بالا مرکب لگانے سے آرام ہوتا ہے - تھرش میں اسکو کیلول کے ہمراہ لگاتے ہیں - نیزل گلیٹ میں بھی اسکو لگاتے ہیں - بورک ایسڈ اور آیوڈوفارم کا مرہم بھی بناتے ہیں +

آیوڈین

آیوڈین ایک غیر دھاتی عنصر ہے جو حیوانات - نباتات اور معدنیات کے ساتھ ملی ہُوئی ہوتی ہے - اسکو سمندری پودوں کے جلانے سے تیار کرتے ہیں - پودوں کے جلانے سے جو راکھ بنتی ہے اسکو پانی میں حل کرتے ہیں اس طرح پر کلورایڈ آف سوڈیم اور دیگر نمک علیٰحدہ ہو جاتے ہیں - گاڑھے بھورے عرق کو نتھارتے ہیں تو اس میں آیوڈین ہمراہ سوڈیم و میگنیشیم کے ملا ہُوا ہوتا ہے اسمیں سلفیورک ایسڈ ڈالنے سے سلفر اور سلفیٹ آف سوڈا تہ نشین ہو جاتے ہیں اور کاربانک و سلفیورس ایسڈ کی ہوا اُڑ جاتی ہے - اس عرق کو شیشہ کے ریٹارٹ میں ڈال کر ۱۴۰ درجے کی حرارت دیتے ہیں اور پر اکسایڈ آف میگنیز اس میں ملاتے ہیں - اس ترکیب سے آیوڈین اُڑ کر شیشہ کے برتنوں میں جم جاتی ہے +

خواص - اسکی قلمیں ورقدار سیاہ سوسنی رنگ کی ہوتی ہیں - ذائقہ تیز - بُو ناگوار چمڑے پر لگے تو زرد داغ پڑ جاتا ہے - پانی میں بہت تھوڑا لیکن ایتھر و پوٹاسیم آیوڈائیڈ میں بالکل حل ہو جاتا ہے گرم کرنے سے ارغوانی بخارات بن کر اُڑ جاتا ہے - نشاستہ سے مل کر ایک نیلا ناحل ہونیوالا مرکب بن جاتا ہے +

اثر و استعمال۔ داخلی طور پر زیادہ مقدار میں اِنی ٹنٹ کروسیو زہر۔ طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ۔ ایکس پکٹورنٹ۔ سایلے گاگ۔ ڈی ایس ٹروانٹ آلٹریٹو خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ۔ روبی فی شنٹ۔ کاونٹرارِی ٹنٹ۔ ویسی کنٹ ریزالونٹ۔ انٹی پسٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ پیراسٹی سائیڈ۔ اسکے اندرونی استعمال سے بڑھے ہوئے غدود چھوٹے ہوجاتے ہیں۔ بھوک لگتی ہے۔ ڈایابیٹیز انسی پیڈیس اور کرانک روماٹیزم۔ برانکائیٹس۔ سور تھروٹ۔ اسائی ٹیز۔ ہائیڈرو تھوریکس۔ سکرافیولا میں اور مختلف جگہ کے ورم رفع کرنے کے لئے اسے دیتے ہیں۔ گاہے ورمینس برانکائیٹس میں گرم پانی میں ڈال کر اسکا بھانپ سنگھاتے ہیں۔ خارجی طور پر اسکا لینی منٹ ٹنکچر اور مرہم۔ بڑھے ہوئے نسوں۔ جوڑوں کے ورم پیری آسٹیم کی موٹائی اور نسوں کی موچ میں اور رنگ ورم۔ ایگزیما۔ سکے بیز و دیگر جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۱۵۔۳۰ گرین۔ مویشی ۱/۲ سے ایک ڈرام۔ کتا ۱/۲ سے ۱/۵ گرین۔ گولی بنا کر کھلاتے ہیں یا لائیکوار آیوڈین اور ٹنکچر آیوڈین استعمال کرتے ہیں۔ کھلانیکے واسطے پوٹاسیم آیوڈائیڈ بہتر ہے۔ ایمونیا۔ معدنی نمک و ایسڈ اور نباتی الکلی دوائیوں کے ساتھ اسے استعمال نہیں کرتے۔ عرصہ تک استعمال کرنے سے آیوڈزم ہوجاتا ہے۔ ایسی حالت میں اشتہا زائل۔ بدہضمی۔ زکام۔ ناک و فیرنگس میں خراش۔ آنکھ سے آنسو جاری۔ لاغری۔ جلد خشک چھلکے دار ہوجاتی ہے۔ اس کے زہر میں ایسے ٹک اور ڈیمل سنٹ ادویات اور نشاستہ یا آٹے کا دلیہ دینا چاہئے اس سے حسب ذیل مرکبات تیار کرتے ہیں۔

۱۔ آیوڈائیڈ آف آئرن۔ ۲۔ ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری۔ ۳۔ آیوڈین لینی منٹ۔
۴۔ سولیوشن آیوڈین اینڈ پوٹاسیم آیوڈائیڈ جسکو لیوگال سلوشن بھی کہتے ہیں۔
۵۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ۔ ۶۔ سلفیورس آیوڈائیڈ۔ ۷۔ ٹنکچر آیوڈین۔ ۸۔ آئنٹمنٹ آف آیوڈین۔
۹۔ آئنٹمنٹ آف سلفیورس آیوڈائیڈ۔ ۱۰۔ آیوڈائیڈ آف سوڈیم۔

۱۱۔ لینی منٹ آف پوٹاسیم آیوڈائیڈ و سوپ ۔

ایڈری نیلین

یہ ایک نہایت باریک قلمدار سفوف ہے جو بیل یا بھیڑ کے سوپرا رینل گلینڈ سے حاصل ہوتا ہے۔ اسکا ایک مرکب ایڈری نیلین کلورائیڈ ہے جو بخوبی حل ہو جاتا ہے۔ طبی و جراحی کے عملیات میں اسکا سلوشن عموماً استعمال کرتے ہیں۔ ١٠٠٠ حصے نارمل سیلاین سلوشن میں ایک حصہ۔ ایڈری نیلین کلورائیڈ اور ۵ حصے کلوریٹون ہوتا ہے۔ اسکو ڈائیلوٹ کر کے استعمال کرتے ہیں ۔

اثر و استعمال۔ لوکل ہماسٹے ٹک ہے۔ جب اسکی کافی مقدار زیر جلد پچکاری کیجاتی ہے تو عمل جراحی کے وقت اس سے جریان خون نہیں ہوتا عموماً کسی مقامی انس تھیٹک دوائی مثلاً کوکین یا یوکین کے ساتھ اسکی پچکاری کرتے ہیں۔ اس شراین کا منفذ سکڑ کر جریان خون موقوف ہو جاتا ہے اگر کسی رسولی کو کاٹ کر جسم سے نکالنا منظور ہو تو اس سلوشن کے ۱۵ یا ۲۰ قطرے رسولی کی جڑھ کے چاروں طرف پچکاری کے ذریعہ داخل کریں اور ۱۰ منٹ کے بعد رسولی میں شگاف دیں۔ واضح رہے کہ سلوشن مذکورہ بالا سے صرف چھوٹے عروق کا جریان بند ہو سکتا ہے۔ چونکہ یہ سلوشن جلدی بگڑ جاتا ہے اسلئے تازہ تیار کر کے استعمال کریں اور ہوا سے بچاویں۔ ہوا لگنے سے اس کی رنگت گلابی ہو جاتی ہے۔ پوسٹ پارٹم ہمریج میں اسکی پچکاری یوٹرس میں کرتے ہیں تو رحم اور اسکی عروق سکڑ کر جریان خون بند ہو جاتا ہے۔ ایپس ٹکسس میں ناک کے خانہ میں ۱۰ فیصدی سلوشن کی پچکاری کرنے سے نکسیر کا بہنا رک جاتا ہے کنجنکٹیوائیٹس میں ۱/۱۰۰۰ کی طاقت کا سلوشن آنکھ میں ڈالنے سے فوراً آرام ہوتا ہے۔ علاوہ بریں اس سے آنکھ کے دیگر امراض میں بھی فائیدہ ہوتا ہے۔ ڈاکٹر ذیل صاحب کا قول ہے کہ اگر اسکے ۱/۱۰۰۰ کی سلوشن کے ۱۰ ۔۔ ۱۲۰ قطرے فشلاک کے اندرونی و بیرونی جانب بذریعہ پچکاری

داخل کئے جاویں تو کوکین کی مانند بیحسی پیدا ہوتی ہے جس سے لنگ کی تشخیص ہو سکتی ہے۔ نیز لیمے نائیٹس میں بھی اس سے درد رفع ہو کر سوزش جاتی رہتی ہے ؛

خوراک۔ مذکورہ بالا سلوشن بذریعہ پچکاری زیر جلد۔ گھوڑا ½ ۵-۸ ڈرام چند مرتبہ دن میں ؛

خوراک کتا براہ دہن۔ ۵ سے ۳۰ قطرے ؛

خوراک کتا۔ بذریعہ پچکاری زیر جلد۔ ۲ سے ۱۰ قطرے ؛

اپپی کیکوانہ

اس کے درخت کو سفی لس اپپی کیکوانہ کہتے ہیں جو برازیل سے بولیویا تک خودرو ہوتا ہے۔ جڑھ کا چھلکا دوا میں کام آتا ہے۔ اسکا بدل مدار کی جڑھ کی چھال ہے ؛

خواص۔ جڑھ کے ٹکڑے تقریباً ۳ یا ۴ انچہ لمبے خاکی بھورے رنگ کے سیاہی مائل باریک شکندار ہوتے ہیں۔ جن پر آڑے شگاف ہوتے ہیں۔ چھلکا موٹا اور آسانی سے ٹوٹنے والا بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ بو خفیف۔ اور خاص متلی آور۔ ذائقہ کسی قدر تلخ جلندار متلی آمد۔ سفوف زرد یا مائل نما کی رنگ کا ہوتا ہے ؛

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں ایکسپکٹورنٹ ڈایافوریٹک۔ کولے گاگ۔ کیسٹرو انٹس مائل سٹی مولنٹ۔ انٹی ڈیسنٹرک اور کتوں کے لئے ایمے ٹک ہے۔ کتار۔ برانکائیٹس۔ بخار۔ ڈیسنٹری اور مویشی کے تداخل معدہ میں دیتے ہیں۔ کتوں کو زہر خورانی کی حالت میں اس سے قئے نہ کرانی چاہیئے کیونکہ زود اثر نہیں ہے۔ البتہ گذرگاہ تنفس میں جب بلغم گاڑھا ہو تو اس کو خارج اور پتلا کرنیکے لئے اس سے قئے کرایا کرتے ہیں۔ کھانسی و پیچش میں اسکو بشکل ڈوورس پوڈر دیا کرتے ہیں۔ کتے کو ایمے ٹک فائدہ کے لئے اپپی کیکوانہ کا سفوف

۱۵ - ۳۰ گرین دیتے ہیں۔ گاہے اس میں ایک گرین ٹانڈر قیمے نمک ملا لیتے ہیں۔
خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۱/۲ ڈرام۔ کتا ۱/۲ سے ۳ گرین۔ اس سے ٹنکچر اپیکاک۔ وائیم اپی کاک اور ڈوورس پوڈر بناتے ہیں۔

جلپ

آئی پومیا پرگا کی گانٹھوں کا سفوف دوا میں استعمال کرتے ہیں:-
خواص۔ اسکی گانٹھیں شلغم یا ناشپاتی کی شکل کی یا کسی قدر لمبی ہوتی ہیں قد مختلف۔ رنگت گہری۔ بھوری اندرونی حصہ زرد خاکی مائل بھورا اور رال کی طرح ٹوٹتا ہے۔ بو خاص قسم کی خفیف۔ ذائقہ شیریں ناگوار۔
اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ۔ طبی خوراکوں میں ہائیڈر یگاگ کتھارٹک اور کولے گاگ۔ گھوڑے و مویشی پر اسکا اثر نہیں ہوتا۔ کتوں کو تنہا یا کیلومل کے ہمراہ ۱/۲ سے ۲ ڈرام کی مقدار میں گولی بنا کر یا لعابدار اشیاء میں ملا کر دیتے ہیں۔ اس سے ایکسٹریکٹ آف جلپ تیار کرتے ہیں۔

جیبورنڈی لیوز

پیلوکارپس جیبورنڈی کے خشک پتوں سے ٹنکچر جیبورنڈی تیار کرتے ہیں۔ اسکے جوہر کو پیلوکارپین کہتے ہیں اور اسی پر دوا کا اثر موقوف ہوتا ہے۔
اثر و استعمال۔ پیلوکارپین کو آنکھ میں ڈالنے سے پتلی سکڑ جاتی ہے اندرونی استعمال سے غدودوں کی رطوبات زیادہ پیدا ہونے لگتی ہیں طبابت حیوانات میں اسکو خاص کر آنتوں کی روک میں فائی سا سٹگمین کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔ کتوں کو یہ دوا نہیں کھلاتے آنکھ کے حادہ سوزش دار امراض میں ۲ گرین فی اونس کا سلوشن ڈالنے سے فائدہ ہوتا ہے۔
خوراک ٹنکچر۔ گھوڑا ایک سے ۲ اونس۔ کتا ۱/۲ سے ایک ڈرام۔

خوراک ہیلو کارپین نائٹریٹ گھوڑا ۲-۳ گرین۔ کتا ½ سے ½ گرین زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔ انٹی ڈوٹ۔ ایٹروپین اور ٹنکچر بیلاڈونا ✦

کمیلا۔ راٹ لیرا

مالوٹس فلپی نینسس کے ڈوڈوں کے اوپر کے سفوف یا بُر کو چھیلنے سے کمیلا حاصل ہوتا ہے اسکی جھاڑی ہندوستان۔ چین وجزائر فلپائن میں پیدا ہوتی ہے

خواص۔ بے بو۔ تقریباً بے ذائقہ۔ دانہ دار بھورا سُرخ یا خشتی رنگ کا سفوف ہے جو انتھل منٹک اور پرگیٹو کے طور پر ٹیپ ورم کی ہلاکت کے واسطے دیا جاتا ہے اس سے ایسکیرائیڈز اور اکسے یورائیڈز کرم ہلاک ہو جاتے ہیں جانور کو بھوکا رکھکر اسے کھلانا چاہیئے ✦

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک اونس۔ کتا ½ سے ۲ ڈرام۔ اونٹ ۸ اونس گولی بناکر یا گرویل میں ملاکر کھلاتے ہیں عموماً ۱۲ گھنٹے بعد اسکا اثر ہوتا ہے ✦

بیوٹیا فرنڈوزا۔ ڈھاک کا درخت

ڈھاک کے درخت کو پاچھنے سے کمرکس یعنی ڈھاک کی گوند نکلتی ہے اسکو انگریزی میں بنگال کاینو کہتے ہیں۔ بازاروں میں اسکے بیج پلاس پاپڑا کے نام سے فروخت ہوتے ہیں ✦

خواص۔ کاینو یعنی کمرکس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اودی رنگت کے ہوا کرتے ہیں۔ ذائقہ کسیلا۔ سپرٹ و پانی میں حل ہو جاتی ہے۔ اسکے بیج پتلے بیضوی۔ بھورے۔ سُرخی مائل رنگ کے ہوتے ہیں۔ جنکے اندر سفید گودا ہوتا ہے۔ ذائقہ و بو کچھ نہیں ہوتی ✦

اثر و استعمال کمرکس اسٹرنجنٹ اور انتھل منٹک ہے۔ بچوں کو ڈائریا و ڈیسنٹری میں اور لمبے کرم مارنے کے لئے دیا کرتے ہیں ✦

خوراک کمرکس۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس مویشی ۱-۲ اونس۔ کتا ½ سے ایک ڈرام ٭

خوراک پلاس پاپڑا۔ گھوڑا ۱-۲ اونس مویشی ۲-۳ اونس کتا ½ سے ایک ڈرام۔ تین چار دن تک تین مرتبہ روزانہ کھلا کر چوتھے یا پانچویں دن ایلوز یا نمک کا جلاب دینا چاہیئے۔ بیج کو پانی میں تر رکھنے سے اسکا چھلکا اُتر جاتا ہے اسکے بعد گری کو خشک کر کے پیس کر استعمال کرتے ہیں ٭

اکیشیا بارک۔ ببول کی چھال

ببول کی چھال میں چونکہ ٹے نک ایسڈ بکثرت ہوتا ہے اسلئے سخت قابض ہے۔ چھال کا جوشاندہ اسٹرنجنٹ ہے۔ اسکے گوند کو گم عربیک یا صمغ عربی کہتے ہیں۔ جو ڈیمل سنٹ ہوتا ہے ٭

لینولین۔ وول فیٹ

بھیڑ کی اون کی صاف شدہ چربی کو کہتے ہیں۔ اس میں خاصکر کولسٹرن ہوتا ہے ٭
ترکیب۔ کسی برتن میں ۳ حصے ڈسٹلڈ واٹر اور ۷ حصے اون کی چربی ڈال کر رگڑنے سے لینولین تیار ہوتی ہے ٭

اثر و استعمال۔ ایمولی انٹ ہے مرہم بنانیکے کام آتی ہے یہ دیگر ایمولی انٹ ادویات سے کئی باتوں میں فوقیت رکھتی ہے مثلاً یہ خراب نہیں ہوتی۔ پانی کے ساتھ ملنے سے پتلی نہیں ہوتی۔ جلدی سے جذب ہو جاتی ہے آبلہ انگیز دوائیوں کے ساتھ ملا کر جسم پر لگائی جاتی ہے تو انکا اثر تیز ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ تھوڑا سافٹ پیرافاین یا ویسلین ملا لینا چاہیئے۔ تاکہ یہ پتلی ہو جاوے اور جلد پر آسانی سے لگائی جاسکے۔ گھوڑوں کے خشک ٹوٹنے والے اور کمزور سموں پر اسکو لگایا کرتے ہیں ٭

لکورس روٹ ۔ گلسرایزاریڈکس ۔ ملٹھی

یہ گلسرایزاگلابراکی جڑھ ہے۔ اسکا سفوف ڈیمل سنٹ اور ایکس پکٹورنٹ ہوتا ہے اکثر کف ایلکچوری میں اسکو ڈالتے ہیں ؛

لنسیڈ ۔ السی

لائیم یوسی ٹیٹاٹے سی مم کے بیجوں کو السی کہتے ہیں۔ بیج لمبے بیضوی چپٹے ایک طرف نوکیلے بھورے چمکدار ہوتے ہیں انکے اوپر ایک چھلکا ہوتا ہے۔ جو بھگو رکھنے سے پھول جاتا ہے۔ بے بو۔ ذائقہ لعابدار روغنی اور تلخ ہوتا ہے ؛

اثر و استعمال۔ تھوڑی مقدار میں روغن السی لکسٹو اور پوری خوراک میں ہلکا پرگیٹو اثر کرتا ہے۔ گھوڑوں کے ان امراض میں اسکو استعمال کرتے ہیں جن میں تیز مسہلات کا استعمال مناسب نہیں ہوتا۔ سپازماڈک اور فلے چولنٹ کالک اور قبض میں اسکو اکثر دیتے ہیں۔ کولن کی روک میں اسکا حقنہ کرتے ہیں۔ مویشی کے معدہ و آنتوں کے سوزشی امراض میں اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ کتوں کے لئے بھی یہ کارآمد اور ہلکا مسہل ہے۔ گھوڑوں کو تیار کرنے کے لئے روزمرہ تھوڑا سا تیل دانہ میں ڈالنے سے ہضمیت درست اور بال چمکدار ہو جاتے ہیں خارجی طور پر جلدی و دیگر امراض کے استعمال کیلئے روغن السی کو بطور بدرقہ استعمال کرتے ہیں۔ تیل میں ہموزن لائیم واٹر ملا کر کیرن آئیل تیار کرتے ہیں۔ جو جلے ہوئے زخموں پر لگایا جاتا ہے۔ السی کے آٹے کی پلٹس بنا کر سینک کرتے ہیں۔ ایک پونڈ السی اور ۲ گیلن پانی ڈال کر لنسیڈ ٹی بنا کر گھوڑوں کے تیار کرنے اور تشنگی رفع کرنے کے لئے پلاتے ہیں ؛

خوراک لنسیڈ آئیل۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ پائنٹ۔ شتر ۴ پائنٹ۔ بھیڑ ۳-۶ اونس۔ کتا ۱-۳ اونس۔ عموماً بارہ گھنٹے میں اسکا اثر ہوتا ہے ؛

لینی منٹ آف ایکونایٹ

ترکیب۔ ایکونائیٹ کی جڑ کا سفوف ۲۰ حصے۔ الکوحال ۲۰ حصے۔ کمفر ایک حصہ۔ نیورلجیا اور روماٹیزم کے دردوں پر برش سے لگاتے ہیں گا ہے اس میں مساوی مقدار سوپ لینی منٹ یا کمپونڈ لینی منٹ آف کمفر ملا لیا کرتے ہیں۔ اس سے انیوڈائین۔ انٹس پازموڈک اور سیڈیٹو اثر ہوتا ہے +

لینی منٹ آف امونیا

ترکیب۔ سلوشن آف امونیا ایک حصہ۔ روغن زیتون ۳ حصے ملانے سے تیار ہوتا ہے +

اثر و استعمال۔ مٹی ہولنٹ روبی فی شنٹ اور کاونٹر اری ٹنٹ فائیدہ کیلئے کٹار۔ برنکائیٹس۔ نیوموتیا۔ پلوریسی۔ انفلوانزا۔ روماٹیزم۔ سپرین اور پرانے ٹیومر پر مالش کرتے ہیں +

کمپونڈ لینی منٹ آف امونیا

ترکیب۔ سٹرانگ سلوشن آف امونیا ½ پائینٹ۔ سافٹ سوپ ۴ اونس کمفر ایک اونس۔ پروف سپرٹ ۲ پائینٹ ملا کر بند بوتل میں رکھ لیں +

اثر و استعمال۔ امونیا لینی منٹ کیطرح ہے لیکن اس سے تیز ہوتا ہے +

لینی منٹ آف بیلاڈونا

ترکیب۔ بیلاڈونا روٹ ۲۰ اونس۔ کمفر ایک اونس۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۳۰ فلوئیڈ اونس یا حسب ضرورت تیار شدہ لینی منٹ ۳۰ اونس ہونا چاہیئے +

اثر و استعمال۔ انیوڈاین۔ انٹس پازموڈک۔ سیڈیٹو ہے جمائیکس

روماٹیزم۔ فیرنجائیٹس اور لیرنجائیٹس میں اس کی مالش کرتے ہیں۔

لینی منٹ آف لائم۔ کیرن آئل

ترکیب۔ سلوشن آف لائم ایک حصّہ۔ آلیو آئل ایک حصّہ۔
اثر و استعمال۔ جلے ہُوئے زخموں پر لگاتے ہیں۔

کمفر لینی منٹ

ترکیب۔ ایک حصّہ کمفر اور ۴ حصّے آلیو آئل کو ملا کر خوب حل کر لیں۔ سٹی مولنٹ انٹس پازموڈک اور انیوڈائین فائیدہ کے لئے غددوں کی سوجن اور گہری سوزش پر اس کی مالش کرتے ہیں۔

کمپونڈ لینی منٹ آف کمفر

ترکیب۔ کمفر ایک حصّہ ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۴ حصّے آلیو آئل ایک پائینٹ سلوشن آف ایمونیا دو اونس۔ کافور کو سپرٹ میں حل کر لیں اور سلوشن آف ایمونیا کو آلیو آئل میں ملا کر سب کو یکجا کر لیں۔
اثر و استعمال۔ مثل ایمونیا اور کمفر لینی منٹ کے ہے۔

لینی منٹ آف کنتھرڈس

ترکیب۔ سفوف کنتھرڈس ایک حصّہ آلیو آئل ۸ حصّے۔ دو گھنٹے تک دونوں کو حل کر کے چھان لیں۔ ویسی کنٹ فائیدہ کے لئے لگاتے ہیں۔

لینی منٹ آف کلوروفارم

ترکیب۔ کلوروفارم ایک حصّہ۔ لینی منٹ کمفر ایک حصّہ۔

اثر و استعمال۔ کاونٹر اری ٹنٹ اور انیوڈاین ہے۔ مختلف قسم کی موچ اور مسکیولر روماٹیزم میں مالش کرتے ہیں +

کمپونڈ لینی منٹ آف کریازوٹ

ترکیب۔ کریازوٹ ۲ حصے۔ ٹرپن ٹائن آئل ۴ حصے۔ آلیو آئل ۴ حصے۔
اثر و استعمال مثل گلسیرین آف کاربالک ایسڈ کے ہے +

لینی منٹ آف کروٹن آئل

ترکیب۔ کروٹن آئل ایک حصہ۔ کیجوپٹ[1] آئل ۳½ حصے الکوحال ۳½ حصے
اثر و استعمال۔ ویسی کنٹ +

لینی منٹ آف مرکری

ترکیب مرکری آئنٹمنٹ ایک اونس سلوشن آف امونیا ایک اونس کمفر لینی منٹ ایک اونس +
اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ ہے۔ انڈولنٹ السروں پر لگاتے ہیں +

لینی منٹ آف آیوڈین

ترکیب آیوڈین ۲½ اونس۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ ایک اونس کمفر ½ اونس ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۲۰ اونس +
اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ ڈی البشروانٹ۔ متورم برسا اور غدودوں پر لگاتے ہیں +

---

[1] یلا لیوکا لیوکاڈنڈرن درخت کے پتوں سے یہ تیل نکالتے ہیں۔ سٹی مولنٹ۔ ایرومیٹک کارمی نیٹو +

کمپونڈ لینی منٹ آف ٹار

ترکیب۔ ٹرپن ٹائین آئیل۔ ٹار آئیل اور لنسیڈ آئیل مساوی مقدار میں ملا کر جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

لینی منٹ آف اوپیم

ترکیب۔ ٹنکچر آف اوپیم ایک حصہ۔ لینی منٹ آف ٹرپن ٹائین ایک حصہ۔ اینوڈائین فائدہ کیلئے ہر قسم کے درد۔ موچ اور وجع المفاصل میں مالش کرتے ہیں۔

لینی منٹ آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ

ترکیب۔ سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ایک حصہ۔ آلیو آئیل یا سادہ تیل ۴ حصے سیڈیٹو فائدہ کیلئے چھلے ہوئے حصوں پر اور بلسٹر لگانے یا داغ دینے کے بعد لگاتے ہیں۔

کمپونڈ لینی منٹ آف سوپ

ترکیب۔ سافٹ سوپ ۴ اونس۔ کمفر ایک آونس۔ پروف سپرٹ ۲ پائینٹ سلوشن آف ایمونیا ½ پائینٹ۔ صابن اور کمفر کو سپرٹ میں حل کرکے سلوشن آف ایمونیا ڈال کر چھان لیں۔

اثر و استعمال۔ اینوڈائین۔ سٹی مولنٹ۔ سپرین۔ بروز۔ ٹیومر اور خفیف سورتھروٹ پر مالش کرتے ہیں۔

ٹرپن ٹائین لینی منٹ

ترکیب۔ سافٹ سوپ دو اونس۔ کمفر ایک اونس۔ ٹرپن ٹائین آئیل ۱۶ اونس کمفر کو ٹرپن ٹائین میں حل کرکے بعد میں صابن ڈال کر ملا دیں۔ اسکا اثر و استعمال

مثل کمپونڈ سوپ لینی منٹ کے ہے ۔

کمپونڈ لینی منٹ آف ٹرپن ٹائن اینڈ ایسی ٹک ایسڈ

ترکیب۔ گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ ایک حصہ۔ ٹرپن ٹائن آئیل ۴ حصے۔ لینی منٹ آف کمفر ۴ حصے ۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ روبی فی شنٹ۔ ویسی کنٹ ہے پیرنچائیٹس فیرنجائیٹس اور روماٹیزم میں اس کی مالش کرتے ہیں ۔

سلوشن آف کاربالک ایسڈ

ترکیب۔ کاربالک ایسڈ ۱ حصہ۔ شیر گرم پانی ۴۰ حصے ملا کر خوب ہلا لیں ۔

اثر و استعمال۔ زخموں کو انٹی سپٹک رکھنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اگر اوزاروں کو انٹی سپٹک کرنا ہو تو ایک حصہ کاربالک ایسڈ میں ۲۰ حصے پانی ملا لیں ۔

سلوشن آف ایلوز

ترکیب۔ ایلوز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ایک پونڈ۔ ڈسٹلڈ واٹر ۵ پائینٹ پروف سپرٹ ۱۲ اونس۔ ایلوز کو گرم پانی میں حل کر کے سپرٹ ملا لیں ۔

اثر و استعمال۔ ٹلکیٹو۔ کتھارٹک۔ انتھل منٹک۔ (مفصل بیان کے لئے ایلوز کو دیکھو) ۔

خوراک۔ گھوڑا ۲۔۴ اونس۔ مویشی ۲۔۶ اونس۔ بھیڑ ۱۔۲ اونس ۔

سلوشن آف ایلوز اینڈ کاربونیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ ایلوز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ایک پونڈ۔ کاربونیٹ آف سوڈا نصف پونڈ۔ واٹر ایک گیلن۔ ایلوز کو ۲ پائینٹ گرم پانی میں حل کرتے ہیں۔ سرد ہونے پر

باقیماندہ گرم پانی میں کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر ٹھنڈا کرتے ہیں بعد میں سلوشن آف ایلوز
ملا کر بوتل میں رکھ لیتے ہیں ۔

اثر و استعمال۔ لکیٹو۔ کتھارٹک ۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۶-۸ اونس۔ بھیڑ ۲-۴ اونس ۔

سلوشن آف ایلومینم

ترکیب۔ سفوف ایلم ایک اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ۱۶ اونس ۔

اثر و استعمال۔ خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ و سٹپٹک ہے ۔

سلوشن آف امونیا

ترکیب۔ سٹرانگ سلوشن آف امونیا ایک پائنٹ۔ ڈسٹلڈ واٹر ۲ پائنٹ ۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ نارکاٹک زہر۔ طبی خوراکوں میں
سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔ ریزالونٹ۔ ڈایوریٹک ہے ٹمپی نائیٹس۔ ہوون اور
دیگر سوزشدار و کمزور کرنیوالے امراض میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ
کاونٹراری ٹنٹ۔ روبی فی شنٹ اور ویسی کنٹ ہے ۔

خوراک۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ مویشی ۱-۲ اونس بھیڑ [illegible] ۲ ڈرام
کتا ۵-۲۰ قطرے ۲۰ یا ۳۰ گن پانی ملا کر یا لعابدار اشیاء کے ساتھ دینا چاہیئے
بدہضمی اور قولنج میں گھوڑوں کو ایلوز کے ہمراہ دیا کرتے ہیں۔ خارجی طور پر اسکا
لینی منٹ لگاتے ہیں۔ ایسڈ اور دھاتی نمکوں کے ساتھ سوائے پوٹاسیم سوڈیم۔
بیریم اور کیلسیم کے دینا منع ہے۔ اس کے زہر کے علاج میں ڈایلوٹ وینیگر دیتے
ہیں۔ اس سے لینی منٹ امونیا۔ کمپونڈ لینی منٹ آف امونیا اور کمپونڈ لینی منٹ آف کمفر
تیار کرتے ہیں ۔

سلوشن ایسی ٹیٹ آف امونیا

ترکیب ایسی ٹک ایسڈ ۱۰ اونس۔ کاربونیٹ آف امونیا ۳½ اونس ڈسٹلڈ واٹر ۲½ پائینٹ ۔

خواص۔ شفاف بیرنگ اور تقریباً بے بو عرق ہے۔ ذائقہ ہلکا کھاری ترشی آمیز

اثرو استعمال۔ داخلی طور پر سٹی مولنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایا فوریٹک۔ اسٹاسڈ۔ فیبریفیوج۔ خارجی استعمال میں ریفریجیرنٹ ہے۔ بخار۔ نیومونیا۔ انفلوانزا۔ برنکائٹیس پلوریسی میں سپرٹ نائٹرس ایتھر اور امونیم کلورائیڈ اور نائیٹریٹ آف پوٹاش کے ساتھ بہت سا پانی ملا کر دیا کرتے ہیں ۔

خوراک۔ گھوڑا ۲-۴ اونس۔ مویشی ۴-۶ اونس۔ بھیڑ اسے ½-۱ اونس کتا ۲-۶ ڈرام۔ ایسڈ۔ مستقل الکلیز۔ انکے کاربونیٹ۔ لائم واٹر۔ سلور نائیٹریٹ لڈ ایسی ٹیٹ اور معدنی سلفیٹ کے ساتھ اسکو نہ دینا چاہیئے ۔

سٹرانگ سلوشن آف امونیا

ترکیب۔ کلورائیڈ آف امونیم کا سفوف ۳ پونڈ کیلسیم ہائیڈریٹ یا بجھا ہوا چونہ ۴ پونڈ ڈسٹلڈ واٹر ۳۲ اونس ۔

خواص۔ بیرنگ سیال ہے۔ بو خاص اور تیز۔ تاثیر کھار کی ہوتی ہے۔ اسکے ۱۰۰ حصے میں ۳۲٫۵ حصے امونیا گیس ہوتی ہے۔ اسکو پلاتے نہیں ہیں بلکہ حسب ذیل مرکبات تیار کرتے ہیں۔ لائیکوار امونیا۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک کمپونڈ لینی منٹ آف کمفر ۔

سلوشن کلورائیڈ آف انٹی منی

ترکیب۔ بلیک انٹی منی کا سفوف ایک پونڈ۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ ۴ پائینٹ

بلیک انٹی منی اور ہائیڈرو کلورک ایسڈ کو ایک چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں جب سلفیوریٹیڈ ہائیڈروجن گیس خارج ہو چکے تو برتن کو آگ پر سے اتار کر عرق کو چھان لیں۔ اب اسکو اسقدر آنچ دیں کہ ۲ پائینٹ باقی رہ جاوے۔

خواص۔ بھاری۔ زرد یا ئل سُرخ رنگ کا عرق ہے۔ پانی میں تھوڑا سا ڈالنے سے سفید تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔

اثر و استعمال۔ داخلی اریٹنٹ کروسیو زہر ہے۔ خارجی طور پر تنہا یا ٹنکچر مرہ ایٹ ایلوز کے ہمراہ پھولا۔ تھرش۔ کنکرا ور خراب قسم کے بڑھے ہُوئے انگوروں پر اور فٹ راٹ۔ فاؤل ان دی فٹ میں کاسٹک کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اس سے درد بہت کم ہوتا ہے۔ انٹی منی اکسائیڈ تیار کرنے کے کام آتا ہے اس کے زہر میں چاک۔ میگنیشیا اور ڈیمل نٹ اشیاء دیتے ہیں۔

سلوشن انٹی منی ٹارٹریٹ

ترکیب۔ سفوف انٹی منی ٹارٹریٹ ایک اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ۴-۸ اونس۔

اثر و استعمال۔ کاؤنٹر اریٹنٹ۔ گہرے انفلامیشن اور وجع المفاصل میں استعمال کرتے ہیں۔

سلوشن آف سلور نائیٹریٹ

ترکیب۔ نائیٹریٹ آف سلور ۱۰-۱۵ گرین۔ ڈسٹلڈ واٹر۔ ایک اونس۔ اسکے سلوشن مختلف نسبت کے بنائے جاتے ہیں مثلاً افتھلمیا میں نصف سے ۲ گرین فی اونس اور کارنیل اوپیسٹی میں ۴ گرین فی اونس کا سلوشن ڈالتے ہیں۔

لائیکوار آرسنی کیلس۔ فولرز سلوشن

ترکیب۔ آرسینوز ایسڈ ۸۰ گرین۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ۸۰ گرین۔

کمپونڈ ٹنکچر آف لونڈر ۵ ڈرام۔ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت۔ ایک فلاسک میں
۱۰ اونس پانی ڈال کر اس میں آرسینوز ایسڈ اور کاربونیٹ آف پوٹاش ملا دیں اور برتن
کو اسوقت تک آنچ دیں جبتک کہ صاف عرق بن جاوے سرد ہونے پر اسمیں
کمپونڈ ٹنکچر آف لونڈر ملا کر اتنا پانی ڈالیں جس میں ایک پائنٹ عرق ہو جاوے
اس عرق کے ایک اونس میں ۴ گرین سنکھیا ہوتا ہے ؛
اثر و استعمال۔ مثل آرسنک کے ہے۔ خارجی طور پر جلد کے کرم۔
لیکھیں اور جوئیں مارنیکے لئے استعمال کرتے ہیں (داخلی استعمال کیلئے دیکھو بیان ارسنک)
خوراک گھوڑا و مویشی ½ سے ایک اونس۔ بھیڑ ½ سے ۳ ڈرام۔ کتا
۲۔ ۸ قطرے پانی کے ساتھ ملا کر پلاتے ہیں مائیسٹ پر اکسائیڈ آف آئرن۔ اسکے
زہر کا انٹی ڈوٹ ہے۔ اسے زہر کا اثر رفع ہونے تک بار بار پلاتے رہنا چاہیئے ؛

ہائیڈروکلورک سلوشن آف آرسنک

ترکیب۔ آرسینوز ایسڈ ۸۰ گرین ہائیڈروکلورک ایسڈ ۲ ڈرام۔ ڈسٹلڈ واٹر
حسب ضرورت سب کو ملا کر جوش دیں جب آپس میں مل جاویں تو اس میں اسقدر
ڈسٹلڈ واٹر ملا دیں کہ ایک پائنٹ پورا ہو جاوے ؛
خواص۔ بیرنگ ترش عرق ہے اسکے ایک اونس میں ۴ گرین سنکھیا ہوتا ہے ؛
اثر و استعمال۔ آرسنک کی طرح ہے اس سے لائیکوار۔ ارسنک ہائیڈرارجرائی آیوڈائی
یا ڈانوون سلوشن بناتے ہیں پرانے جلدی اور روماٹک امراض میں مفید ہے ؛
خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک سے دو اونس ؛

سلوشن آف لائم۔ لائم واٹر

ترکیب۔ تازہ سلیکڈ لائم ۲ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک گیلن۔ چونہ کو پانی
والی بوتل میں ڈال کر بند کرکے ہلا کر رکھ چھوڑیں۔ ۱۲ گھنٹے کے بعد صاف عرق

کو نتار کر بند بوتل میں رکھ لیں ۔

خواص۔ بیرنگ۔ بے بو۔ کھاری ذائقہ کا صاف عرق ہے۔ اس میں اگزالک ایسڈ ڈالنے سے کیلسیم اگزالیٹ کا سفید تلچھٹ پیدا ہوتا ہے ہوا میں کھلا رکھنے سے اس پر ایک تہ کاربونیٹ آف کیلسیم کی بن جاتی ہے ۔

اثر و استعمال۔ خارجی طور پر چونا ری ٹنٹ اور کاشک ہے لائم واٹر سیڈیٹو انٹا سیڈ اور اسٹرنجنٹ اثر کرتا ہے۔ بچھیروں بچھڑوں کو بدہضمی میں دیتے ہیں گا ہے اسکو ایسڈ کے زہر میں بطور انٹی ڈوٹ استعمال کرتے ہیں۔ کتوں کو جب ترشی کی زیادتی سے قئے ہوتی ہے تو لائم واٹر سے فائدہ ہوتا ہے ۔

خوراک۔ بچھیرا بچھڑا ۴-۶ اونس۔ بھیڑ ½ سے ۲ اونس۔ کتا ۱-۴ ڈرام پانی میں ملا کر پلاتے ہیں۔ ایسڈ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ ملا کر اسے نہ دینا چاہیئے۔ اس سے لینی منٹ آف لائم۔ یلو واش اور بلیک واش تیار کرتے ہیں ۔

سلوشن آف کلوری نیٹڈ لائم

اسکو سلوشن آف ہائپو کلورائیڈ آف لائم بھی کہتے ہیں ۔

ترکیب۔ کلوری نیٹڈ لائم ایک پونڈ۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک گیلن کی ہرل میں کلوری نیٹڈ لائم اور پانی کو ملا کر بند بوتل میں تین گھنٹہ تک رکھکر کئی بار ہلاویں اسکے بعد عرق کو چھان کر بند بوتل میں رکھ لیں ۔

خواص۔ بیرنگ شفاف تیال ہے۔ کھلا رکھنے سے بگڑ جاتا ہے۔ اور کیلسیم کاربونیٹ تہ نشین ہو جاتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورنٹ۔ ڈس انفکٹنٹ خارجی طور پر گندے بدبودار زخموں پر لگاتے ہیں مویشی کو ٹپے نائیٹس میں دیتے ہیں ۔

خوراک۔ گھوڑا ۱-۲ اونس۔ مویشی ۲-۴ اونس۔ بھیڑ ½ سے ۱ ڈرام ۔

سلوشن سلفیٹ آف کاپر

ترکیب۔ سفوف سلفیٹ آف کاپر ایک اونس۔ پانی ۱۲ اونس۔ ناسور میں پچکاری کرنے سے کاسٹک اثر کرتا ہے اسکا ایک فیصدی کا سلوشن بھی بناتے ہیں۔

کمپونڈ سلوشن آف سلفیٹ آف کاپر

ترکیب۔ سلفیٹ آف کاپر ۳ اونس۔ ایلم ۳ اونس۔ واٹر ۱½ پائینٹ۔ سلفیورک ایسڈ ۱½ اونس۔

اثر و استعمال۔ مثل سلفیٹ آف کاپر کے ہے۔

سٹرانگ سلوشن آف پرکلورائیڈ آف آئرن

ترکیب۔ لوہے کا تار ۲ اونس۔ ہائیڈرو کلورک ایسڈ ۱۲ اونس۔ نائیٹرک ایسڈ ۹ ڈرام۔ ڈسٹلڈ واٹر ۸ اونس۔

خواص۔ سرخی مائل بھورا گاڑھا سیال ہے جس میں ہائیڈرو کلورک ایسڈ کی خفیف بو ہوتی ہے۔ ذائقہ ترش و تیز شپٹک ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اس سے ٹنکچر اور سلوشن پرکلورائیڈ آف آیرن تیار کرتے ہیں۔

ترکیب ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آیرن۔ سٹرانگ سلوشن آف پرکلورائیڈ آف آیرن ایک حصہ۔ رکٹی فائیڈ سپرٹ ایک حصہ۔ پانی ۲ حصے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ اونس۔ بھیڑ ۲۰-۳۰ قطرے۔

ترکیب سلوشن پرکلورائیڈ آف آیرن۔ سٹرانگ سلوشن آف پرکلورائیڈ آف آیرن ایک حصہ۔ پانی ۳ حصے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ½ سے ایک اونس۔ کتا ۵-۱۵ قطرے۔

سٹرانگ سلوشن آف پرکلورائیڈ آف آیرن کو اندرونی طور پر استعمال نہیں

کرتے۔ خارجی طور پر یہ بہت طاقتور سپٹک دوائی ہے لیکن چونکہ اسکا اثر کردسیو ہوتا ہے۔ لہذا اس مطلب کیلئے دیگر سپٹک ادویات استعمال کرتے ہیں۔ ٹنکچر اور سلوشن پرکلورائیڈ آف آیرن کو ہیماٹانک اور جنرل ٹانک کے طور پر دیتے ہیں۔ انکے استعمال میں احتیاط درکار ہے۔ کیونکہ بعض حالات میں ان سے بدہضمی اور معدہ میں خراش ہو جاتی ہے۔ پرپیورا ہموراجیکا میں ٹنکچر کو کلوریٹ آف پوٹاش کے ساتھ دیتے ہیں گاہے زنگ ورم کا مقامی علاج ٹنکچر سے کیا جاتا ہے۔ پوسٹ پارٹم ہمرج میں سلوشن پرکلورائیڈ آف آیرن میں ۸ گنا پانی ملا کر یوٹرس میں پچکاری کرتے ہیں ڈیسنٹری میں بھی اس کی سفارش کی گئی ہے۔

سلوشن پرسلفیٹ آف آیرن

ترکیب۔ سلفیٹ آف آیرن ۸ اونس سلفیورک ایسڈ ۳/۴ اونس۔ نائٹرک ایسڈ ۳/۴ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ۱۲ اونس۔

اثر و استعمال۔ خارجی استعمال میں سپٹک ہے اس سے مائیسٹ پراکسائیڈ آف آیرن تیار کرتے ہیں۔

سلوشن آف پرکلورائیڈ آف مرکری سلوشن کروسیو سبلیمیٹ

ترکیب۔ پرکلورائیڈ آف مرکری ۱/۲ گرین۔ پانی ایک اونس۔ گاہے ۱/۴ ۱ گرین فی اونس کے حساب سے سلوشن بنا کر زخموں کو صاف کرتے ہیں۔ لیکھیں اور جوئیں مارنیکے واسطے اس سے زیادہ طاقت کا سلوشن بنایا جاتا ہے۔ چونکہ یہ ایک تیز زہر ہے لہذا اسکو وسیع حصہ پر لگانے میں نہایت احتیاط رکھنی چاہیئے تاکہ زہر نہ ہو جاوے۔

سلوشن آف آیوڈین اینڈ آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم۔ لیوگالز سلوشن

ترکیب۔ آیوڈین ۵ گرین آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم ۱۰ گرین۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک اونس۔

اثر و استعمال۔ انٹی سپٹک۔ ہاٹس کو مارنیکے لئے دیتے ہیں خارجی طور پر کیوے ٹیز میں اسکی پچکاری کرتے ہیں تاکہ اخراج موقوف اور زخم کا اندمال ہو ؛

سلوشن آف ایسی ٹیٹ آف مارفیہ

ترکیب۔ ایسی ٹیٹ آف مارفائین ۹ گرین۔ ڈایلوٹ ایسی ٹک ایسڈ ۱۸ منم ریکٹی فائیڈ سپرٹ ½ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ½۱ اونس ؛

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ سیڈیٹو۔ اینوڈائین۔ نارکاٹک فشکمی امراض میں ۳۰۔ ۶۰ قطرے تک زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔ اسکا سلوشن ایک فیصدی طاقت کا ہوتا ہے ؛

خوراک گھوڑا و مویشی ۲۔ ۶ ڈرام۔ کتا ۵۔ ۱۰ قطرے ؛

سلوشن آف ہائیڈروکلوریٹ آف مارفیہ

ترکیب۔ ہائیڈروکلوریٹ آف مارفائین ۹ گرین۔ ڈایلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ ۱۸ منم ریکٹی فائیڈ سپرٹ ½ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ½۱ اونس ؛

اثر و استعمال۔ سیڈیٹو۔ سپوریفک یا ہپ ناٹک۔ انٹس پازموڈک۔ اینوڈائین ؛

خوراک۔ مثل لائکوار ایسی ٹیٹ آف مارفیہ کے ہے ؛

سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ

اسکو گولارڈ ایکسٹریکٹ یا لائکوار پلمبائی ڈائی ایسی ٹیٹس بھی کہتے ہیں ؛

ترکیب۔ ایسی ٹیٹ آف لڈ ۵ اونس۔ سفوف اکسائیڈ آف لڈ ½۳ اونس ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ یا حسب ضرورت ؛

ایک پائینٹ ڈسٹلڈ واٹر میں ایسی ٹیٹ آف لڈ اور اکسائیڈ آف لڈ کے

سفوف ڈالکر نصف گھنٹہ تک جوش دیں اور ہلاتے رہیں اسکے بعد عرق کو چھانکر
سرد کریں اس میں اسقدر ڈسٹلڈ واٹر ملادیں کہ ایک پائنٹ پورا ہو جاوے۔
خواص۔ بھاری صاف۔ بیرنگ سیال ہے۔ ذائقہ شیریں وقابض کھلا
رکھنے سے گدلا ہو جاتا ہے۔
اثر و استعمال۔ اسٹرنجنٹ۔ انٹی فلوجسٹک۔ اینوڈاین۔ چھلی ہوئی جگہ پر
یا موچ کھائے ہوئے اور بلسٹر شدہ مقامات پر لگاتے ہیں۔

ڈایلوٹ سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ۔ گولارڈ واٹر۔ لڈ واٹر

ترکیب۔ گولارڈ ایکسٹریکٹ ۲ ڈرام۔ الکوحال ۲ ڈرام۔ واٹر ۲۰ اونس۔
اثر و استعمال۔ اسٹرنجنٹ۔ لوکل سیڈیٹو۔ مقامی سوزش رفع کرنیکے لئے
کپڑے کو لوشن میں ترکر کے لگاتے ہیں۔ گھوڑوں کے گریس اور تھ فیور میں اس میں
۲ حصے روغن السی ملاکر لگاتے ہیں۔ کتوں کے علاج میں لڈ کے لینی منٹ استعمال نہ کرنے
چاہئیں۔ کیونکہ انکے چاٹنے سے زہر ہونیکا اندیشہ ہوتا ہے۔ ان جانوروں میں
لڈ کے بجائے زنک کے مرکبات استعمال کرتے ہیں۔

سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ اینڈ اوپیم

ترکیب۔ سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ایک اونس۔ ٹنکچر اوپیم ایک ڈرام
ڈسٹلڈ واٹر ۶ اونس۔
اثر و استعمال۔ زخموں پر اور بلسٹر لگائے ہوئے اور داغ دیئے ہوئے مقامات
پر لگاتے ہیں۔ جلد کی سوزش پر لگانے سے خراش رفع ہوتی ہے۔

سلوشن آف پوٹاش

ترکیب۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ایک پونڈ۔ سلیکڈ لائم ۱۲ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر

ایک گیلن۔ کاربونیٹ آف پوٹاش کے سلوشن کو چونہ کے سلوشن کے ساتھ ملاکر گرم کرنے سے پوٹاسیم ہائیڈریٹ سولوشن کی شکل میں رہ جاتا ہے اور کیلسیم کاربونیٹ تہ نشین ہو جاتا ہے۔

خواص۔ صاف۔ بیرنگ۔ بے بو۔ سیال ہے۔ ذائقہ تلخ و تیز جلانیوالا۔ انگلیوں میں لیکر ملیں تو صابن کی طرح معلوم ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ کاسٹک پوٹاش بنانے کے کام آتا ہے۔

سلوشن نائیٹریٹ آف پوٹاش

ترکیب۔ نائیٹریٹ آف پوٹاش ایک اونس۔ واٹر ۷ اونس۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ ہے۔ گنگرینس اور دیگر زخموں پر تیز جلدی سوزش اور خفیف موچ پر لگاتے ہیں۔

سلوشن آف پرمنگےنیٹ آف پوٹاش

ترکیب۔ پرمنگےنیٹ آف پوٹاش ۵ گرین۔ واٹر ایک اونس۔

اس کے سلوشن ½ فیصدی سے ۴ فیصدی طاقت کے ہوتے ہیں۔

کانڈیز فلوائیڈ میں پرمنگےنیٹ آف پوٹاش اور سوڈا پڑتا ہے۔

اثر و استعمال۔ انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ ڈیوڈورنٹ۔ یوٹرس کو دھونے یا جیر کے رُکجانے میں اسکو ہلکا کر کے رحم میں پچکاری کرتے ہیں۔ گلےہے جلدی زخموں کو بھی اس سے صاف کرتے ہیں۔

سلوشن آف سلفیوریٹڈ آف پوٹاش

ترکیب۔ سلفیوریٹڈ آف پوٹاش ایک اونس۔ واٹر ۸ اونس۔

اثر و استعمال۔ جلدی امراض میں لگاتے ہیں۔

سلوشن آف سوڈا

ترکیب۔ کاربونیٹ آف سوڈا ۲۸ اونس سلیکڈ لائیم ۱۲ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک گیلن۔ کاربونیٹ آف سوڈا اور کیلسیم ہائیڈریٹ کے آبی عرقوں کو کھولا کر اوپر والے عرق کو سائیفن کے ذریعہ نتار لیتے ہیں۔

خواص۔ صاف۔ بیرنگ۔ بے بو۔ سیال عرق ہے۔ ذائقہ بہت تیز و کاسٹک۔

اثر و استعمال۔ کاسٹک سوڈا تیار کرنیکے کام آتا ہے۔

سلوشن آف سٹرکنائین ہائیڈروکلورائیڈ

ترکیب۔ سٹرکنائین ہائیڈروکلورائیڈ ۱/۲ ۷ گرین۔ الکوحال ایک اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ۴ اونس یا حسب ضرورت اسکے ۱۱ قطروں میں ۱/۱۰ گرین سٹرکنائین ہائیڈروکلورائیڈ ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ ٹانک۔

خوراک پلانیکی۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ ڈرام۔ بھیڑ ۲۰-۳۰ قطرے کتا ۱-۵ قطرے

خوراک پچکاری۔ گھوڑا و مویشی ایک ڈرام۔ بھیڑ ۲۰ قطرے۔ کتا ۱-۲ قطرے

سلوشن آف کلورائیڈ آف زنک

اسکو بٹر آف زنک بھی کہتے ہیں۔

ترکیب۔ گرینولیٹڈ زنک ایک پونڈ۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ ۴۴ اونس ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ۔

ہائیڈروکلورک ایسڈ۔ زنک اور پانی کو ملاکر ہلکی آنچ پر نصف گھنٹہ تک رکھیں تاکہ جوش آکر گیس کا نکلنا موقوف ہوجاوے جس قدر پانی اُڑ جائے اتنا اور ملاکر سرد ہونے دیں۔ بعدازاں عرق کو فلٹر کرکے اسقدر اُڑادیں کہ ۲ پائینٹ رہجائے

خواص۔ بھاری روغنی بیرنگ سیال ہے ذائقہ دھاتی اسٹرنجنٹ اور کروسیو ۔
اثر و استعمال۔ انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ ڈیوڈورائیزرس۔ کاسٹک۔
مذکورہ بالا اثرات پیدا کرنا ہو تو ایک اونس سلوشن میں ایک گیلن پانی ملاکر استعمال کریں
اسکو یا تو مکانوں میں چھڑکتے ہیں یا کسی کھلے برتن میں ڈال کر رکھ چھوڑتے ہیں۔
گاہے اسکا تیز سلوشن خراب قسم کے بڑھے ہوئے انگوروں پر لگاتے ہیں ۔

سلوشن آف سلفیٹ آف زنک

ترکیب۔ سلفیٹ آف زنک ۵ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ۲۰ اونس ۔
اثر و استعمال۔ مثل سلوشن آف کلورائیڈ آف زنک کے ہے ۔

لوبے لیا

اسکے پودے کو لوبے لیا انفلیٹا کہتے ہیں۔ جو ایک قسم کا جنگلی تمباکو ہے ۔
اثر و استعمال۔ حیوانات میں اسکو کم استعمال کرتے ہیں گاہے گھوڑوں کے
دمہ میں اسکا ایتھیریل ٹنکچر ایک اونس کی خوراک میں دیتے ہیں ۔
ترکیب ٹنکچر۔ ۲½ اونس لوبے لیا کو کوٹ کر ایک پائنٹ سپرٹ اور ایتھر میں سات
روز تک بھگو کر چھان لیں اس میں اسقدر سپرٹ اور ایتھر ملادیں کہ ایک پائنٹ ہو جاوے ۔
خوراک۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس ۔

لوشن آف کاربالک ایسڈ

ترکیب۔ کاربالک ایسڈ ایک اونس۔ واٹر ۴۰ اونس ۔
اثر و استعمال۔ انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ ناتندرست زخموں کو
صاف کرتے ہیں۔ اگر اوزاروں کو ڈس انفکٹ کرنا ہو تو ایک حصہ ایسڈ میں
۲۰ حصے پانی ملالیں ۔

لوشن ایسی ٹیٹ آف امونیا

ترکیب۔ لائیکوار امونیا ایسی ٹاس۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ۔ ہر ایک ۴ اونس۔ واٹر ایک پائینٹ۔ ڈس کوئی شنٹ اثر کیلئے ماؤف حصہ پر لگاتے ہیں ؀

لوشن آف کلورائیڈ آف امونیا اینڈ کمفر

اسکو ڈس کوئی شنٹ لوشن بھی کہتے ہیں ؀

ترکیب۔ امونیم کلورائیڈ ایک اونس۔ ڈائیلوٹ ایسی ٹک ایسڈ ۸ اونس۔ سپرٹ کمفر ایک اونس ؀

اثر و استعمال۔ ڈس کوئی شنٹ یعنی کھرنڈ بنانیکے لئے انڈولنٹ ٹیومر اور مزمن موچ پر مالش کرتے ہیں۔ استعمال سے پیشتر اسکو خوب ہلا لینا چاہیئے ؀

لوشن آف کلورائیڈ آف امونیا اینڈ نائیٹریٹ آف پوٹاش

اسکو لنگ یا ریفریجیرنٹ لوشن بھی کہتے ہیں ؀

ترکیب۔ امونیم کلورائیڈ و نائیٹریٹ آف پوٹاش ہر ایک ½ ۲ اونس۔ واٹر ایک پائینٹ۔ اس عرق میں کپڑے کو ترکرکے سوزشدار حصہ پر لگاتے ہیں ؀

یلو مرکیوریل لوشن۔ یلو واش

ترکیب۔ پرکلورائیڈ آف مرکری ۲۰ گرین۔ لائیم واٹر ۱۰ اونس ؀

اثر و استعمال سٹی مولنٹ اسٹرنجنٹ۔ ناتندرست زخموں اور السروں پر لگاتے ہیں ؀

بلیک مرکیوریل لوشن۔ بلیک واش

ترکیب۔ سب کلورائیڈ آف مرکری ۳۰ گرین۔ گلسرین ½ اونس۔

میو سلیج آف گم ٹراگا کانتھ ۱½ اونس۔ لائیم واٹر ۱۰ اونس ٭

اثر و استعمال۔ مثل یلو واش کے ہے ٭

میگنیشیا۔ اکسائیڈ آف میگنیشیا

ترکیب۔ کاربونیٹ آف میگنیشیا کو آنچ پر رکھنے سے تیار ہوتا ہے ٭

خواص۔ سفید سفوف ہے۔ تیزابوں میں بغیر جوش کے حل ہو جاتا ہے پانی میں حل نہیں ہوتا ٭

اثر و استعمال۔ انٹاسڈ اور لکسیٹو ہے۔ بدہضمی میں کسی کارمے نیٹو دوا کے ساتھ بچھڑوں کو ۲ سے ۸ ڈرام تک دودھ یا گرویل میں ملا کر دیتے ہیں ٭

کاربونیٹ آف میگنیشیا

ترکیب۔ سلفیٹ آف میگنیشیا ۱۰ اونس۔ کاربونیٹ آف سوڈا ۱۲ اونس کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ۲ پائینٹ ٭

ہر دو دواؤں کو ایک ایک پائینٹ پانی میں حل کر کے دونوں عرقوں کو ملا کر سینڈ باتھ پر رکھکر خشک کر لیتے ہیں ٭

خواص۔ سفید دانہ دار سفوف ہے۔ ڈائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے ٭

اثر و استعمال۔ مثل میگنیشیا کے ہے ٭

سلفیٹ آف میگنیشیا۔ اپسم سالٹ

ترکیب اوّل۔ سمندر کے پانی سے کھانے کا نمک نکال لینے کے بعد بقیہ عرق میں سلفیورک ایسڈ ملا کر جوش دینے سے اپسم سالٹ کی قلمیں بن جاتی ہیں ٭

ترکیب دیگر۔ میگنی سایٹ یا قدرتی کاربونیٹ آف میگنیشیا کو ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ میں ڈالکر گرم کرتے ہیں تاکہ سلوشن بن جاوے اور کاربانک انہائیڈرائیڈ کا خارج ہونا

موقوف ہوجاوے۔ اسکو چھان کر آگ پر اُڑا لیتے ہیں۔ تو سلفیٹ آف میگنیشیا کی قلمیں بن جاتی ہیں ؎

خواص۔ اس کی قلمیں چھوٹی بیرنگ شفاف اور معین ہوتی ہیں ذائقہ تلخ خشک ہوا میں آہستہ آہستہ بھُرا بھُرا ہوجاتا ہے سرد پانی میں کم اور گرم پانی میں بالکل حل ہوجاتا ہے۔ زنک سلفیٹ سے مشابہت رکھتا ہے لیکن صرف کھاری اور تلخ نہ ہونیکے باعث پہچانا جاتا ہے۔ گلا بر سالٹ سے اس بات میں فرق رکھتا ہے کہ اسکو ہوا میں کھُلا رکھنے سے خشکی پیدا نہیں ہوتی ؎

اثر و استعمال۔ ہائیڈریگاگ۔ ضمنی طور پر کولیگاگ۔ کتھارٹک۔ ہلکا ڈایوریٹک ڈایافوریٹک۔ آلٹریٹو۔ فیبریفیوج۔ اور کاربالک ایسڈ کے زہر کا انٹی ڈوٹ ہے ؎

جگالی کرنیوالے جانوروں کو اکثر اسی کا مسہل دیا کرتے ہیں۔ اسکے ساتھ اگر تھوڑی جنجر ملا لی جاوے تو اینٹھن نہیں ہوتی۔ گاہے گھوڑوں کو لکسیٹو فائدہ کے لئے دیتے ہیں اور جب ایلوز سے دست نہیں آتے تو پینے کے پانی میں ۴ اونس میگنیشیا ملانے سے فائدہ ہوتا ہے علاوہ ازیں اسکو قبض۔ بدہضمی بخار اور روماٹیزم میں اکثر دیا جاتا ہے۔ کالک میں گلسرین اور پانی کے ساتھ ملا کر اسکا انیما کرتے ہیں ؎

خوراک بطور پرگیٹو۔ مویشی ایک پونڈ۔ شتر ۱ سے ۱½ پونڈ۔ بھیڑ ۴ اونس کُتا ۲ سے ۴ ڈرام ؎

خوراک بطور آلٹریٹو و فیبریفیوج۔ گھوڑا ۲ – ۴ اونس۔ کُتا ۱۰ – ۲۰ گرین دو دفعہ روزانہ۔ گھوڑوں پر اسکا اثر قابل اعتماد نہیں ہوتا۔ گاہے اس کی بڑی خوراک سے بھی انکو دست نہیں آتے۔ اور کبھی زیادہ دست آنے لگتے ہیں۔ کُتوں کو اگر یہ پوری مقدار میں دیا جاوے تو قے ہوجاتی ہے لیکن چھوٹی چھوٹی خوراکوں سے لکسیٹو اثر ہوتا ہے۔ پرگیٹو اثر مطلوب ہو تو اس میں بہت سا شیر گرم پانی۔ شیرہ اور جنجر ملا دیں۔ ذیل کے نسخہ سے مویشی پر اچھا پرگیٹو اثر ہوتا ہے۔

میگنیشیم سلفاس ایک پونڈ۔ سفوف جنجر ایک اونس۔ ٹریکل ۲ پونڈ شیر گرم پانی ۴ پائنٹ

میں حل کر کے پلادیں گا ہے اس میں کھانیکا نمک بھی ملا دیتے ہیں۔ مویشی کے سخت قبض میں جمالگوٹہ کے ۱۰ یا ۱۲ بیج یا روغن جمالگوٹہ السی کے تیل میں ملا کر دیتے ہیں اسکے ساتھ الکلاین کاربونیٹ۔ لائم واٹر اور ایسی ٹیٹ آف لڈ نہیں دیتے +

بلیک اکسائیڈ آف مینگنیز

اسکو مینگنیز پر اکسائیڈ مینگنیز ڈائی اکسائیڈ اور بن اکسائیڈ آف مینگنیز بھی کہتے ہیں +

خواص۔ بھاری سیاہ سفوف ہے ہائیڈروکلورک ایسڈ ڈالنے سے حل ہو جاتا ہے۔ اور کلورین گیس نکلتی ہے خوب گرم کیا جاوے تو آکسیجن گیس خارج ہوتی ہے اس سے کلورین گیس اور پرمنگنیٹ آف پوٹاش تیار کرتے ہیں +

وایٹ ماربل۔ سنگ مرمر

خواص۔ بھاری وزنی ٹھوس قلمیں ہوتی ہیں۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ میں بالکل حل ہو جاتا ہے اور کاربانک انہائیڈرائیڈ گیس خارج ہوتی ہے اس سے کاربانک انہائیڈرائیڈ گیس تیار کرتے ہیں +

ماس آف ایلوز

ترکیب۔ ایلوز ۸ اونس۔ گلسرین ۱۲ اونس۔ سفوف جنجر ایک اونس۔ السی کا تیل ایک اونس +

اثر و استعمال۔ کتھارٹک فائیدہ کیلئے گھوڑوں کو ۴-۶ ڈرام دیتے ہیں +

کمپونڈ ماس آف ایلوز

ترکیب۔ سفوف باربیڈوز ایلوز ایک اونس۔ سافٹ سوپ ایک اونس۔ کامن ماس ۶ اونس۔ آلٹریٹو فائیدہ کیلئے گھوڑوں کو ایک اونس دیتے ہیں +

کمپونڈ ماس آف ٹارٹریٹڈ انٹی منی۔فیوربال

ترکیب۔سفوف انٹی منی ٹارٹ ½ ڈرام۔سفوف کمفر ½ ڈرام۔سفوف نائیٹریٹ آف پوٹاش ۲ ڈرام۔کامن ماس حسب ضرورت۔

مذکورہ بالا مرکب ایک خوراک ہے اسکی گولی بناکر فیبریفیوج فائیدہ کے لئے گھوڑوں کو کھلاتے ہیں۔

کمپونڈ ماس آف بیلاڈونا

ترکیب۔ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا ½ ڈرام۔سفوف ایلوز ایک ڈرام۔سفوف نائیٹریٹ آف پوٹاش ۲ ڈرام۔کامن ماس حسب ضرورت۔

مزمن کھانسی میں گولی بناکر کھلاتے ہیں۔

کمپونڈ ماس آف کیٹی کو۔اسٹرنجنٹ ماس

ترکیب۔سفوف کیٹی کو ایک اونس۔سفوف سے مم بارک ایک اونس۔کامن ماس ۶ اونس۔اس میں سے ایک اونس کی گولی بناکر ڈائیریا۔ڈیسنٹری میں دیتے ہیں۔

کامن ماس

ترکیب۔السی کا سفوف در شیرہ بموزن ملاکر رکھ لیتے ہیں جب کسی دوا کی گولی بنانا منظور ہو تو اس میں سے حسب ضرورت لیکر بطور بدرقہ گولی میں شامل کرتے ہیں۔

ماس آف سلفیٹ آف کاپر۔ٹانک ماس

ترکیب۔سفوف سلفیٹ آف کاپر ایک اونس۔سفوف جنجر ایک اونس۔کامن ماس ۶ اونس۔اس میں سے ایک اونس کی گولی بناکر ٹانک فائیدہ کیلئے گھوڑوں کو کھلاتے ہیں۔

کمپونڈ ماس آف ڈیجی ٹیلیس۔ کف بال

ترکیب۔ ایلوز کا سفوف ۲ اونس۔ ڈیجی ٹیلیس کے پتے ایک اونس کامن ماس ۱۳ اونس۔ اس میں سے ایک اونس کی گولی بنا کر گھوڑوں کو مزمن کھانسی میں دو دفعہ یومیہ دیتے ہیں۔

ماس آف سلفیٹ آف آئرن

ترکیب۔ سفوف سلفیٹ آف آئرن دو اونس۔ سفوف جنجر ایک اونس۔ کامن ماس ۵ اونس۔ ایک اونس کی گولی بنا کر ٹانک فائدہ کے واسطے گھوڑوں کو کھلاتے ہیں۔

کمپونڈ ماس آف ریزن۔ ڈایوریٹک ماس

ترکیب سفوف ریزن۔ سفوف نائیٹریٹ آف پوٹاش۔ ہارڈ سوپ۔ ہر ایک مساوی مقدار۔ اس میں سے ایک اونس کی گولی بنا کر گھوڑوں کو ڈایوریٹک فائدہ کے لئے کھلاتے ہیں۔

کمپونڈ ماس آف جنجر۔ کارڈیل ماس

ترکیب سفوف جنجر۔ سفوف جنشن روٹ ہموزن۔ ٹریکل حسب ضرورت لیکر بمقدار ایک ایک اونس گولی بنائیں۔ ایک گولی صبح و شام سٹوماگک فائدہ کے لئے گھوڑوں کو کھلائیں۔

ایمونیا مکسچر

ترکیب سلوشن آف ایمونیا۔ سپرٹ نائیٹرس ایتھر۔ کمپونڈ ٹنکچر آف جنشن ہر ایک مساوی مقدار۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک ۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ دو اونس۔ مویشی ۲۔ ۴ اونس۔ بھیڑ ۴۔ ۶ ڈرام۔ آٹھ یا دس گنا پانی ملا کر پلاتے ہیں ۔

کریازوٹ مکسچر

ترکیب۔ کریازوٹ ۱۶ قطرے۔ ایسی ٹک ایسڈ ۱۶ قطرے۔ سپرٹ آف جونی ۱/۲ ڈرام۔ سرپ سیمپل۔ ایک اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ۱۵ اونس ۔

اثر و استعمال۔ اسٹرنجنٹ۔ سٹپٹک۔ انٹی سپٹک ۔

خوراک۔ گھوڑا ۷ سے ۱۰ اونس۔ کتا ۱/۲ سے ایک اونس ۔

کمپونڈ چاک مکسچر شیپ اینڈ کاوز کارڈیل

ترکیب۔ پریپرڈ چاک ۲ اونس۔ سفوف چاک ایک اونس جنجر ۱/۲ اونس اوپیم ایک ڈرام۔ پیپرمنٹ واٹر ایک پائینٹ ۔

اثر و استعمال۔ بچھڑے اور بھیڑ کو اسٹرنجنٹ فائیدہ کے لئے ڈائیریا میں دیتے ہیں ۔

خوراک۔ بچھڑا ۱/۲ سے ایک اونس۔ بھیڑ ۴۔ ۸ ڈرام ۔

کسٹر آئیل مکسچر

ترکیب اوّل۔ کسٹر آئیل۔ آلیو آئیل۔ سمپل آئیل ہموزن لیکر ملالیں۔ کتوں کو کتھارٹک فائیدہ کے لئے ۱/۲ سے ایک اونس کی مقداریں دیتے ہیں ۔

ترکیب دیگر۔ کسٹر آئیل ۳ اونس۔ سیرپ آف بکتھارن ۲ دو اونس۔ سیرپ آف پاپیز ایک اونس۔ کتے کو ۴۔ ۸ ڈرام کی مقداریں کتھارٹک فائیدہ کے لئے دیتے ہیں ۔

ایسی ٹیٹ آف مارفیہ

ترکیب اول۔ مارفائین کو ایسی ٹک ایسڈ اور پانی میں حل کریں اور بعد میں سلوشن کو اڑا کر قلمیں بنا لیں۔

ترکیب دیگر۔ ڈو اونس ہائیڈروکلوریٹ آف مارفائین کو ایک پائینٹ ڈسٹلڈ واٹر میں حل کر کے اس میں اس وقت تک سلوشن آف ایمونیا ملا دیں۔ جبتک کہ مارفائین تہ نشین نہ ہو۔ اس تہ نشین جُز کو کاغذ کے فلٹر پر جمع کر کے ڈسٹلڈ واٹر سے دھو ڈالیں بعد ازاں کسی چینی کی رکابی میں رکھکر اس میں ۳ اونس ڈسٹلڈ واٹر اور اسی قدر ایسی ٹک ایسڈ ملا دیں تاکہ وہ عرق نیوٹرل ہو کر حل ہو جاوے اب اس عرق کو واٹر باتھ پر رکھکر خشک کر لیں۔

خواص۔ سفید سفوف ہے ۲½ حصے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ مارفائین کے مرکبات کا فائدہ تقریباً افیون کے برابر ہوتا ہے۔ لیکن اسقدر فرق ہے کہ افیون کو کھلانے سے اسکا اثر دیر میں ہوتا ہے اور مارفائین کے مرکبات کی زیر جلد پچکاری کرنے سے اثر نہایت جلدی اور سیڈیٹو اثر اچھا ہوتا ہے۔ ان مرکبات کو سیڈیٹو۔ اینوڈائین۔ انٹس پازموڈک ہپ ناٹک۔ نارکاٹک۔ ڈایافوریٹک فوائد کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ مارفائین کے ساتھ اکثر ایٹروپین ملاتے ہیں تاکہ متلی ضعف اور قبض نہ ہو۔ اینیوریزمٹس اور کالک کا درد موقوف کرنے کے لئے مارفائین کی زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔ تشنجی کھانسی۔ سیلان خون بعد وضع حمل اور اکیوٹ ڈسپپ شیا ڈے ٹے ٹنس میں بھی اس کی پچکاری کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ حسب ذیل حالات میں اسکو نہیں دیتے۔ جب دماغ میں اجتماع خون یا سوزش ہو۔ آلات تنفس کے امراض میں جب تنفس ادھلا اور مشکل سے انجام پاتا ہو۔ امراض گردہ اور یوریمیا درد شکم بوجہ تداخل امعاء۔

خوراک کھلانیکی۔ گھوڑا و مویشی ۳ سے ۱۰ گرین۔ بھیڑ ½ سے ۲ گرین کتا ⅛ سے ½ گرین ✦
خوراک زیرجلد پچکاری کرنیکی۔ گھوڑا ۲۔۴ گرین۔ کتا ⅛ سے ½ گرین ✦
اس سے سلوشن آف اسیٹیٹ آف مارفیہ تیار کرتے ہیں ✦

گرجن آیل

اسکے درخت کو ڈپ ٹیروکارپس لیوس کہتے ہیں جو احاطہ بنگال میں پیدا ہوتا ہے درخت کو پاچھنے سے یہ روغن نکلتا ہے رنگت شفاف بھوری اور بو خاص ہوتی ہے ✦
گرجن آیل کوپے با کا بدل ہے۔ سٹی مولنٹ فائدہ کے لئے آلات پیشاب و تنفس کے امراض میں دیتے ہیں۔ طبابت حیوانات میں اسکو شاذونادر استعمال کرتے ہیں ✦

گوالم

اسکے درخت کو گوالم افیسی نیلس کہتے ہیں اسکا برادہ اور درخت کی رال دوا میں استعمال کرتے ہیں جو الکوحال۔ ایتھر اور دیگر کھاری روغنوں میں حل ہوجاتی ہے
اثر و استعمال۔ آلٹریٹو سٹی مولنٹ۔ ڈایافوریٹک ہے۔ روماٹیزم۔ جلدی امراض اور سینہ کی بیماریوں میں استعمال کرتے ہیں ✦
خوراک۔ گھوڑا ۲۔۴ ڈرام۔ مویشی ۴۔۶ ڈرام۔ بھیڑ ½ سے ۱ ڈرام کتا ۱۰۔۱۵ گرین ✦

بڈیلیم۔ گوگل

اسکے درخت کو بالسے موڈنڈرن مکل کہتے ہیں۔ اسکے ٹکڑے گول گول

سُرخ اور سیاہی مائل ہوتے ہیں۔ ذائقہ تلخ اور کسی قدر تیز ۔
اثر و استعمال۔ اندرونی استعمال میں کسی قدر ٹانک اور سٹی مولنٹ خارجی طور پر خفیف سٹی مولنٹ اور اسٹرنجنٹ۔ عموماً اسکا مرہم بنا کر زخموں پر لگاتے ہیں ۔

ہائیڈروکلوریٹ آف مارفیہ

ترکیب۔ افیم ایک پونڈ۔ کلورائیڈ آف کیلسیم $\frac{3}{4}$ اونس۔ صاف شدہ انیمل چارکول $\frac{1}{4}$ اونس۔ ڈائیلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ ۲ اونس یا حسب ضرورت سیلوشن آف ایمونیا اور ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت ۔
افیون کا گاڑھا انفیوژن بنا کر اس میں کلورائیڈ آف کیلسیم ملادیں اور حیوانی کوئیلہ سے اسکی رنگت کو دور کریں۔ بعد ازاں ایمونیا کا سلوشن ملا کر مارفائین کو منجمد کریں۔ ایک چینی کے پیالہ میں جس میں کھولتا ہوا صاف پانی ہو۔ مارفائین کو ڈال دیں اور احتیاط سے اس میں ڈائیلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ ڈال کر ہلاتے رہیں۔ تاکہ مارفائین بالکل حل ہو کر نیوٹرل عرق بن جاوے۔ اس عرق کو رکھ کر قلمیں بنالیں۔ اور جاذب کاغذ پر خشک کریں ۔
خواص۔ یا تو اسکی باریک چمکدار قلمیں ہوتی ہیں یا سفید سفوف ہوتا ہے۔ سپرٹ اور ۲۰ حصے پانی میں بالکل حل ہو جاتا ہے ۔
اثر و استعمال۔ زود اثر ہونے کے باعث مارفائین کے مرکبات کی زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔ اینوڈاین۔ انٹس پازموڈک۔ سیڈیٹو۔ اور سپوریفک اثر کے لئے نیورلجیا ٹے ٹنس۔ ایکوٹ ردماٹیزم۔ کالک اور انیٹرائیٹس میں اسکی زیر جلد پچکاری کرتے ہیں ۔
خوراک کھلانیکی۔ گھوڑا و مویشی ۲ ۔ ۸ گرین۔ بھیڑ $\frac{1}{2}$ سے ۲ گرین۔ کتا $\frac{1}{8}$ سے $\frac{1}{2}$ گرین ۔
خوراک پچکاری کی۔ گھوڑا و مویشی ۲۔ ۴ گرین۔ بھیڑ $\frac{1}{2}$ سے ۱ گرین۔ کتا $\frac{1}{8}$ سے $\frac{1}{4}$ گرین ۔

مارفائین یا مارفیہ

یہ افیون کا سب سے اعلیٰ جوہر ہے جو ایک پیچیدہ ترکیب سے حاصل ہوتا ہے اسی جوہر کے باعث افیون میں سیڈیٹو اور اینوڈائین اثرات ہوتے ہیں۔

خواص۔ یا تو اسکی بیرنگ۔ بے بو۔ چمکدار منشوری قلمیں ہوتی ہیں اور یا باریک سوزنی قلمدار سفوف ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ۔ پانی میں بہت قلیل مقدار میں حل ہوتا ہے۔ اسکو خالص استعمال نہیں کرتے بلکہ کسی تیزاب کے ساتھ ملا کر اسکا مرکب بناتے ہیں مثلاً ہائیڈروکلورائیڈ آف مارفاین۔ ایسی ٹیٹ آف مارفاین۔ سلفیٹ آف مارفائین۔ ٹارٹریٹ آف مارفاین۔

اپومارفائین ہائیڈروکلوریٹ

ترکیب۔ مارفائین یا کوڈین میں بکثرت ہائیڈروکلورک ایسڈ ڈال کر چند گھنٹوں تک بند برتن میں گرم کرتے ہیں جو ہائیڈروکلوریٹ اس طرح پیدا ہوتا ہے اسکو کاربونیٹ آف سوڈا کے ذریعہ تہ نشین کر لیتے ہیں۔

خواص۔ سوزن کی طرح باریک چمکدار خاکی سفید۔ بے بو قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ خفیف تلخ۔ ہوا اور روشنی سے اسکی رنگت سبز مائل ہوجاتی ہے ۴۵ حصے پانی اور الکوحال میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اسکا خاص فائدہ ایمے ٹک ہے۔ زہر خورانی کی حالت میں کتوں کو اس سے قے کراتے ہیں۔ نیز اکیوٹ اور کرانک برنکائیٹس میں ایکسپکٹورنٹ فائدہ کے لئے کتے کو ۱/۵ سے ۱/۲ گرین تک کھلاتے ہیں۔

خوراک پچکاری ایمے ٹک۔ کتا ۱/۲۵ سے ۱/۱۰ گرین۔

خوراک کھلائیگی ایمے ٹک۔ کتا ۱/۱۰ سے ۱/۵ گرین۔

کیلوٹروپس جائی گنٹیا۔ مدار

ہندوستان میں اسکا درخت ریتلی زمینوں میں پیدا ہوتا ہے جڑھ کی چھال کو خشک کرکے دوامیں برتتے ہیں پتوں کا عرق نکالکر تیل میں ملاکر استعمال کرتے ہیں +

اثر و استعمال۔ جڑھ کی چھال کو اپی کیکوانہ کے عوض استعمال کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اسکا سفوف زخموں پر چھڑکنے سے وہ خشک ہو جاتے ہیں تازہ پتوں کا رس نکال کر اس میں ۸ یا ۱۰ حصے سادہ تیل ملانے سے بہت مفید پراسٹی سائیڈلینی منٹ تیار ہوتا ہے جسکو جلدی امراض میں لگاتے ہیں۔ لیکن اسکو وسیع حصہ پر نہ لگانا چاہیئے +

خوراک۔ گھوڑا دمویشی ۱۔۲ ڈرام۔ بھیڑ ۲۰۔۶۰ گرین۔ کتا ۵۔۱۰ گرین +

میوسلج آف اکیشیا

ترکیب۔ سفوف گم اکیشیا ۱۲ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ +

اثر و استعمال۔ ڈیمل سنٹ۔ ایمولی انٹ۔ آلات انہضام کی خراش میں جو کسی مرض یا زہر سے پیدا ہو اور سوزش مثانہ وگردہ میں دیتے ہیں +

میوسلج آف سٹارچ

ترکیب سفوف سٹارچ ½ اونس۔ پانی ایک پائینٹ +

سٹارچ کو پانی میں حل کرکے آگ پر پکالیں۔ پکاتے وقت اسکو باربار ہلاتے رہیں +

اثر و استعمال۔ نیوٹری انٹ۔ ڈیمل سنٹ۔ ایمولی انٹ۔ معدہ و انتڑوں کی خراش اور سوزش مثانہ وگردہ میں اسکو پلاتے ہیں اور مقعد میں حقنہ بھی کرتے ہیں +

مائیلابرس۔ تیلنی مکھی

اسکو چائنیز بلسٹرنگ فلائی بھی کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کی مکھی ہے۔ جسکا قد تقریباً

۱/۴ انچہ ہوتا ہے پر سیاہ رنگ کے جن پر دو دو بھورے زرد یا نیل داغ پائے جاتے ہیں ÷

اثر و استعمال۔ کنتھریڈس کیطرح ہے صرف اتنا فرق ہے کہ اس سے خراش کم ہوتی ہے اور گردوں پر اثر نہیں ہوتا۔ سٹی مولنٹ۔ کاونٹر اری ٹنٹ اور ویسی کنٹ فائدہ کیلئے اسکا مرہم انہی امراض میں لگاتے ہیں۔ جن میں تیلنی مکھی کا مرہم لگایا جاتا ہے ÷

ٹرمیرک۔ ہلدی

اسکے درخت لو کرکیوما لانگا لیتے ہیں۔ جڑھ کی گانٹھیں گاہے طبابت میں کام آتی ہیں ÷

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ کارمی نیٹو۔ زکام میں اسکی دھونی دیتے ہیں۔ ہلدی میں رنگا ہوا کاغذ جسکو ٹرمیرک پیپر کہتے ہیں۔ پیشاب کی کھاریت معلوم کرنیکے کام آتا ہے۔ دیسی لوگ ہلدی کا ڈیکاکشن آنکھ کی بیماریوں میں ڈالا کرتے ہیں ÷

مرہ

بالسے موڈن ڈرن مرہ درخت کو پاچھنے سے یہ گوند ٹپکتا ہے ÷

خواص۔ اسکے ٹکڑے مختلف قد کے کسی قدر شفاف سُرخ بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔ ذائقہ خوشبودار تلخ اور بو بلسان کی طرح ہوتی ہے۔ توڑنے سے موم کی طرح ٹوٹتا ہے پانی میں حل کرنے سے بھورا زرد ایملشن بن جاتا ہے الکوحال میں حل ہوتا ہے اس میں مرہین۔ مرل۔ ارے بین۔ اور ایک تلخ شئے ہوتی ہے ÷

اثر و استعمال۔ ہلکا سٹی مولنٹ۔ انٹی سپٹک۔ اسٹرنجنٹ۔ سٹوماٹک کارمی نیٹو ایکسپکٹورنٹ ہے اسے گاہے کرانک برنکائیٹس۔ لیرنجائیٹس۔ سٹائیٹس میں سٹی مولنٹ اور انٹی سپٹک فائدہ کیلئے دیتے ہیں۔ نیز کمزوری میں اسکو فولاد کے ہمراہ دینے سے انتہا تیز اور طاقت پیدا ہوتی ہے زخموں پر اسکا ٹنکچر لگایا جاتا ہے ۱۰/۱ حصے پانی ملاکر غرارہ کرانے سے منہ کے زخم اچھے ہو جاتے ہیں ÷

خوراک۔ گھوڑا ۲ ڈرام۔ مویشی ۴ ڈرام۔ بھیڑ ۱/۲ سے ایک ڈرام۔

مقدار خوراک۔ ۱/۲۰ گرین۔ اسکو گولی یا ٹنکچر مرہ ٹنکچر ایلوز کمپونڈ کی شکل میں دیتے ہیں۔

نکس وامیکا

سٹرکناس نکس وامیکا کے بیج دوا میں کام آتے ہیں اسکا پھل تقریباً سیب کے برابر اور اس میں لعابدار ملائم گودا ہوتا ہے۔ گودے میں کئی چپٹے دبے ہوئے گول بیج ہوتے ہیں جن کی گولائی تقریباً ایک انچہ ہوتی ہے۔ بیجوں کی رنگت خاکی یا سبزی مایل خاکی ہوتی ہے اور ان پر ریشم کی طرح چمکدار روئیں ہوتے ہیں۔ بو کچھ نہیں ہوتی لیکن ذائقہ نہایت تلخ ہوتا ہے اس میں سٹرکناین اور بروسین دو جوہر ہوتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ ٹبر سٹو ماٹک اور ٹانک ہے۔ ڈسپپ شیا میں اسکا ٹنکچر سوڈیم بائی کاربونیٹ اور جنشن یا کلمبا کے ہمراہ دیا کرتے ہیں۔ جنرل ٹانک کے طور پر اسکو آیرن اور کونین کے ہمراہ جنرل ڈبلٹی میں ہر ایک قسم کے جانور کو دیتے ہیں اس سے اشتہا تیز ہاضمہ قوی اور حرکت کرمی تیز ہوتی ہے کتوں کو جنرل ٹانک کے طور پر ایسٹرن سیرپ دیتے ہیں جس میں سٹرکناین اور فاسفیٹ آف آیرن اینڈ کونین ہوتا ہے۔ اطراف۔ شانہ اور آنتوں کے فالج میں سپائنیل کارڈ کی تحریک کیلئے نکس وامیکا یا اسکا جوہر سٹرکناین دیا جاتا ہے پچھلے اطراف کے فالج میں سٹرکنیا کی زیر جلد پچکاری سے فائدہ ہوتا ہے۔ لیکن سوزش میں اسکی پچکاری نہ کرنی چاہیئے۔ گھوڑوں کے کالک میں جو سدوں کی رکاوٹ سے ہو نکس وامیکا کو کاربونیٹ آف امونیا کے ہمراہ ملا کر پوری خوراک میں دینے سے تشنج اور رکاوٹ رفع ہو جاتی ہے۔ کولن کے فالج میں جو فضلہ کی زیادتی کے باعث ہو اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ انس تھیسیا اور نارکاٹک دوائیوں سے جب تنفس خطرناک ہو گیا ہو تو اس کی تحریک کیلئے سٹرکنیا کی زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔ پارٹیوری ایشن کے پیشتر اور بعد کے پیرالیسس میں بچہ جننے کے بعد اسکی پچکاری کرنے سے فائدہ ہوتا ہے نکس وامیکا اور اسکے مرکبات کے استعمال میں نہایت محتاط رہنا چاہیئے۔ عضلات میں تشنج ہونے

لگے تو فوراً اسکا استعمال موقوف کردیں اور اگر ضرورت ہو تو زہر کا علاج کریں ؎

زہر کا علاج ۔ قے کرنیوالے جانوروں کو قے کرادیں کتے کے واسطے اپو مارفاین قابل اعتبار دوائی ہے اسکی خوراک ۱/۱۵ سے ۱/۱۰ گرین زیر جلد پچکاری کرینکی ہے زہر کو بہت جلد خارج کرنا چاہیئے ورنہ جذب ہونے سے سخت خطرہ کا اندیشہ ہوتا ہے ؎

انٹی ڈوٹ کے طور پر پوٹاسیم برومائیڈ۔ ہائیڈریٹ آف کلورل۔ کلورافارم اور ایمائیل نائیٹریٹ سنگھاویں حیوانی کوئیلہ یا ٹے نک ایسڈ استعمال کریں ۱/۲ گرین کیورریرا کی زیر جلد پچکاری کریں۔ تمباکو کا جوشاندہ خاص اثر رکھتا ہے۔ بعض معالج مارفائین کی بھی سفارش کرتے ہیں ؎

خوراک ۔ گھوڑا ۲۰۔۶۰ گرین۔ مویشی ۱۔۲ ڈرام۔ بھیڑ ۱۰۔۲۰ گرین۔ کتا ۱/۲ سے ۳ گرین۔ بیج کا سفوف ہمراہ دیگر مقوی ادویات کے دانہ پر ڈال کر یا گولی بنا کر کھلاتے ہیں یا اسکا ایکسٹریکٹ اور ٹنکچر دیتے ہیں اسکے بیج بہت سخت ہوتے ہیں اور جبتک انکو گرم پانی کی بھاپ سے ملائم نہ کرلیا جاوے یا انکو گرم ریت میں نہ بھونا جاوے سفوف نہیں ہوتے ؎

انیسی آئیل ۔ روغن سونف

پمپی نیلا اینی سم کے بیجوں کو کشید کرکے روغن سونف نکالتے ہیں ؎

خواص ۔ بیرنگ یا زرد پتلا پھیلنے والا سیال ہے اس میں سونف کی بُو ہوتی ہے۔ ذائقہ ہلکا خوشبودار اور کسی قدر شیریں ؎

خوراک ۔ گھوڑا ۲۰۔۳۰ قطرے۔ کتا ۱۔۵ قطرے ؎

اثر و استعمال ۔ اسکا اثر دیگر لطیف روغنوں کی طرح سٹی مولنٹ۔ سٹوماکک کارمے نیٹو۔ ایکس پکٹورنٹ۔ پراسٹی سائیڈ۔ ایرومیٹک ہوتا ہے۔ کتوں کے پسو اور جوئیں مارنیکے لئے روغن زیتون یا الکوحال (۱۔۱۰) کے ہمراہ ملاکر جلد پر اسکی مالش کرتے ہیں۔ بعض اوقات دیگر ادویات کا ذائقہ اور بُو زائل کرنیکے لئے اسکو ملادیتے ہیں

ہلکی قسم کی بدہضمی اور نفخ شکم میں سونف کا سفوف۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا اور جنجر ملا کر دانہ پر چھڑک کر دیتے ہیں۔ کف مکسچر میں روغن سونف ملانے سے ایکس پکٹورنٹ اثر ہوتا ہے۔

کمفوریٹڈ آئل

ترکیب۔ کمفر ایک حصہ۔ آلیو آئل ۴ حصے۔

اثر و استعمال۔ موچ اور کچلے ہوئے حصوں پر روماٹیزم و عضلات کے درد میں مقامی روبی فی شنٹ اور اینوڈائن فائدہ کے لئے مالش کرتے ہیں۔

آئل آف کنتھریڈس

ترکیب۔ سفوف تیلنی مکھی ایک حصہ۔ روغن زیتون ۴ یا ۸ حصے۔

بلسٹر کے اثر کو قائم رکھنے کے لئے لگاتے ہیں۔

اولیم کیریوفائلم۔ آئل آف کلوز۔ لونگ کا تیل

اس کے درخت کو یوجینیا کیریو فائیلیٹا کہتے ہیں۔ لونگ کو شکنجہ میں دبا کر اسکا روغن نکالتے ہیں۔

خواص۔ بیرنگ یا قدرے زرد سیال ہے دیر تک رکھنے سے سرخ بھورے رنگ کا ہو جاتا ہے۔ ذائقہ تیز اور بو خوش ہوتی ہے۔

اثر و استعمال۔ کارمی نیٹو۔ انٹس پازموڈک۔ سٹوماکک۔ عموماً جلابوں کے ساتھ اینٹھن رفع کرنیکو دیتے ہیں۔ خارجی طور پر کوکین کے ساتھ ملا کر لوکل انستھیٹک اثر پیدا کرنیکو لگاتے ہیں۔ بعض معالج اوپن جائینٹ کے علاج میں اسکی سفارش کرتے ہیں۔ کتوں کے ڈائریا میں ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ اور ڈیکاکشن آف لاگ وڈ کے ساتھ اسکا انفیوژن دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۲۰۔۳۰ قطرے۔ کتا ایک سے ۴ قطرے۔

کروٹن آئل۔ روغن جمالگوٹہ

کروٹن ٹگلیم کے بیجوں کو شکنجہ میں دباکر تیل نکالتے ہیں۔

خواص۔ زرد یا بھورا زرد اور کسی قدر لیسدار روغن ہے جس میں کسی قدر چربی کی مانند بو اور ناگوار جلانیوالا ذائقہ ہوتا ہے۔ ایتھر۔ کلورا فارم۔ کاربان ڈائی سلفائیڈ لطیف و کثیف روغنوں میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔

اسکے بیج ارنڈی کے بیجوں کے برابر ہوتے ہیں لیکن داغدار اور چمکدار نہیں ہوتے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراک میں قوی ڈراسٹک ہائیڈر یگاگ کتھارٹک خارجی طور پر کاونٹراری ٹنٹ۔ ویسی کنٹ۔

چونکہ اسکے استعمال سے سخت خراش ہوتی ہے اسلئے سوائے جگالی کرنیوالے جانوروں کے اور قسم کے جانوروں کو اسکا جلاب نہیں دیتے۔ فرنیائیٹس اور مینجائیٹس کے شروع درجوں میں جلدی اثر پیدا کرنیکے لئے دیتے ہیں۔ مویشیوں کے پارچیوری انٹ اپاپلکسی اور سٹک ورٹیگو میں جب دماغ ماؤف ہو جاتا ہے تو اسکے دینے سے فائدہ ہوتا ہے لیکن ایسا میسم کی سوزش میں اسکو نہ دینا چاہیئے۔ عموماً اسکو روغن السی یا لعابدار اشیاء کے ساتھ دیتے ہیں۔ خارجی طور پر کاونٹراری ٹنٹ فائدہ کیلئے مویشی میں اسکا لینی منٹ بناکر پلوریسی۔ برنکائیٹس۔ نیومونیا۔ کرانک روماٹیزم۔ غدودی اور دیگر انڈولنٹ ورموں میں آبلہ انگیز مرہموں کے ساتھ ۱۔۸ کی نسبت سے ملاکر لگاتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۱۰۔۲۰ قطرے مویشی نصف سے ایک ڈرام۔ شتر ۱½۔۲ ڈرام السی کی چائے میں ملاکر پلاتے ہیں۔

زہر کا علاج۔ سلفیٹ آف کاپر بطور ایمے ٹک دیں۔ ڈیمل سنٹ عرقیات پلادیں۔ اسہال روکنے کے لئے افیون کھلادیں۔

آیل آف جونی پر

یہ روغن جونی پیرس کیمونس کے کچے پھلوں سے ڈسٹی لیشن کی ترکیب سے نکالا جاتا ہے۔

خواص۔ بیرنگ یا زردیمائل سبز روغن ہے۔ بُو خوش ذائقہ گرم اور خوشبودار ہوتا ہے

اثر و استعمال۔ تیز سٹی مولنٹ سٹومالک۔ ڈایوریٹک۔ اسکا اثر خاصکر گردوں پر ہوتا ہے اور اسی مطلب کیلئے ڈراپسی کی بیماری میں دیگر مدرادویات کے ساتھ اسکو دیا کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ایک ڈرام مویشی ۱-۲ ڈرام۔ بھیڑ ۵ا قطرے۔ کتا ۲-۵ قطرے۔ پانی یا کسی لعابدار عرق میں ملاکر دیا کرتے ہیں۔

آئیل آف پیپرمنٹ ۔ روغن پودینہ

اسکے پودے کو منتھا پیپر پیٹا کتے ہیں پتوں سے روغن نکالا جاتا ہے۔

خواص۔ بیرنگ یا ہلکے زرد رنگ کا روغن ہے۔ بُو پودینہ کی اور ذائقہ گرم خوش بعدازاں مُنہ میں خنکی پیدا ہوتی ہے۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ کارمی نیٹو۔ انٹس پازموڈک۔ بدہضمی سپازماڈک کلک نفخ شکم میں اور جلابوں کی اینٹھن کم کرنیکو دیتے ہیں۔ خارجی طور پر انٹی سپٹک اور لوکل انس تھیٹک ہے۔ متلی اور دوائیوں کی ناگوار بواس سے جاتی رہتی ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ۲۰ قطرے سے ا ڈرام۔ کتا ½ سے ۳ قطرے۔

کاڈلیور آئیل۔ اولیم مرہ

یہ روغن گیڈس مرہا مچھلی کے جگر سے نکالا جاتا ہے۔

خواص۔ زردیمائل روغن ہے جس میں خفیف مچھلی کی بو اور ذائقہ ہوتا ہے

الکو حال میں مشکل سے حل ہوتا ہے لیکن ایتھر۔ کلوروفارم۔ کاربان ڈائی سلفائیڈ میں جلدی سے حل ہو جاتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ نیوٹری انٹ۔ ٹانک۔ آلٹریٹو۔ تھوڑی مقدار میں اور برابر استعمال کرنے سے خوراک کا کام دیتا ہے جس سے جسم میں طاقت آتی ہے۔ زیادہ مقدار میں دینے سے متلی اور اسہال لاتا ہے۔ گراں ہونیکے باعث گھوڑے و مویشی کو نہیں دیا جاتا۔ البتہ کتوں کو کمزوری کی حالت میں کسی بیماری سے شفا پانے کے بعد قلیل مقدار میں ایملشن یا مالٹ کی شکل میں دیتے ہیں۔ گاہے کرانک روماٹیزم سکرافیولا۔ تھائی سس پلمونیلس اور آلات تنفس کے دیگر امراض میں دیتے ہیں ۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲۔۴ اونس۔ کتا ۱۔۲ ڈرام دو دفعہ روزانہ ۔

اگر مذکورہ بالا خوراکیں جانور کو موافق نہ آویں تو اس سے کم مقدار میں دیں ۔

آلیو آئیل۔ روغن زیتون

اسکے درخت کو اولیا یوروپیا کہتے ہیں اسکے پختہ اور تازہ پھل کو دبا کر روغن نکالتے ہیں ۔

خواص۔ زرد یا ہلکا سبز یہ آئیل زرد روغنی سیال ہے۔ بو خفیف ہلکی ذائقہ روغنی اور چکھنے کے بعد خفیف ناگوار ہوتا ہے اس میں اولین۔ پالمےٹین اور کولسٹرین تین جوہر ہوتے ہیں ۔

اثر و استعمال۔ ہلکا لکسیٹو۔ ڈیمل سنٹ۔ نیوٹری انٹ۔ خارجی طور پر ایمولی انٹ ۔ قبض میں لکسیٹو کے طور پر کتوں کو کسٹر آئیل کے ہمراہ اور ڈیمل سنٹ فائیدہ کے لئے زہروں کی خراش رفع کرنیکے لئے دیتے ہیں۔ خارجی طور پر اس سے لینی منٹ اور ایملشن بناتے ہیں ۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۱۔۲ پائینٹ۔ کتا ۲۔۳ اونس ۔

کسٹر آئیل۔ اولیم ریسینی۔ ارنڈ یکا تیل

یہ ایک کثیف روغن ہے جو ریسینس کمیونس کے بیجوں کو کولھو میں پیل کر نکالتے

ہیں۔ اسکا بیج چیچڑی کی شکل کا ہوتا ہے اسلئے اسکے درخت کو ریسی نس کہتے ہیں جس کے معنے چیچڑی کے ہیں۔

خواص۔ زرد شفاف۔ بو ناگوار۔ لیسدار روغن ہے۔ ذائقہ ناگوار۔ اس میں علاوہ دیگر اجزاء کے ریسی نولک ایسڈ ایک جوہر ہوتا ہے جسکے باعث دست آتے ہیں۔ بیج چپٹے بیضوی چمکدار۔ خاکی رنگ کے داغدار اندر سے سفید ہوتے ہیں انکا اثر روغن کی نسبت ۱۰ گنا تیز ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ خارجی استعمال میں اس سے خراش کم ہوتی ہے۔ اور ساختوں کو محفوظ رکھتا ہے۔ اندرونی طور پر ہلکا پرگیٹو ہے۔ بعض لوگوں کے خیال کے مطابق اس سے شکم میں اینٹھن نہیں ہوتی۔ گھوڑوں پر اسکا اثر قابل اعتبار نہیں ہوتا۔ علاوہ بریں اس سے سخت متلی پیدا ہوتی ہے البتہ میکونیم یعنی فضلہ کی رکاوٹ کے باعث جب بچھیروں کی آنتوں میں سُدے ہو جاتے ہیں تو کسٹر آئیل سے فائدہ ہوتا ہے مویشی کو پرگیٹو فائدہ کیلئے عموماً تیل دیا جاتا ہے۔ اور کسٹر آئیل کا جلاب ٹریکل یا گلسرین کے ہمراہ دیا جاتا ہے لیکن اس میں یہ ایک بڑا نقص ہے کہ اس سے جی متلاتا رہتا ہے۔ اس نقص کو رفع کرنیکے لئے ان جانوروں کو کسٹر آئیل مکسچر دیتے ہیں جو حسب ذیل ترکیب سے تیار کیا جاتا ہے۔

کسٹر آئیل اور آلیو آئیل ایک ایک اونس۔ سپرٹ نائیٹرس ایتھر ۲۰ قطرے۔ پیپر منٹ آئیل یا انیسی آئیل ½ قطرہ یا برٹش فارما کوپیا کا حسب ذیل مکسچر دیتے ہیں میوسیلیج آف ایکیشیا ½۱ اونس۔ کسٹر آئیل ۳ اونس۔ ٹنکچر ارنشیا ایک اونس سنےمم واٹر ½۲ اونس۔ خوراک ۱۔۳ اونس۔

آنکھ میں۔ اجنبی اشیاء کے اخراج کیلئے اسکے چند قطرے ڈالتے ہیں۔ کتوں۔ بچھیروں و بچھڑوں کے ڈائیریا میں قابض ادویات دینے سے پیشتر کسٹر آئیل کی ایک خوراک دیا کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک پائنٹ۔ بچھیرا و بچھڑا ۲۔۳ اونس۔ بھیڑ بکرا

۲-۴ اونس- کُتّا ۴ ڈرام سے ۲ اونس اس سے فلکسیبل کلوڈین اور کسٹر آئیل مکسچر بناتے ہیں۔

آئیل آف ٹرپن ٹائن۔ روغن تارپین

یہ ایک لطیف روغن ہے جو پائینس پالسٹرس اور پائینس کے دیگر اقسام یا ٹرپن ٹائن کو کشید کرنے سے حاصل ہوتا ہے روغن اُڑا کر دوسرے برتن میں چلا جاتا ہے اور نیچے ڈال رہ جاتی ہے

خواص پتلا بیرنگ لطیف سیال ہے جس میں خاص قسم کی بو اور ذائقہ ہوتا ہے۔

۳ حصے الکوحال اور مساوی وزن گلیشیل ایسیٹک ایسڈ میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال- زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ انٹس پازموڈک۔ انٹی سپٹک۔ ہماسٹے ٹک۔ ڈایوریٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ انتھل منٹک خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ روبی فی شنٹ کاونٹراری ٹنٹ۔ ویسی کنٹ۔ مویشی کے ٹمپے نائیٹس اور گھوڑوں کے فلے چولنٹ کالک میں کاربونیٹ آف امیونیا اور روغن السی کے ساتھ دیتے ہیں۔ ڈیسنٹری میں خواہ کسی قسم کے جانوروں میں ہو اسکو کسی دیگر انٹی سپٹک اور اسٹرنجنٹ دوائی کے ساتھ دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ پرپیورا ہموراجیکا میں ٹنکچر سٹیل کے ساتھ ایک اونس کے مقدار میں گر وائیل۔ انڈوں کی سفیدی اور دودھ کے ساتھ تین مرتبہ روزانہ دیتے ہیں بعض معالج اندرونی جریان خون میں ہماسٹے ٹک فائدہ کیلئے اسکی سفارش کرتے ہیں لیکن اس مطلب کیلئے دیگر ادویات اس سے بہتر ہیں۔ گھوڑوں کے روناؤ ورم کی ہلاکت کے لئے روغن تارپین کو روغن السی کے ہمراہ اکثر دیا جاتا ہے اگر ٹیپ ورم کو ہلاک کرنا منظور ہو تو اس میں میل فرن آئیل ملالیں۔ چونکہ اس سے معدہ و آنتوں میں سوزش ہونیکا اندیشہ رہتا ہے۔ اسلئے کُتوں کو بہت احتیاط سے دینا چاہیئے بچھڑوں کے پیراسائیٹک برانکائیٹس میں ۲ ڈرام روغن تارپین۔ ۱ قطرے کاربالک ایسڈ ایک ڈرام آلیو آئیل۔ ۲۰ گرین پوٹاسیم کاربونیٹ ایک ڈرام پانی میں ملا کر ٹریکیا میں ایک مرتبہ روزانہ تین دن تک پچکاری کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ بہت سے معالج واسنورس کے زہر میں فرنچ آئیل آف ٹرپن ٹائن کی بڑے زور سے سفارش کرتے

ہیں لیکن بعض لوگ اسکا مفید ہونا نہیں مانتے۔ حال کے تجربات سے معلوم ہُوا ہے کہ روغن تارپین کاربالک ایسڈ کا انٹی ڈوٹ ہے اسکو نجسچن آفدی کڈنیز۔ نیفرائٹیس گیسٹرائٹیس اور انیٹرائٹیس میں نہ دینا چاہیئے ✦

خارجی طور پر سٹی مولنٹ اور روبی فی شنٹ فوائد کیلئے اسکا لینی منٹ اور ایمبروکیشن بناکر روماٹیزم۔ لیرنجائٹیس۔ کٹار اور برانکائٹیس میں استعمال کرتے ہیں۔ لیکن زیادہ تیز لینی منٹ استعمال کرنے سے بالوں کی جڑھیں ضائع ہو جاتی ہیں ✦

خوراک۔ گھوڑا ۱-۲ اونس۔ مویشی ۲-۴ اونس۔ بھیڑا-۴ ڈرام۔ کتا ۲-۲۰ قطرے بچھڑا العمر ۶ ماہ نصف اونس ✦

کثیف روغن۔ انڈوں کی سفیدی یا دلیہ میں ملاکر دینا چاہیئے۔ اس سے ٹرپن ٹائین پلپٹس۔ ٹرپن ٹاین لینی منٹ اور گاہے انیما آف ٹرپن ٹائین تیار کرتے ہیں ✦

سےسم۔ تل

اسکے پودے کو سےسم انڈیکم کہتے ہیں بیجوں کو کولھو میں پیل کر تیل نکالا جاتا ہے جسکو سےسم آئیل یا میٹھا تیل کہتے ہیں اسکا اثر و استعمال مثل روغن السی کے ہے ✦

بنڈک نٹ۔ کٹ کرنجا

اسکے بیج کی گری کا سفوف ٹانک اور انٹی پریاڈک فوائد کیلئے کمزوری اور نوبتی بخار میں دیا کرتے ہیں ✦

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲-۴ ڈرام۔ کتا ۱۵-۳۰ گرین گولی بناکر کھلاتے ہیں ✦

اوپیم۔ افیون

افیون کا پودا جسکو پےپے ورسامنی فرم کہتے ہیں۔ ہندوستان۔ ترکستان۔ فارس اشیائے کوچک اور مصر میں بویا جاتا ہے۔ ترکستان کی افیون طبابت میں بہتر خیال کیجاتی

ہے۔ اسکے ڈوڈوں کو پاچھنے سے دُودھ کی طرح رس نکلتا ہے اسی کو افیون کہتے ہیں۔
عمدہ افیون میں ۵،۹ سے ۵،۱۰ فیصدی تک مارفائین ہوتا ہے ؎

خواص۔ افیون کے ڈلے قریباً گول اور پوست کے پتّوں سے لپٹے ہوئے نصف سے ایک پونڈ وزن کے ہوتے ہیں اسکی رنگت سُرخی مائل بھوری یا گہری اور کسی قدر چمکدار ہوتی ہے۔ بو تیز اور نیند آور۔ ذائقہ خاص تلخ ہوتا ہے۔ اس میں ۱۹ یا زیادہ جوہر ہوتے ہیں جن میں سے مندرجہ ذیل جوہر طبابت میں کم وبیش کام آتے ہیں۔ مارفائین۔ کوڈین۔ تھیبین نارکوٹین۔ نارسین۔ پے پے ورین میکونین میکانک ایسڈ
حیوانات کی طبابت میں صرف اول کے چار جوہر کام میں آتے ہیں ؎

اثر واستعمال۔ زیادہ مقدار میں سیڈیٹو نارکاٹک زہر ہے طبّی خوراکوں میں کارڈیک سٹی مولنٹ۔ اینوڈاین۔ اسٹرنجنٹ۔ انٹس پازموڈک سیڈیٹو نارکاٹک ڈایا فوریٹک ہے ؎

افیون کو سپازماڈک کالک۔ اینٹرائیٹس گیسٹرائیٹس۔ پریٹونائیٹس۔ ڈائریا۔ ڈیسنٹری (ایورشن آف یوٹرس۔ بلیڈر۔ ویجائنا۔ ریکٹم) ٹے ٹے نس۔ رومائیزم اور گاہے برنکائیٹس اور پلوریسی کے شروع درجہ اور نیومونیا میں دیتے ہیں۔ کالک میں افیون کو سپرٹ نائیٹرس ایتھر کے ساتھ اور ڈائریا و ڈیسنٹری میں کتھا۔ اور چاک کے ہمراہ دیتے ہیں۔ ایورشن آف یوٹرس وغیرہ میں بیلاڈونا اور افیون کو ملا کر عضو مذکور پر لگا کر اندر داخل کردیتے ہیں۔ ٹے ٹے نس میں اسکو بیلاڈونا۔ کلورل ہائیڈریٹ اور کینے بس انڈیکا کے ساتھ دیتے ہیں۔ امراض تنفس میں افیون کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے۔ کیونکہ اس سے اسفکشیا کا اندیشہ رہتا ہے۔ اگر تنفس میں کچھ رکاوٹ ہو تو اسکے بجائے ہائیڈریٹ آف کلورل دیں۔ سٹرکنیا کے زہر میں مارفاین بہتر ہے کیونکہ یہ افیون کی نسبت جلدی جذب ہوتا ہے اور سریع الاثر ہے۔ اس سے متلی اور قبض نسبتاً کم ہوتا ہے علاوہ بریں مارفاین کی زیر جلد پچکاری بھی کیجاتی ہے۔ کُتّوں کو افیون دینے میں بہت احتیاط رکھنی چاہیئے۔ خارجی طور پر ٹنکچر یا لینی منٹ اوپیم مقامی اینوڈاین۔ واسٹرنجنٹ

فائدہ کیلئے بروز۔ کینٹوژن اور مقامی انفلامیشن پر لگاتے ہیں اور آنکھ کی بیماریوں میں کسی دیگر کونیبرپم کے ساتھ اسکے چند قطرے آنکھ میں ڈالتے ہیں۔ دماغی امراض شلاً کنجسچن و انفلامیشن آف دی برین میں افیون سے کوما زیادہ ہوتا ہے اس لئے نہ دینی چاہیئے مینجائیٹس میں افیون کی متوسط خوراک سے کچھ اثر نہیں ہوتا۔ اور زیادہ مقدار سے جوش بڑھ جاتا ہے گھوڑوں کے نیفرائیٹس اور یوریمیا میں بھی افیون کو نہ دینا چاہیئے۔ آنتوں میں فضلہ کی زیادتی سے اگر درد ہو اور ان میں فالج ہوگیا ہو تو بھی افیون سے پرہیز لازم ہے ۔

خوراک۔ گھوڑا ۱-۲ ڈرام مویشی ۲-۳ ڈرام۔ بھیڑ ۱۰-۳۰ گرین۔ کتا نصف سے ۲ گرین ۔

مانعات۔ افیون کو الکلاین کاربونیٹ۔ لائم واٹر۔ لڈ۔ آئرن۔ کاپر۔ مرکری اور زنک کے مرکبات۔ لائیکوار ارسنی کیلس اور نباتی قابضات کے ساتھ نہ دینا چاہیئے۔

اگر گھوڑے کو ۴۵-۷۵ گرین مارفائین کی زیر جلد پچکاری کیجاوے یا ۲ سے ۲½ اونس افیون کھلا دیجاوے تو موت واقع ہوسکتی ہے ۔

زہر کا علاج۔ حیوانات میں افیون سے بہت کم زہر ہوتا ہے۔ تاہم اگر اس سے گھوڑے کو زہر ہو جاوے تو پوٹاسیم پرمنگنیٹ دیں۔ علاوہ ازیں جانور کو ڈرانا۔ دھمکانا اور سر پر ٹھنڈا پانی ڈالنا چاہیئے۔ کاربونیٹ آف ایمونیا سنگھادیں۔ مصنوعی تنفس قائم کریں۔ جسم کو گرم رکھیں۔ اٹروپین کی زیر جلد پچکاری کرنے سے تنفس کو تحریک ہوتی ہے۔ سٹرکنیا کی زیر جلد پچکاری بھی نہایت مفید ہے۔ تیز کافی کا حقنہ بھی فائدہ دیتا ہے۔ کتوں کو اول قئے کرانی چاہیئے ۔

افیون کی گولی بناکر یا بشکل ٹنکچر دیتے ہیں۔ گاہے اسکا اینما کرتے ہیں اگرچہ افیون کو تنہا بھی استعمال کرتے ہیں لیکن اسکو اکثر سپرٹ نائٹرس ایتھر کے ساتھ سٹی مولنٹ فائدہ کیلئے اور ہیلا ڈونا۔ ایکونائیٹ۔ ٹارٹرایمیٹک اور کیلول کے ہمراہ سیڈیٹو کے طور پر دیتے ہیں۔ اس سے ٹنکچر اوپیم۔ لینی منٹ آف اوپیم۔ کیمپونڈ پوڈر

آف اپی کیکوانہ یا ڈوورس پوڈر۔ پلوس اوپیم کمپونڈ۔ سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ اور انیما آف اوپیم بناتے ہیں ۔

پیرافاین۔ پیٹرولیٹم

ترکیب۔ یہ ہائیڈروکان خصوصاً مارش گیس کی قسم کا ایک مرکب ہے جو پٹرولیم کے ہلکے اور زیادہ اُڑنے والے حِصّوں کے کشید کرنے سے تیار ہوتا ہے۔ پیرافائین ہارڈ اور سافٹ دو قسم کا ہوتا ہے۔ عموماً سافٹ پیرافائین کو جسکا دوسرا نام ویسیلین ہے۔ اکثر استعمال کرتے ہیں ۔

خواص۔ بے بو۔ ذائقہ چربی کی مانند مرہم جیسی گاڑھی لگدی ہوتی ہے جو سفید یا زرد یمائل یا زرد رنگت رکھتی ہے اگر زرد ہو تو کم وبیش سبز یمائل ہوتی ہے۔ گرم کرنے پر سبز یمائل ہوجاتی ہے اور خفیف پٹرولیم کی بو آتی ہے ۔

اثر و استعمال۔ ایمولی انٹ مرہم بنانیکے کام آتی ہے یہ نباتی وحیوانی روغنوں اور چربی سے بہتر ہے۔ اس سے خراش اور بو نہیں ہوتی اوزاروں کو اس سے چکنا رکھتے ہیں تاکہ زنگ نہ لگے۔ چمڑے کو محفوظ رکھنے کیلئے بھی نہایت مفید ہے پٹرولیم کو ویسیلین اور کاسمولین کے نام سے بازاروں میں فروخت کرتے ہیں ۔

فیناسے ٹین

ترکیب۔ گلیشل ایسی ٹک ایسڈ اور اینے ٹین کو یکجا مقطر کرکے تلچھٹ کو دوبارہ صاف کرکے قلمیں بنالیتے ہیں ۔

خواص۔ اسکی یا تو سفید ابرک کی طرح قلمیں ہوتی ہیں یا بے بو قلمدار سفوف ہوتا ہے ذائقہ خفیف جلانیوالا کلوروفارم اور الکوحال میں آسانی سے حل ہوتا ہے ایتھر میں تھوڑا اور پانی میں نہایت کم حل ہوتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ انلجیسک انٹی پائیریٹک اور نروسیڈیٹو ہے

اس سے انٹی پائیرین اورانٹی فائیبرین کی نسبت دل پرکم ضعف پیدا ہوتا ہے۔ اور انٹی پائیریٹک اثر دیرپا ہوتا ہے۔ گھوڑوں کے انفلوانزا میں جب بخار تیز ہو تو ۲-۴ ڈرام کی مقدار میں وقفہ سے دیتے ہیں بعض معالج اسکو کتوں کے ڈسٹمپر میں ۳-۱۰ اگرین تک دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ مضعف اثر روکنے کے لئے اسکے ساتھ ۲ گرین سائٹریٹ آف کیفین ملالینا چاہیئے گھوڑوں اورکتوں کے بخاروں میں اگر اسکو کونین کے ساتھ دیا جاوے تو زیادہ مفید ہوتی ہے +

خوراک۔ گھوڑا ۲-۳ ڈرام۔ کتا ۵-۱۰ اگرین گولی بنا کر دیتے ہیں +

فارمک الڈیہایڈ

یہ ایک گیس ہے جو میتھائیل الکوحال کے محدود آکسیڈیشن سے تیار کیجاتی ہے۔ سردی پہنچانے سے شفاف منجمد ہو سکتی ہے +

فارملین۔ فارمک الڈیہایڈ کا سلوشن ہے۔ جس میں ۳۵ سے ۴۰ فیصدی گیس ہوتی ہے +

اثر و استعمال۔ اسکا تیز سلوشن قوی کاسٹک۔ تیز انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ اور ڈیوڈورنٹ ہے۔ فارمک ایسڈ کے باعث اسکے بخارات سے آنکھ ناک اور تنفس کی نالی میں خراش پیدا ہوتی ہے۔ فارملین ایک سخت خراشندہ دوائی ہے۔ لیکن اسکا ایک مرکب جس کو لائیسو فارم کہتے ہیں۔ گاہے مذکورہ بالا فوائد کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ سائینس اور فسچولا میں اس کا ۵ فیصدی کا سلوشن مفید ہوتا ہے فارملین میں ۱-۵۰ حصے پانی ملا کر مریض نمونے رکھنے سے سخت اور محفوظ رہتے ہیں اسکا تیز سلوشن زخموں پر استعمال نہ کرنا چاہیئے +

ترکیب پریزرونگ سلوشن۔ گلسرین ۴۰ حصے ڈسٹلڈ واٹر ۶۰ حصے سیچوریٹڈ سلوشن آف ایسی ٹیٹ آف پوٹاش ۲ حصے فارملین ۲ حصے ملا کر فلٹر کریں +

یہ مرکب مریض نمونوں کے محفوظ رکھنے کے کام آتا ہے +

کیلے بارہین۔ آرڈیل ہین۔ فائی ساسٹگ مٹیس سیمن

اسکے درخت کو فائی ساسٹگ ماوی نٹوسم کہتے ہیں۔ بیج سیم کے برابر لمبے اور کسی قدر گردے کی شکل کے قرمزی رنگ کے ہوتے ہیں انکے تمام مجوف کنارے میں ایک لمبا سیاہ نشیب ہوتا ہے۔ بو کچھ نہیں ہوتی اور ذائقہ لوبئے کی طرح ہوتا ہے۔ اسکا اصلی جوہر فائی ساسٹگمین یا ایسیرین ہے۔ اسکے دو مرکب ہوتے ہیں۔
۱۔ فائی ساسٹگمین سلفاس۔ ۲۔ فائی ساسٹگمین سلی سلاس۔ لیکن طبابت حیوانات میں خالص ایسیرین یا فائی ساسٹگمین بوجہ قابل اعتبار ہونیکے دیا جاتا ہے۔ نیز اس میں کیلے بارہین بھی نہیں ہوتا۔

فائی ساسٹگمین یا ایسیرین

ترکیب۔ کیلے بارہین کے الکوحال والے ایکسٹریکٹ کو پانی میں حل کرکے اسمیں اوّل سوڈیم بائی کاربونیٹ۔ بعدازاں ایتھر ملاکر ہلاتے ہیں۔ ایتھر والے سیال کو اُڑانے سے فائی ساسٹگمین حاصل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ ایسیرین کا اثر غیر اختیاری عضلات پر سٹی مولنٹ۔ آنکھ پر مائی اوٹک اور دماغ پر سیڈیٹو ہوتا ہے۔ حیوانات کی طبابت میں ایسیرین کو خاصکر گھوڑوں کے اس کالک میں دیتے ہیں جو فضلہ کی رکاوٹ سے پیدا ہو یا جب کولن میں فضلہ زیادہ ہونے سے اس کی دیواروں میں فالج ہوگیا ہو۔ لیکن اگر کالک کا باعث ہرنیا یا انٹوسسس سپشن ہو تو اسکو نہ دینا چاہیئے۔ جو کالک پتھری کے باعث سے ہُوا ہو اس میں اسکے دینے سے آنتوں میں رپچر ہوجاتا ہے۔ علاوہ ازیں اینیٹرائیٹس میں بھی اسے نہ دینا چاہیئے۔ گاہے جنین کی پیدائش کے لئے بھی اس کو دیتے ہیں۔ لیکن مویشی میں اس سے چنداں کامیابی نہیں ہوتی۔ خارجی طور پر اسکا لوشن بناکر السرپشن آفدی کارنیا۔ گلاکوماو

سٹانی لوما میں آنکھ میں ٹپکاتے ہیں۔ آیرائیٹس کے بعد آیرس کا اتصال توڑنے کے لئے اسکو ایٹروپین سلوشن کے ساتھ ملاکر آنکھ میں ڈالتے ہیں۔ مذکورہ بالا اغراض کے لئے ۲ گرین ایسیرین سلفیٹ ایک اونس آب مقطر میں حل کرتے ہیں۔ آنتوں سے فضلہ خارج کرنے کے لئے ایک گرین۔ ایسیرین سلفیٹ اور ۲ یا ۳ گرین پایلوکارپین ملاکر زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔ اگر اس سے دست نہ آویں تو تقریباً دو گھنٹوں کے بعد ۲ گرین ایسیرین سلفیٹ دوبارہ دے سکتے ہیں۔ کرانک برانکائیٹس اور ایمفی سیما میں برانکیل میوکس ممبرین کو طاقت دینے اور رطوبت کے اخراج کیلئے ایسیرین کو استعمال کرتے ہیں۔ اکیوٹ این کیفی لائیٹس میں بھی اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ اس کے بیج دوا میں شاذ و نادر برتے جاتے ہیں۔

خوراک بیج۔ گھوڑا ۱۵-۳۰ گرین۔ کتا ½ سے ۱ گرین۔

خوراک ایسیرین۔ گھوڑا و مویشی ۱-۲ گرین شتر ۲ گرین معہ پایلوکارپین ۲ گرین۔ بذریعہ پچکاری زیر جلد۔ کتوں میں ایسیرین کی پچکاری نہیں کرتے۔

زہر کا علاج

ایٹروپین کی زیر جلد پچکاری کریں۔ بعض معالج ہائیڈریٹ آف کلورل کی بھی سفارش کرتے ہیں۔ اگر کولاپس ہو جاوے تو سٹرکنائین کی زیر جلد پچکاری کریں اور سٹی مولنٹ ادویات پلاویں۔

چرائتہ

اسکے پودے کو اوفیلیا چرٹیا کہتے ہیں جو کوہ ہمالہ پر اُگتا ہے۔ پودے کا تمام حصہ دوا کے کام آتا ہے۔

خواص۔ اسکا تنہ قریباً ۳ فٹ لمبا اور ہنس کے پر کے برابر موٹا گول ہوتا

ہے۔ رنگت بھوری۔ شاخیں ایک دوسرے کے مقابل جن پر چھوٹے چھوٹے بیشمار پھول ہوتے ہیں۔ ذائقہ سخت تلخ ؛

اثر و استعمال۔ اس کا فائدہ مثل کواشیا۔ جنشن وغیرہ کے سٹوماگک بٹر ٹانک آلٹریٹو ہے اور انکے عوض میں برتا جاتا ہے۔ اس سے ہضمیت تیز ہوتی ہے۔ ٹانک پوڈر کا بڑا بھاری جزو ہے۔ چنانچہ بدہضمی۔ کمزوری میں نسخہ ذیل بہت مفید ہے۔ سفوف چرائیتہ نصف اونس۔ کواشیا ۲ ڈرام۔ جنشن ۲ ڈرام۔ نکس وامیکا نصف ڈرام۔ صبح وشام دانہ پر ڈال کر ایک ہفتہ تک دیں۔ چرائیتہ کو بخار۔ زکام۔ کمزوری اور بدہضمی میں دیتے ہیں۔ چونکہ یہ کڑوی دوا ہے۔ اس لئے کرم کش بھی ہے۔ اسکو سونٹھ اور کاربونیٹ آف سوڈا کے ساتھ ملاکر سٹوماگک اور کارمی نیٹو فائیدہ کے لئے بشکل سفوف یا گولی یا انفیوژن دیتے ہیں ؛

خوراک۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ مویشی ایک سے دو اونس۔ بھیڑ ۱ سے ۳ ڈرام۔ کتا ۵-۲۰ گرین ؛

مارش میلوروٹ۔ ریشہ خطمی

اسکی جڑھ کو بھگو کر لعاب نکالتے ہیں امراض تنفس میں اور ڈیمل سنٹ فائیدہ کیلئے دیتے ہیں ؛

پل آف مرکری اینڈ آئرن

ترکیب۔ پیور مرکری ۲ حصے۔ ہائیڈریٹ پرآکسائیڈ آف آئرن ایک حصہ کنفکشن آف روز یعنی گلقند ۳ حصے ؛

اثر و استعمال۔ گھوڑوں کے لئے آلٹریٹو ہے ؛

خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک ڈرام ؛

پائی منٹو

اسکے درخت کو یوجی نیا پائی منٹا کہتے ہیں اسکا پھل دوا میں برتا جاتا ہے۔

خواص۔ مٹر کے برابر بھورے رنگ کا لیکن اندرونی رنگت زرد مائل ہوتی ہے۔ پھل کے اندر دو بیج ہوتے ہیں۔ بو و ذائقہ گرم اور خاص طرح کا ہوتا ہے ٭

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ ایرومیٹک۔ سٹوماکک۔ انٹس پازموڈک بدہضمی۔ نفخ شکم اور قولنج میں دیتے ہیں ٭

خوراک۔ گھوڑا ۲-۴ ڈرام مویشی ۲-۶ ڈرام۔ بھیڑ ½ سے ایک ڈرام کتا ۱۰-۳۰ گرین بشکل سفوف یا ٹنکچر استعمال کرتے ہیں ٭

بلیک پیپر۔ سیاہ مرچ

اسکے درخت کو پایپر نایگرم کہتے ہیں اسکے دانے چھوٹے چھوٹے گول سیاہ بھورے رنگ کے ہوتے ہیں جو چبانے سے مُنہ میں جلن پیدا کرتے ہیں ٭

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ سٹوماکک۔ کارمی نیٹو۔ زیادہ مقدار سے معدہ و آنتوں میں خراش پیدا ہوتی ہے۔ دیگر ادویات کے ہمراہ بدہضمی۔ نفخ شکم اور کالک میں دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں روبی فی شنٹ ہے ٭

خوراک۔ گھوڑا ۲ ڈرام مویشی ۳ ڈرام۔ بھیڑ ۲۰-۴۰ گرین ٭

برگنڈی پچ

جنوبی یوروپ کے پہاڑی علاقوں میں اسکا درخت پیدا ہوتا ہے۔ جسکو ایکسل سا کہتے ہیں۔ اسکا رس دوا کے کام آتا ہے ٭

خواص۔ ایک رالدار مجموعہ ہے۔ جس برتن میں رکھا جاتا ہے رفتہ رفتہ اسی کی شکل کا ہوجاتا ہے آسانی سے ٹوٹ سکتا ہے۔ رنگت سُرخی مائل بھوری۔ ذائقہ خوشبودار شیریں گلیشل ایسی ٹک ایسڈ۔ یا کھولتے ہوئے الکوحال میں حل ہوتا ہے۔ اس میں رال اور لطیف روغن ہوتے ہیں ٭

اثر و استعمال۔ اسکا اثر قریب قریب ٹرپن ٹائین آئل کی طرح سٹی مولنٹ

ڈایوریٹک ۔ ردبی فی شنٹ ہوتا ہے۔ روماٹیزم ۔ سپرین اور متورم جوڑوں پر چمڑے یا پٹی پر پھیلا کر لگاتے ہیں اس سے مندرجہ ذیل ایڈہیزو پلاسٹر یعنے جوڑنے والا پلاسٹر تیار کرتے ہیں جو ٹوٹی ہوئی ہڈیوں پر لگایا جاتا ہے ۔

برگنڈی پچ ۲۶ حصے رال ½۴ حصے ۔موم ½۴ حصے روغن زیتون ۲ حصے ڈسٹلڈ واٹر ۲ حصے ۔سب کو آگ پر پگھلا کر گاڑھا کر کے کپڑے یا چمڑے پر لگا کر شکستہ ہڈیوں کے سروں کو ملا کر ان پر چپکا دیتے ہیں۔ پلاسٹر لگانے سے پیشتر ماؤف حصہ کے بال کاٹ لینے چاہئیں ۔

پکس لیکوایڈ ۔ ٹار ۔ وڈ ٹار

پائینس سلوسٹرس یعنی چیڑھ کی لکڑی کو بند برتنوں میں ٹپکانے سے تیار کرتے ہیں ۔

خواص ۔ گاڑھا خاکی سیاہ سیال ہے جس میں خاص قسم کی بُو ہوتی ہے ذائقہ تیز ۔ پانی میں تھوڑا لیکن الکوحال ۔ کثیف روغن اور سلوشن آف پوٹاسیم ۔ یا سوڈیم ہائیڈریٹ میں بخوبی حل ہوتا ہے اس میں سے ایل آف ٹار ۔ کریازوٹ ۔ گوائکل ۔ فینول ۔ ایسی ٹک ایسڈ ۔ ایسی ٹون اور چند رالیں نکالتے ہیں ۔

اثر و استعمال ۔ خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ ۔ ردبی فی شنٹ ۔ انٹی سپٹک پراسٹی سائیڈ ۔ ڈیوڈورایزرس ہے ۔ گھوڑوں کے تھرش ۔ مویشی کے شکستہ سینگ ۔ پنکچرڈ وونڈ ۔ بھیڑوں کے فٹ راٹ ۔ مینج ۔ ایگزیما ۔ ایپے ٹایگو اور دیگر خشک جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں ۔ جلدی امراض میں آئینٹمنٹ آف ٹار اور لینی منٹ آف ٹار بنا کر استعمال کرتے ہیں ہوف آئینٹمنٹ بنانے کے بھی کام آتا ہے ۔

ترکیب ہوف آئینٹمنٹ ۔ ٹار ۔ زرد موم ہر ایک ایک پونڈ ۔ گلسرین ۱۲ اونس لینولین ۳ پونڈ ۔ ویسلین ۳ پونڈ ۔ لینولین ۔ ویسلین اور موم کو پگھلا کر باقی ادویات اسمیں ملالیں ۔

ٹار آئیل

ایک لطیف روغن ہے جو ٹار کو کشید کرنے سے حاصل ہوتا ہے ۔

خواص۔ تازہ ہو تو تقریباً بیرنگ اور کچھ عرصہ کے بعد سُرخی مائل بھُورا ہو جاتا ہے۔ ذائقہ ٹار کی مانند۔ الکوحال میں حل ہوتا ہے ۔

اثر و استعمال۔ ٹار کی طرح ہے۔ ٹار آئیل کو سلفر۔ لنسیڈ آئیل۔ اور کسی الکلی دوائی مثلاً پوٹاسیم کاربونیٹ کے ہمراہ ملاکر گھوڑوں کے مینج اور سپرٹ آف ٹار کو آیوڈین میں ملاکر رنگ ورم میں لگاتے ہیں ۔

اس سے کمپونڈ یعنی منٹ آف ٹار آئیل یعنی منٹ آف ٹار اور ٹار آئینٹمنٹ بناتے ہیں ۔

بلیک پچ

ٹار کو مقطر کرنے کے بعد بلیک پچ باقی رہ جاتا ہے جو سادہ رال کی طرح کا مجموعہ ہے ۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ فائیدہ کیلئے تھرش۔ فٹ راٹ۔ کنکر۔ سینڈ کریک میں لگاتے ہیں۔ گاہے پلاسٹر تیار کرنے کے کام آتا ہے ۔

بیل پھل

بیل کا درخت ہندوستان کے اکثر اضلاع میں پیدا ہوتا ہے۔ پھل سیب کے برابر جس کے اوپر ایک سخت چھلکا اور اندر گودا ہوتا ہے۔ گودے میں مٹر کے برابر دبے ہُوئے بیج ہوتے ہیں۔ اسکو سکھلا کر بیلگری کے نام سے بازاروں میں فروخت کرتے ہیں ۔

اثر و استعمال۔ اسٹرنجنٹ ہے۔ ڈائریا و ڈیسنٹری میں اسپغول

اور آم کی گٹھلی کے ہمراہ اسکا سفوف کرکے گولی بناکر کھلاتے ہیں اس سے لیکوائیڈ ایکسٹریکٹ آف بیل تیار کرتے ہیں ۰

خوراک بیل گھوڑا ۔ ۴ ۔ ۶ اونس ۔ مویشی ۶ ۔ ۸ اونس ۔ بھیڑ نصف سے ایک اونس ۔ کتا ۴ ۔ ۸ ڈرام ۰

خوراک ایکسٹریکٹ ۔ گھوڑا ایک سے چار اونس ۔ مویشی ۴ ۔ ۶ اونس کتا ۲ ۔ ۴ ڈرام ۰

خوراک بچھیرا ۔ ایک سے دو اونس ۔ بچھڑا ۔ ایک سے ۳ اونس ۰

بھیدانہ

اسکے درخت کو پائیرس سائی ڈونیا کہتے ہیں اسکے پھل کے بیج جو چوتھائی انچہ لمبے چپٹے بیضوی اور سروں کی طرف نوکیلے بھورے رنگ کے ہوتے ہیں دوا میں برتے جاتے ہیں ۔ انکو پانی میں بھگونے سے لعاب نکلتا ہے ۰

اثر و استعمال ۔ لعاب نکال کر ڈیمل سنٹ فائدہ کیلئے ڈائیریا ۔ ڈیسنٹری اور پیشاب کے امراض میں دیتے ہیں ۰

بسمتھ

بازاری بسمتھ جو معدنی چیز ہے میلا ہوتا ہے اسکو صاف کرکے طبابت میں استعمال کرتے ہیں ۔ صاف شدہ بسمتھ چمکدار سفید مائل بہ سُرخی ہوتا ہے اس میں کسی قدر گلابی چمک پائی جاتی ہے حیوانات کی طبابت میں سب نائیٹریٹ آف بسمتھ اور کاربونیٹ آف بسمتھ استعمال کرتے ہیں ۰

سب نائیٹریٹ آف بسمتھ

ترکیب ۔ صاف بسمتھ دھات کے ٹکڑے دو اونس ۔ نائیٹرک ایسڈ

۴ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت +

خواص۔ سفید بے بو۔ بے ذائقہ وزنی سفوف ہے۔ پانی میں تقریباً حل نہیں ہوتا نائیٹرک اور ہائیڈروکلورک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے +

اثر و استعمال۔ اندرونی استعمال میں گیسٹرو انٹس ٹائنل سیڈیٹو اور اسٹرنجنٹ۔ خارجی طور پر سیڈیٹو۔ ڈیسی کنٹ اسٹرنجنٹ ہے۔ گھوڑوں کو اسے بہت کم دیتے ہیں لیکن کتوں کے لئے بہت اچھا مضعف معدہ ہے۔ کتوں کو گیسٹرک کٹار اور بدہضمی میں جب اس کے ساتھ قے بھی ہوتی ہو تو بسمتھ کاربونیٹ۔ میگنیشیم کاربونیٹ اور سوڈیم بائی کاربونیٹ دیتے ہیں۔ چونکہ بسمتھ کے مرکبات حل نہیں ہوتے۔ اسلئے انکو گم ٹراگا کانتھ کے لعاب میں حل کرکے دینا چاہیئے +

خوراک۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ کتا ۱۰ سے ۳۰ گرین +

بکتھارن

رینس کتھارٹیکس کے بیجوں کو شکنجہ میں دباکر رس نکالتے ہیں۔ اس سے سیرپ ریمنائی یا سیرپ آف بکتھارن تیار کرتے ہیں +

اثر و استعمال۔ کتوں کو لکسیٹو و کتھارٹک فائدہ کے لئے کسٹر آیل کے ہمراہ دیا کرتے ہیں +

خوراک سیرپ۔ کتا ایک سے ۲ اونس +

ایسی ٹیٹ آف لڈ۔ شوگر آف لڈ

ترکیب۔ آکسائڈ آف لڈ کا سفوف ۴۲۔ اونس۔ ایسی ٹک ایسڈ ۲ پائینٹ یا حسب ضرورت ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ ملا کر گرم کرنے سے ٹھنڈا ہونے پر لڈ ایسی ٹیٹ کی قلمیں بن جاتی ہیں +

خواص۔ بے رنگ۔ چمکدار۔ شفاف ورق یا وزنی سفید قلمی ٹکڑے ہوتے

ہیں۔ جن میں خفیف سرکہ کی بو تی ہے۔ ذائقہ شیریں۔ قابض۔ ہوا میں رکھنے سے بھر بھرا ہوجاتا ہے۔ پانی میں حل ہوتا ہے۔ بھاری پانی۔ الکلیز۔ معدنی تیزاب و نمک۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ۔ اوہیم۔ نباتی قابضات اور ایلبیومن اس کی ضد ہیں۔

اثر و استعمال۔ اندرونی طور پر اسٹرنجنٹ۔ سٹپٹک۔ خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ اور لوکل سیڈیٹو ہے۔ افیون کے ساتھ اس کو ڈایریا۔ ڈیسنٹری میں اور اور اندرونی اعضاء کے جریان خون میں دیا کرتے ہیں۔ خارجی طور پر بروز۔ سپرین ٹنڈن اور ادھلی سوزش میں سیڈیٹو فایدہ کے لئے اس کا کولنگ لوشن استعمال کرتے ہیں۔ اس سے وایٹ لوشن حسب ذیل ترکیب سے تیار کیا جاتا ہے۔ لڈ ایسی ٹیٹ ایک حصہ۔ سلفیٹ آف زنک ۱/۲ حصہ پانی ۲۰ یا ۳۰ حصے۔ اگرچہ کیمیاوی طور پر یہ انکم پے ٹیبل ہے۔ لیکن عملی طور پر سیڈیٹو اور قابض اثر پیدا کرتا ہے۔ اس سے لائیکوار پلمبائی سب ایسی ٹیٹ تیار کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی نصف سے ایک ڈرام۔ کتا۔ ایک سے ۲ گرین۔

اکسایڈ آف لڈ۔ لتھارج

ترکیب۔ دہاتی لڈ کو ہوا میں گرم کرنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص۔ بھاری بھورا یا سرخ بھورا وزنی سفوف ہے اسکے چھوٹے چھوٹے چھلکے ہوتے ہیں۔ بے بو۔ بے ذائقہ۔ ہوا میں رکھنے سے نمی کو آہستہ آہستہ جذب کرلیتا ہے۔ اس سے دیگر مرکبات تیار کرتے ہیں۔

پوڈو فائلم روٹ

پوڈو فائلم پلٹے ٹم کی جڑ جو دوا میں کام آتی ہے۔ جو شمالی امریکہ میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص۔ جڑ حصین کانٹھ والی اور شکن دار ہوتی ہیں جن سے شاخیں نکلی

رہتی ہیں۔ بیرونی رنگت زرد خاکی اندرونی سفید۔ ذائقہ شیریں و کسی قدر تلخ اور چرپرا۔

اثر و استعمال۔ گھوڑے و مویشی پر اس کا اثر قابل اعتبار نہیں ہوتا۔ معمولی خوراک سے کوئی اثر پیدا نہیں ہوتا۔ کتوں میں چھوٹی خوراکوں سے لکسیٹو۔ اور بڑی خوراک سے پرگیٹو اثر ہوتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ خراش اور اینٹھن بھی ہوتی ہے۔ گھوڑوں کو جگر کی بیماری میں اور کولے گاگ فایدہ کے واسطے ایلوز و کیلومل کے ساتھ اور کتوں کو بدہضمی اور کنجسچن آف لور میں دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ½ سے ایک گرین۔

ریزن آف پوڈوفایلم

سفوف پوڈوفایلم روٹ ایک پونڈ۔ سپرٹ ریکٹی فائڈ ۳ پائینٹ یا حسب ضرورت ڈسٹلڈ واٹر و ہائیڈرو کلورک ایسڈ حسب ضرورت۔

خواص۔ زردی مائل یا سبز بھورے رنگ کا سفوف ہے۔ بو خاص قسم کی خفیف اور ذائقہ خاص ہلکا۔ ریکٹی فائڈ سپرٹ اور پوٹاسیم و سوڈیم ہائیڈریٹ کے سلوشن میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ مثل پوڈوفایلم روٹ کے ہے۔

کاسٹک پوٹاش۔ ہائیڈریٹ آف پوٹاش

ترکیب۔ لائکوار پوٹاش کو گاڑھا کر کے سانچوں میں ڈھال کر بتیاں بنا لیتے ہیں۔

خواص۔ خشک سفید شفاف بتیاں ہوتی ہیں۔ ذائقہ ترش جلانے والا کھلا رکھنے سے جلدی پگھل جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اری ٹنٹ کروسیو زہر ہے۔ اندرونی طور پر کبھی استعمال

نہیں کیا جاتا۔ اس کے لگانے سے بچھڑوں کے سینگ کی پیدائش رُک جاتی ہے
کاسٹک فایدہ کے لئے اسے کم استعمال کرتے ہیں۔ کتوں کے فالیکولر مینج میں بعض
معالج لایکوار پوٹاش کو کریازوٹ اور آلیو آیل کے ساتھ ملا کر لگانے کی سفارش
کرتے ہیں۔ پاگل جانوروں کے کاٹے ہوئے زخموں۔ بڑھے ہوئے انگوروں
اور ناتندرست زخموں پر بھی لگاتے ہیں ؎

سلفیوریٹڈ پوٹاش۔ سلفایڈ آف پوٹاسیم

ترکیب۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ۱۰ اونس۔ سب لایمڈ سلفر ۵ اونس ملا کر گرم
کرنے سے تیار ہوتا ہے ؎

خواص۔ ٹھوس سبز رنگ کے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ ذایقہ کھاری اور تلخ۔ پانی
میں حل ہو کر زرد رنگ کا عرق بن جاتا ہے۔ جس میں سے سلفیوریٹڈ ہایڈروجن کی
بُو آتی ہے ؎

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر طبی خوراکوں میں سٹی مولنٹ
ڈایا فوریٹک۔ خارجی استعمال میں مزمن چھلکے دار جلدی امراض میں اس کا سلوشن
یا آنٹیمنٹ لگاتے ہیں اس کے زہر میں سلوشن اف کلوری نیٹڈ لایم کو امیولی انٹ
دوائیوں کے ساتھ دیا کرتے ہیں اس کو اندرونی طور پر شاذونادر استعمال کیا جاتا ہے ؎

خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک ڈرام ؎

بائی کاربونیٹ آف پوٹاش۔ پوٹاسیم ہایڈروجن کاربونیٹ

ترکیب اوّل۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ایک پونڈ۔ ڈسٹلڈ واٹر ۲ پائینٹ۔
ہایڈروکلورک ایسڈ ۱½ پائینٹ۔ واٹر ۳ پائینٹ۔ وایٹ ماربل یا سنگ مرمر ایک پاؤنڈ
یا حسب ضرورت ؎

ترکیب دیگر۔ کاربانک ایسڈ گیس کو کاربونیٹ آف پوٹاش کے سلوشن میں

گذارنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص۔اس کی قلمیں بے رنگ۔ شفاف۔ ذائقہ میں نمکین اور ۱۰ حصے پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔

اثر و استعمال۔ اندرونی استعمال میں انٹاسڈ۔ ہلکا ڈائیوریٹک خارجی طور پر سٹی مولنٹ ہے۔ گھوڑوں کی بدہضمی اور روماٹیزم میں اور مینڈھوں کی یورتھرا میں پتھری ہونے کی حالت میں دیا کرتے ہیں۔ سسٹائیٹس میں اس کو ہایوسائیمس کے ساتھ دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

ایسڈ۔ لائم واٹر۔ امونیم کلورائڈ اور بہت سے دہاتی سالٹس کے ساتھ اسے نہ دینا چاہیئے۔ البتہ سلفیٹ آف میگنیشیا کے ساتھ دے سکتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک اونس۔ مویشی ایک سے ۱½ اونس۔ بھیڑ نصف سے ایک ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۴۰ گرین۔ اس کو یا تو دانہ پر ڈال کر یا پانی میں حل کر کے دو دفعہ روزانہ دیتے ہیں۔

کاربونیٹ آف پوٹاش

ترکیب۔ لکڑی کی راکھ کے سلوشن کو جو لکسی ویشن کی ترکیب سے حاصل ہو۔ کھولا کر خشک کیا جاتا ہے۔ حاصل شدہ سفوف تجارتی پوٹاش ہے۔ اس کو تنور میں جلا کر صاف کر لیتے ہیں۔ جو پرل ایش بن جاتا ہے۔

خواص۔ سفید قلمدار بے بو۔ تیز الکلائن ذائقہ والا سفوف ہے۔ ہوا لگنے سے بہت جلدی پگھل جاتا ہے اور پانی میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ مثل پوٹاسیم بائی کاربونیٹ کے ہے۔ لیکن یہ اس سے زیادہ اریٹنٹ ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ۲ سے ۴ ڈرام۔ بھیڑ نصف سے ایک ڈرام۔ کتا ۵ سے ۲۰ گرین۔

اس کے زہر میں ڈائیلوٹ ایسی ٹک ایسڈ یا سرکہ میں پانی ملا کر یا روغن السی دیتے ہیں +

برومائیڈ آف پوٹاسیم

ترکیب - سلوشن آف پوٹاش ۲ پائینٹ - برومین ۴ اونس - سفوف کوئلہ ۲ اونس - کھولتا ہوا پانی ½ ۱ پائینٹ +

خواص - اس کی قلمیں بے رنگ یا سفید - بے بو - نمکین - تیز ذائقہ کی اور پانی میں فوراً حل ہو جاتی ہیں - لیکن الکوحال میں کم - تمام اکسائیڈ ہونے والے مرکبات جن سے برومین آزاد ہو جاتی ہے - اور سپرٹ نائیٹرس ایتھر اس کی ضد ہیں +

اثر و استعمال - ہر قسم کے برومائیڈ سے نظام اعصاب کی تیزی کم ہو جاتی ہے - جس سے دماغ اور حرام مغز پر سیڈیٹو اثر ہوتا ہے - ان کو سپوریفک یا ہپ ناٹک بھی کہتے ہیں زہر کی مقدار میں دینے سے کارڈیک ڈپی پریسینٹ اور عضلاتی کمزوری پیدا کرتے ہیں - پوری خوراکوں میں کچھ عرصہ تک دینے سے برومزم کی علامات پیدا ہوتی ہیں جس میں دماغی کمزوری - انیمیا اور بعض حالات میں جلد پر پھنسیاں نکل آتی ہیں لیکن حیوانات میں ایسا شاذ و نادر ہوتا ہے +

برومائیڈز کے قسم کی دوائیوں کا اثر گھوڑوں کی نسبت انسان پر بہتر ہوتا ہے - البتہ کتوں کے کوریا ایپی لیپسی اور دیگر لوبتی امراض میں ان سے بہت فائدہ ہوتا ہے ہائیڈریٹ آف کلورل کے ہمراہ امراض مذکورہ بالا میں برومائیڈ آف پوٹاسیم دیتے ہیں - کوریا میں اس کو فولرز سلوشن کے ساتھ دینا بہتر خیال کیا گیا ہے - کلورل کے ساتھ دینے سے یہ کچلے کے زہر کا انٹی ڈوٹ کہا جاتا ہے - برومائیڈز کا اثر چونکہ اعضائے تناسل پر ہوتا ہے - اس لئے ان سے خواہش نفسانی جاتی رہتی ہے - برومائیڈز کو گاہے استسقا - پلپی ٹیشن اور ریفلکس کف میں دینے سے فائدہ ہوتا ہے - گھوڑوں کے ٹیٹنس میں بھی برومائیڈ آف پوٹاسیم کی سفارش کی گئی ہے

لیکن کینے بس انڈیکا۔ بیلاڈونا اور ہائیڈریٹ آف کلورل سے بہتر ہیں +
خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک اونس۔ بھیڑ ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۲۰ گرین +

کلوریٹ آف پوٹاش

ترکیب اوّل۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ۲۰ اونس۔ سلیکڈ لائم ۵۳ اونس۔ ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت بلیک آکسائیڈ آف مینگنیز ۸۳ اونس ہائیڈرو کلورک ایسڈ ۲۴ پائینٹ۔ سب کو ملا کر گرم کر کے قلمیں بنا لیتے ہیں +

ترکیب دیگر۔ پوٹاسیم کاربونیٹ اور کیلسیم ہائیڈریٹ کے مرکب میں کلورین گذار کر اس مجموعہ کو کھولتے ہوئے پانی میں حل کرتے ہیں۔ بعد ازاں اس کو اُڑا کر قلمیں بنا لیتے ہیں +

خواص۔ یا تو اس کے بے رنگ چمکدار سہ گوشہ ورق یا قلمیں ہوتی ہیں۔ یا بے بو سفید سفوف ہوتا ہے۔ ذائقہ ٹھنڈا نمکین۔ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ سلفر اور ٹے نک ایسڈ کے ساتھ ملانے سے بھڑک اٹھنے والا مرکب بن جاتا ہے چارکول فولاد کے نمک اور ہائیڈرو کلورک ایسڈ بھی اس کی ضد ہیں +

اثر و استعمال۔ سیلائین ایکس پکٹورنٹ۔ انٹی سپٹک۔ ڈایوریٹک ہے لیرنجائیٹس۔ فیرنجائیٹس اور برنکائیٹس میں اس کو ایکس پکٹورنٹ فائدہ کے لئے ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا کے ہمراہ دیتے ہیں۔ چونکہ خون پر اس کا خاص اثر ہوتا ہے۔ اس لئے پرپیورا ہموراجیکا میں اس کو اکثر استعمال کرتے ہیں۔ مویشی کے ریڈ واٹر میں بھی بعض معالج اس کی سفارش کرتے ہیں۔ لیکن اس کی نسبت دیگر تدابیر سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ زیادہ مقداریں دینے سے گیسٹرو انٹرائیٹس پیدا کرتا ہے۔ خارجی طور پر اس کے سلوشن سے انتھا اور منہ کے زخموں کو صاف کرتے ہیں۔ یا جب منہ اور زبان کی استری جھلی میں خراش ہو تو بھی اسکو

استعمال کرتے ہیں۔ مذکورہ بالا اغراض کے لئے اس میں شہد۔ سہاگہ اور پانی ملاتے ہیں +

خوراک۔ گھوڑا ۲ ڈرام۔ مویشی ۴ ڈرام۔ بھیڑ ۲۰ سے ۴۰ گرین۔ کتا ۵ سے ۱۵ گرین۔ اس کا سفوف گولی یا ایلکچوری بنا کر دیتے ہیں۔ گاہے اسے پینے کے پانی میں ڈال دیتے ہیں +

نائیٹریٹ آف پوٹاش۔ سالٹ پیٹر۔ قلمی شورہ

نائیٹر یعنے قلمی شورہ ہندوستان و دیگر ممالک کی شور زمینوں میں قدرتی طور پر مٹی میں ملا ہوا پایا جاتا ہے۔ مصنوعی طور پر اسے حرارت۔ نمی۔ آکسیجن۔ الکلائین یا ارضی مادوں کی موجودگی میں حیوانی یا نباتی مادوں کے سڑنے سے تیار کرتے ہیں۔ یہ زیادہ تر کلکتہ سے آتا ہے +

خواص۔ یا تو اس کی بے رنگ۔ شفاف۔ بے بو قلمیں ہوتی ہیں یا قلمدار سفوف ہوتا ہے۔ ذائقہ ٹھنڈا نمکین اور تیز چرپرا۔ قریباً ۴ حصے پانی میں حل ہوتا ہے آگ میں ڈالنے سے بھک سے جل جاتا ہے +

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ طبی خوراکوں میں ڈایوریٹک فبری فیوج۔ آلٹریٹو۔ ہلکا ڈایا فوریٹک اور بعض لوگ کارڈیک سیڈیٹو بھی بیان کرتے ہیں۔ لیکن متوسط خوراکوں سے یہ اثر پیدا نہیں ہوتا۔ کتار اور بخار میں اس کو آلٹریٹو اور فیبری فیوج فوائد کے لئے اکثر استعمال کرتے ہیں۔ ان اغراض کے لئے اس کو اپسم سالٹ کے ہمراہ پینے کے پانی میں دیا کرتے ہیں اطراف کے ورم اور لمفنجائیٹس میں ڈایوریٹک فائدہ کے لئے دیتے ہیں۔ امراض گردہ میں اس کو بہت احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے۔ گردہ کی شدید سوزش میں اس کو ہرگز نہ دینا چاہیئے۔ خارجی طور پر نائیٹر کو ریفریجیرنٹ فائدہ کے لئے ایمونیم کلورائڈ اور پانی کے ساتھ ملا کر لگاتے ہیں۔ اس سے مقامی

سوزش رفع ہو جاتی ہے +

خوراک - گھوڑا ۲ سے ۴ ڈرام - مویشی ایک اونس - بھیڑ نصف سے اڈرام کتا ۱۰ سے ۲۰ گرین - اس کے زہر کے علاج میں لنسیڈ ٹی - انڈوں کی سفیدی - روغن زیتون استعمال کریں - اگر کولاپس یعنی غشی ہوجاوے تو سٹی مولنٹ ادویات دیں - درد رفع کرنے کے لئے افیون کا استعمال کریں - سلفیورک ایسڈ اور بعض سلفیٹ کے ساتھ اس کو استعمال نہ کرنا چاہیئے +

پرمنگےنیٹ آف پوٹاش - پوٹاسی پرمنگےناس

ترکیب - کاسٹک پوٹاش ۵ اونس - بلیک اکسائیڈ آف منیگنیز ۴ اونس - کلوریٹ آف پوٹاش ۳½ اونس - ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ حسب ضرورت - ڈسٹلڈ واٹر ۲½ پائینٹ - سب کو ملا کر جوش دیتے ہیں - سرد ہونے پر اس کی قلمیں بن جاتی ہیں +

خواص - گہری - بینگنی رنگ کی بے بو باریک سہ گوشہ قلمیں ہوتی ہیں - ذائقہ اوّل شیریں بعد میں ناگوار اور قابض - پانی میں حل ہوجاتا ہے +

اثر و استعمال - ڈس انفکٹنٹ - ڈیوڈورنٹ - انٹی سپٹک - اس کا سلوشن ½ فیصدی سے ۴ فیصدی کا بنایا جاتا ہے - اس سے ہر قسم کے زخم دھوئے جاتے ہیں - بدبودار اوزینا - لیوکوریا - اوٹوریا میں اس کی پچکاری کرتے ہیں - بچہ جننے کے بعد جب گائے کے رحم میں جیر رک جانے سے تعفن پیدا ہو جاوے تو اس کی پچکاری کرتے ہیں - سٹوماٹائیٹس اور سور تھروٹ میں اس کا سلوشن لگانے سے آرام ہوتا ہے - زخم کے بڑھے ہوئے انگوروں پر اس کا سفوف لگانے سے ہلکا کاسٹک اثر ہوتا ہے - عمل جراحی کرنے سے پیشتر عامل اس کے لوشن سے اپنے ہاتھوں کو انٹی سپٹک کرتے ہیں - اس مطلب کے لئے ایک یا دو فیصدی کا لوشن مناسب ہوتا ہے - اس سے ہاتھوں پر جو داغ پڑ جاتے ہیں - وہ اگزالک ایسڈ

کے سیچوریٹڈ سلوشن یا ہائیڈروکلورک ایسڈ کے ڈائیلوٹ سلوشن سے بخوبی صاف ہوجاتے ہیں۔ کنوئیں کا پانی اگر خراب ہوگیا ہو تو پرمنگنیٹ آف پوٹاش ڈالنے سے صاف ہوجاتا ہے۔ اس کا سفوف یا گاڑھا سلوشن سانپ کے کاٹے ہوئے زخم پر لگانے سے زہر کا اثر زائل ہوجاتا ہے۔

پوٹاسیم پرمنگنیٹ۔ مارفائین یا اوپیم کا بہت عمدہ کیمیاوی انٹی ڈوٹ ہے کتوں کو زہر کھانے کے بعد فوراً ۱یا ۵ اگرین پرمنگنیٹ آف پوٹاش ۸ اونس پانی میں اور گھوڑوں کو ۲ ڈرام پرمنگنیٹ آف پوٹاش پانچ پائینٹ پانی میں حل کرکے پلا دینا چاہیئے۔ پرمنگنیٹ آف پوٹاش کے سلوشن کو عموماً کانڈیز فلوائیڈ کہا جاتا ہے لیکن کانڈیز فلوائیڈ میں پرمنگنیٹ آف پوٹاش اور سوڈا پڑتا ہے۔

فیروسایناًیڈ آف پوٹاسیم

ترکیب۔ سینگ۔ سُم یا چمڑے کو کاٹ کر خشک کرکے لوہے کے برتنوں میں کاربونیٹ آف پوٹاش کے ساتھ ملا کر گرم کرتے ہیں۔ باقیماندہ ماس کو پانی کے ساتھ گرم کرکے چھان لیتے ہیں۔

خواص۔ زرد ہشت پہلو قلمیں ہوتی ہیں۔ پانی میں حل ہوجاتی ہیں۔

اثر و استعمال۔ اس سے ڈائیلوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ تیار کرتے ہیں۔

سلفیٹ آف پوٹاش۔ پوٹاسیم سلفیٹ

نائیٹرک ایسڈ بنانے کے بعد سلفیٹ آف پوٹاش باقی رہ جاتا ہے۔ لیکن اس میں کسی قدر سلفیورک ایسڈ زیادہ ہوتا ہے۔ اس میں کاربونیٹ آف پوٹاش کا عرق ملا کر نیوٹرل کرنے سے سلفیٹ آف پوٹاش کی قلمیں بن جاتی ہیں۔

اثر و استعمال۔ اس سے کمپونڈ پاؤڈر آف اپیکاک یا ڈوورس پاؤڈر

تیار کرتے ہیں۔

آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ

ترکیب۔ سلوشن آف پوٹاش ایک گیلن۔ آیوڈین ۲۹ اونس یا حسب ضرورت سفوف کوئیلہ نباتی ۳ اونس۔

خواص۔ بیرنگ دھندلی قلمیں ہوتی ہیں۔ پانی میں آسانی سے حل ہوجاتی ہیں۔ ذائقہ کھاری۔

اس کے فوائد آیوڈین کی طرح ہیں۔ لیکن یہ آیوڈین کی نسبت زیادہ حل ہونے والا اور خراش کم کرتا ہے۔ نیز اس کا دینا بھی آسان ہوتا ہے۔ یا تو اس کا سفوف دیتے ہیں یا پانی میں ملا کر پلاتے ہیں۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ کو ریزالونٹ خائیدہ کے لئے بائیلہ دھتوکیں اور اسائی ٹیز میں دیتے ہیں۔ نیومونیا کے دوسرے درجہ میں اس سے رسا ہوا مادہ جذب ہوجاتا ہے۔ لیکن اس کو فولاد کے مرکبات کے ساتھ دینا چاہیئے۔ کتوں کے کرانک برنکائیٹس میں اس سے رطوبت پتلی ہوجاتی ہے۔ پر پیورا ہیمورا جیکا میں تقریباً ۵ ڈرام سلوشن کی جس میں ایک حصہ آیوڈین۔ ۳ حصے پوٹاسیم آیوڈائیڈ اور ۱۰۰ حصے پانی ہوتا ہے۔ ٹریکیا میں دو مرتبہ روزانہ آہستہ آہستہ پچکاری کرتے ہیں۔ اس مرض میں پوٹاسیم آیوڈائیڈ کی گولی بھی کھلاتے ہیں۔ مویشی کے اکٹی نومائی کوسس میں ½ اڈرام پوٹاسی آیوڈائیڈ کو ایک پائینٹ پانی میں ملا کر آٹھ دس روز تک تین مرتبہ یومیہ اگر دیا جاوے تو تشفی بخش نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ بعض حالات میں اس سے بھی زیادہ عرصہ تک دینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ گھوڑوں کو اختہ کرنے کے بعد جب سکرس کارڈ ہوجاتا ہے یا جسم میں کسی جگہ کرانک ابسس بوجہ باٹریوانی سس ہوجاوے تو اس کے استعمال سے بغیر عمل جراحی کے آرام ہوجاتا ہے۔ دماغ یا حرام مغز کے پردوں میں رطوبت کی موجودگی سے اگر فالج ہو تو اس کو نکس وامیکا کے ساتھ دینے سے شکایت رفع ہوجاتی ہے۔ پالی یوریا میں آیوڈین یا پوٹاسیم آیوڈائیڈ

سے پیاس کم اور پیشاب کی مقدار بھی کم ہو جاتی ہے۔ بعض معالج اس مرض میں خالص آیوڈین نصف ڈرام۔ سلفیٹ آف آئرن ۲ ڈرام اور جنشن ۴ ڈرام ملا کر ۸ شکل گولی ایک مرتبہ روزانہ دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ سخت حالتوں میں یہ گولی دو مرتبہ روزانہ دی جاتی ہے۔ لمفنجائیٹس کی شدید علامات رفع ہونے کے بعد پوٹاسیم آیوڈائیڈ کے استعمال سے اطراف کا ورم رفع ہو جاتا ہے۔ ملک فیور میں بھی آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم کی آزمائش کی گئی ہے۔ لیکن اس مرض کا علاج کنوسل سلوشن اور حیوانہ میں ہوا داخل کرنے سے بہتر ہو سکتا ہے۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ۔ لڈ اور مرکری کے مزمن زہر کا انٹی ڈوٹ ہے۔ گھوڑوں کے پریاڈک افتھلمیا میں مندرجہ ذیل سلوشن آنکھ میں ڈالا جاتا ہے۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ ½ حصے کوکین ہائیڈروکلورائیڈ ایک حصہ۔ گلسرین ۸ حصے۔ ڈسٹلڈ واٹر ۵۰ حصے۔ سلوشن مذکورہ بالا کے چند قطرے دو مرتبہ روزانہ آنکھ میں ٹپکاتے ہیں۔ اس کو سپرٹ نائیٹرس ایتھر فولاد (بجز فیری ایٹ ایمونیا سائیٹراس۔ لائیکوار فیری ایسی ٹاس) اور بسمتھ کے نمک اور لائیکوار سڈ کینا کے ساتھ استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ ڈرام۔ مویشی ۲ سے ۴ ڈرام۔ بھیڑ ۲۰ گرین سے ایک ڈرام۔ کتا ۳ سے ۱۰ گرین۔ گولی بنا کر یا پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔ اس سے مندرجہ ذیل مرکبات تیار کرتے ہیں۔

کمپونڈ لینی منٹ آف آیوڈین۔ سلوشن آف آیوڈین اینڈ پوٹاسیم آیوڈائیڈ ٹنکچر آیوڈین۔ آنٹمنٹ آف آیوڈین۔ اینٹمنٹ آف کمپونڈ آیوڈین۔ کمپونڈ اینٹمنٹ آف آیوڈین ود سوپ۔

انٹی مونیل پوڈر

ترکیب۔ اکسائیڈ آف انٹی منی ایک اونس۔ فاسفیٹ آف لائیم ۲ اونس۔

اثر و استعمال۔ مثل انٹی منی ٹارٹریٹ کے ہے۔ اس سے مقامی خراش ہوتی ہے۔ کتوں کو فیبر یفیوج فایدہ کے لئے ۳ سے ۱۰ گرین کی مقدار میں دیتے ہیں۔

کمپونڈ پوڈر آف سلفیٹ آف آئرن

ترکیب۔ سفوف سلفیٹ آف آئرن ایک سے ۱½ ڈرام۔ سفوف جنشن ۴ ڈرام۔ یہ صرف ایک خوراک ہے۔ ٹانک فایدہ کے لئے گھوڑوں کو خوراک پر ڈال کر دیتے ہیں۔ گاہے اس میں نصف ڈرام نکس وامیکا اور ۲ ڈرام چرائیتہ یا کلمبا یا کو اشیا بھی ملا لیتے ہیں۔

کمپونڈ پوڈر آف اپی کیکوانہ۔ ڈوورس پوڈر

ترکیب۔ سفوف اپی کیکوانہ ایک اونس۔ سفوف اوپیم ایک اونس سلفیٹ آف پوٹاش ۸ اونس۔

اثر و استعمال۔ گھوڑوں پر اس کا اثر بہت تھوڑا ہوتا ہے۔ کتوں کو تنفس کی نالی کے کٹارل امراض کے شروع درجہ میں ایکس پکٹورنٹ اور سیڈیٹو فوائد کے لئے دیتے ہیں۔

خوراک۔ کتا ۵ سے ۱۵ گرین۔ دن میں دو تین دفعہ دیتے ہیں۔

کمپونڈ پوڈر آف اوپیم

ترکیب۔ اوپیم۔ گالس۔ پائی منٹو مساوی مقدار میں لیکر سفوف کر لیں۔ ڈایریا میں اسٹرنجنٹ فایدہ کے لئے گولی بنا کر یا گردل میں ملا کر دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۴ سے ۶ ڈرام۔ بھیڑ نصف سے ایک ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۳۰ گرین۔

کمپونڈ پوڈر آف روبرب - گریگرس پوڈر - پلورہائی کمپونڈ

ترکیب - سفوف روبرب روٹ ۵ حصے - لایٹ میگنیشیا ۶۵ حصے - سفوف جنجر ۱۰ حصے۔

اثر و استعمال - بچھیروں و بچھڑوں کے دستوں میں انٹا سڈ اور سٹومائک فایدہ کے لئے گولی بنا کر یا گرویل میں ملا کر دیتے ہیں۔

خوراک - بچھیرا و بچھڑا نصف سے ایک اونس - کتا ۱۰ سے ۳۰ گرین۔

گن کاٹن

ترکیب - کاٹن وول ایک اونس - سلفیورک ایسڈ - نائیٹرک ایسڈ - ہر ایک ۵ اونس۔

خواص - ایتھر و ریکٹی فایڈ سپرٹ میں حل ہو جاتی ہے - حرارت دینے سے کچھ باقی نہیں رہتا - اس سے کلوڈیم اور فلکسیبل کلوڈیم تیار کرتے ہیں۔

سلفیٹ آف کونین

ترکیب - سفوف یلو سنکونا بارک ایک پاؤنڈ - ہائیڈرو کلورک ایسڈ ۳ اونس - ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت سلوشن آف سوڈا ۳ پائینٹ - سلفیورک ایسڈ - ڈایلوٹ حسب ضرورت۔

خواص - اس کی قلمیں سفید ریشمی ہلکی اور سوزن کی طرح باریک بے بو ہوتی ہیں - ذائقہ سخت تلخ اور دیرپا - ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ میں حل ہو جاتی ہے روشنی کے لگنے سے اس کا عرق نیلگون ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال - ہٹرٹانک - انٹی سپٹک - انٹی پائیریٹک - انٹی پیریاڈک - کمی اشتہا - کمزوری و بدہضمی - نوبتی بخار - انفلوانزا - برنکائیٹس - نیونیا

اور آلات تنفس کے سوزش دار امراض کے شروع درجہ میں دیتے ہیں۔ کونین سے پیوریپرل فیور اور اری سپلس کی سوزش کسی قدر کم ہو جاتی ہے۔ پایمیا اور سپٹی سیمیا میں اس سے بہت فایدہ ہوتا ہے۔ مسکولر روماٹیزم میں بھی کونین دی جاتی ہے ملیریل بخار میں جو کامیابی کونین سے ہوتی ہے وُہ کسی اور دوا سے نہیں ہوسکتی لیکن اس مرض میں اوّل ایک جلاب دینا چاہیئے۔ انسانوں میں اس کی پوری مقدار سے کونزم ہو جاتا ہے۔ جس میں سر گھومتا ہے۔ چکر آتے ہیں۔ کان بجنے لگتے ہیں عضلات پھڑپھڑاتے ہیں۔ لیکن حیوانات میں یہ علامات نہیں پیدا ہوتیں +

خوراک ۔ گھوڑا بطر ٹانک۔ نصف سے ایک ڈرام۔ مویشی ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا نصف سے ۲ گرین +

خوراک ۔ گھوڑا انٹی پایریٹک ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ۲ سے ۵ گرین عموماً اس کی گولی بنا کر اور گاہے ہموزن ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ میں حل کر کے دیتے ہیں۔ اگر کونین کا مکسچر بنانا ہو تو اوّل کونین کو کسی قدر پانی میں ملالیں اور بعد میں سلفیورک ایسڈ ڈالیں۔ خشک کونین میں سلفیورک ایسڈ ڈالنے سے کونین منجمد ہو کر ایک ڈلا بن جاتا ہے۔ جو پانی میں حل نہیں ہوتا +

مانعات ۔ اس کے ساتھ الکلیز اور ان کے کاربونیٹ۔ بنزوایٹ آیوڈایڈ اور سلی سلیٹ کو نہیں ملانا چاہیئے۔ نیز تمام انفیوژن جن میں ٹےنین ہو۔ کونین کے ساتھ مل کر ٹےنیٹ آف کونین پیدا کرتے ہیں +

یلوریزن۔رال

تارپین کے مقطر کرنے کے بعد جو چیز رہ جاتی ہے اسکو رال کہتے ہیں:۔

خواص ۔ شفاف عنبری رنگ کا سخت مادہ ہے جو آسانی سے ٹوٹ سکتا ہے۔ الکوہال۔ ایتھر۔ لطیف و کثیف روغن۔ سلوشن آف پوٹاش و سوڈیم ہائیڈریٹ میں حل ہوتی ہے +

اثر و استعمال۔ ڈایوریٹک۔ ہلکا اسٹرنجنٹ۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ انٹی سپٹک۔ اسٹرنجنٹ اور سٹپٹک ہے۔ اس سے ڈایوریٹک بال تیار کرتے ہیں۔
خارجی طور پر جلے ہوئے زخموں اور چھلی ہوئی سطح پر اسٹرنجنٹ اور سٹپٹک فائدہ کے لئے لگاتے ہیں۔ جریان خون بند کرنے کے لئے جائے ماؤف پر اسکے سفوف کو چھڑک کر گرم داغنی سے پگھلا دیتے ہیں۔ پلاسٹروں میں بھی اس کو ڈالتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک اونس۔ بھیڑ ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ۲۰ سے ۳۰ گرین۔ اس سے کمپونڈ ریزن ماس۔ پچ پلاسٹر اور ریزن آینٹمنٹ بنتا ہے۔

روبرب روٹ۔ ریوند چینی کی جڑھ

رہیوم پالمے ٹم یا رہیوم افیسی نیل کی جڑھ دوا میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کا درخت تبت و تاتار کے کوہستانی علاقوں میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص۔ جڑھ پر گہری بھوری کارک کی طرح چھال ہوتی ہے۔ اندرونی سطح سفید۔ خاص قسم کی خوشبو۔ ذایقہ کسی قدر قابض۔ چبانے سے ریتلی معلوم دیتی ہے۔

اثر و استعمال۔ گھوڑے و مویشی کو اس کی بڑی خوراک سے بھی دست نہیں آتے۔ کتے کو پوری خوراک سے کتھارٹک اثر ہو کر بعد میں قبض ہو جاتا ہے۔ اس کو ڈائریا میں سوڈیم بائی کاربونیٹ اور پیپرمنٹ واٹر کے ساتھ دیتے ہیں۔ کیلومل کے ساتھ دینے سے کتوں پر کتھارٹک اور کولے گاگ اثر پیدا ہوتا ہے بچھیروں و بچھڑوں کے سخت ڈائریا میں اس کو کاربونیٹ آف میگنیشیا اور جنجر کے ساتھ دیتے ہیں۔

خوراک۔ بچھیرا و بچھڑا ۱ سے ۲ ڈرام۔ کتا ۱۵ سے ۳۰ گرین۔

کتّا۔ سٹوماگ وٹانک ۳ سے ۱۰ گرین تین بار یومیہ دیتے ہیں۔ اس سے کمپونڈ بروبرب پوڈر اور ٹنکچر روبرب تیار کرتے ہیں۔

سیون سیبائن

جونی پیرس سی با بینا کی کونپلیں دوا میں کام آتی ہیں۔

خواص۔ اس کے پتے چھوٹے چھوٹے پتلے گہرے سبز رنگ کے ہوتے ہیں۔ بو خاص۔ ذائقہ متلی آور تلخ۔ اس میں ایک لطیف روغن ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ کاونٹراری ٹنٹ عمل کے لئے اس کا مرہم خارجی طور پر استعمال کرتے ہیں۔ گاہے اس کا روغن انتھل منٹک فائدہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن یہ دیگر انتھل منٹک دوائیوں سے ادنےٰ درجہ پر ہے۔ یہ اکبالک بھی ہے۔ لیکن اس مقصد کے لئے اسے نہ استعمال کرنا چاہئیے۔ اس سے انفیوژن آئنیٹمنٹ اور آئل آف ساون تیار کرتے ہیں۔

سنٹونین

آرٹی میشیا میرے ٹیما کی کلیوں سے ایک قلمدار جوہر نکالتے ہیں۔ جس کو سنٹونین کہتے ہیں۔

خواص۔ اس کی قلمیں بیرنگ چمکدار چپٹی بے بو۔ کسی قدر تلخ ذائقہ کی لیکن روشنی لگنے سے زرد رنگ کی ہو جاتی ہیں۔ ۴ حصے کلورا فارم ۴۰ حصے ریکٹی فائڈ سپرٹ میں حل ہوتی ہیں۔

اثر و استعمال۔ گھوڑے اور مویشی پر اس کا اثر قابل اعتبار نہیں ہوتا۔ کتّوں کے تھریڈ ورم اور راونڈ ورم کی ہلاکت کے لئے کسٹر آئل کے ساتھ دیتے ہیں تو کرم ہلاک ہو کر دستوں کے ساتھ خارج ہو جاتے ہیں۔ لیکن ان جانوروں کو سنٹونین بہت احتیاط سے دینی چاہئیے۔ کیونکہ اس سے زہر ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ اسکے

زہر کی علامات حسب ذیل ہیں۔ سر کے عضلات پھڑپھڑاتے ہیں۔ آنکھ کا ڈھیلا اِدھر اُدھر حرکت کرتا ہے۔ عارضی نابینائی۔ دانت پیسنا اور جھٹکے آتے ہیں۔ اس کے زہر میں ایسے ٹانک اور پرگیٹو ادویات دینی چاہئیں۔

خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک ڈرام۔ کتا ۲ سے ۵ گرین۔ جانور کو چند گھنٹے بھوکا رکھ کر گولی بنا کر کھلائیں۔ اگر کرم خارج نہ ہوں تو جلاب دیں۔

ہارڈ سوپ

ترکیب۔ الیو آئل اور کاسٹک سوڈا کے سلوشن کو ملا کر گرم کرنے سے گلسرین اور صابن تیار ہوتا ہے۔

خواص۔ سخت سفید یا سفیدی مائل ٹھوس ہوتا ہے۔ بو خفیف خاص قسم کی۔ ذائقہ ناگوار کھاری پانی والکوحال میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ کتھارٹک۔ ڈایوریٹک۔ انٹاسڈ۔ دہاتی تیزابوں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ چھڑے و زخموں کے صاف کرنے کے کام آتا ہے۔ اس کے ساتھ اکثر انٹی سپٹک دوائیاں ملا کر جلدی امراض میں جلد کو صاف کرتے ہیں۔ عمل جراحی کرنے سے پیشتر عامل اس سے ہاتھ دھوتے ہیں۔ اینما میں صابن کا پانی ملانے سے لکسیٹو اثر تیز ہو جاتا ہے۔ کتوں کو قے کرانے کے لئے صابن کو پانی میں گھول کر پلاتے ہیں۔ سوپ لینی منٹ بنا کر ہلکا سٹی مولنٹ اثر کرنے کے لئے جسم کے اکثر مقامات پر مالش کرتے ہیں۔ اس کی مرہم اور گولی بھی بناتے ہیں۔ اور بدرقہ کے طور پر بھی صابن کو ملایا جاتا ہے۔

سافٹ سوپ

ترکیب۔ کاسٹک پوٹاش اور آلیو آئل کو ملا کر جوش دینے سے نرم صابن بنتا ہے۔

اثر و استعمال۔ ایمولی انٹ و ڈیمل سنٹ ہے۔ اس سے کمپونڈ سوپ یعنی منٹ تیار کرتے ہیں۔

سکویل

ارجینیا سلاّ کی گانٹھوں کو کاٹ کر دوا میں استعمال کرتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولیٹنگ ایکس پکٹورنٹ۔ کارڈیک ٹانک۔ ڈایوریٹک دل۔ دوران خون اور گردوں پر اس کا اثر ڈیجی ٹیلس کی طرح لیکن اس سے زیادہ خراشندہ ہوتا ہے بڑی خوراکوں سے کتوں کو قے۔ اسہال اور پیشاب میں خراش ہو جاتی ہے۔ اس کو خاصکر کتوں کی کرانک برانکائیٹس میں دیتے ہیں۔ ڈراپسی میں اس کو ڈایوریٹک فائدہ کے لئے ڈیجی ٹیلس اور کیلومل کے ہمراہ دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک اونس۔ کتّا نصف سے ایک ڈرام۔ اس سے ٹنکچر اور سیرپ سلاّ تیار کرتے ہیں۔

پری پیرڈ سویٹ صاف شدہ چربی

بھیڑ کے شکم کی موٹی چربی پگھلا کر چھان لیتے ہیں۔

خواص۔ صاف۔ چکنی سفید رنگ کی ہوتی ہے:۔

اثر و استعمال۔ خوک کی چربی کے بجائے مرہم اور پلاسٹر بنانے کے کام آتی ہے۔ بھیڑ کی چربی خوک کی چربی سے سخت اور دیر تک رکھنے سے خراب ہو جاتی ہے۔ کاسٹک الکلیز کے زہر میں انٹی ڈوٹ۔ ڈیمل سنٹ۔ اور ایمولی انٹ فوائد کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

مسٹرڈ۔ رائی

اس کے پودے کو براسیکا نائیگرا اور براسیکا ایلبا کہتے ہیں۔ اس کے بیج دوا

میں کام آتے ہیں۔ رائی سیاہ و سفید دو قسم کی ہوتی ہے۔ سیاہ رائی میں ایک لطیف روغن ہوتا ہے اور سفید میں نہیں ہوتا۔

اثر و استعمال۔ اندرونی استعمال میں سٹوماٹک۔ کارمی نیٹو۔ سٹی مولنٹ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ کاونٹر اری ٹنٹ۔ روبی فی شنٹ۔ دیسی کنٹ اثر کرتی ہے مویشی کو معدے کی کمزوری میں ایک سے ۲ اونس رائی۔ کاربونیٹ آف ایمونیا اور نکس وامیکا کے ساتھ ملا کر دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ زہر خورانی کی حالت میں کتے کو ۲ ڈرام رائی پانی میں گھولکر پلانے سے قے آجاتی ہے۔ خارجی طور پر اس کو شیر گرم پانی میں ملا کر تنفس کے امراض میں چند منٹ تک جائے ماؤف پر کاونٹر اری ٹنٹ اثر کے لئے لگاتے ہیں۔ کالک۔ انٹرائیٹس اور نیفرائیٹس میں بھی اس کا پلاسٹر لگایا جاتا ہے۔

کاسٹک سوڈا

ترکیب۔ سلوشن آف سوڈا کو اڑا کر سانچوں میں ڈھال کر بتیاں بنا لیتے ہیں۔

خواص۔ خشک۔ سفید۔ شفاف بتیاں ہوتی ہیں جن میں بو نہیں ہوتی۔ ذائقہ تلخ اور کاسٹک۔ ہوا میں کھلا رکھنے سے بہت جلد سیال ہوجاتا ہے۔ پانی اور الکوحال میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ مثل کاسٹک پوٹاش کے ہے۔ لیکن اس کی نسبت ہوا میں کم پگھلتا ہے۔

ایسی ٹیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ سوڈیم کاربونیٹ کو ایسی ٹک ایسڈ میں حل کر کے قلمیں بنا لیتے ہیں۔

خواص۔ اس کی قلمیں شفاف بیرنگ اور پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔ یہ ایسی ٹک ایسڈ تیار کرنے کے کام آتا ہے۔

بائی کاربونیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ کاربونیٹ آف سوڈا کے سلوشن میں کاربانک ایسڈ گیس گذارنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص۔ سفید۔ کثیف۔ بے بو سفوف ہے۔ ذائقہ ٹھنڈا۔ ہلکا کھاری

اثر و استعمال۔ ہلکا ڈایوریٹک۔ گیسٹرک سیڈیٹو اور انٹاسڈ ہے۔ معدہ کی ترشی رفع کرنے کے لئے تنہا یا نکس وامیکا اور دیگر کارمی نیٹو دوائیوں کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ اگر گیسٹرک سیڈیٹو اثر پیدا کرنا ہو تو اس میں بسمتھ ملا لیتے ہیں۔ جب جانور بدہضمی کے باعث دیواریں چاٹتا ہو تو سوڈا بائی کارب سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ معدے کی خراش سے جو کھانسی ہوتی ہے اس میں بھی اس کا استعمال کرتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۲ سے ۴ ڈرام۔ مویشی نصف سے ایک اونس۔ بھیڑ ۲۰ سے ۳۰ گرین۔ کتا ۱۰ سے ۲۰ گرین۔

کاربونیٹ آف سوڈا۔ واشنگ سوڈا

ترکیب۔ کھانے کے نمک میں سلفیورک ایسڈ ملا کر گرم کرنے سے سلفیٹ آف سوڈا بن جاتا ہے۔ اور کاربان کے ساتھ گرم کرنے سے سلفائیڈ آف سوڈا اور چاک کے ساتھ گرم کرنے سے سوڈیم کاربونیٹ حاصل ہوتا ہے۔

خواص۔ بے رنگ۔ بے بو۔ سہ گوشہ قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ تیز۔ کھاری۔ ہوا میں رکھنے سے بھُربھُرا ہو جاتا ہے۔ پانی میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ مثل بائی کاربونیٹ آف سوڈا کے ہے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی نصف سے ۲ اونس۔ بھیڑ نصف سے ایک ڈرام۔ کتا ۵ سے ۳۰ گرین۔

اس سے سلوشن آف سوڈا۔ سلوشن آف کلوری نیٹڈ سوڈا۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا تیار کرتے ہیں۔

ڈرایڈ کاربونیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ قلمدار سوڈیم کاربونیٹ کو کسی برتن میں ڈال کر گرم کرنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص۔ سفید سفوف ہے جو سوڈیم کاربونیٹ کی طرح حل ہونے والا ہوتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲ سے ۶ ڈرام۔ بھیڑ ۲۰ سے ۴۰ گرین۔ کتا ۵ سے ۲۰ گرین۔ پانی میں حل کر کے پلاتے ہیں۔

ہائپو سلفایٹ آف سوڈا

ترکیب۔ سوڈیم سلفایٹ کے کھولتے ہوئے سلوشن میں گندھک ڈال کر چھان لیتے ہیں۔ سرد ہونے پر اس کی قلمیں بن جاتی ہیں۔

خواص۔ بیرنگ۔ بے بو شفاف قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ سرد۔ بعد میں تلخ۔ خشک ہوا میں بھر بھرا ہو جاتا ہے۔ پانی میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ خارجی طور پر انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورایزرس۔ پراسٹی سائڈ جلد کے کرمی امراض میں اس کا ۸ فیصدی کا سلوشن استعمال کرتے ہیں۔ نفخ شکم۔ بدہضمی اور فضلہ کی بو رفع کرنے کے لئے دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی نصف اونس سے ایک اونس۔ بھیڑ ½ سے ایک ڈرام۔ کتا ۵ سے ۱۰ گرین۔

سلفیٹ آف سوڈا۔ گلابر سالٹ

ترکیب۔ ہندوستان کے اکثر مقامات میں یہ نمک قدرتاً موجود ہوتا ہے۔ مصنوعی طور پر دو حصّے سوڈیم کلورائڈ اور ایک حصّہ سلفیورک ایسڈ کو ملا کر گرم کرنے سے ہائڈروکلورک ایسڈ اور سلفیٹ آف سوڈا بن جاتے ہیں۔

خواص۔ بیرنگ شفاف بے بو قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ نمکین و تلخ۔ ہوا میں رکھنے سے بہت جلدی بھُر بھُرا ہو جاتا ہے۔ پانی میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ پرگیٹو۔ کتھارٹک۔ کولے گاگ۔ ہلکا ڈایوریٹک کاربالک ایسڈ کا بہترین انٹی ڈوٹ ہے۔ مویشی پر اس کا اثر ایپسم سالٹ کی مانند لیکن دیر سے ہوتا ہے۔ گھوڑوں میں اس کا پرگیٹو اثر ناقابل اعتبار ہے۔ البتہ اس سے صفرا کے بہاؤ کو تحریک ہوتی ہے۔ مویشی کو سیلاین پرگیٹو کے طور پر جگر اور آنتوں کے امراض میں دیتے ہیں۔ گھوڑوں کے کنجسچن آف لور میں اس کی چھوٹی چھوٹی خوراکوں سے لکسیٹو اور کولے گاگ اثر ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ سوڈیم بائی کاربونیٹ اور سوڈیم کلورائڈ ملانے سے زیادہ فایدہ ہوتا ہے۔ کتوں کو اس سے قے ہو جاتی ہے۔ برنٹن صاحب کے قول کے مطابق یہ دوائی کاربالک ایسڈ کا بہترین انٹی ڈوٹ ہے۔ گاہے اس کا سلوشن بنا کر زیر جلد پچکاری کرتے ہیں۔

خوراک۔ مویشی پرگیٹو۔ ایک سے ۱½ پونڈ۔ بھیڑ ۲ سے ۴ اونس۔

خوراک۔ گھوڑا آلٹریٹو اور کولے گاگ ۲ اونس دو مرتبہ روزمرہ۔ کتا ۱۰ گرین سے ایک ڈرام۔ بہت سا پانی اور شیرہ ملا کر پلاتے ہیں۔

سلفایٹ آف سوڈا

ترکیب۔ کاربونیٹ آف سوڈا کے عرق میں سلفیورس ایسڈ گیس گذار کر

قلمیں بنا لیتے ہیں۔

خواص۔ بیرنگ۔ بے بو۔ شفاف قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ سرد نمکین۔ گندھک والا۔ ہوا میں رکھنے سے بھُر بھُرا ہو کر آہستہ آہستہ سلفیٹ بن جاتا ہے الکوحال میں بآسانی حل ہوتا ہے۔ چار حصّے پانی میں بھی حل ہو جاتا ہے۔

خوراک واثر وغیرہ مثل سوڈیم ہایپو سلفایٹ کے ہے۔ ایسڈ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ اسے نہیں دینا چاہیئے۔

کلورائیڈ آف سوڈیم۔ کامن سالٹ

ہندوستان کے اکثر علاقوں میں اس کی کانیں ہیں۔ چشمہ اور سمندر کے پانی کی تبخیر سے بھی اسے تیار کرتے ہیں۔

خواص۔ اس کی بے رنگ شفاف قلمیں۔ آپس میں ملکر بڑے بڑے ڈلے بناتی ہیں۔ ذائقہ خالص نمکین۔ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ۔ طبّی خوراک میں سیلائین سٹوماکک۔ کتھارٹک۔ آلٹریٹو۔ ٹانک۔ ڈایوریٹک۔ انٹی سپٹک۔ ایمے ٹک۔ دانتھل منٹک۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ و ریفریجیرنٹ ہے۔ مویشی کے قبض اور بدہضمی میں کھانے کے نمک کو اکثر ایپسم سالٹ کے ہمراہ دیتے ہیں۔ بعض معالج مویشی کے ریڈ واٹر کے شروع درجہ میں نصف پونڈ نمک بہت سے پانی میں ملا کر پلانے کی سفارش کرتے ہیں۔ کتّے کو قئے کرانے کے لئے ایک یا دو چار کے چمچے نمک اور نصف چار کا چمچہ رائی ۴ اونس گرم پانی میں گھول کر پلاتے ہیں ہضمیت کو درست رکھنے کے لئے تمام جانوروں کے دانہ میں نمک ملا دیتے ہیں۔ اس سے آنتوں کے کرم بھی ہلاک ہو جاتے ہیں۔ خارجی طور پر نائیٹر۔ ایمونیم کلورائیڈ اور سوڈیم کلورائیڈ کو پانی میں ملا کر ریفریجیرنٹ فائدہ کے لئے مزمن موچ اور جوڑوں کے امراض میں لگاتے ہیں۔ عمل جراحی کے صدمات کے بعد یا جریان خون اور کولاپس

میں نارمل سالٹ سلوشن بنا کر دین میں پچکاری کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ اس کے ۱۰ فیصدی کے سلوشن سے زخموں کا اندمال جلدی ہوتا ہے۔

ترکیب نارمل سالٹ سلوشن۔ سوڈیم کلورائیڈ ایک ڈرام۔ آب مقطر ایک پائینٹ۔

خوراک۔ مویشی۔ پرگیٹو نصف پونڈ معہ نصف پونڈ ایسم سالٹ۔ بھیڑ نصف سے ایک اونس معہ ہموزن ایسم سالٹ۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی سٹوماٹک و آلٹریٹو ۲ یا ۳ اونس دو مرتبہ روز انہ دانہ پر ڈال کر دیں۔ کتھارٹک اور انتھل منٹک اثر کو تیز کرنے کی غرض سے اس میں ٹرپن ٹائین۔ کروٹن آئل یا کیلومل اور ایسے ٹک اثر کیلئے مسٹرڈ۔ سلفیٹ آف زنک سلفیٹ آف کاپر یا ٹارٹر ایسے ٹک ملالیں۔

سلی سلیٹ آف سوڈا

ترکیب۔ کاربونیٹ آف سوڈا پر جب سلی سلک ایسڈ عمل کرتا ہے تو سلی سلیٹ آف سوڈا بن جاتا ہے۔ سلوشن کو چھان کر کاربانک ڈائی اکسائیڈ کو خارج کرنے کے لئے اسے گرم کرتے ہیں۔

خواص۔ سفید بیڈول۔ بے بو ورق ہوتے ہیں۔ ذائقہ شیریں اور کھاری پانی و الکوحال اور گلسرین میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ انٹی سپٹک و انٹی پایریٹک ہے۔ اس کو خاص کر روماٹیزم میں دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ۲ سے ۸ ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۳۰ گرین۔

سیلول۔ فینائل سلی سلیٹ

یہ سلی سلک ایسڈ اور فینول کا مرکب ہے جس کی قلمیں بیرنگ ہوتی ہیں:۔

اثر و استعمال - انٹی پائریٹک - انٹی سپٹک - ہنٹس ٹائیل ڈس انفکٹنٹ ہے۔ ڈائیریا میں دیتے ہیں - چونکہ اس میں فینول ہوتا ہے - اس لئے اگر اس کو بار بار اور زیادہ مقدار میں دیا جاوے تو زہر ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔

خوراک - گھوڑا ۲ سے ۴ ڈرام - کتا ۳ سے ۱۰ گرین - روغن باوام - گم اکیشیا یا سیرپ اور پانی کے ساتھ ایملشن بنا کر دیتے ہیں۔

سٹرمونیم - دھتورہ

ڈیٹوراسٹرمونیم کے خشک پتے اور بیج دوامیں کام آتے ہیں - اس کے جوہر کو ڈیٹورین کہتے ہیں - اس کا ٹنکچر اور ایکسٹریکٹ بنا کر طبابت میں استعمال کرتے ہیں۔

اثر و استعمال - بیلاڈونا کی مانند ہوتا ہے - کہتے ہیں کہ یہ بیلاڈونا کی نسبت برانکائی کے اعصاب پر زیادہ ڈیپریسینٹ اثر کرتا ہے - انسانوں کے استھما میں اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے - گاہے گاہے حیوانات کے اسی مرض میں اسکو دیتے ہیں۔

سٹروفنتھس

اس کے درخت کو سٹروفنتھس کہیے اور جوہر کو سٹروفنتھین کہتے ہیں - پختہ بیجوں کا ٹنکچر طبابت میں استعمال کرتے ہیں۔

ترکیب ٹنکچر - سٹروفنتھس سیڈ ایک حصہ الکوحل ۴۰ حصے اس کی خوراک ٹنکچر ڈیجی ٹیلس کے برابر ہے۔

اثر و استعمال - سٹروفنتھس کا اثر کسی قدر ڈیجی ٹیلس سے مشابہت رکھتا ہے - اس کا اثر خونی عروق کی نسبت دل پر زیادہ اور جلدی ہوتا ہے - اس سے شریانی دباؤ نہیں بڑھتا - کہتے ہیں کہ اس میں کیومولیٹو اثر نہیں ہوتا - معدہ میں

زیادہ خراش بھی نہیں کرتا۔ صرف دل پر اثر کرنے کے لئے اور ان حالات میں بھی اس کو دیا کرتے ہیں۔ جبکہ ڈیجی ٹیلس مریض کے موافق نہیں آتا۔

سپرٹ آف ایتھر

ترکیب۔ ایتھر ایک حصہ۔ ریکٹی فایڈ سپرٹ ۲ حصے۔

سلفیورک ایتھر

ترکیب۔ سلفیورک ایسڈ ایک حصہ۔ ریکٹی فایڈ سپرٹ ۵ حصے ملا کر مقطر کر لیتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ ڈیفیوزیبل سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔ نس تھیٹک خارجی طور پر ریفریجیرنٹ۔ لوکل انس تھیٹک۔ ملنے سے روبی فی شنٹ۔ ویسی کنٹ جریان خون سے جب کولاپس ہوجاوے یا جانور کسی مرض سے نہایت کمزور ہو تو ایتھر کو ڈیفیوزیبل سٹی مولنٹ فایدہ کے لئے دیتے ہیں۔ انٹس پازموڈک اور کارمی نیٹو فایدہ کے لئے گھوڑوں کے نفخ شکم اور تداخل معدہ میں ایتھر کو اسی قسم کی ادویات کے ساتھ دیا کرتے ہیں۔ گھوڑوں میں اس سے جنرل انس تھیشیا بخوبی پیدا نہیں ہوتا۔ اس مطلب کے لئے عموماً کلورا فارم پسند کیا جاتا ہے۔ البتہ کتوں کے واسطے یہ مناسب ہے۔ اکثر معالج کتوں کو اسی سے بیہوش کرتے ہیں۔ معمر کتوں کو بیہوش کرنے کے لئے الکوحال۔ کلورا فارم اور ایتھر کا مکسچر نہایت مناسب ہے۔ کرانک برنکائیٹس اور منہ و حلق کے عملیات جراحی میں ایتھر کو انس تھیٹک فایدہ کے لئے نہ سنگھانا چاہیئے۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ اونس۔ مویشی ۲ سے ۳ اونس۔ بھیڑ ایک سے ۴ ڈرام۔ کتا ۲۰ قطرے سے ایک ڈرام۔ بہت سے گرویل یا لعابدار اشیاء کے ساتھ ملا کر حسب ضرورت کئی بار پلاتے ہیں۔

سپرٹ آف نائیٹرس ایتھر۔ سویٹ سپرٹ آف نائیٹر

ترکیب۔ نائیٹرک ایسڈ ۲ اونس۔ سلفیورک ایسڈ ۲ اونس۔ باریک تار کاپر ۲ اونس سپرٹ ریکٹی فائیڈ حسب ضرورت۔

خواص۔ شفاف۔ ناپائیدار اُڑنے اور جلنے والا سیال ہے۔ رنگت زردی مائل یا ہلکی سبزی مائل۔ بو تیز ایتھر کی۔ ذائقہ تیز جلانے والا۔ پانی و الکوحل میں بآسانی حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں نارکاٹک سیڈیٹو۔ طبی خوراکوں میں ڈیفیوزیبل سٹی مولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔ ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک۔ فیبری فیوج کارمی نیٹو ہے۔ جنرل سٹی مولنٹ فائدہ کے لیئے اس کو تنہا یا دیگر سٹی مولنٹ ادویات کے ساتھ کمزوری میں دیتے ہیں۔ بخار رفع کرنے کے لئے ایسی ٹیٹ آف امونیا کے ساتھ اور کالک۔ ٹمپے نائیٹس و بدہضمی میں دیگر انٹس پازموڈک اور کارمی نیٹو ادویات کے ہمراہ دیتے ہیں۔ گردوں کے مزمن امراض میں اس کے استعمال سے پیشاب بخوبی آتا ہے۔ لیکن اکیوٹ نفرائیٹس میں اس کو نہ دینا چاہیئے۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ اونس۔ مویشی ۲ سے ۴ اونس۔ بھیڑ و خوک ۲ سے ۴ ڈرام۔ کتا ۱۰ ۲۰ قطرے سے ایک ڈرام۔ بہت سا پانی ملاکر بار بار دینا چاہیئے۔

مالغات۔ اس کو پوٹاسیم آیوڈائیڈ۔ سلفیٹ آف آئرن۔ گیلک اور ٹےنک ایسڈ۔ انٹی پائیرین اور سلی سلیٹ کے ہمراہ نہ دینا چاہیئے۔

سپرٹ آف امونیا ایرومیٹک

ترکیب۔ کاربونیٹ آف امونیا ۸ اونس۔ سٹرانگ سلوشن آف امونیا ۴ اونس۔ نٹ مگ آئل آف لیمن ۱۰ ڈرام۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۱۰ پائینٹ۔ واٹر ۳ پائینٹ لیکر ملالیں۔ اور ۱۰ پائینٹ متقطر کرلیں۔

اثر و استعمال۔ جنرل سٹی مولنٹ۔ کارمی نیٹو۔ سٹوماٹک۔ اشاسٹڈ۔ انٹس پاز موڈک۔ کمزوری۔ بدہضمی۔ نفخ شکم۔ اور ڈائیریا میں استعمال کرتے ہیں۔
خوراک۔ گھوڑا نصف سے ایک اونس۔ مویشی نصف سے ۲ اونس۔ بھیڑ ۲ سے ۴ ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۲۰ قطرے۔ بہت سا پانی ملا کر دیتے ہیں +

سپرٹ آف کمفر

ترکیب۔ کمفر ایک حصہ۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۹ حصے اس کے ۱۰ حصے میں ایک حصہ کافور کا ہوتا ہے۔
اثر و استعمال۔ مثل کمفر کے ہے۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ سیڈیٹو۔ انیوڈاین۔ ڈسکوئی ئشنٹ۔
خوراک۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ مویشی ۲ اونس۔ کتا ۵ سے ۲۰ قطرے +

سپرٹ کلورا فارم۔ کلورک ایتھر

ترکیب۔ کلورا فارم ایک اونس۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۱۹ حصے۔
اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ انٹس پاز موڈک۔ اینوڈاین۔ لوکل انس تھیٹک انٹی سپٹک۔ اسکوکالک۔ فلے چولنسی ڈایریا۔ اور کف میں دیتے ہیں۔
خوراک۔ گھوڑا مویشی ایک سے ۱½ اونس۔ بھیڑ ۲ سے ۴ ڈرام۔ کتا ۲۰ سے ۴۰ قطرے +

سپرٹ میتھی لیٹڈ

ترکیب۔ ۹ حصے ریکٹی فائیڈ سپرٹ کو ۱ حصے لکڑی کی سپرٹ میں جس کو میتھے لک الکوہال کہتے ہیں۔ ملانے سے میتھی لیٹڈ سپرٹ تیار ہوتی ہے۔
اثر و استعمال۔ ٹنکچر بنانے کے کام آتی ہے۔ اس کا اندرونی استعمال

ممنوع ہے +

سپرٹ ریکٹی فائیڈ سپرٹ آف واین صرفی

ترکیب۔ شکردار عرقوں کو خمیر کرنے سے الکوہال اور کاربانک این ہائیڈرائڈ یا کاربانک ایسڈ گیس پیدا ہوتی ہے۔ اس میں ۹۰ فیصدی بحساب حجم الکوہال ہوتی ہے۔

خواص۔ بیرنگ شفاف اڑجانیوالا عرق ہے۔ ذراسی آنچ سے بھڑک اُٹھتا ہے۔ بوخاص قسم کی خوشگوار۔ اور ذائقہ تیز شراب کی مانند جلانیوالا ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ انٹس پاز موڈک۔ کارمی نیٹو۔ ڈایورٹیک۔ ڈایافورٹیک۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ ریفریجیرنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ انٹی سپٹک۔ لوکل انس تھیٹک ہے۔ اشتہاو ہضمیت کو تیز کرنے کے لئے سپرٹ یا الکوہال اچھی دوائی ہے۔ حادہ امراض سے شفا پانے کے وقت جب جانور کمزور ہو۔ یا انفلوانزا اور نیوMونیا کے دوسرے درجوں میں جب مریض نہایت کمزور ہوتا ہے۔ محرقہ بخار جس میں عام کمزوری ہوتی ہے۔ سپٹی سیمیا۔ جراحی کے صدمات۔ غشی۔ تکان۔ سخت جریان خون اور اس کے بعد سردی لگ جانے میں سپرٹ مفید ہوتی ہے۔ الکوحال۔ کاربالک ایسڈ کے زہر کا انٹی ڈوٹ بھی ہے۔ ایسی حالت میں برانڈی یا وسکی دینی چاہیئے۔ ڈایوریٹک اثر پیدا کرنا ہو تو کتّوں کو جن شراب کا استعمال کرادیں۔ قابض اثر کے لئے برانڈی بہتر ہے۔ قے روکنے کے لئے اس کو برف کے ساتھ دیتے ہیں۔ الکوحال والے مرکبات دودھ۔ کانجی یا پانی میں ملا کر دیئے جاتے ہیں۔ خارجی طور پر اس کو ریفریجیرنٹ لوشن میں ملاتے ہیں۔ سپرٹ سے ٹنکچر و ایکسٹریکٹ بھی تیار کئے جاتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک سے ۴ اونس۔ بھیڑ نصف سے ۱½ اونس کتّا ایک سے ۲ ڈرام پانی ملا کر دن میں کئی بار حسب ضرورت دیتے ہیں +

پروف سپرٹ

ترکیب۔ سپرٹ ریکٹی فائڈہ ۵ حصے۔ ڈسٹلڈ واٹر ۳ حصے۔ اس میں ۷۵ فیصدی الکوحال ہوتی ہے۔ اس سے بعض ٹنکچر تیار کئے جاتے ہیں۔

سٹاوے سیکر سیڈ

ڈلفی نیم سٹافی سیگیریا کے پختہ بیج دوامیں برتے جاتے ہیں۔ اس میں ایک قسم کا تیل اور کئی ایک جوہر ہوتے ہیں۔ ڈلفی نیم کے اثرات بہت سی باتوں میں ایکونے ٹین سے مشابہت رکھتے ہیں۔ اس کے جوہر کو سٹافی سیگیرین کہتے ہیں جس سے اعصاب حرکت مفلوج اور تنفس رک جاتا ہے۔ اس طرح پر یہ کیوریرا سے مشابہت رکھتا ہے۔

خواص۔ اس کے بیج چھوٹے چوڑے چپٹے ایک طرف محدب بھورے یا خاکی بھورے رنگ کے تقریباً بے بو اور تلخ ناگوار ذائقہ رکھتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ پراسٹی سائیڈ۔ طبابت حیوانات میں اس کو خاصکر جلدی کرموں کی ہلاکت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ ایک حصہ بیجوں کو ۲۰ یا ۳۰ حصے پانی میں دو گھنٹوں تک آگ پر پکا کر ڈیکاکشن بناتے ہیں۔ اس کو ٹھنڈا کر کے گھوڑوں کے جسم پر جوئیں اور لیکھیں مارنے کے لئے مالش کرتے ہیں اس کا مرہم جو مینج میں مفید ہے حسب ذیل ترکیب سے تیار کیا جاتا ہے۔ سفوف سٹاوے سیکر سیڈ ۴ حصے۔ بنزوایٹڈ لارڈ ۳۵ حصے۔ دونوں کو ملا کر واٹر باتھ پر دو گھنٹوں تک حرارت دیکر چھان لیتے ہیں۔ پھر اس میں ۴ حصے زرد موم پگھلا کر ڈ لتے ہیں۔ اس کے تیل میں ۱ سے ۱۲ حصے روغن زیتون ملا کر جلدی امراض میں مالش کرنے سے کرموں کے انڈے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ کتوں کے جسم پر اس کا مرہم یا لینی منٹ بہت احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے۔ بعض معالج اس کے تیل میں

زنک اکسایڈ۔ سلفر۔ بالسم آف پیرو۔ لینولین ملانے کی سفارش کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ چھوٹے کتوں کی ایگزیما اور مینج میں اس سے بہت فایدہ ہوتا ہے۔

سٹرکنائین

یہ کچلہ کا جوہر ہے۔ اس کے تیار کرنے کی ترکیب بہت پیچیدہ ہے

ترکیب۔ نکس وامیکا سیڈ ایک پونڈ۔ ایسی ٹیٹ آف لڈ ۲ ڈرام سلوشن آف امونیا۔ سپرٹ ریکٹی فایڈ و ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت۔

خواص۔ اس کی قلمیں بے رنگ۔ شفاف۔ ہشت گوشہ ہوتی ہیں۔ گاہے اس کا سفید قلمدار سفوف ہوتا ہے۔ بو کچھ نہیں ہوتی۔ ذائقہ نہایت تلخ۔ کھولتے ہوئے پانی میں کسی قدر اور الکوحال و کلورا فارم میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ نکس وامیکا کے بیان میں لکھا جا چکا ہے۔ خارجی طور پر سٹرکنائین نہایت قوی انٹی سپٹک ہے۔ لیکن تیز زہر ہونے کے باعث عملی طور پر بیکار ہے۔

خوراک سٹرکنائین۔ گھوڑا ½ سے ۱½ گرین۔ مویشی ایک سے ۳ گرین۔ بھیڑ ½ گرین۔ کتا ¹⁄₁₀₀ سے ¹⁄₂₀ گرین۔

بعض معالج مذکورہ بالا خوراکوں سے دُگنی خوراک کی سفارش کرتے ہیں لیکن اس کو زیادہ مقدار میں دینا خالی از خطرہ نہیں ہے۔ بولس بنا کر یا ایسی ٹک ایسڈ سلفیورک ایسڈ۔ ہائیڈرو کلورک ایسڈ کے ساتھ ترش کر کے بہت سا پانی ملا کر پلاتے ہیں۔

سبلائمڈ سلفر۔ فلاورز آف سلفر

خام سلفر کو جو کوہ آتش فشاں سے نکلتی ہے۔ تصعید کرنے سے سبلائمڈ سلفر تیار ہوتی ہے۔

خواص - باریک زرد رنگ کا سفوف ہے - بو خاص - ذائقہ خفیف ترش پانی میں حل نہیں ہوتی - بنزین ٹرپنٹاین آئیل اور دیگر بہت سے روغنوں اور کھولتے ہُوئے ایتھر و کلوروفارم میں بھی حل ہو جاتی ہے - اس کو ہوا میں جلانے سے نیلا شعلہ نکلتا ہے -

اثر و استعمال - زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ طبی خوراکوں میں آلٹریٹو لکسیٹو - خارجی استعمال میں پراسٹی سائیڈ اور ڈس انفکٹنٹ ہے -

جلدی امراض میں اس کو کھلاتے ہیں - آلٹریٹو پوڈر کا بڑا بھاری جزو ہے کتوں کو لکسیٹو فایدہ کے لئے اکثر امراض میں دیتے ہیں - مینج کی بیماری میں اسکا مرہم پوٹاسیم کاربونیٹ کے ساتھ ملا کر استعمال کرتے ہیں -

مندرجہ ذیل مرہم گھوڑوں کی مینج میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے - سلفر سب لایمیڈ ۲ حصے - پوٹاسیم کاربونیٹ ایک حصہ - آئیل آف ٹار ایک حصہ - لنسیڈ آئیل ۸ حصے - ماؤف حصہ کو گرم پانی اور صابن سے بخوبی صاف کر کے مذکورہ بالا مرکب لگا کر دو دن کے بعد گرم پانی سے صاف کرتے ہیں اور دوبارہ اسی طرح لگاتے ہیں - چھوٹے کتوں کی مینج میں نسخہ ذیل بہتر ہے - پریسی پی ٹیٹڈ سلفر ایک حصہ اکسائیڈ آف زنک ایک حصہ - ویسلین ۸ حصے -

گاہے سلفر کو جلا کر مکانوں کو ڈس انفکٹ بھی کرتے ہیں - ایسا کرنا ہو تو کسی چولھے میں کوئلے ڈال کر اس پر ایک لوہے کا برتن گندھک ڈال کر رکھدیں - اور مکان کے تمام دروازے اور کھڑکیاں بخوبی بند کر دیں -

خوراک بطور لکسیٹو - گھوڑا ۳ سے ۴ اونس - مویشی ۵ سے ۶ اونس - بھیڑ ½ سے ۲ اونس - کتا ۲ سے ۸ ڈرام -

خوراک بطور آلٹریٹو - گھوڑا ایک سے ½۱ اونس - مویشی ایک سے ۲ اونس بھیڑ ۴ سے ۶ ڈرام - کتا ½ سے ۲ ڈرام دانہ پر چھڑک دیتے ہیں یا گولی کھلاتے ہیں - گاہے گڑ و یل یا تیل میں ملا کر دیتے ہیں - خارجی استعمال میں اس کا مرہم - لینی منٹ

یا لوشن استعمال کرتے ہیں۔

ترکیب لوشن۔ پریسی پی ٹیٹڈ سلفر ½ اونس۔ گلسرین ۲ ڈرام۔ الکوحال ایک اونس۔ لائیم واٹر ۳ اونس۔ روز واٹر ۳ اونس۔ کتوں کے جلدی امراض میں استعمال کیا جاتا ہے۔

آیوڈائیڈ آف سلفر

ترکیب۔ آیوڈین ۴ اونس۔ سبلایمڈ سلفر ایک اونس۔

خواص۔ خاکی رنگ کی سیاہ قلمیں ہیں۔ جسم پر لگانے سے آیوڈین کی مانند زرد داغ پڑ جاتا ہے۔ پانی میں تو نہیں۔ لیکن ۶۰ حصے گلسرین میں حل ہو جاتا ہے

اثر و استعمال۔ خارجی طور پر سکیب۔ ارٹی کیریا اور دیگر جلدی امراض میں اور سست زخموں پر آئنیٹمنٹ آف سلفیورس آیوڈائیڈ کی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔

سیرپ آف ہائیڈریٹ آف کلورل

ترکیب۔ ہائیڈریٹ آف کلورل ۸۰ گرین۔ ڈسٹلڈ واٹر ½۱ ڈرام اس میں اس قدر شربت ملاویں کہ سب ملکر ایک اونس ہو جاوے۔ ایک ڈرام سیرپ میں ۱۰ گرین کلورل ہوتا ہے۔

خوراک۔ کتا۔ ۳۰ قطرے سے ۲ ڈرام۔

سیرپ آف پاپیز۔ شربت پوست

ترکیب۔ پوست کا سفوف ۳۶ اونس ۶ سپرٹ رکٹیفائیڈ ۱۶ اونس صاف چینی ۴ پونڈ۔ کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر حسب ضرورت۔

اثر و استعمال۔ سیڈیٹو۔ اینوڈاین۔ ہپناٹک۔

خوراک۔ کتا ۲ سے ۵ اونس +

سیرپ آف بکتھارن

ترکیب۔ بکتھارن کا رس ۴ پائینٹ۔ سفوف سونٹھ و پائی منٹو ۳/۴ اونس۔ صاف چینی ۵ پونڈ یا حسب ضرورت سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۱ اونس +

اثر و استعمال۔ ہلکا کتھارٹک ہے۔ کتوں کو کسٹر آئیل کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں +

خوراک۔ کتا ۱/۲ سے ایک اونس +

ٹوبیکو

تمباکو کے خشک پتے دوا میں کام آتے ہیں۔ اس کے درخت کو نکوٹے نیا ٹوبیکو کہتے ہیں۔ پتوں میں ۱ فیصدی نکوٹین ہوتا ہے +

خواص۔ اس کے پتے بڑے بڑے داغدار بھورے رنگ کے بیضوی یا لمبے ہوتے ہیں۔ بُو تیز آور۔ ذائقہ تلخ۔ اس میں لطیف روغن اور جوہر ہوتا ہے۔ جس کو نکوٹین کہتے ہیں۔ یہ بے رنگ لطیف روغن کی شکل کا اور نہایت سریع الاثر ہوتا ہے +

اثر و استعمال۔ زیادہ مقدار میں نارکاٹک زہر ہے۔ اس سے دماغ مفلوج اور حرام مغز میں تشنج ہونے لگتا ہے۔ طبی خوراکوں میں سڈیٹی مولنٹ۔ انیوڈائین اِنٹس یا زموڈک۔ انتھل منٹک۔ ایمے ٹک۔ کتھارٹک۔ موٹر ڈی پرسینٹ ہے۔ خارجی طور پر پراسٹی سائیڈ اور سٹرکنیا کے زہر کا انٹی ڈوٹ ہے +

کالک ٹمپے نائیٹس۔ ٹے ٹے نس۔ انٹیرائیٹس۔ پیریٹو نائیٹس اور گاہے آنتوں کے کرم مارنے کے لئے دیتے ہیں۔ خارجی طور پر اس کا جوشاندہ بنا کر جلد کی جوئیں اور لیکھیں مارنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مینج اور سکیب کی مرض میں

بھی اس سے فائدہ ہوتا ہے۔

تمباکو کا اثر بیلاڈونا۔ ہن بن اور دھتورے سے مشابہت رکھتا ہے۔ اس کو اندرونی طور پر بہت کم استعمال کرتے ہیں۔ تمباکو کا جوہر نیکوٹین نہایت سریع الاثر زہر ہے۔ ۵ یا ۶ قطروں سے گھوڑے اور ایک سے ۲ قطروں سے کتے مسموم ہو جاتے ہیں۔ مذکورہ بالا مقدار کے ۱/۲ حصے کی بھی اگر زیر جلد پچکاری کی جاوے تو خطرناک اثر کرتا ہے۔

خوراک پتوں کی۔ گھوڑا و مویشی ایک سے ۲ ڈرام۔ بھیڑ ۱۰ سے ۲۰ گرین۔ کتا ۵ سے ۱۰ گرین۔ اس کا ڈیکاکشن اور انفیوژن بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ گاہے کرم مارنے کے لئے انفیوژن کی مقعد میں پچکاری کرتے ہیں۔

ٹراکسیکم۔ ٹراکسی سائی ریڈکس

ٹراکسی کم افیسی نیل کی جڑ ہے مخروطی شکل کی گہرے بھورے رنگ کی ہوتی ہے۔ خشک ہونے پر آسانی سے ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی ہے۔ اس کے اوپر موٹا چھلکا ہوتا ہے۔ بو کچھ نہیں ہوتی۔ ذائقہ تلخ۔ اس کا ایکسٹریکٹ یا تازہ رس استعمال کرتے ہیں۔

اثر و استعمال۔ ہیپاٹک سٹی مولنٹ۔ بٹر سٹوماکک۔ لکسیٹو ہے۔ اسکو جنشن اور کلمبا کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اس سے صفرا کی پیدائش زیادہ ہوتی ہے۔ اس کا ایکسٹریکٹ لگدی بنانے میں بطور بدرقہ کام آتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ایک اونس۔ بھیڑ ۲ سے ۴ ڈرام۔ کتا ایک سے ۲ ڈرام۔

ٹیری بن تھینا کینے ڈنسس۔ کینیڈا بالسم۔ کنیڈا ٹرپن ٹائین

یہ ایک سیال رالدار روغن ہے جو بالسمیا درخت کے تنہ کو پاچھنے سے نکلتا ہے۔

خواص۔ زرد یا خفیف سبزی مایل شفاف لیسدار سیال ہے جس میں ٹرپن ٹائین کی بُو ہوتی ہے۔ ذائقہ تلخ و خفیف جلندار۔ ہوا میں رکھنے سے خشک ہو کر شفاف ڈلا بن جاتا ہے۔ الکوحال کلورا فارم اور بنزول میں حل ہوتا ہے۔
اثر و استعمال۔ فلکسیبل کلوڈیم تیار کرنے کے کام آتا ہے۔

ٹریکل۔ شیرہ

گاڑھا بھورے رنگ کا شربت ہے بہت میٹھا ہوتا ہے۔ اس کی قلمیں نہیں بن سکتیں۔
اثر و استعمال۔ لکسیٹو ہے۔ کیتھارٹک دوائیوں کا اثر تیز کرنے اور بدذائقہ دوائیوں کا ذائقہ بدلنے کے لئے بطور بدرقہ اس کو استعمال کرتے ہیں۔
خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک سے ۱½ پونڈ۔ بھیڑ ۲ سے ۴ اونس۔

تھایمول

ایک سدا بہار جھاڑی سے یہ جوہر اور ایک روغن جس کو آئل آف تھایمول کہتے ہیں نکلتا ہے۔
خواص۔ اس کی قلمیں شش پہلو تقریباً بیرنگ ہوتی ہیں۔ بُو و ذائقہ خوشگوار اور چرپرا ۱۲۰۰ حصے سرد پانی میں حل ہوتا ہے۔
اثر و استعمال۔ اس کا اثر کاربالک ایسڈ سے مشابہت رکھتا ہے۔ لیکن اس سے کم خراشندہ ہے۔ انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایافوریٹک ہے۔ لیکن ان مطالب کے لئے اسے شاذ و نادر استعمال کرتے ہیں۔ بچھیروں کی سٹرانگی لوسس میں چار یا پانچ دن تک دیگر بعد میں کوئی ملین دوائی دیتے ہیں۔ گاہے کرم مارنے کے لئے کتوں کو ½ سے ۲ گرین کھلاتے ہیں۔

ٹنکچر آف ایکونایٹ

یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ اوّل ویٹیرینری فارماکوپیا کا ٹنکچر۔ دوئم فلیمنگ صاحب کا ٹنکچر ایکونایٹ۔

ترکیب ٹنکچر ویٹیرینری فارماکوپیا۔ ایکونایٹ کا سفوف ۲½ اونس۔ الکوحال ایک پائینٹ۔

خوراک۔ گھوڑا ۲۰ سے ۵۰ قطرے۔ مویشی ۴۰ سے ۸۰ قطرے۔ بھیڑ ۸ سے ۱۰ قطرے۔ کتا ۳ سے ۱۰ قطرے۔

ترکیب فلیمنگ ٹنکچر ایکونایٹ۔ خشک ایکونایٹ کی جڑھ کا سفوف ۱۲ حصے۔ الکوحال ۲۰ حصے۔

خوراک۔ گھوڑا ۵ سے ۱۰ قطرے۔ مویشی ۱۰ قطرے۔ بھیڑ ۲ سے ۴ قطرے کتا ½ سے ۲ قطرے۔

اثر و استعمال۔ ایکونایٹ کے بیان میں لکھا جا چکا ہے۔

ٹنکچر آف ایلوز کمپونڈ۔ ٹنکچر ایلوز ایٹ مرہ

ترکیب۔ سفوف باربیڈوز ایلوز ۱۰ ڈرام۔ سفوف لکورس روٹ ۵ ڈرام سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۱۴ اونس۔ واٹر ۶ اونس۔

اثر و استعمال۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ۔ سپرین۔ بروز اور کرانک رماٹیزم میں مائوف حصوں پر لگاتے ہیں۔

ٹنکچر ارنیکا

ترکیب۔ ارنیکا کی جڑھ کا سفوف ایک اونس۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۲۰ اونس
اثر و استعمال۔ خارجی طور پر سٹی مولنٹ ہے۔ مزمن موچ و چوٹ

پر لگاتے ہیں۔

ٹنکچر کینے بس انڈیکا

ترکیب۔ ایکسٹریکٹ آف انڈین ہمپ ایک اونس۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۲۰ اونس۔

اثر و استعمال۔ ایکسٹریکٹ آف کینے بس انڈ یکا کے بیان میں دیکھو۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ اونس۔ مویشی ۲ اونس۔ کتا ۱۵ سے ۳۰ قطرے۔

ٹنکچر آف کنتھریڈس

ترکیب۔ سفوف کنتھریڈس ۲ ڈرام۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال کے لئے کنتھریڈس کا بیان دیکھو۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ۲ سے ۴ ڈرام۔ کتا ۵ سے ۱۰ قطرے۔

سٹرانگ ٹنکچر آف کنتھریڈیس

ترکیب۔ سفوف کنتھریڈیس ایک اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال۔ دیکھو بیان کنتھریڈس۔

ٹنکچر آف کارڈیم کمپونڈ

ترکیب۔ سفوف الائچی دانہ ۱/۴ اونس۔ سفوف زیرہ ۱/۴ اونس۔ کشمش بیج نکالا ہوا ۲ اونس۔ سفوف دارچینی ۱/۲ اونس۔ سفوف کوچ نیل ۶۰ گرین۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ کارمی نیٹو۔ انٹس پازموڈک۔ بدہضمی

نفخ شکم میں کتّوں کو دیگر ادویات کے ہمراہ ملا کر دیا کرتے ہیں۔ کمپونڈ ٹنکچر کلورا فارم بھی اس سے تیار کرتے ہیں۔
خوراک۔ گھوڑا ۲ سے ۴ اونس۔ بھیڑ ایک سے ۲ اونس۔ کتّا ایک سے ۳ ڈرام۔

ٹنکچر آف کمفر کمپونڈ

ترکیب۔ سفوف اوپیم ۴۰ گرین۔ بنزواک ایسڈ ۴۰ گرین۔ کمفر ۳۰ گرین آئیل آف اینسی ½ ڈرام۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ ایک ڈرام ٹنکچر میں ¼ گرین افیون ہوتی ہے۔
اثر و استعمال۔ کمفر کے بیان میں دیکھو۔
خوراک۔ کتّا ۲۰ سے ۶۰ قطرے۔

ٹنکچر کلورا فارم کمپونڈ

ترکیب۔ کلورا فارم ایک اونس۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۴ اونس۔ کمپونڈ ٹنکچر آف کارڈیم ۱۰ اونس۔
اثر و استعمال اور خوراک کے لئے سپرٹ کلورا فارم کو دیکھو۔

ٹنکچر آف یلوسنکونہ

ترکیب۔ سفوف یلوسنکونہ بارک ۴ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ
اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ سٹوماکک۔ ٹانک۔ انٹی پریاڈک۔
خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ اونس۔ مویشی ۲ سے ۴ اونس۔ بھیڑ ½ سے ایک اونس۔ کتّا ایک سے ۲ ڈرام۔

ٹنکچر آف کالچیکم سیڈز

ترکیب۔ کالچیکم کے بیجوں کا سفوف ۲½ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال۔ داخلی طور پر سیڈیٹو۔ اور خارجی استعمال میں اینوڈائین ہے۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ½ سے ۱½ اونس۔ بھیڑ ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ۱۵ سے ۳۰ قطرے۔

ٹنکچر ہملاک ٹنکچر کونایم

ترکیب۔ کونایم میکولیٹم کے پھل کا سفوف ۲½ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ۔

اس کا جوہر کونائین سخت زہر ہے۔ حیوانات کی طبابت میں اسے شاذونادر استعمال کرتے ہیں۔ سیڈیٹو اور ڈیپریسنٹ اثر کرتا ہے ٹینک ایسڈ گیلک ایسڈ یا ڈیکاکشن آف اوک بارک اس کے زہر میں دیتے ہیں۔ علاوہ ازیں سٹی مولنٹ ادویات مثلاً برانڈی۔ وسکی وغیرہ بھی استعمال کرتے ہیں۔ بعض لوگ ایٹروپین کی زیر جلد پچکاری کی سفارش کرتے ہیں۔ سابق میں کونایم کو ٹیٹنس اور تشنجی کھانسی میں دیا کرتے تھے۔ لیکن ان امراض میں یہ چنداں مفید ثابت نہ ہوئی۔ کہتے ہیں کہ حکیم سقراط کو اسی سے زہر دیا گیا تھا۔

خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک سے دو اونس۔ بھیڑ ۲ سے ۳ ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۳۰ قطرے۔

ٹنکچر کروٹن

ترکیب۔ کروٹن کے بیج کا سفوف ۱½ اونس۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ ایک پائینٹ

اثر و استعمال۔ داخلی طور پر کتھارٹک۔ خارجی روبی فی شنٹ۔ کاونٹر اری ٹنٹ۔

خوراک۔ گھوڑا ½ سے ایک اونس۔ مویشی نصف سے ۱½ اونس۔ بھیڑ ایک سے ۳ ڈرام۔ کتا ۲ سے ۵ قطرے۔

ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس

ترکیب۔ ڈیجی ٹیلس کے پتے ۲½ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال۔ ڈیجی ٹیلس کو دیکھو۔

خوراک۔ گھوڑا ۲ سے ۴ ڈرام۔ مویشی ۴ ڈرام۔ بھیڑ ۲۰ سے ۳۰ قطرے کتا ۲ سے ۱۰ قطرے۔

ٹنکچر آف ارگٹ

ترکیب۔ سفوف ارگٹ آف رائی ۵ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ

اثر و استعمال۔ ارگٹ کے بیان میں دیکھو۔

خوراک۔ گھوڑی و گائے ایک سے ۲ اونس۔ بھیڑی ایک سے ۲ ڈرام کتا ۲۰ سے ۶۰ قطرے۔

ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آئرن۔ ٹنکچر سٹیل

ترکیب۔ سٹرانگ سلوشن آف پرکلورائیڈ آف آئرن ۵ اونس۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۵ اونس۔ واٹر ۱۰ اونس۔

اثر و استعمال - اندرونی طور پر ہیماٹانک - اسٹرنجنٹ - خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ - سپٹک - کاسٹک - ہیمے چوریا - پوسٹ پارٹم ہمریج میں اسکے سلوشن کو گلسرین کے ساتھ دیتے ہیں - خارجی طور پر اس کے استعمال سے رنگ ورم میں بہت فایدہ ہوتا ہے۔

خوراک - گھوڑا و مویشی ½ سے ایک اونس - بھیڑ ۲ سے ۴ ڈرام - کتا ۵ سے ۱۵ بوند۔

ٹنکچر آف آیوڈین

ترکیب - آیوڈین ½ اونس - پوٹاسیم آیوڈائیڈ ½ اونس - سپرٹ ریکٹی فائیڈ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال - دیکھو بیان آیوڈین۔

خوراک - گھوڑا ۲ سے ۴ ڈرام - مویشی ۳ سے ۶ ڈرام - بھیڑ ایک سے ۲ ڈرام - کتا ۱۰ سے ۲۰ قطرے۔

ٹنکچر آف مرہ

ترکیب - سفوف مرہ ½ ۲ اونس - سپرٹ ریکٹی فائیڈ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال - ہلکا اسٹرنجنٹ و اکسائی ٹنٹ - بدبودار و سست زخموں پر لگاتے ہیں افتھا میں اس کے سلوشن سے غرارہ کراتے ہیں۔

ٹنکچر آف نکس وامیکا

ترکیب - سفوف نکس وامیکا ۲ اونس - سپرٹ ریکٹی فائیڈ ایک پائینٹ

اثر و استعمال - دیکھو بیان نکس وامیکا۔

خوراک - گھوڑا ۲ سے ۸ ڈرام - مویشی ۴ سے ۸ ڈرام - بھیڑ ایک سے

۱½ ڈرام۔ کتّا ۱۰ سے ۲۰ قطرے ۰

ٹنکچر آف اوپیم۔ لاڈنم

ترکیب۔ سفوف اوپیم ۱½ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ ۰
اثر و استعمال۔ دیکھو بیان اوپیم ۰
خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک سے ۲ اونس۔ بھیڑ ۲ سے ۶ ڈرام۔ کتّا ۱۵ سے ۳۰ قطرے ۰
اس سے انیما اوپیم اور لینی منٹ آف اوپیم تیار کرتے ہیں ۰

ٹنکچر پائی منٹو

ترکیب۔ پائی منٹو کا سفوف ۲½ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ ۰
اثر و استعمال۔ انٹس پازموڈک۔ کارمی نیٹو ۰
خوراک۔ گھوڑا ۲ سے ۴ اونس۔ مویشی ۳ سے ۶ اونس۔ بھیڑ ایک سے ۲ اونس۔ کتّا ایک سے ۲ ڈرام ۰

ٹنکچر صندل

ترکیب۔ صندل کی لکڑی کا سفوف ½ اونس۔ پروف سپرٹ ایک پائینٹ
ڈرافٹ کو رنگ دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۰

ٹنکچر بیلاڈونا

ترکیب۔ بیلاڈونا لیوز ایک حصّہ۔ پروف سپرٹ ۲۰ حصّے ۰
اثر و استعمال۔ دیکھو بیان بیلاڈونا ۰
خوراک۔ گھوڑا و مویشی ایک اونس۔ کتّا ۱۰ سے ۲۰ قطرے ۰

ٹنکچر آف جنجر

ترکیب۔ سفوف جنجر ۲ اونس۔ سپرٹ رکٹی فایڈ ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ۔ کارمی نیٹو۔ ایرومیٹک۔ اس کو بعض اوقات سپازماڈک کالک میں دیتے ہیں۔ ایلوز کے ساتھ معدہ کی اینٹھن روکنے کے لئے گھوڑوں کو اس کا سفوف دیا کرتے ہیں۔ اور مویشی کو جب سلفیٹ آف میگنیشیا دیا جاتا ہے تو مذکورہ بالا مطلب کے لئے سونٹھ کو بھی اس میں شامل کر دیتے ہیں۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۲ اونس۔ مویشی ۲ سے ۴ اونس۔ بھیڑ ۲ سے ۴ ڈرام۔ کتا ۲ سے ۶۰ قطرے۔

ٹینو فارم

اس کو فارملڈیہایڈ اور ٹینک ایسڈ سے تیار کرتے ہیں۔ اسٹرنجنٹ اور انٹی سپٹک ہے۔ اندرونی طور پر اس کو سخت ڈایئریا اور ڈیسنٹری میں دیتے ہیں۔ خارجی طور پر تنہا یا ایک سے ۴ حصے سٹارچ یا چاک ملا کر زخموں پر چھڑکتے ہیں۔ مرطوب ایگزیما میں بھی اس سے فایدہ ہوتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ایک سے ۳ ڈرام۔ بچھڑا ½ سے ایک ڈرام۔ کتا ۵ سے ۳۰ گرین۔

آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ

ترکیب۔ کاربالک ایسڈ ایک حصہ۔ سافٹ پیرافائین ۱۲ حصے۔ ہارڈ پیرافائین ۶ حصے۔

اثر و استعمال۔ گندے اور نا تندرست زخموں پر انٹی سپٹک و ڈس انفکٹنٹ فایدہ کے لئے لگاتے ہیں۔

کمپونڈ آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ

ترکیب - بنزوائیٹڈ لارڈ ۸ اونس - موم ۱½ اونس - آلیو آئیل ۱½ اونس کاربالک ایسڈ ۳ ڈرام - آئیل آف یوکلپٹس ۲ ڈرام - آیوڈوفارم ۳ ڈرام۔

چربی اور موم کو پگھلا کر دیگر ادویات ملا کر ہلاتے ہیں - جب تک کہ مرہم سرد ہو جاوے۔

اثر و استعمال - جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

آئینٹمنٹ آف ٹے نک ایسڈ

ترکیب - ٹے نک ایسڈ ایک حصہ - چربی ۹ حصے۔

اثر و استعمال - اسٹرنجنٹ - زخموں کا اخراج روکنے کے لئے استعمال کرتے ہیں - بعض اوقات درد رفع کرنے کو اس میں ½ سے ایک حصہ افیون ملا لیتے ہیں۔

آئینٹمنٹ آف ایکونائیٹ

ترکیب - ایکسٹریکٹ آف ایکونائیٹ ۲ اونس - چربی ۱۴ اونس۔

اثر و استعمال - اینوڈاین فایدہ کے لئے متورم جوڑوں پر لگاتے ہیں۔

کمپونڈ آئینٹمنٹ آف ایلم

ترکیب - سفوف ایلم ایک اونس - معمولی ٹرپن ٹائین ایک اونس - صاف چربی ۳ اونس۔

اثر و استعمال - اسٹرنجنٹ اور ڈائیجسٹو - گریس کی بیماری میں لگاتے ہیں۔

آئینٹمنٹ آف ٹارٹریٹڈ انٹی منی

ترکیب - سفوف انٹی منی ٹارٹ ایک اونس - صاف چربی ۲ اونس ۔
اثر و استعمال - امراض شُشِش میں کاونٹراری ٹنٹ فایدہ کے لئے سینہ پر اور مزمن امراض میں جوڑوں پر لگاتے ہیں ۔

آئینٹمنٹ آف نائیٹریٹ آف سلور

ترکیب - باریک سفوف سلور نائیٹریٹ ۵ سے ۱۰ گرین - صاف چربی ایک اونس ۔
اثر و استعمال - کرانک افتھلمیا میں نصف مٹر کے برابر آنکھ میں تین روز کے وقفہ سے لگاتے ہیں ۔

آئینٹمنٹ آف آرسنک

ترکیب - سفوف آرسینوز ایسڈ ۲۰ گرین - صاف چربی ایک اونس ۔
اثر و استعمال - وارٹس - اُونچے انگور اور ناسوروں پر کاسٹک فایدہ کے واسطے لگاتے ہیں ۔

آئینٹمنٹ آف کلوری نیٹڈ لائیم

ترکیب - کلوری نیٹڈ لائیم ایک اونس - چربی ۴ سے ۸ اونس ۔
اثر و استعمال - بدبودار گریس میں لگاتے ہیں ۔

آئینٹمنٹ آف کنتھریڈس بلسٹرنگ آئینٹمنٹ

ترکیب اوّل - سفوف کنتھریڈس ایک اونس - صاف چربی ۷ اونس ۔

ترکیب دوئم۔ کینتھرڈس ۲ اونس۔ الیو آئل ۲ اونس۔ لارڈ ۲ اونس۔ ۱۰ گھنٹے تک سٹیم باتھ پرسب کو گرم کرکے زرد موم ایک اونس۔ ٹرپن ٹائن ۲ اونس ملا کر رکھ لیں۔ اس کو زیادہ حرارت دینے سے کینتھرڈس کا جوہر اُڑ جاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اس کا ویسی کنٹ اثر رائی کے پلاسٹر کی نسبت کم گہرا ہوتا ہے۔ ترکیب اوّل کا مرہم لگانے سے ۳ سے ۱۲ گھنٹوں کے اندر آبلے پیدا ہوتے ہیں جو بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ اور ان کے پھوٹنے سے زرد رنگ کی رطوبت خارج ہوتی ہے۔ اگر بلسٹر نہایت تیز یا بار بار لگایا جاوے۔ تو جلد کے گہرے حصّہ میں سوزش اور پیپ پیدا ہو جاتی ہے۔ بعض حالات میں بلسٹر شدہ حصّہ مُردار ہو کر بال کی جڑھیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ جس سے ہمیشہ کے لئے ایک داغ رہ جاتا ہے۔ اگر یہ مرہم وسیع حصّہ پر لگایا جاوے تو آلات پیشاب میں خراش اور سوزش ہونے لگتی ہے۔ اس لئے اس کے استعمال میں احتیاط درکار ہے۔ گردوں کے امراض میں اس کا بلسٹر نہیں لگانا چاہیئے۔

آئینٹمنٹ آف کریازوٹ

ترکیب۔ کریازوٹ ایک اونس۔ صاف چربی ۸ اونس۔

آئینٹمنٹ آف سب الیسی ٹیٹ آف کاپر۔ وِرڈیگرس

ترکیب۔ سفوف سب الیسی ٹیٹ آف کاپر ایک اونس۔ معمولی ٹرپن ٹاین ایک اونس۔ صاف چربی ۱۲ اونس۔ اس کے استعمال سے زخموں کا اخراج رُک جاتا ہے۔

آئینٹمنٹ آف گالس

ترکیب۔ سفوف مازو ایک اونس۔ چربی ۴ اونس۔

زخموں سے اخراج روکنے کے لئے لگاتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف مرکری۔ بلیو آینٹمنٹ

ترکیب۔ مرکری ایک پونڈ۔ خوک کی چربی ایک پونڈ۔ بھیڑ کی چربی ایک اونس۔ پارہ کو چربی میں اس طرح ملادیں کہ پارہ کے ذرات نہ دکھائی دیں۔

اثر و استعمال۔ بینچ۔ سکیب اور دیگر جلدی امراض میں جن میں چھلکے اترتے ہوں۔ اور انڈولنٹ السر یا زخموں پر لگاتے ہیں۔ بڑھے ہوئے غدود پر جاذب فایدہ کے لئے اس کی مالش کرتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف امونی ایٹڈ مرکری

ترکیب۔ امونی ایٹڈ مرکری ایک اونس۔ سمپل آینٹمنٹ ۹ اونس۔

آینٹمنٹ آف ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری

ترکیب۔ سفوف ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری ایک اونس۔ صاف چربی ۱۶ اونس مذکورہ بالا مرہم بہت تیز ہوتا ہے۔ گرم موسم میں اس کا استعمال نامناسب ہے۔ اس میں ۴ یا ۸ حصے چربی ایزاد کر کے استعمال کرنا چاہیئے۔ طبابت حیوانات میں اکثر بن آیوڈائیڈ آف مرکری کا مرہم ہڈی کے بڑھاؤ۔ مزمن موچ یا برسا کے مزمن ورم پر کاونٹرازی ٹنٹ۔ لوکل ابسار بنٹ اور آلٹریٹو اثر کے لئے لگاتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف نائٹریٹ آف مرکری۔ سٹرن آینٹمنٹ

ترکیب۔ مرکری بحساب وزن ۴ اونس۔ نائٹرک ایسڈ ۱۲ اونس۔ صاف چربی ۱۵ اونس۔ آلیو آئل ۳۲ اونس۔ یہ نارنجی رنگ کا زرد مرہم ہے۔ گریس۔

زنگ ورم اور دیگر جلدی امراض میں سٹی مولنٹ اور ڈیٹرجنٹ و پرا سٹی سائیڈ فائدہ کے لئے لگاتے ہیں - سٹرن آئینٹمنٹ - چربی - روغن زیتون و سادہ تیل کو مساوی مقدار میں ملا کر نارسل فتھلمیا - گرینولرلڈس - کرانک ایگزیما - سورائیسس اور پٹی ری ایسس میں لگاتے ہیں ۔

آئینٹمنٹ آف آیوڈین

ترکیب - آیوڈین ایک اونس - صاف چربی ۸ اونس - سپرٹ ریکٹی فائیڈ یا گلیسرین ایک ڈرام ۔

اثر و استعمال - سٹی مولنٹ - ریزالونٹ ۔

کمپونڈ آئینٹمنٹ آف آیوڈین

ترکیب - آیوڈین ۴ ڈرام - آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم ۴ ڈرام - گلیسرین ۱۲ ڈرام صاف چربی ۱۰ اونس ۔

آئینٹمنٹ آف مایلا برس

ترکیب - سفوف مایلا برس ایک اونس - صاف چربی ۶ اونس ۔

اثر و استعمال - مثل کنتھرڈیس آئینٹمنٹ کے ہے - لیکن اس میں ڈایوریٹک اثر نہیں ہوتا ۔

آئینٹمنٹ آف ٹار

ترکیب - معمولی ٹار - ریزن اور صاف چربی کو مساوی مقدار میں ملا لیں ۔

اثر و استعمال - خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ - روبی فی شنٹ - اینٹی سپٹک

پراسٹی سائیڈ ہے۔ جلدی امراض میں اور خشک سم پر لگاتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف سلفیوریٹ آف پوٹاش

ترکیب۔ سفوف سلفیوریٹڈ پوٹاش ایک اونس۔ صاف چربی ۸ اونس جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف ریزن

ترکیب۔ سفوف ریزن ۸ اونس۔ زرد موم ۸ اونس۔ آلیو آئیل ۸ اونس چربی ۶ اونس۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ ہے۔ زخموں پر اخراج کو روکنے اور دیگر مرہموں کا قوام سخت کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف سیون

ترکیب۔ سیون کی کونپلوں کا سفوف ایک اونس۔ صاف چربی ۲ اونس۔

اثر و استعمال۔ کاونٹر اری ٹنٹ ہے۔ بلسٹر شدہ مقاموں پر خراش کی زیادتی رفع کرنے اور وارٹس کو دور کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف سلفر

ترکیب اوّل۔ سلفر سب لائمڈ ایک اونس۔ صاف چربی ۴ اونس۔
ترکیب دیگر۔ پرسیپی ٹیٹڈ سلفر ایک حصّہ۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ایک حصّہ۔ لینولین یا چربی ۸ حصّے۔

اثر و استعمال۔ سب لائمڈ سلفر کی نسبت پرسیپی ٹیٹڈ سلفر زیادہ مؤثر ہوتی ہے۔ لینی منٹ اور آینٹمنٹ بنانے کے واسطے پرسیپی ٹیٹڈ سلفر

بہتر خیال کی جاتی ہے۔ اس کا مرہم لگانے سے جلد کی بالائی سطح میں تحریک پیدا ہوتی ہے اور چھلکے جلدی بننے لگتے ہیں۔ اس کے ساتھ اگر پوٹاسیم کاربونیٹ ملا کر مرہم بنایا جاوے تو اثر تیز ہو جاتا ہے۔ ہر قسم کے جانوروں کی مینج میں پراسٹی سایڈ فایدہ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ اس سے کمپونڈ لینی منٹ آف ٹار بھی تیار کرتے ہیں۔

کمپونڈ آینٹمنٹ آف سلفر

ترکیب۔ سب لائیمڈ سلفر ایک پونڈ۔ آئیل آف ٹرپن ٹاین ۴ اونس۔ مرکری آینٹمنٹ ۲ اونس۔ لنسیڈ آئیل ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال۔ بھیڑوں کی خارش رفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف آیوڈائیڈ آف سلفر

ترکیب۔ آیوڈائیڈ آف سلفر ۵ حصے۔ ہارڈ پیرا فاین ۱۸ حصے سافٹ پیرا فائین ۵۵ حصے۔

اثر و استعمال۔ پراسٹی سایڈ ہے جلدی امراض میں لگاتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف ٹرپن ٹاین۔ ڈائجسٹو آینٹمنٹ

ترکیب۔ آئیل آف ٹرپن ٹاین ایک حصہ۔ سفوف ریزن ایک حصہ۔ زرد موم ½ حصہ صاف چربی ۲ حصے۔

اثر و استعمال۔ سٹی مولنٹ اثر کے لئے زخموں پر لگاتے ہیں۔

آینٹمنٹ آف کاربونیٹ یا اکسائیڈ آف زنک یا ہیبنگ آینٹمنٹ

ترکیب۔ کاربونیٹ یا اکسائیڈ آف زنک ایک اونس۔ چربی ۶ اونس +
اثر واستعمال۔ ڈیسی کنٹ و ہلکا اسٹرنجنٹ ہے۔ زخموں پر لگاتے ہیں +

کلورین گیس

ترکیب۔ کھانے کا نمک ½ ۲ اونس۔ بلیک اکسائیڈ آف مینگنیز ۲ اونس۔ سلفیورک ایسڈ ½ ۲ اونس۔ پانی ۵ اونس ملاکر گرم کرنے سے کلورین گیس پیدا ہوتی ہے +

خواص۔ بھاری سبزی مائل۔ زرد رنگ کی گیس ہے۔ جس میں خاص قسم کی بو ہوتی ہے۔ نباتی رنگوں کو ضائع کر دیتی ہے +

اثر واستعمال۔ انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورنٹ۔ ڈس انفکٹنٹ ہے۔ سونگھنے سے آلات تنفس میں خراش پیدا کرتی ہے۔ ڈس انفکٹنٹ فایدہ کے لئے طبابت حیوانات میں اسے شاذونادر استعمال کرتے ہیں۔ البتہ اصطبل و گاؤ خانوں کو گاہے اس سے ڈس انفکٹ کیا جاتا ہے۔ اگر کسی مکان کو ڈس انفکٹ کرنا ہو تو اس کو خالی کر کے تمام سامان گیس پیدا کرنے کا اس میں رکھ کر دروازہ بند کر دیں اگر کسی جانور کو اس کا بھوپارہ دینا ہو تو جانور کے ہمراہ سائیس کو مکان میں اسوقت تک رکھیں جب تک کہ سائیس کی ناک میں کلورین سے خراش پیدا ہو۔ اس کے بعد سائیس اور بھوپارہ دینے کا سامان نکال کر جانور کو اصطبل میں بند کر دیں +
ہائیڈروسیانک ایسڈ اور سلفیوریٹڈ ہائیڈروجن گیس کے زہر میں اس کو بطور انٹی ڈوٹ استعمال کرتے ہیں +

انٹی ڈوٹ۔ ایمونیا۔ ایتھر۔ الکوحال یا گرم پانی کے بخارات سنگھانے سے کھانسی اور دیگر علامات خراش رفع ہو جاتی ہیں +

وایٹ ہیلی بور

ویراٹرم ورڈی کی گانٹھیں اور جڑھ کی شاخیں دوا میں استعمال کرتے ہیں۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک وایٹ دوسرا بلیک ہیلی بور۔

خواص۔ اس کی گانٹھیں یا جڑھیں ۲ سے ۳ انچ لمبی اور تقریباً چھوٹی اُنگلی کے برابر موٹی ہوتی ہیں۔ ان کا بیرونی حصہ سیاہ بھورا۔ چھلکے دار اور اندرونی خاکی ہوتا ہے۔ تازہ جڑھ سے ناگوار بُو آتی ہے۔ جو خشک ہونے پر رفع ہوجاتی ہے۔ ذائقہ تلخ۔

اثر واستعمال۔ دونوں قسم کے ہیلی بور کا اثر ایک دُوسرے سے ملتا جُلتا ہے لیکن سفید زیادہ تیز ہوتا ہے۔ ان میں علاوہ دیگر اجزار کے ایک جوہر ویراٹرین بھی پایا جاتا ہے۔ دونوں کا اثر کسی حد تک ایکونایٹ کی مانند ہوتا ہے زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں ایسے ٹک سیڈیٹو اور انتھل منٹک۔ خارجی استعمال میں پراسٹی سایڈ۔ چونکہ ہر دو قسم کے ہیلے بور کا استعمال خطرناک اور ناقابل اعتبار ہے اس لئے طبابت حیوانات میں ان کا استعمال اب متروک ہے سابق میں ان کو حادہ سوزشی امراض میں سیڈیٹو فایدہ کے لئے استعمال کرتے تھے۔

وایٹ ہیلی بور پے ٹنٹ پوڈر کا ایک جزو ہے۔ جو گھوڑوں کے کرانک کف میں ایکونایٹ۔ آرسنک اور ٹارٹرایمے ٹک کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔

خوراک۔ گھوڑا ۱۰ سے ۳۰ گرین۔

اس کی گولی یا ٹنکچر دیا کرتے ہیں۔ خارجی طور پر جڑھ کا سفوف بشکل مرہم استعمال کرتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ۔ ڈیمل سنٹ اور سٹی مولنٹ ادویات۔ درد رفع کرنے کو مارفیا کی زیر جلد پچکاری کریں۔ ٹے نین۔ ٹے نک ایسڈ کا انفیوژن پلادیں۔

اس سے ایک ناحل ہونے والا مرکب بن جاتا ہے۔

وائن آف آئرن

ترکیب۔ باریک لوہے کا تار ایک اونس۔ شیری شراب ایک پائینٹ۔

اثر و استعمال۔ ٹانک۔ اسٹرنجنٹ۔

خوراک۔ ۱/۲ تا ایک سے ۴ ڈرام۔ دن میں دو تین مرتبہ پانی میں ملا کر پلاتے ہیں۔

ایسی ٹیٹ آف زنک۔ زنک ایسی ٹیٹ

ترکیب۔ کاربونیٹ آف زنک ۲ اونس۔ ایسیٹک ایسڈ ۵ اونس ڈسٹلڈ واٹر ۶ اونس۔

خواص۔ اس کی قلمیں نرم سفید ہوتی ہیں جن میں موتی کی طرح چمک۔ بو خفیف سرکہ کی اور قابض دھاتی ذائقہ ہوتا ہے۔ ہوا میں رکھنے سے رفتہ رفتہ بھربھرا ہو جاتا ہے اور ترشی بھی کسی قدر کم ہو جاتی ہے۔ تقریباً ۲ ۱/۲ حصے پانی اور ۳۶ حصے الکوحال میں حل ہوتا ہے۔

اثر و استعمال۔ خارجی طور پر اسٹرنجنٹ اور ڈیسی کنٹ ہے آیوڈو فارم کے ساتھ ملا کر گھوڑوں کی کریکڈ ہیلز پر زخم کا اخراج روکنے کے لئے اکثر استعمال کرتے ہیں۔ خارجی سوزش اور گھوڑوں کی متورم ٹانگوں پر اس کا لوشن ۲۵ سے ۵۰ گرین فی اونس کے حساب سے بنا کر لگاتے ہیں۔

کاربونیٹ آف زنک

ترکیب۔ سلفیٹ آف زنک ۱۰ اونس۔ کاربونیٹ آف سوڈا ۱۰ ۱/۲ اونس پانی حسب ضرورت۔

خواص۔ سفید۔ بے ذائقہ سفوف ہے۔ پانی میں حل نہیں ہوتا لیکن ڈایلوٹ نائیٹرک ایسڈ میں حل ہوجاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اندرونی استعمال میں اسٹرنجنٹ اور نروٹانک ہے۔ لیکن اس مطلب کے لئے اسے شاذ و نادر استعمال کرتے ہیں۔ خارجی طور پر اسٹرنجنٹ وڈیسی کنٹ ہے۔ مرطوب ایگزیما میں اکثر اس کا سفوف چھڑکتے ہیں۔ گاہے مرہم بھی بنا کر لگاتے ہیں۔ اس سے آینٹمنٹ آف زنک کاربونیٹ۔ زنک اکسائیڈ اور زنک ایسی ٹیٹ تیار کرتے ہیں۔

کلورائیڈ آف زنک۔ بٹر آف زنک

ترکیب۔ گرینولیٹڈ زنک ۱۶ اونس۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ ۴۴ اونس۔ سلوشن آف کلورین حسب ضرورت۔ کاربونیٹ آف زنک ½ اونس یا حسب ضرورت۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک پائینٹ۔

خواص۔ بے رنگ۔ کثیف بتیاں یا ڈلے ہوتے ہیں۔ بو کچھ نہیں ہوتی ذائقہ تیز۔ پانی کو جذب کر لیتا ہے۔ پانی و الکوحال میں حل ہوجاتا ہے۔

اثر و استعمال۔ اری ٹنٹ و کروسیو ہونے کے باعث اس کو اندرونی طور پر استعمال نہیں کرتے۔ خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ۔ تیز کاسٹک سٹی مولنٹ انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورایزر۔ ڈس انفکٹنٹ۔ پراسٹی سائڈ ہے۔ بھیڑوں کے فٹ راٹ فسچولا۔ سائینس۔ وارٹس۔ کوینڈر اور خراب قسم کے زخموں پر لگاتے ہیں۔ سلوشن آف کلورائیڈ آف زنک بنا کر زخموں پر اسٹرنجنٹ انٹی سپٹک اور سٹی مولنٹ فائدہ کے لئے لگاتے ہیں۔ گندے مکان کو ڈس انفکٹ کرنے کے لئے گاہے اس کا سلوشن استعمال کرتے ہیں۔ اس سے لیکھیں۔ جوئیں اور مکھیاں بھی تلف ہوجاتی ہیں۔ ملگننٹ گروتھ کا بڑھاؤ روکنے کے لئے اس کا تیز سلوشن استعمال کیا جاتا ہے۔

ترکیب سلوشن آف کلورائیڈ آف زنک - ایک پونڈ زنک گرینولیٹیڈ کو ۴۴ اونس ہائیڈروکلورک ایسڈ اور ۲۰ اونس ڈسٹلڈ واٹر میں جوش دیکر چھان لیں۔ اِس عرق میں اس وقت تک کلورین ملاویں جب تک کلورین کی بُو قائم نہ ہوجاوے بعدازاں اس میں کاربونیٹ آف زنک ملاویں تاکہ فولاد کی کثافت کو کلورین دُور کردے - اب اس عرق کو اس قدر گرم کریں کہ ۴۰ اونس باقی رہ جاوے - اس عرق کو بدبو رفع کرنے کے لئے کام میں لاتے ہیں +

اکسائیڈ آف زنک

ترکیب - کاربونیٹ آف زنک کو گرم کرنے سے تیار ہوتا ہے +

خواص - بے بو بے ذائقہ سفید سفوف ہے - پانی و الکوحال میں حل نہیں ہوتا

اثرو استعمال - اندرونی طور پر اسٹرنجنٹ اور نروائن ٹانک ہے - لیکن ٹانک فایدہ کے لئے اسے شاذونادر استعمال کرتے ہیں - خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ وڈیسی کنٹ ہے - عموماً ایگزیما کی بیماری میں اس کا سفوف یا مرہم لگاتے ہیں گھوڑوں کے کریکڈ ہیلز میں اس کو آیوڈوفارم کے ہمراہ ملاکر لگانے سے فایدہ ہوتا ہے - کتوں کے کان کے کنکر میں بھی یہ کارآمد ہے - کتوں کی مرطوب جلدی ایگزیما میں ایک حصّہ زنک اکسائیڈ اور ۶ یا ۸ حصّے لینولین ملا کر لگانے سے ہلکا اسٹرنجنٹ اثر پیدا ہوتا ہے +

سلفیٹ آف زنک - وایٹ وٹریول

ترکیب - گرینولیٹیڈ زنک ۱۶ اونس - ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ ۱۲ اونس ڈسٹلڈ واٹر ۴ پائنٹ - سلوشن آف کلورین حسب ضرورت - کاربونیٹ آف زنک ½ اونس یا حسب ضرورت +

خواص - بے رنگ بے بو - شفاف چوگوشہ قلمیں ہوتی ہیں - ذائقہ

قابض دھاتی - پانی وگلسرین میں حل ہوجاتا ہے - لڈ ایسی ٹیٹ - سلور نائیٹریٹ - لائم واٹر الکلیز اور کاربونیٹ - نباتی جوشاندے خیساندے اور دودھ اس کی ضد ہیں - اس کی قلمیں اپسم سالٹ سے مشابہت رکھتی ہیں +

اثر و استعمال - زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے - طبی خوراکوں میں اسٹرنجنٹ - نرو ٹانک - ایسے ٹک خارجی استعمال میں سٹی مولنٹ و اسٹرنجنٹ ہے +

نرو ٹانک اور اسٹرنجنٹ فائدہ کے لئے اس کو اندرونی طور پر بہت کم استعمال کرتے ہیں - کتوں کو قے لانے کے لئے ۱۰ سے ۳۰ گرین کی مقدار میں ۲ اونس پانی میں ملا کر پلاتے ہیں آلات تولید و پیشاب کے غیر معمولی اخراج مثلاً لیوکوریا میں اس کا سلوشن بنا کر پچکاری کرنے سے رطوبت کا اخراج موقوف ہوجاتا ہے - گاہے سائینس اور فسچولا میں اس کے سیچوریٹڈ سلوشن کی پچکاری کرتے ہیں - سلفیٹ آف زنک ۲ ڈرام - ایسی ٹیٹ آف لڈ ایک اونس - پانی ۲ پائینٹ ملا کر وایٹ لوشن بناتے ہیں +

خوراک بطور ٹانک و اسٹرنجنٹ - گھوڑا نصف سے ایک ڈرام - مویشی ایک سے ۲ ڈرام - بھیڑ ۱۰ سے ۱۵ گرین - کتا ۱ سے ۳ گرین +

کتا ایمی ٹک - ۱۰ سے ۳۰ گرین - دو اونس پانی میں حل کرکے پلا دیں - خارجی طور پر اس کا سفوف چھڑکتے ہیں - ۵ گرین ایک اونس پانی میں لوشن بنا کر زخموں کو دھوتے ہیں - سمپل افتھلمیا میں ایک سے ۲ گرین فی اونس کا لوشن آنکھ میں ڈالتے ہیں - انسانوں کے سوزاک میں ایک سے ۵ گرین فی اونس کا لوشن بنا کر یورتھرا میں پچکاری کرتے ہیں +

گرینولیٹڈ زنک

کسی برتن میں دو گیلن ٹھنڈا پانی ڈال کر اس میں تجارتی زنک کو پگھلا کر ڈال دیتے ہیں - پانی کو نتھار کر زنک کو خشک کر لیتے ہیں - اس سے مندرجہ

ذیل مرکبات تیار کرتے ہیں +

زنک کلورائیڈ۔ سلوشن آف زنک کلورائیڈ۔ زنک سلفاس +

جنجر۔ سونٹھ

اس کے پودے کو زنجیبر آفیسی نیل کہتے ہیں۔ اس کی گانٹھیں خشک کر کے طبابت میں استعمال کرتے ہیں۔ خشک کو دیسی لوگ سونٹھ اور تر کو ادرک کہتے ہیں۔ اس میں ایک جوہر جنجرین۔ اور ایک لطیف روغن ہوتا ہے +

خواص۔ اس کی گانٹھیں چپٹی گرہ دار ٹیڑھی ترچھی ۲ سے ۴ انچ تک لمبی۔ باہر کی طرف زردی مائل سفید دھاری دار اور ریشہ دار ہوتی ہیں۔ توڑنے پر آٹے کی مانند برادہ نکلتا ہے۔ بُو تیز خوشگوار ذائقہ چرپرا +

اثر و استعمال۔ ایرومیٹک۔ سٹی مولنٹ۔ کارمی نیٹو۔ سٹوماکک ٹانک اور کسی قدر اری ٹنٹ ہے۔ اس کو اکثر مسہلات کی خراش رفع کرنے کو دیتے ہیں۔ اس سے معدہ و آنتوں میں اینٹھن نہیں ہوتی۔ اس کا ٹنکچر گھوڑوں کو سپاز ماٹوک کالک میں اور کتوں کو بدہضمی یا نفخ شکم میں دیگر ادویات کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں +

خوراک۔ گھوڑا ۲ ڈرام سے ایک اونس۔ مویشی ایک سے ۲ اونس۔ بھیڑ ایک سے ۲ ڈرام۔ کتا ۱۰ سے ۲۰ گرین۔ اس سے ٹنکچر جنجر۔ ایلوزماس اور سیرپ ریمینائی تیار کرتے ہیں۔ کتوں کو پرگیٹو گولی میں جنجرین دیتے ہیں +

فہرست ادویات معہ اثرات

ایڈہیزو یعنی چپکنے والی ادویات - ان دوائیوں کے استعمال سے زخم کے کنارے باہم ملجاتے ہیں - مثلاً کلوڈیم - فلکسیبل کلوڈیم - پیچ پلاسٹر +

آلٹریٹو یعنی مصفی خون ادویات - مرکبات آرسنک - ڈایلوٹ ہائیڈرو کلورک ایسڈ - ڈایلوٹ نائیٹرو ہائیڈرو کلورک ایسڈ - مرکبات انٹی منی - سلور نائیٹریٹ - مرکبات آیوڈین - مرکبات مرکری - کاڈ لور آئیل - مرکبات سلفر - مرکبات سوڈا +

انس تھیٹک - ایتھر - کلورا فارم - کوکین - سرد پانی وبرف +

اینوڈاین یعنی دافع درد - مرکبات ایتھر - ایکونائیٹ - کلورا فارم - اوپیم - بیلاڈونا - کمفر - ہایوسایمس - کلورل ہائیڈریٹ +

انٹاسڈ - یعنی کھاری دوائیاں جو ایسڈ کے خلاف عمل کرتی ہیں - مثلاً مرکبات امونیا - لائیم - سوڈا - میگنیشیا - پوٹاش +

انٹی ایمی ٹک - قئے روکنے والی ادویات - مثلاً کاربالک ایسڈ - ہائیڈروسیانک ایسڈ بسمتھ سب نائیٹراس - کریا زوٹ - میگنیشیا - میگنیشیم کاربونیٹ +

انتھل منٹک - ورمیسائیڈ - ورمی فیوج - یعنی ادویات کرم کش - ایلوز - اریکانٹ - کمبوج - کسو - ایتھر - کواشیا - سوڈیم کلورائیڈ - ٹرپن ٹائین آئیل - میلفرن - کمیلا - سنٹونین - سلفیٹ آف آئرن +

انٹی ڈوٹ یعنی فادزہر - مختلف زہروں کے انٹی ڈوٹ جدا جدا ہوتے ہیں - عام طور پر ڈیمل سنٹ ادویات - سرد پانی کا چھینٹا دینا اور مصنوعی تنفس قائیم کرنا +

انٹی لیتھکس یا لیتھن ٹرپٹک - یعنی پتھری کو حل کرنے والی ادویات مثلاً ڈایلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ - ڈایلوٹ نائیٹرک ایسڈ - ڈایلوٹ نائیٹرو ہائیڈروکلورک ایسڈ

انٹی پیراسایٹک یعنی کرم کش ادویات - مثلاً آرسنک - کاربالک ایسڈ سلفیورس ایسڈ کے بخار - ڈیکاکشن آف ٹوبیکو - سلفر سلور آیوڈائڈ - آینٹمنٹ آف امیونی ایٹڈ مرکری - سلفر اینٹمنٹ - آینٹمنٹ آف آیوڈائڈ آف سلفر - لایکوار کیلسیم کلوری نیٹا +

انٹی پیریاڈک - مرکبات آرسنک - سنکونا - کونین - سوڈیم سلی سلیٹ +

انٹی فلوجسٹک - یعنی سوزش کو کم کرنے والی ادویات - دیکھو بیان سیڈیٹو +

انٹی سپٹک - کاربالک ایسڈ - کریازوٹ - پرکلورائڈ آف مرکری - سوڈیم کلورائڈ - زنک کلورائڈ - زنک سلفاس - مرکبات آرسنک +

انٹس پازموڈک - ایتھر - اسافیٹڈا - مرکبات بیلاڈونا - کلورافارم - ٹرپن ٹائن - ہایوسایمس - ایمونیا - اوپیم - ٹوبیکو +

اپیری انٹ - یعنی ملینات - دیکھو بیان لکسیٹو ادویات +

ایرومیٹک - یعنی خوشبودار ادویات مثلاً آئل آف پیپرمنٹ ٹنکچر جنجر - سپرٹ کلورافارم - سپرٹ ایتھر نایٹروسائی - آئل آف اینی سی - ٹنکچر کارڈیم آئل آف کلوز +

اسٹرنجنٹ - ان سے رطوبات بدنی کی پیدایش موقوف ہوجاتی ہے مثلاً تمام ایسڈ - مرکبات لڈ - آیرن - کاپر ایلم - لایم - کاینو - زنک - اوپیم - گال - کیٹی کو - کلوروڈین - کریازوٹ - سرد پانی - برف - مرہ +

کارمی نیٹو - یعنی دافع ریح - انیسی - کوری اینڈر یعنی دھنیا - سپرٹ کلورافارم - مرکبات ایمونیا - اسافیٹڈا - سڈوا - پیپر - کیریوے فروٹ - فینوگریک جنجر - سپرٹ ایتھر نایٹروسائی - پانی منٹ +

کیتھارٹک یا پرگیٹو - ان ادویات سے آنتوں کی رطوبات زیادہ ہوکر حرکت کرمی تیز ہوجاتی ہے - دیکھو بیان لکسیٹو ادویات +

کاسٹک - سکیراٹک - کروسو - یعنی جسمانی ساختوں کو گلا دینے والی ادویات
گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ - آرسینوز ایسڈ - کاربالک ایسڈ - ہائڈروکلورک ایسڈ -
سلفیورک ایسڈ - ڈرائڈ ایلم - سلور نائیٹریٹ - لائم - کریا زوٹ - سلفیٹ آف کاپر
ریڈ آیوڈائڈ آف مرکری - ریڈ اکسائڈ آف مرکری - پرکلورائڈ آف مرکری -
لائکوار ایمونیا فورٹ - لائکوار انٹی منی کلورائڈ - سٹرانگ سلوشن آف پرکلورائڈ آف آئرن
سلوشن کلورائڈ آف زنک - کاسٹک سوڈا - کاسٹک پوٹاش - کمپونڈ ٹنکچر
آف آیوڈین ۔

کولے گاگ - ایلوز - سب کلورائڈ آف مرکری - مرکری وتھ چاک -
ریزن آف پوڈافائلم ۔

ڈی البسٹروانٹ - یعنی روک وسدہ کو جسم سے خارج کرنے والی
ادویات مثلاً گمبوج - آیوڈین - سلفیٹ آف میگنیشیا - پوٹاسیم آیوڈائڈ ۔

ڈیوڈورائیزر - دیکھو انٹی سپٹک ۔

ڈیسی کنٹ - زخم کے پیپ دار اخراج کو خشک کرنے والی دوائیاں
مثلاً مرکبات کیلسیم - کیٹیکو - کاربونیٹ آف میگنیشیا - مرکبات لڈ - زنک اکسائڈ
آینٹمنٹ آف سلفیوریٹ آف پوٹاش ۔

ڈایافوریٹک یاسیوڈاریفک - ایمونیا - کاربونیٹ آف ایمونیا - ایسی ٹیٹ
آف ایمونیا - سائیٹریٹ آف ایمونیا - مرکبات اوپیم - مختلف قسم کی سپرٹس
ایتھر - کلوروفارم - سلفر - کیمفر - سائیٹریٹ آف پوٹاش - انٹی مونیل پوڈر -
اکسائڈ آف انٹی منی - ٹارٹرایمیٹک - ایپی کیکوانہ ۔

ڈس انفکٹنٹ - بدبو کو زائل کرنے والی دوائیاں مثلاً مگ ڈوگلس پوڈر
کانڈیز فلوائڈ - کلوریٹ آف پوٹاش - کلورین - آیوڈین - پرمنگنیٹ آف پوٹاش
لکڑی کا کوئلہ - کلوری نیٹڈ لائم - کاربالک ایسڈ - نائیٹرک ایسڈ - سلفیورک ایسڈ
زنک کلورائڈ ۔

ڈایوریٹک - پیشاب آور ادویات - مثلاً نائیٹریٹ آف پوٹاشس - کالچکیم کے بیج وگانسٹھ ڈیجی ٹیلس کے مرکبات - لائکوار امونیا ایسی ٹاس ٹرپن ٹائین آئیل - برگنڈی پچ - مرکبات پوٹاش - ریزن - ایسی ٹیٹ آف سوڈا - بائی کاربونیٹ آف سوڈا - سپرٹ نائیٹرس ایتھر - میگنیشیا سلفاس۔

ڈراسٹک پرگیٹو - جلاپ - کروٹن آئیل - ٹرپن ٹائین آئیل یکتھارن کارس - کینیڈا ٹرپن ٹائین۔

اکبالاک - ارگٹ سیون - کنتھریڈس۔

ایمیٹک - انٹی منی ٹارٹ - سلفیٹ آف کاپر - اپیکاک - زنک ایسی ٹیٹ زنک سلفیٹ - کھانے کا نمک۔

ایمولی انٹ - گم اکیشیا - چربی - مکھن - گھی - تیل - البومن - سٹارچ موم - کلوڈیم - فلکسیبل کلوڈیم - گلیسرین۔

اپس پسٹک یا ویسی کنٹ - ایسیٹم کنتھریڈس - گلیشل ایسی ٹک ایسڈ کنتھیریڈس - کروٹن لینی منٹ - میلابرس - کنتھریڈس آئینٹمنٹ۔

فیبرلفیوج - انٹی فائیبرین - انٹی پائیرین - فینا سے ٹین - اور ڈایا فورٹک وڈایوریٹک ادویات۔

ہیماٹانک - یعنی خون کو بڑھانے والی دوائیاں مثلاً مرکبات فولاد۔

لکسیٹو - یعنی ملینات - ایلوز - جلاپ - مرکبات میگنیشیا - لنسیڈ آئیل آلیو آئیل - کسٹر آئیل - سلفیٹ آف پوٹاش - یکتھارن جوس - روبرب - سلفیٹ آف سوڈا سلفر سبلائیمڈ - ٹریکل۔

ہپ ناٹک - نارکاٹک - نیند آور - مثلاً کلورا فارم - اوپیم۔

نیوٹری ایٹو - یعنی جسم کی پرورش کرنے والی دوائیاں - مثلاً لنسیڈ آئیل کاڈلور آئیل - آلیو آئیل - چربی۔

پسچیولنٹ - انٹی منی ٹارٹریٹ - سلور نائیٹریٹ - کروٹن آئیل۔

ریفریجیرنٹ - یعنی دَوران خون کو کم کرنے اور پیاس بجھانے والی دوائیاں - مثلاً ایسیٹم - ڈایلوٹ ہائیڈرو کلورک ایسڈ - ڈایلوٹ نائیٹرک ایسڈ ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ - ایمونیم کلورائیڈ - کلوریٹ آف پوٹاش - نائیٹریٹ آف پوٹاش لائکوار ایمونیا ایسی ٹاس - سپرٹ نائیٹرس ایتھر۔

روبی فی شنٹ - یعنی جلد کو سُرخ اور خراش کرنے والی ادویات - مثلاً ایسیٹم کنتھیرائیڈس - مسٹرڈ پولٹس - بن آیوڈائیڈ آف مرکری - آیوڈین - لائکوار ایمونیا - ایمونیا لینی منٹ - کمپونڈ لینی منٹ آف ایمونیا - کمپونڈ کمفر لینی منٹ - ٹرپن ٹاین آئیل۔

سیڈیٹو - انٹی فلوجسٹک - یعنی عصبی طاقت کو پست کرنے والی دوائیاں - مثلاً کاربالک ایسڈ - ہائیڈروسیانک ایسڈ - مرکبات ایکونایٹ - سب کلورائیڈ آف مرکری - ہایوسائمس - ایپی کیکوانہ - سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ - مرکبات انٹی منی - بیلاڈونہ - کمفر - کالچیکم - کریازوٹ - ڈیجی ٹیلس - اوپیم - ایتھر - سپرٹ۔

سایلوگاگ - انٹی منی ٹارٹریٹ - سب کلورائیڈ آف مرکری - مرکری ودچاک - آیوڈین - پوٹاسیم آیوڈائیڈ - مسٹرڈ - جنجر - تمباکو کے بخارات۔

سٹی مولنٹ - اکسائی ٹنٹ - یعنی عصبی طاقت کو تیز کرنے والی دوائیاں - مثلاً مرکبات ایمونیا - تمام قسم کی شرابیں - کلورافارم - ایتھر - اسافیٹیڈا - کمفر - نکس وامیکا - کنتھیرائیڈس - کارڈیمم - پائی منٹو - مرکبات سنکونا - جنشن - جنجر۔

سٹپٹک - ہماسٹے ٹک - یعنی جریان خون کو موقوف کرنے والی دوائیاں - مثلاً ڈایلوٹ ایسی ٹک ایسڈ - کاربالک ایسڈ - مرکبات لڈ - مرہ - اوک بارک - ایلم - گیلک و سلفیورک ایسڈ - سلفیٹ آف کاپر - ارگٹ - مرکبات فولاد - گال - سلوشن آف لائیم - کیٹے کو - ہماسٹے ٹک کلوڈیم - مرکبات زنک

سرد پانی وبرف ◆

ٹانک - ہائیڈروکلورک ایسڈ ڈائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ ایلوز - نائیٹریٹ آف سلور - سنکونا - کونین - آیوڈین - مرکبات فولاد سوڈیم کلورائیڈ - روبرب روٹ - ٹنکچر کنتھریڈس سلفیٹ آف کاپر جنشن نکس وامیکا سلفیٹ آف زنک - ایسی ٹیٹ آف زنک ◆

ٹرومیٹک - یعنی زخموں پر لگانیوالی دوائیاں - کلوڈیم - مرہم - ریزن - کمپونڈ ٹنکچر آف ایلوز - ٹرپن ٹائین آئنٹمنٹ - زنک اکسائیڈ ◆

ضمیمۂ اوّل

نقشۂ سمیات حیوانات

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
سمیات معدنی			
سلفیورک ایسڈ نائیٹرک ایسڈ ہائیڈرو کلورک ایسڈ	ان چیزوں کا اثر دو طرح پر ہوتا ہے ۔ **اوّل** ۔ جسم کے جس مقام سے گذرتی ہیں اُسکو جلادیتی ہیں ۔ **دوم** ۔ جب پانی کے مل جانے سے انکی تیزی کسی قدر کم ہوجاتی ہے تو جن پردوں پر یہ لگتی ہیں وہ پہلے تو موٹے ہوجاتے ہیں ۔ اور بعد میں	آلہ اسٹمک پمپ کے ذریعہ معدہ میں پانی بھردیں تاکہ زہر رقیق ہوجائے ۔ کھریا مٹی ۔ میگنیشیا یا صابن پانی میں گھول کر پلادیں تاکہ انکی ترشی زائل ہوجاوے اگر ان میں سے کوئی بھی میسر نہ ہو ۔ تو دیوار کے چونہ کا پلاسٹر کھرچ کر پانی میں گھول کر پلادیں ۔ اس سے بھی ترش اثر زائل ہوجاتا ہے ۔ کھار دواؤنکی کاربونیٹ	لاش کے امتحان سے حلق اور گلا چھلا ہوا ۔ معدہ ہوا سے پُر اور اُسکا میوکس پردہ چھلا ہوا اور جابجا زخمی ہوگا ۔ بعض دفعہ یہ زخم اس قدر گہرے ہوتے ہیں کہ معدہ چھد بھی جاتا ہے معدہ اور کل امعاء میں شدید اور وسیع انفلامیشن کے آثار پائے جاتے ہیں بڑی رگوں میں خون جما ہوا اور چھوٹی میں گاڑھا

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	اُدھڑ بھی جاتے ہیں ان کے پینے سے جانور بےچین ہو کر ہاتھ پاؤں مارنے لگتا ہے اور بیکل ہو جاتا ہے مُنہ سے لیسدار یا بدبودار تھوک بہنے لگتا ہے۔ اور تمام مُنہ سُرخ ہو جاتا ہے۔ اسافیگس کے اُدھڑ جانے سے جانور نگل نہیں سکتا۔ بار بار ڈکار آتے ہیں۔ معدہ سے آنتوں تک شدید انفلامیشن ہو جاتا ہے اور کل علامات سخت قسم کے قولنج کی پیدا ہو جاتی ہیں۔ دبانے سے شکم میں درد ہوتا ہے۔ پیچش ہوتی ہے مریض بار بار لید کرنا چاہتا ہے اور لید کے بعد آؤں اور لہو خارج ہوتا ہے نبض کمزور درجہ چھوٹی ہے جانور کمزور ہو کر نڈھال	جیسے کاربونیٹ آف سوڈا یا کاربونیٹ آف پوٹاش نہ پلا دیں۔ کیونکہ ان سے مُنہ کی راہ کاربانک ایسڈ گیس کثرت سے خارج ہو گی۔ ضرورت ہو تو نصد لیں تاکہ انفلامیشن پیدا نہ ہونے پاوے افیون اور لعابدار چیزیں۔ جیسے السی کا جوشاندہ۔ دودھ۔ چاول کی کانجی وغیرہ کثرت سے پلا دیں زہر کی علامات رفع ہونیکے بعد اگر کمزوری ہو تو نباتی مقویات کا استعمال کریں اور غذا مقوی اور سریع الہضم دیں ؛	ہوگا لیکن جب یہ تیزاب پانی میں ملا کر تھوڑی تھوڑی مقدار میں پلائے جاتے ہیں تو علامات مذکورہ بالا پیدا نہیں ہوتیں۔ بلکہ اس صورت میں معدہ کا میوکس پردہ موٹا ہو کر سُکڑ جاتا ہے اور تھوڑا بہت ادھڑ بھی جاتا ہے۔ یہی حال آنتوں کی میوکس ممبرین کا ہو جاتا ہے ؛

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
کاسٹک پوٹاش سوڈا اور عرق امونیہ	ہو جاتا ہے۔ پسینہ سے نہا جاتا ہے بدن سرد ہو جاتا ہے نہایت تکلیف کے بعد جانور تلف ہو جاتا ہے تیز الکلی دوائیں جیسے پوٹاش اور سوڈا اور انکے کاربونیٹ بھی تیز زہر ہیں ۔ **بشرح صدر**	سرکہ بہت جلد پتلا کرکے دینا چاہیئے۔ دودھ چاول کی کانجی وغیرہ بشرح صدر۔	**بشرح صدر**
سنکھیا ہرتال	پنجاب میں حسب ذیل ترکیب سے مویشی کو زہر دیکر مار ڈالتے ہیں بھٹے میں خول کرکے سنکھیا کے ٹکڑے بھر دیتے ہیں اور جانور کے سامنے رکھدیتے ہیں بیچارہ لالچ کے مارے	صرف پانی یا چونہ کا پانی کثرت سے پلادیں۔ فصد نہ لیں کیونکہ اس سے زہر جلد تر جذب ہو جاتا ہے سلفیٹ آف آئرن (ہیر اکسیس) کے عرق (امونیا اور قدرے	معدہ اور گاہے آنتوں میں شدید انفلامیشن کے آثار پائے جاتے ہیں خاصکر معدہ کا میوکس پردہ جا بجا موٹا اور بعض دفعہ زخمی بھی ہو جاتا ہے بعض اوقات

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	کھا کر مر جاتا ہے۔ گا ہے سنکھیا کو آٹے میں کھلا دیتے ہیں ۔ **علامات**۔ معدہ میں سخت درد ہوتا ہے جانور نہایت بیچین ہو کر اُٹھتا بیٹھتا ہے۔ پیٹ پھُول جاتا ہے اور کراہنے لگتا ہے لید یا گوبر بلغم و خون آمیز اور بدبودار ہوتی ہے نبض سریع اور اسقدر مزد ہو جاتی ہے کہ جبڑے پر محسوس ہی نہیں ہوتی۔ دم نہایت تکلیف سے لیا جاتا ہے۔ بدن سرد پسینہ سے نہا جاتا ہے اطراف سرد معدہ میں سخت درد۔ جانور بار بار قے کرنا چاہتا ہے۔ چہرہ فکرمند اور نہایت تکلیف زدہ ہو جاتا ہے۔ مُنہ گرم اور کثرت سے بدبودار تھوک جاری ہونے لگتا ہے۔ درد کے سبب ہذیان ہونے لگتا ہے اور اس کے بعد جانور تلف ہو جاتا ہے ۔	نُیٹرک ایسڈ ملا کر ہائیڈ ریٹڈ۔ پیر اکسایڈ آف آیرن کا منجمد حاصل کریں اور اسکو دس دس منٹ کے بعد بار بار گرم پانی ملا کر پلاتے رہیں تاکہ کیمیائی ترکیب سے آر سی۔ سی۔ فی ایٹ آف آیرن بن جاوے جسکو تیز جلابوں کے ذریعہ خارج کر سکتے ہیں کھریا مٹی اور انڈوں کی سفیدی ہڈی کا کوئیلہ اور میگنیشیا بھی مفید ہے گھی دودھ اور السی کا تیل بھی فائدہ مند ہے۔ مگر کہتے کو پہلے قے کرانی چاہیئے۔ زہر کی علامتوں کے رفع ہونے کے بعد انفلامیشن ہو جاوے تو اسکا علاج معمولی طور پر کریں اور کمزوری کے لئے غذا مقوی دیں ۔	اُس پر سنکھیا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بھی ہوتے ہیں شُشش جگر اور گردوں میں اجتماع خون پایا جاتا ہے ہوا کی نالیوں کا پردہ بھی سُرخ ہوتا ہے۔ آنکھ کا پردہ۔ کن جنکٹائی وا۔ نہایت سُرخ ہوتا ہے تمام جسم کا خون پتلا اور دل پر جا بجا خون کے دھبے پائے جاتے ہیں ۔

نام زہر	عِلامات	عِلاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
ہائیڈرارجیرائی پرکلورائیڈ یعنی کروسیو سبلی میٹ	اس کے زہر کی علامتیں مثل معدنی تیزابوں کے ہوتی ہیں اِلّا اس سے دست بار بار اور نہایت بدبودار آتے ہیں۔ چونکہ یہ دوائی جلد حل ہوجاتی ہے اس لئے اس کا اثر نہایت جلد اور تیز ہوتا ہے۔ کیلومل کی زیادہ مقدار سے انتڑیوں کے میوکس پردہ میں انفلامیشن ہوتا ہے اور پیچش کے ساتھ سیاہ رنگ کے بدبودار اور خون آمیز دست آتے ہیں۔	پانی میں گھول کر انڈوں کی سفیدی یا آٹا گھول کر یا صرف دودھ کثرت سے پلادیں جست کا برادہ لوہا چون اور السی کا جوشاندہ بھی فائدہ کرتا ہے۔ ٹے نک ایسڈ ہڈیوں کا کوئلہ اور آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم بھی اس کے ضاد ہیں۔ اگر منہ آجاوے تو جانور کو کھلی ہوا میں رکھیں نمکین جلاب اور غذا مقوی دیں۔	مثل سنکھیا کے۔ یعنی معدہ اور آنتوں کے میوکس پردہ میں شدید انفلامیشن کے آثار۔ معدہ کا پردہ چھلا ہوا اور زخمی۔ بعض دفعہ اُس کے نیچے خون بھی بہا ہوا ہوتا ہے۔
ٹارٹار امیٹک	معدہ میں شدت کی جلن غثیان اور ابکائیاں آتی ہیں پسینہ بکثرت درد اور ہوا کے ساتھ دست بار بار آتے ہیں پیشاب بھی زیادہ آتا ہے۔ قلب پہلے شدت سے حرکت کرتا ہے۔ اس کے بعد سست ہوجاتا ہے۔ یہاں تک کہ حرکت محسوس نہیں ہوتی۔ بدن سرد۔ تکلیف۔ تنفس	کتھا مازو سینکونہ بارک یا کیکر کی چھال کا سفوف یا جوشاندہ پلادیں اس کے بعد السی کا تیل یا جوشاندہ پینے کو دیں۔ درد موقوف کرنے کے لئے افیون کا استعمال کریں۔	معدہ میں شدید انفلامیشن کے آثار اور اسکا میوکس پردہ جابجا چھلا ہوا اور سُرخ۔ آنتیں سُرخ اور دبیز اور اُن میں بلغم بکثرت۔ شش خون سے پُر۔ چونکہ یہ زہر خون میں جذب ہوجاتا ہے اس واسطے تمام جسم میں انفلامیشن کے آثار پائے جاتے ہیں۔

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
تانبے کے مرکبات سلفیٹ آف کاپر سب ایسی ٹیٹ آف کاپر	نہایت بےچینی۔ تشنج اور موت۔ جب یہ چیز عرصہ تک بار بار کھلائی جاتی ہے۔ تو جانور کمزور ہو جاتا ہے اور بدن کے بال جھڑنے لگتے ہیں۔ کتوں میں شدت سے قے اور کمزوری ہوتی ہے ❖ جب یہ مرکبات زیادہ مقدار میں کھلائے جاتے ہیں تو معدہ اور رودوں میں نہایت خراش اور قولنج کا سا درد اور دست آتے ہیں۔ کتوں کو جب بغیر قلعی کئے ہوئے تانبے کے برتن میں چکنی چیزیں کھلائی جاتی ہیں تو زہر کی علامتیں پیدا ہوتی ہیں۔ جانور کو شدت سے قئے ہونے لگتی ہے۔ معدنی تانبا جہاں گلا کر نکالا جاتا ہے وہاں کے کارخانوں کے قرب و جوار کے گھوڑوں اور مویشی کے جوڑوں میں بیماری ہو جاتی ہے۔ یعنی جوڑ پھول جاتے اور	فیرو سائی نائیڈ آف پوٹاسیم کا عرق یا صابن پانی میں گھول کر پلادیں انڈوں کی سفیدی۔ دودھ اور لوہا چون بھی مفید ہے۔ انکو پلا کر السی کا تیل یا کسٹر ئیل کا جلاب دیں۔ شیر گرم پانی میں کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر خوب پلادیں درد اور بےچینی رفع کرنے کے لئے افیون دیں۔ السی کا جوشاندہ یا کانجی پلادیں۔ جوڑوں کی بیماری کے ابتدا میں ٹرد کار سے پانی نکال کر گدی اور بینڈیج سے دبادیں جانور کو کسی اور جگہ لیجا کر رکھیں ❖	معدہ میں انفلامیشن کے آثار پائے جاتے ہیں معدہ اور رودوں کا میوکس پردہ سرخ اور جا بجا چھلا ہوا ہوتا ہے ❖

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	آخر کو جھڑ جاتے ہیں۔ مسوڑوں پر زخم اور دانت ہلنے لگتے ہیں۔ گھاس پات کے سبب سے یا ہوا میں تانبے کے بخارات کے جمع ہونے کے باعث تانبے کے ذرات دانتوں کے کناروں پر جمع ہو جاتے ہیں ◆		
سیسہ کے مرکبات شوگر آف لڈ کاربونیٹ آف لڈ وغیرہ	شدت کا تشنج ایک عجیب قسم کی کھانسی۔ جسم سرد۔ لرزہ۔ شدت کا قبض پیرالے سس یعنی فالج۔ نیلی لکیر مسوڑوں پر۔ مویشی میں پہلے کھانسی کا ہوکا ہو جاتا ہے بعد ازاں قبض اور شدت کا درد مع تکلیف تنفس۔ کھانسی۔ لاغری۔ کمزوری اور بیہوشی ◆	اپسم سالٹ اور جمالگوٹہ کا تیل پلا دیں۔ درد اور خراش رفع کرنے کے لئے افیون کھلا دیں۔ آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم اور فاسفیٹ آف سوڈا بھی مفید ہے ◆	معدہ اور آنتوں کا میوکس پردہ بعض دفعہ سیاہی مائل آنتوں کا منفذ تنگ اور میوکس پردہ سکڑ جاتا ہے۔ فضلہ سیاہ رنگ کا خارج ہوتا ہے ◆
نائیٹر یعنے قلمی شورہ	کمال بے چینی۔ قولنج کا درد۔ نبض کمزور سریع اور بیقاعدہ۔ تکلیف تنفس۔ دہن گرم۔ ناک اور آنکھ سرخ۔ پیشاب کی کثرت۔ اجابت بار بار مقدار	کانجی یا السی کا جوشاندہ خوب پلا دیں السی یا رنڈی کے تیل کا جلاب دیں۔ گرم کمبل شکم اور کمر پر لپیٹ دیں۔ افیون کی پچکاری کریں ضرورت ہو تو فصد لیں	معدہ میں سخت انفلامیشن کے آثار اور میوکس پردہ پر جا بجا خون کے دھبے پائے جاتے ہیں ◆

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	زہر کی بہت زیادہ ہو تو شکم میں شدت کا درد۔ دم لینے میں زیادہ تکلیف نبض سریع تر۔ اطراف سرد۔ اور جانور نہایت نڈھال ہو جاتا ہے ؃	پیروں پر مالش کر کے پٹیاں باندھدیں ؃	
سمیات نباتی			
افیون	کُتّے کو ایک سے ۲ ڈرام افیون کھلانے سے دوران خون تیز ہو جاتا ہے۔ جی متلاتا ہے جانور چلتے وقت لڑکھڑاتا ہے دست دیا جھٹکا کھانے لگتے ہیں۔ تشنج کے ہونے سے مریض بیہوش ہو جاتا ہے ؃	آلہ اسٹمک پمپ اور ایمٹک دوا سے زہر کو خارج کریں چھاتی پر رائی کی پلٹس لگا دیں۔ سر اور گردن پر آب سرد چھڑکیں تار بجلی اور ترکیب مصنوعی سے تنفس کو قائم کریں اسٹرکنیا کی پچکاری اور بلاڈونہ بھی مفید ہے جانور نڈھال ہو جائے تو مفرحات کا استعمال کریں ؃	معدہ اور آنتوں میں انفلامیشن سُشش اور دماغ خون سے پُر۔ دماغ کے بطون میں بعض دفعہ آب خون اس زہر میں لاش جلدی گل جاتی ہے ؃
بیلاڈونہ	پتّوں کا سفوف ۴ سے ۶ اونس تک کھانے سے ۴ سے ۸ گھنٹہ کے اندر گھوڑا سُست ہو جاتا ہے	آلۂ اسٹمک پمپ اور مقئی ادویات سے زہر کو خارج کریں چونہ کا پانی پلا دیں کیلیے باربن کی پچکاری مفید ہے	جانور دل کی کمزوری کے باعث مرتا ہے۔ خون پتلا رہتا ہے دل کے بطون خالی اور خوب سکڑے

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	پُتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ دہن گرم۔ اشتہا مفقود۔ نبض کمزور تکلیف تنفس۔ بعض وقعہ درد شکم۔ گاہے پچھلے پاؤں بے حرکت ہوجاتے ہیں۔ مویشی میں جڑھ کا سفوف ۲ سے ۴ اونس تک شدت کی علامتیں پیدا کرتا ہے کتوں میں ۳ سے ۵ گرین سے زہر کی علامتیں پیدا ہو جاتی ہیں +	کمزوری اور تکلیف تنفس کے لئے امونیا کھلاویں اور سنگھاویں۔ مدرات کا استعمال کریں تاکہ زہر جسم سے خارج ہو جائے +	ہُوئے شش۔ جگر۔ گُردے اور دماغ میں خون کا اجتماع نہیں پایا جاتا +
ہائیڈرو سیانک ایسڈ	سر گھومتا ہے۔ بیہوشی طاری ہوتی ہے۔ تکلیف تنفس۔ نتھنے پھیل جاتے ہیں۔ نبض سریع اور کمزور ہاتھ پاؤں ڈھیلے اور جانور نہایت نڈھال ہوجاتا ہے تشنج۔ جسم سرد۔ پسینہ سے معرق۔ ۴ سے ۹۰ بوند تک پینے سے کتوں اور بلیوں کا سر گھومتا ہے۔ مُنہ آجاتا ہے اور بیہوشی طاری ہو کر جانور مر جاتا ہے +	عرق امونیا پلاویں اور سنگھاویں۔ کلورین ہوا۔ اور کلورل ہائیڈریٹ بھی مفید ہے۔ تھوڑے عرصہ بعد سر اور گردن پر آب سرد چھڑکیں جوگلر دین سے خون لیں۔ ۳۰ گرین کاربونیٹ آف سوڈا ایک اونس پانی میں حل کر کے پلاویں بعد ازاں ۳۰ گرین سلفیٹ آف آئرن اور ایک ڈرام ٹنکچر آف اسٹیل۔ ایک اونس پانی میں ملاکر فوراً پلاویں +	معدہ اور آنتوں میں خفیف انفلامیشن۔ شش خون سے پُر۔ دل کے خانے اور وریدیں سیاہ خون سے پُر +

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
نکسوامیکا یعنی کچلا۔	نبض سریع۔ تکلیف تنفس۔ تشنج مثل ٹے ٹے نس ہاتھ پاؤں کمزور۔ پسینہ بکثرت۔ بیہوشی اور موت +	آلہ اسٹمک پمپ اور ایمیٹک ادویات سے زہر کو خارج کرکے ہڈیوں کا کوئیلہ کھلاویں بروما ئیڈ آف پوٹاسیم اور ٹے نک ایسڈ اور ٹنکچر آف آیوڈین بھی مفید ہے بعد ازاں تماکو کے پتوں کا انفیوژن پلادیں۔ کیلیے باربین اور کلورل ہائیڈریٹ بھی مفید ہے +	جسم کی وریدیں خون سے پُر۔ دل اور دماغ میں احتماع خون +
جمالگوٹہ کا بیج اور تیل	آنتوں میں سخت انفلامیشن۔ درد اور پیچش کے ساتھ دست بکثرت۔ شکم میں شدت کا درد کثرت سے پسینہ کمال ضعف +	لعابدار چیزیں کثرت سے پلادیں۔ قابضات جیسے کتھا۔ افیون اور کھریا مٹی کھلادیں۔ بعض دفعہ فصد سے فائدہ ہوتا ہے۔ شکم پر تکمید کریں +	آنتوں میں سخت انفلامیشن بشش خون سے پُر +
ڈیجے ٹیلس	ضعف۔ درد شکم۔ جسم سرد۔ نبض سریع اور نہایت کمزور +	مصبر اور السی کے تیل کا جلاب دیں۔ لعابدار عرقیات اور امونیا وغیرہ مفرحات دیں +	ایسی نہیں پائی جاتیں۔ کہ جن پر اعتماد کیا جاوے +
کالچیکم	جب یہ دوا زیادہ کھائی جاتی ہے تو معدہ میں خراش اور دست آنے لگتے ہیں دل کی حرکت سُست ہوجاتی ہے دم جلد جلد اور تکلیف سے لیا جاتا	تیل اور نمک کا جلاب دیں۔ تاکہ زہر خارج ہوجائے لعابدار عرق خوب طرح پلادیں۔ بے چینی کے لئے افیون اور کافور دیں +	معدہ اور کل آنتوں میں انفلامیشن کے آثار پائے جاتے ہیں۔ آنتیں ہوا سے پُر۔ شش میں احتماع خون۔ دل اور اس کے غلاف میں انفلامیشن۔

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	ہے۔ بدن سرد پسینہ سے معرق اور چہرہ فکر مند ہوتا ہے ۔		کے آثار ۔
ہے۔لی۔بور	اُبکائیاں نبض سریع۔ آنتوں میں خراش۔ اگر دست آجاویں تو آفاقہ ہوجاتا ہے اور علامتوں میں تخفیف ہوجاتی ہے۔ بدن سرد پسینہ سے معرق ہوجاتا ہے منہ سے رال بہتی ہے۔ عام جسم خاصکر دست و پا د برف کے طور پر سرد۔ بعد ازاں آنتوں میں انفلامیشن ہوکر جانور مرجاتا ہے ۔	لعابدار عرق کُھلے دل سے پلاویں۔ خاصکر دُودھ خوب پلاویں۔ السی کے تیل کا جلاب دیں۔ جب جانور روبصحت لادے تو مقویات سے اسکی طاقت کو قائیم رکھیں ۔	معدہ اور آنتوں میں انفلامیشن کے آثار۔ دل ڈھیلا اور پیلا۔ شُش خون سے پُر ۔
تمباکو	نبض کمزور۔ جی متلاتا۔ سر گھومتا۔ اور بیہوشی طاری ہوتی ہے۔ بعض دفعہ جوش کی علامتیں پیدا ہوتی ہیں۔ پسینہ بکثرت۔ تکلیف تنفس جانور کانپتا ہے ۔	تیز جلاب سے زہر کو خارج کریں۔ ایمونیا۔ خمر اور لعابدار عرقیات کا خوب استعمال کریں ۔	ایسی نہیں پائی جاتیں کہ جن پر اعتماد کیا جاسکے ۔

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
دہتورا ہم لاک	مثل بلاڈونہ کے جی متلاتا۔ اطراف کے عضلے پھڑکنے لگتے ہیں اور کمزور ہوکر مفلوج ہوجاتے ہیں جسم سرد پسینہ سے معرق ہوجاتا ہے۔ پتلیاں پھیل جاتی ہیں اور جانور سست ہوجاتا ہے۔ مویشی زہر کو کھاکر ایسے گرپڑتے ہیں کہ گویا ان میں جان ہی نہ تھی۔ نبض نہایت کمزور اور آہستہ چلتی ہے اطراف سرد ہوجاتے ہیں ۔	مثل بلاڈونہ کے سر پر آب سرد ڈالیں۔ ایمونیا کی ہوا سنگھاویں اسٹی مولنٹ پچکاریاں کریں اور احتیاط سے اسٹی مولنٹ دوا پلادیں ۔	مثل بلاڈونہ کے ایسی نہیں پائی جاتیں کہ جن پر اعتماد کیا جاسکے ۔
ایکونائیٹ یعنی میٹھا تیلیا	نبض اور تنفس کی تعداد کم ہوجاتی ہے۔ کثرت سے رال بہتی ہے۔ بھوک زائل۔ تھوڑا آہستہ جی متلاتا ہے۔ گھوڑا شدت سے کانپتا ہے اپنے آپ کھڑا نہیں رہ سکتا۔ قدرے تشنج ہوتا ہے۔ منہ سے کف جاری ہوتا ہے۔ پسینہ بکثرت۔ ابکائیاں آنے لگتی ہیں۔ بہ نسبت گھوڑوں	حیوانی کوئلہ باریک سفوف کرکے پانی میں گھول کر پلادیں بعد میں ایسے ٹانک دوا یا اسٹمک پمپ کا استعمال کریں بعد ازاں فوراً ٹینک ایسڈ کا استعمال کریں اسٹی مولنٹ دوائیں پلادیں تھوڑا سا خون جو گردن سے لیں۔ تاکہ شش میں اجتماع خون کا نہ ہونے پاوے ۔	پھیپھڑوں میں خون کے دھبے پائے جاتے ہیں ۔

نام زہر	علامات	علاج	صورت حال تشریحی بعد وفات
	اور کتوں کے اس زہر کا اثر مویشی پر دیر سے اور ہلکا ہوتا ہے ؛		
		سمّیات حیوانی	
کنتھیریڈس یعنی تیلنی مکھی	زیادہ کھائی جاوے تو کمال بے چینی ہوتی ہے۔ معدہ آنتوں اور اعضائے بول میں شدت کا انفلامیشن بعض دفعہ تشنج اور بیہوشی۔ پیشاب بار بار نہایت جلن کے ساتھ اور خون آمیز آتا ہے۔ شکم میں شدت کا درد اور پیچش سے دست آتے ہیں ؛	لعاب دار عرق پلاویں اور اُنکی پچکاری کریں۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا یا کوئی اور الکلی دوا کھلادیں۔ درد اگر زیادہ اور عرصہ تک رہے تو فصد لیکر افیون کا استعمال کریں اور کمر پر تکمید کریں ؛	معدہ آنتوں اور گذرگاہ پیشاب میں آثار انفلامیشن کے بعض دفعہ دماغ میں اجتماع خون اور اُس کے بطنوں میں آب خون پایا جاتا ہے ؛

ضمیمہ دوم

نسخہ جات برائے اسپان

آلٹریٹو مکسچر۔ ۱۔ بن آیوڈایڈ آف مرکری ایک ڈرام۔ آیوڈایڈ آف پوٹاسیم ایک ڈرام۔ ایکوا بارہ اونس۔ خوراک نصف واین گلاس ۲ دفعہ دن میں خوراک پر ڈال کر دو۔

۲۔ لائیکوا آرسنی کیلس ۱۰ اونس۔ سکیریٹڈ کاربونیٹ آف آیرن ۴ اونس ٹنکچر جنشن کمپونڈ ۵ اونس۔ ایکوا ایک پائینٹ۔ خوراک ایک واین گلاس دو دفعہ روزمرہ دانہ پر ڈال کر دیں۔

آلٹریٹو پوڈر۔ ۱۔ سبلایٹڈ سلفر ۳ اونس۔ ٹارٹرایٹ ٹک ۱½ اونس بائی کاربونیٹ آف سوڈا ۴ اونس۔ اینسی پوڈر ۳ اونس۔ اس کی بارہ پوڑیاں بنالو۔ اور اس میں سے ایک پوڑیہ دو دفعہ روزانہ دانہ پر ڈال کر دو۔

۲۔ ارسینوزایسڈ ایک ڈرام۔ ڈرایڈ سلفیٹ آف آیرن ۱½ اونس۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا۔ ۴ اونس۔ کیرپوے پوڈر ۳ اونس۔ اس کی بارہ پوڑیاں بنا کر ایک پوڑیہ دومرتبہ روزانہ دانہ پر ڈال کر دو۔

۳۔ سلفیٹ آف میگنیشیا ۶ اونس۔ سبلایٹڈ سلفر ۲ اونس۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا دو اونس۔ اسکی ۶ پوڑیاں بنا کر ایک پوڑیہ دو دفعہ یومیہ دانہ پر ڈال کر کھلاؤ۔

الٹریٹو بال۔ ۱۔ ارسینوزایسڈ ایک ڈرام۔ ڈرایڈ سلفیٹ آف آیرن ۱½ اونس جنشن پوڈر ۳ اونس۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا ۳ اونس۔ سافٹ سوپ حسب ضرورت اس کی بارہ گولیاں بنا کر ایک گولی صبح و شام دو۔

انیوڈاین ڈرافٹ پیپزماڈک کالک کے واسطے۔ ۱۔ ہایڈریٹ آف کلورل

ایک اونس۔ لعاب اسپغول یا گوند ۴ اونس۔ ایکوا ۲۰ اونس۔ سب کو ملا کر فوراً پلادیں
بشرط ضرورت دو گھنٹے کے بعد دوبارہ پلادیں ✦

۲۔ کمپونڈ ٹنکچر کلوروفارم ایٹ مارفاین۔ نصف سے ایک اونس سپرٹ نائٹرس ایتھر
دو اونس۔ لنسیڈ آئیل ایک پائینٹ۔ سب کو ملا کر پلادیں ✦

۳۔ ٹنکچر اوپیم دو اونس۔ سپرٹ نائٹرس ایتھر ۲ اونس پیپرمنٹ آئیل ایک ڈرام
لنسیڈ آئیل ایک پائینٹ ✦

انٹیرائٹیس و پیریٹونائٹیس کے واسطے۔ ۱۔ ہائیڈریٹ آف کلورل ایک اونس
ہائیڈروکلوریٹ آف مارفائین ۴ گرین۔ لعاب گوند ۴ اونس۔ اکوا۔ ایک پائینٹ
اگر ضرورت ہو تو مذکورہ بالا نسخہ دو گھنٹوں کے بعد دوبارہ دیں ✦

۲۔ ایکسٹریکٹ کینیبس انڈیکا نصف سے ایک اونس گلسرین ۲ اونس
ایکوا ایک پائینٹ ✦

۳۔ کلورل ہائیڈریٹ نصف اونس۔ ایکسٹریکٹ کینیبس انڈیکا نصف اونس
لعاب گوند ۴ اونس۔ ایکوا ایک پائینٹ ✦

انیوڈاین بال۔ ۱۔ کلورل ہائیڈریٹ ایک اونس۔ شیرہ دالسی حسب
ضرورت۔ اگر ضرورت ہو تو چار یا چھ گھنٹوں کے بعد ایک اور گولی دیں ✦

۲۔ پوڈر آف اوپیم ایک سے ۲ ڈرام۔ پوڈر آف کمفر ایک ڈرام۔ ایکسٹریکٹ
آف بیلاڈونہ ۲ سے ۴ ڈرام۔ شیرہ دالسی حسب ضرورت۔ اگر ضرورت ہو تو ۴ یا ۶
گھنٹوں کے بعد دوبارہ دیں ✦

۳۔ ایکسٹریکٹ کینیبس انڈیکا نصف سے ایک اونس۔ شیرہ والسی حسب
ضرورت۔ اگر ضرورت ہو تو ۴ یا ۶ گھنٹوں کے بعد دوبارہ دیں ✦

انٹی پائیریٹک و فبریفیوج ڈرافٹ۔ ۱۔ سلفیٹ آف کونین
۵ ڈرام۔ ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ حسب ضرورت اکوا ایک پائینٹ خوراک ۲ وائین
گلاس نصف پائینٹ پانی میں ملا کر چار چار گھنٹوں کے بعد پلاؤ ✦

۲- سپرٹ نائٹرس ایتھر ۶ اونس۔ لائکوار امونیا ایسی ٹاس ۱۰ اونس۔ ایکوا ایک پائینٹ۔ بترکیب مذکورہ بالا ◆

فبریفیوج پوڈر۔ ۱- میگنیشیا سلفاس ۱۲ اونس۔ نائٹریٹ آف پوٹاش دو اونس اسکی چھ پوڑیاں بناکر ایک پوڑیہ دو مرتبہ روزانہ پینے کے پانی میں ملاکر دیں ◆

انٹی پایریٹک بال۔ سلفیٹ آف کونین ایک سے ۱½ ڈرام۔ کاربونیٹ آف امونیا ۲ ڈرام شیرہ والسی حسب ضرورت۔ اس کی چھ گولیاں بناکر ایک گولی تین مرتبہ روزانہ دیں ◆

انتھل منٹک ڈرافٹ۔ ٹرپن ٹاین آئل دو اونس۔ سپرٹ نائٹرس ایتھر دو اونس۔ لنسیڈ آئل ایک پائینٹ۔ ڈرافٹ مذکورہ دینے سے پیشتر جانور کو دو دن تک نرم غذا دینی چاہیئے ◆

درم پوڈر۔ ٹارٹرایمے ٹک ۱½ اونس۔ ڈرائیڈ سلفیٹ آف آئرن ۱½ اونس جنشن پوڈر دو اونس۔ انیسی پوڈر دو اونس۔ اس کی بارہ پوڑیاں بناکر۔ ایک پوڑیہ دو دفعہ روزمرہ دو۔ چھ دن کے بعد ایک کرم کش ڈرافٹ پلائیں ◆

پھیپھڑوں کی سٹرانگی لس کے واسطے۔ تھایمول۔ ۱سے ۱۵ گرین۔ گلسرین نصف اونس۔ ریکٹی فائیڈ سپرٹ نصف اونس۔ لعاب گوند ۴ اونس۔ چار پانچ دن تک متواتر دیکر ایک لعابدار لکسیٹو دیں ◆

ڈرافٹ نفخ شکم کے واسطے۔ ۱- ٹرپن ٹائن آئل ۲-۴ اونس۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک دو اونس۔ پیپرمنٹ آئل ایک ڈرام۔ لنسیڈ آئل ۱½ پائینٹ ◆

۲- کاربالک ایسڈ ایک ڈرام۔ ٹرپن ٹائن آئل دو اونس۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۲ اونس۔ لنسیڈ آئل ۱½ پائینٹ ◆

اسٹرنجنٹ مکسچر۔ ۱- کمپونڈ ٹنکچر کلوروفارم و مارفاین۔ ۱ ڈرام۔ پریپیرڈ چاک ۲½ اونس۔ ٹنکچر جنشن کمپونڈ ۵ اونس اکوا ایک پائینٹ۔ خوراک ۲ وائن گلاس ہر چہار گھنٹہ کے بعد ایک پائینٹ کانجی میں ملاکر دیں ◆

۲۔ کمپونڈ ٹنکچر کمفر ۵ اونس ٹنکچر کیٹچی کو ۵ اونس۔ سپرٹ کلورا فارم ۵ اونس پر یپیرڈ چاک ۲½ اونس۔ اکوا ایک پائینٹ۔ بترکیب مذکورہ بالا ۔

۳۔ کاربالک ایسڈ ۲½ ڈرام۔ ٹنکچر اوپیم ۲½ اونس۔ سپرٹ کلورا فارم ۵ اونس۔ پیپرمنٹ واٹر ایک پائینٹ۔ بترکیب مذکورہ بالا ۔

نسخہ برائے ڈیسنٹری۔ ۴۔ سلین یا کریولین ۱۰ ڈرام۔ وائنم اپیکاک ۵ اونس۔ ٹنکچر اوپیم ۲½ اونس۔ سپرٹ کلورا فارم ۵ اونس۔ کمپونڈ ٹنکچر کمفر ۵ اونس اکوا۔ ایک پائینٹ۔ بترکیب مذکورہ بالا ۔

بچھیروں کے ڈائریا کے واسطے۔ اوّل حسب ذیل مسہل دیں کسٹر آئیل ایک اونس۔ سلوشن آف پوٹاش نصف ڈرام۔ پیپرمنٹ آئیل ۵ قطرے۔ اکوا ڈو اونس۔ ایک ہفتہ سے زیادہ عمر کے بچھیرے کو مذکورہ خوراک دُگنی مقدار میں دینی چاہیئے۔ اگر مریض کمزور ہو تو اس میں ایک اونس برانڈی ملالیں۔ بعد ازاں ذیل کا قابض نسخہ دیں ۔

۲۔ پوڈر کیٹچی کو ۳ اونس۔ پریپیرڈ چاک ۳ اونس۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک ڈو اونس۔ ٹنکچر اوپیم ایک اونس۔ اکوا۔ ۱۲ اونس۔ خوراک نصف سے ایک وائین گلاس ۲ وائین گلاس گھوڑی کے دودھ کے ہمراہ چار چار گھنٹوں کے بعد پلاویں ۔

۳۔ کمپونڈ ٹنکچر کلورا فارم و مارفائین نصف اونس۔ پر یپیرڈ چاک ایک اونس کمپونڈ ٹنکچر کمفر ڈو اونس۔ پیپرمنٹ واٹر ۸ اونس۔ خوراک نصف سے ایک واین گلاس نصف پائینٹ دلیہ میں ملا کر ہر چہار گھنٹہ کے بعد پلائیں۔ اگر نسخہ مندرجہ بالا سے قبض ہو جاوے تو ذیل کا نسخہ دیں۔ کسٹر آئیل ایک اونس۔ گلسرین نصف اونس۔ پیپرمنٹ آئیل ۱۰ قطرے۔ اکوا ڈو اونس ۔

پرگیشوبال۔ ۱۔ باربیڈوز ایلوز ۵ ڈرام۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا۔ ۲ گرین۔ جنشن پوڈر ایک ڈرام۔ پیپرمنٹ آئیل ۲۰ قطرے۔ شیرہ والسی حسب ضرورت ۔

۲۔ باربیڈوز ایلوز ۴ ڈرام کیلومل نصف ڈرام۔ جنشن پوڈر ۱½ ڈرام پیپرمنٹ آئیل

۲۰ قطرے۔ السی وشیرہ حسب ضرورت ✤

تیز کتھارٹک بال ۳۔ باربیڈوز ایلوزہ سے ۶ ڈرام کیلومل ۲ ڈرام۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۲ گرین۔ پیپرمنٹ آئل ۲۰ قطرے السی وشیرہ حسب ضرورت ✤

پرگیٹو ڈرافٹ ا۔ کیلومل ۲ ڈرام۔ لنسیڈ آئل ۱½ پائینٹ ✤

ڈائیوریٹک مکسچر ا۔ ایسی ٹیٹ آف پوٹاش ۲½ اونس۔ ٹنکچر ڈیجی ٹیلیس ۱ ڈرام سپرٹ نائیٹرس ایتھر ۵ اونس۔ الکوا ایک پائینٹ۔ خوراک ۲ وائین گلاس ایک پائینٹ لنسیڈ ٹی کے ہمراہ ہر چہار گھنٹہ کے بعد پلاویں ✤

۲۔ ایسی ٹیٹ آف پوٹاش ۲½ اونس۔ سپرٹ نائیٹرس ایتھر ۵ اونس۔ سلوشن ایسی ٹیٹ آف ایمونیا ۱۰ اونس۔ الکوا ایک پائینٹ۔ خوراک ۲ وائین گلاس ایک پائینٹ السی کی چاء کے ہمراہ ہر چہار گھنٹہ کے بعد پلاویں ✤

ڈائیوریٹک پوڈر ا۔ ریزن پوڈر دو اونس۔ نائیٹریٹ آف پوٹاش دو اونس۔ اسکی ۶ پوڑیاں بناکر۔ ایک پوڑیہ دو دفعہ روزمرہ خوراک پر ڈالکر دو ✤

کف مکسچر ا۔ گلائیکو ہیروان (گلسرین اور مارفاین کا ایک مرکب ہے) ۵ اونس۔ الکوا ایک پائینٹ۔ خوراک ۲ وائین گلاس۔ ہموزن پانی کے ساتھ ملاکر ہر چہار گھنٹہ کے بعد پلاؤ۔ یا خوراک پر ڈالدو ✤

استھما اور کرانک کف کے واسطے ۲۔ گلائی کو ہیروان ۵ اونس۔ آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم ۵ ڈرام۔ الکوا ایک پائینٹ۔ خوراک ۲ وائین گلاس نصف پائینٹ پانی میں ملاکر تین دفعہ روزمرہ پلاؤ یا دانہ پر ڈالدو ✤

بروکن ونڈ اور کرانک کف کے واسطے ا۔ لائکر ارسنی کیلس ۵ اونس گلائیکو ہیروان ۵ اونس۔ الکوا ایک پائینٹ۔ خوراک دو وائین گلاس نصف پائینٹ پانی میں ملاکر تین دفعہ دن میں پلاؤ یا دانہ پر ڈالکر دو ✤

۲۔ لائکر ارسنی کیلس ۵ اونس۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۱ ڈرام کمپونڈ ٹنکچر کمفر ۵ اونس الکوا ایک پائینٹ۔ بمقدار مندرجہ بالا دیں ✤

کف پوڈر۔ ۱۔ کمفر پوڈر ۳ ڈرام پوڈر آف بیلاڈونہ لیوز ½ ۱ اونس کلوریٹ آف پوٹاش ½ ۱ اونس۔ انیسی پوڈر ۲ اونس۔ اسکی چھ پوڑیاں بنا کر ایک پوڑیہ دو دفعہ روزانہ خوراک پر ڈال کر دیں ۔

کرانک کف کے واسطے۔ ۲۔ ایکونائیٹ کے پتوں کا سفوف ۶ ڈرام آرسینوز ایسڈ نصف ڈرام۔ ٹارٹرایے ٹک ۲ ڈرام۔ سفوف اینیسی دو اونس۔ اس کی چھ پوڑیاں بنا کر ایک پوڑیہ شام کو دانہ پر ڈال کر دیں ۔

گیسٹرک سیڈیٹو مکسچر۔ ۱۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونہ ۵ ڈرام۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا ½ ۲ اونس۔ ہائیڈروسیانک ایسڈ ۳ ڈرام۔ بسمتھ کاربوناس ½ ۲ اونس۔ لعاب گوند ۴ اونس۔ اکوا۔ ایک پائینٹ۔ خوراک ۲ واین گلاس ایک پائینٹ۔ لنسیڈ ٹی میں ملا کر ہر چہار گھنٹہ کے بعد پلاویں ۔

۲۔ ٹنکچر کمفر کمپونڈ ۴ اونس۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونہ ۵ ڈرام۔ سپرٹ کلورافارم ۵ اونس بسمتھ کاربوناس ½ ۲ اونس۔ لعاب گوند ۴ اونس۔ اکوا ایک پائینٹ۔ خوراک و استعمال بہ ترکیب مذکورہ بالا ۔

گیسٹرک ٹانک مکسچر۔ ۱۔ ٹنکچر نکسوامیکا ½ ۲ اونس۔ ڈایلوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ ۱۰ ڈرام ٹنکچر کپسیکم ایک اونس کمپونڈ ٹنکچر جنشن ۵ اونس۔ اکوا ایک پائینٹ۔ خوراک ۲ واین گلاس ایک پائینٹ۔ ایل شراب میں تین مرتبہ یومیہ دیں ۔

۲۔ لایکوار سٹرکنیا ۵ ڈرام۔ نائیٹروہائیڈروکلورک ایسڈ ۱۰ ڈرام کمپونڈ ٹنکچر جنشن ۵ اونس۔ اکوا ایک پائینٹ۔ خوراک و استعمال بہ ترکیب مذکورہ بالا ۔

ٹانک مکسچر۔ ۱۔ سائیٹریٹ آف امونیا اینڈ آئیرن۔ ۱۰ ڈرام ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ ڈرام ٹنکچر کلمبا ۵ اونس۔ گلسرین ۳ اونس۔ اکوا ایک پائینٹ۔ خوراک و استعمال بہ ترکیب مذکورہ بالا ۔

۲۔ سلفیٹ آف کونین ½ ۲ ڈرام۔ ڈایلوٹ سلفیورک ایسڈ حسب ضرورت ٹنکچر فیری پرکلورائیڈ۔ ۱۰ ڈرام ٹنکچر کلمبا ۵ اونس گلسرین ۳ اونس۔ اکوا ایک پائینٹ۔

خوراک و استعمال بہ ترکیب مذکورہ بالا۔

ٹانک بال۔ ا۔کونین سلفاس نصف ڈرام۔ڈرایڈ سلفیٹ آف آیرن ا ڈرام سفوف نکس وامیکا نصف ڈرام۔سفوف جنشن ۲ ڈرام۔شیرہ حسب ضرورت۔ ایسی دو گولیاں روزمرہ کھلاویں۔

ٹانک پوڈر۔ ا۔ ڈرایڈ سلفیٹ آف آیرن ۶ ڈرام۔بائی کاربونیٹ آف سوڈا ڈو اونس۔سفوف نکس وامیکا ۳ ڈرام۔سفوف جنشن ۱½ اونس۔سفوف انیسی ڈو اونس۔انکی ۶ پوڑیاں بنا کر ایک پوڑیہ دو دفعہ روزانہ خوراک پر ڈال کر دیں۔

سیڈیٹو مکسچر۔ ا۔کلورل ہایڈریٹ ۲½ اونس۔برومایڈ آف پوٹاسیم ۳ اونس۔ لعاب گوند ۴ اونس۔الکوا۔ایک پائینٹ۔خوراک ڈو وائین گلاس۔ایک پائینٹ السی کی چاءیں ہر چہار گھنٹہ کے بعد پلاویں۔

ایلکچوری۔لیرنجائٹس اور فیرنجائٹس کیواسطے۔ا۔سفوف کمفر نصف اونس سفوف مرہ ایک اونس۔کلوریٹ آف پوٹاش ڈو اونس۔ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونہ ایک اونس۔شیرہ ایک اونس۔گلسرین ۸ اونس خوراک نصف سے ایک اونس تین دفعہ روزانہ دو۔

۲۔سفوف کمفر ۴ اونس۔سفوف مرہ ۱۰ اونس۔کلوریٹ آف پوٹاش ۴ اونس ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونہ ڈو اونس۔سفوف گلسرایزا ۸ اونس۔شیرہ حسب ضرورت خوراک نصف سے ایک اونس۔۴ مرتبہ روزانہ چٹاویں۔

ایلکچوری ٹیٹنس کیواسطے۔ا۔ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا ڈو اونس۔ برومائیڈ آف پوٹاش ۴ اونس۔ڈایلوٹ ہایڈروسیانک ایسڈ ایک اونس۔گلسرین ۸ اونس۔خوراک ایک اونس۔چار مرتبہ روزانہ چٹاویں۔

بلسٹر کنتھریڈس۔ا۔سفوف کنتھریڈس ۸ اونس۔آلیو آئیل ۸ اونس لینولین ۸ اونس۔سب کو دس گھنٹہ تک سیٹم باتھ پر گرم کرکے ۴ اونس زرد موم اور ۸ اونس ٹرپن ٹائین آئیل ملا کر رکھ لو۔اور حسب ضرورت استعمال کرو۔

۲۔سفوف کنتھریڈس ۱ اونس۔ٹرپن ٹائین آئیل ۶ اونس۔ایسی ٹک ایسڈ

۴½ اونس سب کو ملاکر ۲۰۰ درجہ کی حرارت دیکر ۲½ پونڈ لینولین کو پگھلا کر ملالو ۰

بلسٹر ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری ۔۳۔ بن آیوڈائیڈ آف مرکری ۲ اونس۔ آلیو آئیل ۴ اونس۔ کسی ہاون دستہ میں دونوں کو خوب ملاؤ اور ایک پونڈ لینولین پگھلا کر اسمیں اس طرح ملادو کہ خوب مخلوط ہو جاوے ۰

تیز کاونٹر اری ٹنٹ ۔۴۔ کنتھریڈس آئینٹمنٹ ایک اونس۔ بن آیوڈائیڈ آف مرکری آئینٹمنٹ ایک اونس دونوں کو ملاکر استعمال کرو ۰

ابسار بنٹ لینی منٹ ۔ ۱۔ آیوڈین ایک اونس۔ آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم ۲ اونس گلسرین ۱۶ اونس ۰

۲۔ بھیڑ کی چربی ۲ اونس۔ آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم ۱½ اونس۔ گلسرین ایک اونس آئیل آف لیمن ایک ڈرام۔ ڈسٹلڈ واٹر ۱۰ اونس۔ صابن کو نہایت باریک کاٹو اور ایک پورسلین پیالہ میں صابن گلسرین اور ڈسٹلڈ واٹر ڈال کر ملاؤ۔ جب صابن حل ہو جاوے تو اسکو ہاون دستہ میں ڈالدو جس میں پوٹاسیم آیوڈائیڈ پسا ہوا ہے۔ سب کو خوب ملاکر ایک گھنٹہ تک سرد ہونے دو۔ اس کے بعد آئیل آف لیمن کو اس میں ڈال کر پھینٹ لو۔ مذکورہ بالا لینی منٹ سے جلد پر نہ تو داغ پڑتا ہے اور نہ خراش ہوتی ہے ۰

۳۔ لائٹ آئیل آف ٹار جسکو ریکٹی فائڈ سپرٹ آف ٹار بھی کہتے ہیں ۴ اونس لنسیڈ آئیل ۴ اونس۔ دونوں کو ملاکر گھوڑوں کے کیپڈ ہاک یا تھارو پن کے مقام پر برش سے ایک مرتبہ روزانہ لگاؤ ۰

سٹی مولیٹنگ لینی منٹ ۔ ۱۔ سفوف کمفر ایک اونس۔ روغن تارپین ۱۳ اونس۔ سافٹ سوپ ۱½ اونس۔ اکوا۔ ۱۲ اونس۔ کمفر کو روغن تارپین میں حل کریں اور سافٹ سوپ میں تھوڑا تھوڑا پانی ملاکر حل کریں۔ بعد ازاں سب کو ملاکر خوب ہلائیں اور ۲۰ اونس پانی ملاکر رکھ لیں ۰

۲۔ سفوف کمفر نصف اونس۔ ٹرپن ٹائین آئیل ۸ اونس۔ سافٹ سوپ نصف اونس۔ سب کو ملاکر چوڑے منہ کی بوتل میں ڈال کر ہلالیں اسکے بعد ۴ اونس

پانی ملاکر اس قدر ہلائیں کہ مرکب ملائی کی طرح سفید گاڑھا ہو جاوے۔ اب اس میں سٹرانگ سلوشن آف امونیا ۴ اونس اور پانی ۵ پائینٹ ملا کر رکھ چھوڑ دیں۔ یہ بہت کارآمد لینی منٹ ہے۔ اگر تیز کرنا ہو تو روغن تارپین اور ملا لیں۔

۴۔ ٹینکچر ارنیکا ۲ اونس۔ سپرٹ کمفر دو اونس۔ سافٹ سوپ ایک اونس۔ سٹرانگ سلوشن آف امونیا ۲ ڈرام۔ اکوا۔ ایک پائینٹ۔ موچ وغیرہ کے واسطے ہلکا سٹی مولیٹنگ لینی منٹ ہے۔

لینی منٹ برائے میماٹیٹس۔ ۱۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونہ نصف اونس گلسرین ۴ اونس۔ سوپ لینی منٹ ۶ اونس۔

ترکیب۔ سوپ لینی منٹ۔ سفوف کمفر ایک اونس۔ سافٹ سوپ ۲ اونس آئیل آف روزمری ۳ ڈرام۔ سپرٹ ریکٹی فائڈ ۱۶ اونس۔ اکوا۔ ۴ اونس۔ صابن کو پانی میں اور کمفر کو سپرٹ میں حل کر کے سب کو ملا لیں اور ایک ہفتہ کے بعد فلٹر کر کے استعمال کریں۔

پیراسٹی سایڈ لینی منٹ برائے مینج۔ ۱۔ سبلایمڈ سلفر ۸ اونس۔ کاربونیٹ آف پوٹاش ۲ اونس۔ آئیل آف ٹار ۸ اونس۔ لنسیڈ آئیل ۲ پائینٹ۔

۲۔ آئیل آف ٹار ایک اونس۔ سبلایمڈ سلفر ایک اونس۔ سافٹ سوپ ۱۲ اونس اکوا ۱۰ اونس۔

لینی منٹ برائے اوپن جائینٹ۔ پرکلورایڈ آف مرکری دو ڈرام۔ ٹنکچر مرہ ۲۶ اونس۔ اکوا دو اونس۔ دن میں ایک دفعہ برش سے لگائیں۔

ارسی پلس ولمفنجائیٹس کے واسطے ایکسٹریکٹ بیلاڈونہ دو اونس سٹرانگ سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ۴ اونس۔ گلسرین ۴ اونس۔ اکوا دو پائینٹ۔ دن میں چار دفعہ لگائیں۔

ابسار بنٹ لوشن۔ بن آیوڈایڈ آف مرکری ایک ڈرام۔ پوٹاسیم آیوڈایڈ نصف ڈرام۔ اکوا ۱۲ اونس دن میں ایک یا دو مرتبہ لگائیں۔ جب تک کہ جلد پر چھلکا

نہ بن جاوے اور ملائم نہ ہو جاوے کچھ دن کا وقفہ دیکر دوبارہ لگائیں ؞

کرانک کریکیڈ ہیلز کے واسطے۔ ایسی ٹیٹ آف لڈ ایک اونس سلفیٹ آف زنک ایک اونس سلفیٹ آف کاپر ایک اونس کیمفر واٹر ایک پائینٹ۔ روئی کو تر کر کے صبح و شام لگائیں اور پٹی باندھ دیں۔ جبتک اخراج موقوف نہ ہو کوئی مرہم استعمال نہ کریں ؞

وایٹ لوشن۔ ایسی ٹیٹ آف لڈ ایک اونس سلفیٹ آف زنک ۴ ڈرام۔ اکوا۔ ایک پائینٹ

کولنگ لوشن۔ سٹرانگ سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ۴ اونس ریکٹی فائڈ سپرٹ ایک اونس۔ اکوا۔ ایک پائینٹ پٹی کو تر کر کے مریض حصہ پر لگائیں ؞

دیگر۔ ایمونیم کلورائیڈ ۲ اونس

پوٹاسی نائیٹراس ۲ اونس

پانی ۱۶ اونس

آئی لوشن۔ ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونہ ۲ ڈرام۔ بورک ایسڈ ایک ڈرام۔ روز واٹر ایک پائینٹ

۲۔ بورک ایسڈ ۸۰ گرین۔ روز واٹر ایک پائینٹ ؞

۳۔ سلور نائیٹریٹ ۲ سے ۴ گرین۔ ڈسٹلڈ واٹر ایک اونس۔ ایک مرتبہ روزانہ آنکھ میں ڈالیں۔ کارنیہ کی اوپیسٹی میں مفید ہے ؞

۴۔ یلو اکسایڈ آف مرکری ۱۶ گرین۔ چربی ایک اونس ؞

۵۔ کوکین ہائیڈروکلوراس ۲ گرین۔ ایٹروپین سلفاس ۲ گرین۔ بورک ایسڈ ۴ گرین۔ روز واٹر ایک اونس۔ دن میں تین دفعہ چند قطرے آنکھ میں ڈالیں۔ کیراٹائٹس اور ائیرائیٹس میں مفید ہے ؞

۶۔ سلفیٹ آف ایٹروپین ۴ گرین۔ پانی ایک اونس۔ دو مرتبہ روزانہ چند قطرے آنکھ میں ڈالیں ؞

تمت

تمام شد